بنابر ف اسلیے - اسی سبب -
بناور ف جمع بندر کی - سنڈیان واگرونکی
بناگوش ف کان کی لو -
بنان ع اونگلیونکی پوریان -
بنای ف بنیاد - دیوار - مکان
بنت ع بیٹی - لڑکی -
بنج سنب - بھنگ -
بندر ف سوداگری جگہ دریا کے کنارے پر
بندگی ف خدمت گری - تابعداری
غلامی - سلام -
بندن ف باندھنا -
بند ف قید - بدھن - بدن کا جوڑ -
بندہ ف - غلام - داس -
بندی ف قید جیلخانہ -
بنگ ف بھنگ -
بنگاہ ف مکان - اور جگہ جہاں پر نقد
اور جنس رکھیں -
بنی ع جمع بن کی پسران بیٹے -
بنیاد ف نیو کسی چیز کی جڑ -
بو ف گندہ - بو -
بواب ع دربان - چوکیدار دروازہ کا
بواطن ع جمع باطن کی -
بوالعجب ع انوکھا آدمی جسکو دیکھکر
متعجب آوے -
بوالفضول ع سست آدمی جو

بیٹھا ہوا باتیں بنایا کرے -
بوالہوس ع جسکو ہوس زیادہ ہو -
بیوتات ع گھر - مکانات جمع بیوت
کی اور وہ جمع بیت کی ہے -
بوتہ ف سونا یا چاندی گلانے کی کٹھالی
اونٹ کا بچہ - درخت شاخدار - انکر -
بوتیمار ف بگلہ جو دریا کے کنارے بیٹھا رہتا ہے
بود و باش ف بنارس رہنا سہنا
بودن ف ہونا -
بورہ ف کھانڈ یہ لفظ فارسی ہے معرب اسکا
بورق ہے -
بورہ ع سوراخ - گڑھا - غار آگ کا -
بوزنہ ف بندر جانور مشہور ہے -
بوزہ ف ایک قسم کی ہلکی شراب جسکو
انگریزی میں بیر شراب کہتے ہیں -
بوس ف - چومنا - بوسہ
بوس ع شدت - دکھ - رنج -
بوستان ف پھلواری - باغ -
بوس و کنار ف پیار کرنا - اور بغل میں لینا
بوسہ ف چومنا - پیار -
بوسیدن ف چومنا - بوسیدہ ہونا -
بوسیدہ ف کہنہ - پرانا - گلا سڑا - سڑا ہوا
بوغرہ ف ایک قسم کا کھانا ہے گوشت
اور آٹا ڈال کر پکاتے ہیں -
بوق ف کرنا - سرنائی شکار کے

وقت جو سینگ بجاتے ہیں اوس
سینگ کو بوق کہتے ہیں - سنکھ
بوقلمون ف - رنگا رنگ - طرح طرح
بول ع - موت - پیشاب -
بوم ف - الو - جانور پرندہ - سرزمین
جسمین ہل نہ چلا ہو - شرشت - ملکیت
بوئیدن ف سونگھنا - سونگھانا -
بہ ف اچھا -
بہا ف مول - قیمت -
بہا ع روشنی - رونق - زیبائی -
بہار ف بسنت - فصل ربیع -
بہادر ف بیر - سورما - شجاع -
بہانہ ف حوالہ - سبب - وجہ -
بہائم ع جمع بہیمہ کی چوپایے جانور -
بہبود - بہبودی ف بھلائی کیسی حق
مین اچھی بات ہونی -
بہتان ع دوس - جھوٹ لگانا - افترا
بہتر ف بہت اچھی چیز
بہجت ع خوشی - تازگی - زیبایش - خوبی
بہر ف واسطے - لیے - باعث -
بہرام ف ستارہ مریخ - اور نام ایک
بادشاہ عراق کا جسکو بہرام گور بھی کہتے ہیں
بہرحال ف ہر طرح سے - ہر حیثیت سے - سب طرح
بہشت ف جنت - باغ -
بہق ع عجیب سفید داغ جو بدن پر پڑ جاتے ہیں

بهم بر آمدن ف غصه ہوگیا - خفا ہوگیا -
بهم ف ساتھ
بهمن ف گیارھوان مہینا فارسی ہندی کا
پہاگن اور نام بادشاہ جو اسفندیار کا
بیٹا تھا - نام فرشتہ کا -
بہی ف بہتری - بہبودی - اور نام
ایک میوہ کا جسکا تخم بہیدانہ ہے
بہی ع روشن - تابان -
بہیمہ ع چوپایہ مثل گائے بہینس وغیرہ کے
بہین ف بہت بہتر - سب سے تحفہ -
بے ف بنا - بدون - سوا سے
بیاض ع سفیدی -
بیباق ف جو کچھ باقی نرہے -
بیت ع گھر - شعر -
بیت اللہ ع خانہ خدا - خدا کا گھر مراد کعبہ
بیت العتیق ع کعبہ
بیت الحرام
بیت اقصی
بیت المقدس ع مسجد اور ملک اور شلیم
بیت المال ع خزانہ سرکاری -
بیت الخلا ع - پیخانہ - جا ضرور -
بیت الشرف ع بہت اونچا مقام سیارہ کا
بینات ع جمع بینہ کی روشن کرنے والیان
اور روشن - گواہان صادق - دلائل
بیتوتت ع شب باشی کرنا کسی جگہ -

بیچوبہ ف ایک قسم کا خیمہ جسمین چوب نہو
بیچون ف بیمانند جسکا ہمسر کوئی نہو مراد خدا
بی حمیت ف بیحیا - بے شرم
بیخ ف جڑ - اصل -
بیختن ف چہانٹنا
بید ف بیت کا درخت -
بیدا ع میدان - پیدا - اور ہلاک
ہونا اسکی جمع بیدائی ہے -
بیداد ف ظلم - ستم -
بیدار ف جاگتا ہوا جو سوتا ہوا نہو
بیدق ف نرد شطرنج کی سب پیادہ کا
بیر ع کوا - چاہ -
بیرق ف چہوٹا نیزا - چہوٹا جہنڈا
اور کپڑا جو علم پر لگاتے ہین -
بیرون ف باہر - خارج
بیش ف زیادہ - اور بہت بہت
بیشائبہ ف بیشک - بیشبہہ - بیشکل
بیشہ ع جنگل شیر کے رہنے کی جگہ جہاڑی
بیشی ف زیادتی - ادھکائی -
بیضا ع روشن - سفید - سورج
نام شہر کا جو فارس مین ہے -
بیضوی ع انڈے کے مانند شکل
بیضاوی ع شمسی نہر والا بیضا شہر کا
بیضہ ع انڈا - تخم مرغ
بیطار ع جو چارپایون گھوڑون وغیرہ

کا علاج کرے -
بیع ع بیچنا - فروخت کرنا -
بیعانہ ع سائی جو فروخت کیواسطے کچھ پہلے دیں
بیعت ع مرید ہونا کسی پیر کا شاگرد ہونا -
بیغل و غش ف بیشک - وبیشبہہ لغوی
معنی بے کھوٹ اور ملاپ کے
بیگ ت خداوند - امیر -
بیگم ت امیر کی بی بی - لیڈی - خاتون کی بی بی
بیگلر بیگ ت امیر الامرا - سپہ سالار
بیل ف کدال یا پہاوڑا - زمین کہودنیکا
بیم ف خوف - ڈر -
بیمار ف روگی - آزاری -
بیمہ ف بخوف رہزنی جو کسی ساہوکار کو محصول
کسی نقد یا مال کے پہونچانیکا دیا جاوے
اور وہ ذمہ وار اوسکا ہو -
بینش ف دیکھنا - دید - بینائی -
بین ع - درمیان -
بیّن ع ظاہر - آشکار - گواہ -
بینوا ف بے توشہ - فقیر - بیسامان -
بینی ف ناک
بے نیاز ف بے پرواہ -
بیوتات ف گھر محل شاہی جنمین بیگمین رہتی ہون
بیواہ
ف رانڈ جسکا خصم مرگیا ہو -
بیوہ
بیہودہ ف بیفائدہ جس سے کچھ فائدہ نہ نکلے

باب پا

پا ف ٹانگ۔ ٹنگڑی۔ بیخ بنیاد۔
پا افزار ف جوتی۔ کفش۔
پا انداز ف وہ بچھونا جو آمد و رفت کی جگہ دروازے کی مقام پر بچھاتے ہین۔
پا بلند کردن ف بھاگ جانا۔ دوڑ جانا
پا بر جا ف ثابت۔ قائم۔ ہمیشہ
پا برنجن ف پیرون کا گہنا جسکو جھانجھ اور پازیب کہتے ہین۔
پابند ف رسی۔ اور جال۔
پابوس ف پیر چومنے والا۔ اور پیر چومنا۔
پابوسی ف پیر چومنا۔
پاپوش ف۔ جوتا۔ پیزار۔
پاجامہ ف وہ کپڑا جو انگرکھے کے نیچے ٹانگون مین پہنتے ہین یعنی شلوار
پاجی ف نالائق۔ کمینہ۔ ہیچ۔
پاچک ف اوپلہ۔ گوبر۔
پاچیلہ ف جوتی۔ جراب۔
پاچامہ ف جولاہے کے پیر لٹکانے کا گڑہا۔ کھڈی
پاداش ف بدلا عوض۔ پلٹا۔
پارچہ ف کپڑا۔ لتّا
پارس ف ملک فارس
پارسا ف پرہیزگار۔ گناہ سے بچنے والا

پارسال ف گذشتہ سال۔ پچھلا برس
پارسا ف فقیر۔ گدا۔
پارہ ف ٹکڑا۔ حصہ۔ نام ایک دھات کا۔ اور رشوت یہ پرانی فارسی ہے۔ تحفہ۔ تبرک
پارہ کار ف شوخ۔ سچا۔
پارہ دوز ف وہ شخص جو خیمے کو سیتا ہے اور پیوند لگاتا ہے۔
پاریدن ف ٹکڑے ہونا۔ پھٹ جانا
پارینہ ف پرانا۔ قدیم۔
پاس ف واسطے تین گھنٹے کا عرصہ پہرا۔ محافظت۔
پاسبان ف چوکیدار۔ پہروا۔
پاستان ف اگلا۔ گذرا ہوا۔
پاسخ ف۔ جواب
پاس خاطر ف لیے۔ واسطے کسیکے خاطر رکھنا۔
پاسداری ف طرفداری۔ نگاہبانی
پاسدار ف طرفدار۔ نگاہبان
پاسنگ ف وہ پتھر جو ترازو کے پلڑون کو برابر کرنے کو رکھتے ہین۔
پاشش ف پھٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا اور پراگندہ کرنا۔
پاشنہ ف ایڑی پیر کی اور گھڑی اور خربوزہ اور تربوز کو بھی پاشنہ کہتے ہین۔
پاشیدن ف چھڑکنا۔ بکھرنا۔

پاک ف پوتر جسمین کچھ ناپاکی نہو۔ بیگناہ
پاکباز ف نیک آدمی۔
پاکوفتن ف ناچنا۔ گت بھرنا۔
پاکی ف صفائی۔ پوترتائی۔ اور استرہ بال مونڈنے کا۔
پاکیزہ ف پاک۔ صاف۔ پوتر۔
پالان ف گدھے کے اوپر کی کاٹھی چھپت۔ گون۔
پالودن ف پاک کرنا۔ صاف کرنا
پالودہ ف پاک ہونا۔ صفا کیا ہوا۔
پالودہ ف ایک قسم کی چیز جو نو لونگی جمی ہوئی بناکر شربت مین ملاکر کھاتے ہین مشہور شے ہے۔
پالہنگ ف شکار بند وہ رسی جو گھوڑے کی لگام مین باندھتے ہین۔ باگ ڈور۔
پالیدن ف پاک کرنا۔ ملنا۔ جستجو کرنا۔
پالیز ف خربوزہ یا تربوز یا ککڑی کا کھیت تباہ۔ اوجڑ۔
پامال ف مصیبت زدہ۔
پان ف مشہور پتا ہے جسکو ہندوستانی کھایا کرتے ہین۔
پانزدہ ف پندرہ یعنی (۱۵) عدد
پاے ف پیر۔ پاؤن۔ پا۔
پایاب ف تھوڑا پانی دریا کا جسمین کوئی آدمی پیدل نکل جاسکے۔

پایان ف انتہا۔ اور آخر۔ اختتام
پای بند ف کسی کام میں پھنسا ہوا۔ اسیر
پاتابہ ف جراب۔ موزہ چمڑے کا۔
پای تخت ف وہ شہر۔ جہاں پر بادشاہ رہتا
[illegible]
پایخانہ ف جگہ پچانے کی
پائیدن ف ٹھہرنا۔ پایدار ہونا۔ انتظار میں رکھنا
پایدار ف مضبوط۔ ہمیشہ۔ صاحب قدر اور مرتبہ کا
پای کاشت ف وہ کسان جو دوسرے گاؤن سے جوتنے کو آیا ہو۔
پای زیب ف ایک قسم کا زیور جو پیروں میں پہنتے ہیں۔
پابستن ف منتظر رہنا۔ توقع رکھنا۔
پایگاہ ف رتبہ۔ درجہ
پایمال ف پامال۔
پایمرد ف مددگار۔ مدد دینے والا۔
پایمردی ف مددگاری۔ بل۔ زور
پایمزد ف مزدوری جو قاصدان کو ملتی ہو
پایندہ ف قائم۔ استوار۔
پایہ ف پاؤن۔ رتبہ۔ درجہ۔ تخت
پائین ف نیچے۔ تحت۔ زیر۔
پتک ف ہتوڑا۔
پتیل ف بتی چراغ کی۔
پچاوہ ف اینٹ پکنے کا آوہ
پختن ف پکانا۔

پختہ ف پکا ہوا
پدر ف باپ
پدرانہ ف مانند باپ کے۔
پدروار ف موافق باپ کے
پدری ف باپ کا۔
پدید ف ظاہر۔ پیکش
پدیدار ف ظاہر۔ نمودار
پذیر ف قبول کر۔ مان۔ ماننے والا
پذیرائی ف قبولیت
پذیرفتن ف قبول کرنا۔ منظور کرنا
پر ف بھرا ہوا
پر ف جانور کا پر۔
پراگندگی ف تتر بتر ہونا۔
پراگندن ف تتر بتر کرنا۔
پراگندہ ف تتر بتر۔ بکھرا ہوا۔
پرانیدن ف اڑانا۔
پرتاب ف تیر جو دور جا سکتا ہو۔ اور اڑنا
پرتو ف شعاع۔ روشنی۔ کرن۔
پرخاش ف لڑائی۔ جھگڑا۔
پرچم ف کپڑا جو نیزے پر باندھتے ہیں
پرچین ف باڑ کھیت کی۔ باغ کی باڑھ جو خار دار درختوں کی شاخوں کی بناتے ہیں
پرداختن ف آراستہ کرنا۔ خالی کرنا۔ سنوارنا
پردگی ف پوشیدگی۔
پردہ ف چلمن۔ چک۔ کپڑا یا پردہ۔ اوٹ

پردہ پوش ف بھید پوشیدہ کرنیوالا۔
پردہ نشین ف عورت جو پردے میں رہتی ہو
پرزہ ف ٹکڑا۔ چیتھڑا۔
پرس ف پوچھ۔ دریافت
پرستار ف غلام۔ کنیز۔ باندی۔ خدمتگار
پرستش ف پوجا۔ عبادت۔
پرسش ف پوچھنا۔ پوچھ پاچھ کرنا
پرستک ف ابابیل۔ دیولائی۔ ایک پرند مشہور ہے۔
پرستن ف پوجنا۔
پرستیدن ف پوجنا۔
پرسیدن ف پوچھنا
پرسان ف پوچھنے والا
پرسیدنی ف لائق پوچھنے کے
پرکار ف موٹا شخص
پرکالہ ف ٹکڑا۔ حصہ۔ چیتھڑا۔
پرگنہ ف ایک حصہ ضلع کا۔
پرنیان ف دیبا۔ ایک قسم کا کپڑا۔
پرند ف اڑنے والا۔ چڑیا۔
پروا ف طاقت۔ آرام۔ خبر۔ توجہ رغبت۔ التفات۔ خوف۔ پرورش
پرواری ف موٹا۔ تازہ۔ چربی دار
پرواز ف اوڑنا۔ اوڑان کرنا۔ تڑکا
پروانگی ف اجازت۔ لگیا
پروانہ ف تیتری۔ کیڑا اوڑنے والا

ٹپکنا - حکمنا - حکم -

پروبال ف پر اور بازو - قوت

پرور ف پالنے والا -

پروردگار ف خدا تعالیٰ - پالنے والا

پرورانیدن
پروردن ف پالنا -

پرورده ف پلا ہوا -

پرورش ف پالنا - اور حکمت اور علم سے بھی مراد ہوتی ہے -

پرویز ف فتحمند - مچھلی - نام - نوشیروان کے بیٹے کا -

پرویزن ف چھلنی جسمیں آٹا چھانتی ہیں

پروین ف نام چند ستاروں کا - ثریا - موتی

پره پیره ف صف - دامن - طرف - کنارہ ہر چیز کا -

پره بینی ف نتھنے کا پردہ -

پرہیز ف بچنا گناہ یا کسی چیز سے

پرہیزگار ف بچنے والا -

پرہیزیدن ف گناہ سے بچنا - پرہیز کرنا

پری ف پرسون - خوبصورت عورت دیو کی ضد - پری -

پری پیکر ف خوبصورت شکل - معشوق

پری خوان ف منتر جاننے والا اور وہ شخص جسکے حکم میں کوئی جن ہو -

پریدن ف پھندنا - پر کرنا -

پریدن ف اوڑنا

پریروز ف پرسون کا دن گذرا ہوا

پریزاد ف پری کی اولاد - خوبصورت شخص

پریشان ف پراگندہ - مصیبت زدہ

پریشانی ف پراگندگی -

پریشب ف پچھلی رات سے جو آگے ہو گذری

پزانیدن ف پکوانا -

پزاوه ف اینٹ پکانیکا آوہ -

پزشک ف طبیب - جراح -

پزشکی ف طبابت - بیدک -

پژمان ف مرجھایا ہوا - بیرونق - غمگین

پژمردن ف مرجھانا - کمھلانا -

پژمرده ف کمھلایا ہوا - مرجھایا ہوا

پژوہش ف تلاش - کھوج لگانا -

پژوہیدن ف کھوجنا - تلاش کرنا - فکر کرنا

پزیدن ف پکانا -

پس ف تب - تو - اسلیے - آخرش - پیچھے

پست ف نیچا - کم رتبہ - کمین -

پستان ف چھاتی - چوچی - مما

پستی ف نیچائی - نیچ پن

پس خورده ف جھوٹا کھانا - بعد کھانے کے جو بچ رہے -

پسر ف لڑکا - بیٹا -

پس رو ف پیچھے چلنے والا -

پس فردا ف پرسون - آیندہ -

پسندیدن ف پسند کرنا -

پسند ف اپنی خوشی - پیچھے

پس پیش ف دیکھ بھر سوچ بچار -

پسین ف پچھلا -

پشت ف پیٹھ

پشتاره ف - بوجھ - گٹھری -

پشت دادن ف بھاگ جانا -

پشت پناه ف حمایت کرنیوالا - اور حمایت

پشته ف تودہ - ٹیلا -

پشتی ف مدد - تائید - پرورش - ٹیکنی

پشتیبان ف سہارا دینے والا - مددگار معاون لکڑی - جو دیوار کے استحکام کے واسطے کھڑی کریں -

پشم ف اون

پشمینه ف اون کا کپڑا وغیرہ -

پشیز پشیزه ف پیسہ اور زر قلب کھوٹائی -

پشیمان ف پچتانے والا - شرمندہ

پشیمانی ف پچتاوا -

پشه ف مچھر

پگاه ف سویرا - صبح -

پل ف دریا پر راہ بنا ہوا -

پلاس ف موٹا کپڑا - ڈھاک کا درخت جا جم ہوتی -

پلاو ف گوشت اور چاول پکے ہوے

مشہور کہانا بے پاؤ ویش سے غلط ہے-

پلپل ف سیاہ مرچ-

پلک ف آنکھ کے پردے کا بال

پلنگ ف چیتا- تیندوا-

پلہ ف ترازو کا پلڑا- سیڑھی- درجہ-

پلہ ف ڈھاک کا درخت

پلیتہ ف چراغ کی بتی- لپٹی ہوئی بتی-

پلید ف ناپاک-

پناہ ف بچاؤ- بچنے کا ٹھکانا-

پنبہ ف روئی-

پنبہ دوز ف اوسکو کہتے ہیں جو برانے پارچے اور چیتھڑے سیوے- گودڑیا-

پنج ف پانچ یعنی (۵) (صہ)

پنجم ف پانچوان (۵)

پنجاہ ف پچاس یعنی (۵۰)

پنجاہم ف پچاسوان یعنی (۵۰)

پنجرہ ف قفس- پنجرہ-

پنجشنبہ ف جمعرات کا دن

پند ف نصیحت بھلائی کی بات-

پندار ف غرور- سمجھ- اٹکل-

پنداشتن ف پہچاننا- معلوم کرنا-

پنہان ف پوشیدہ چھپا ہوا-

پوچ ف نالائق- بیہودہ- خالی مغز- نکما آدمی کا

پود ف بانا- بننے کا سوت-

پور ف بیٹا- نام ایک راجہ قنوج کا جو

لاہور پر سکندر سے لڑا تھا- اور تیتر جو ایک پرند ہے- اوسکو بھی کہتے ہیں اور سادہ کار-

پوزش ف عذر اور معذرت کرنا-

پوست ف چھلکا اور غیبت بدگوئی

پوستین ف کھال کی کرتی اور بدگوئی کرنیکے معنی بھی آتے ہیں-

پوش ف غلاف- زرہ- جوشن- اور ایک یہ معنی بھی اسکے ہیں کہ الگ ہو جا- چنانچہ اکثر لوگ پوش پوش بولا کرتے ہیں

پوشانیدن ف کپڑا پہنانا-

پوشاک ف لباس پہننے کے کپڑے

پوشش ف لباس-

پوشیدن ف پہننا- چھپانا-

پوشیدہ ف چھپا ہوا- ڈھکا ہوا-

پوطہ دار ف نقدی- پیسہ رکھنے والا خزانچی

پویہ ف پویہ چلنا یعنی نہ تیز اور نہ آہستہ

پویہ ف ایک قسم کی چال گھوڑے کی جو نہ تیز اور نہ آہستہ ہو- اور اس معنی مین بھی آتا ہے- چلو قدم اوٹھاؤ-

پوئیدن ف تلاش کرنا- ادھر اودھر پھرنا- اوڑنا-

پول ف پیسہ- تانبے کا سکہ- دریا کا پل

پہلوان ف سورما- بہادر- طاقتور آدمی-

پہلو کردن ف انکار کرنا- بات سے پھر جانا

پہلو تہی کردن

پہلوی ف ایک پرانی زبان فارسی کی

پہن ف فراخ- چوڑا-

پہنا ف چوڑائی- چوڑاؤ-

پے ف پاؤن- کھوج-

پیاپے ف پے در پے- لگاتار-

پیام ف سندیسا- کچھ بات کہلا بھیجنا

پیچش ف پیچتاب- مروڑا-

پیچیدن ف لپٹنا اور لپیٹنا-

پیداوار ف فصل کی پیدا- حاصل

پیر ف بوڑھا- بڑی عمر کا آدمی-

پیراستن ف زیبایش کرنا- کتر کر زیبایش کرنا- چھانٹنا-

پیرزال ف بوڑھی عورت

پیرسال ف بوڑھا- بوڑھی-

پیرمغان ف آگ کا پجاری- معشوق

پیرامون ف آس پاس

پیرو ف پچھلگو-

پیرایہ ف سخاوت- آرایش- لباس- زیور

پیروز ف فتح مند

پیزار ف جوتی-

پیزیدن ف چھننا- اور چھانتا

پیزنہ
پیزن ف چھلنی

پیش ف آگے سامنے -
پیشانی ف ماتھا بیشرمی اور شوخی و سعت
پیشکار ف سامنے کام کرنیوالا نوکر -
پیشکش ف نذر تحفہ دینا بھینٹ
پیشدست ف مددگار آگے کام کرنیوالا
پیش نہاد ف ارادہ دل کا -
پیشرو ف آگے چلنے والا نوکر
پیشوا ف راہنما - ہادی
پیشواز ف عورت کی گون پشواز مشہور ہے
پیشوائی ف کسیکے آگے اوسکو لانیکو جانا
پیشہ ف ہنر کسب -
پیشین ف اگلا -
پیشینہ ف اگلا پہلے والا -
پیشینیان ف اگلے زمانیکے لوگ
پیغام ف سندیسا
پیغمبر ف سندیسا لانے والا
پیغار ف کتبائی
پیغولہ ف کونہ کنھرا
پیک ف قاصد
پیکار ف لڑائی جنگ -
پیکان ف بھال تیر کی یا برچھی کی
پیکر ف شکل جسم
پیل ف ہاتھی -
پیلبان ف ہاتھی بان ہاتھی ہانکنے والا
پیلپایہ ف کھم ستون -

پیلہ ف ریشم کا کیڑا جو ریشم بناتا ہے
اور کویا ریشم کا بھی -
پیمانہ ف پیمایش کرنے والا - ناپ
پیمان ف وعدہ - عہد - بچن -
پیمایش ف ناپنا - ناپ -
پیمودن ف ناپنا -
پیوستن ف ملانا ملنا مضبوط ہونا
پیوستہ ف ملا ہوا - بیٹھا ہوا -
پیوند ف جوڑ - ٹکڑا -
پیہ ف چربی -
پیہم ف برابر - لگاتار -

باب التاء

تا ف اونکس تاکہ اور یعنی گنتی کرجیسے دونا
تاب ف گرمی - روشنی - طاقت پیچیدگی
تابان ف چمکدار - چمکنے والا -
تابستان ف گرمی - موسم گرما -
تابش ف چمک - طاقت -
تابع ع ماتحت - نوکر - فرمانبردار -
تابعدار ف آوعین - حکم ماننے والا -
تابعین ع تابع کی جمع -
تابناک ف - روشن - چمکدار
تابوت ع صندوق مردہ کا -
تابہ ف توا -
تابیدن ف چمکنا -

تابندہ ف چمکنے والا -
تاثر ع اثر قبول کرنا -
تاثیر ف اثر کرنا -
تاج ع مکٹ بادشاہی ٹوپی -
تاج خروس ف مرغ کی کلغی - اور ایک
سرخ پھول ہوتا ہے
تاجدار ف بادشاہ -
تاجر ع سوداگر -
تاجک ع وہ آدمی جو عرب میں پیدا ہوا اور
تاجیک ع فارس میں پرورش پاکر بڑا ہوا
ہو اس طرح کے لوگ اکثر سوداگری کرتے ہیں
اسلیئے تاجک کے معنی سوداگر کے بھی لوگ
سمجھ لیا کرتے ہیں اور تاجیک نام ملک
غیر عرب کا بھی ہے
تاجور ف بادشاہ
تاجوری ف بادشاہت -
تاخت ف حملہ - سپاہ -
تاختن ف حملہ کرنا - حملہ کرنا - دوڑنا دوڑانا
تاخر ع دیر کرنا - پیچھے ہونا -
تاخیر ع دیر - دیری -
تادب ع زبانداں سیکھنا - ادب اختیار کرنا
تادیب ع ادب دینا - علم زبان سکھلانا -
تار ف ڈورا - سوت بانا -
تاراج ف لوٹ - غارت -
تارک ع چھوڑنے والا -

تارک ف درمیان سر کے جو ایک لکیر ہے یعنے مانگ۔
تارکش ف وہ شخص جو تار کھینچتا ہے
تارپود ف بانا۔ اور تانا۔
تاریخ ع کوئی دن مہینے کا۔ ایک حد مقررہ عرصہ زمانہ کا۔ علم واقعات اور حادثات کا
تاریک ف سیاہ۔ کالا جسکے آر پار نظر نجا سکے
تاریکی ف اندھیرا۔
تاز ف حملہ۔ ہلہ
تازگی ف تازہ ہونا۔ تازہ پن۔
تازہ ف نیا۔ ترت کا۔
تازی ف عربی۔
تازیانہ ف کوڑا۔ چابک۔
تازیدن ف دوڑنا۔
تاسع ع نواں یعنی (۹)
تاسف ع افسوس کرنا۔ افسوس۔
تاسیس ع بنیاد رکھنا۔ بنانا۔ مضبوط کرنا
تاش ف یار جیسا۔ خداوند۔ شریک۔
تاغی ت باغی۔ پھرا ہوا بادشاہ سے
تافتن ف بٹنا۔ چمکنا۔
تافتہ ف بٹا ہوا۔ ریشمی کپڑا۔
تاقی ت۔ ٹوپی۔ کلاہ۔
تاک ف انگور۔ درخت داکھ کا۔
تاکید ع بار بار کہنا۔ سخت کرنا۔ محکم کرنا
تالاب ف جو ہر جسمیں پانی رکھا ہوا۔

تالف ع باہم الفت کرنا۔ محبت کرنا۔ دوستی
تالیف ع کتاب بنانا۔ جمع کرنا۔ الفت دلانا
تمام ع پورا۔ تمام۔ کامل۔
تامل ع خیال کرنا۔ سوچنا۔
تانی ع دیر کرنا۔ تاخیر کرنا۔
تانیث ع عورت
تاو ع گرمی۔ طاقت۔
تاوان ف جرمانہ۔ عوض۔
تاویل ع بیان کرنا تعبیر خواب کی کسی چیز کو ظاہر سے پھیرنا اور اوسکا اور ہی معنی بیان کرنا
تاہل ع شادی کرنا۔ جورو کرنا۔ کنبہ دار ہونا
تائب ع توبہ کرنے والا۔ باز آنیوالا۔
تائید ع مدد کرنا۔
تب ف تپ۔ بخار۔ تابش۔
تبادر ع باہم دوڑنا اور کسی کام میں پیشی کرنا
تبادل ع بدل کرنا باہم ایک دوسرے کی تبدیل معنی
تباہی ف اوجڑ ہونا۔
تباین ع مخالف۔ جدا ہونا۔ دو چیز کا آپس میں۔
تبار ف خاندان۔ نسل۔ اولاد۔
تبجیل ع بندگی کرنا۔ عزت کرنا۔
تبحر ع غل دریا کے علم میں ہونا بہت علم ہونا
تبختر ع شک کر چلنا۔ ناز کرکے چلنا۔
تبخیر ع بھپکا اوٹھنا۔ بخار بنانا۔ دھواں بنا کر اوڑھانا۔

تبدل ع عوض کرنا۔ بدلنا۔
تبدیل ع بدلنا۔ بدل ڈالنا۔
تبر ف ایک قسم کی کلہاڑی۔
تبر ع سونا۔ زر۔ طلا۔ کندن۔
تبرا ع نفرت کرنا۔ بری ہونا۔ بیزار ہونا
تبرک ع برکت لینا اور وہ چیز جس سے برکت لیجاوے۔ پرشاد۔
تبرکات ع برکت لینے کی چیزیں جمع تبرک کی ہے۔
تبرید ع سرد کرنا۔ اور ٹھنڈائی۔
تبسم ع مسکرانا۔ کلی کا کھلنا۔
تبصر ع دیکھنا۔ نظر۔
تبعہ ع انجام بد۔ نتیجہ بد۔ عذاب
تبعیت ع تابعداری۔ حکم ماننا۔ پیروی
تبعات ع کسی چیز کے لوازم۔ گناہ کے عذاب۔ دکھ۔ سختی۔ خرابیاں۔
تبلیغ ع پہونچانا کسی پاس کچھ روانہ کرنا
تبنی ع بیٹا بنانا۔ گود لینا۔
تبیین ع بیان کرنا۔ تبلانا۔
تبہ
تبہ کار ف برباد اور اوجڑا ہوا
تبیان ع خوب بیان کرنا۔ معنی کا روشن کرنا۔ آشکار کرنا۔
تپ ف کس بخار۔ بخاری۔
تپاک ف چالاکی۔ گرمجوشی۔

تپش ف گرمی - سوزش -
تپک ف بندوق -
تپیدن ف تڑپنا - اور گرم ہونا -
تتبع ع ڈھونڈھنا - تلاش کرنا - پیچھے کرنا
تترجی ملک تاتار کا رہنے والا یا اس ملک کی کوئی چیز
تتمہ ع تمامی - بقیہ - آخر ہر شے کا -
تتمیم ع تمام کرنا - پورا کرنا - آخر کو پہونچا دینا
تثریب ع سرزنش کرنا - ملامت کرنا -
تثنیہ ع دوگنا - دو کرنا -
تثلیث ع تین حصوں میں تقسیم کرنا -
تجار ع سوداگر - تجارت کرنے والا -
تجارب ع باہم ایک دوسرے کو آزمانا -
تجارب ع جمع ہے تجربہ کی یعنی آزمائشیں
تجارت ع سوداگری - بیوپار - سوداگرنا
تجاوز ع گذرنا - حد سے گذرنا - لانگھ جانا
تجاہد ع کوشش کرنا -
تجاہل ع جان بوجھکر جاہل ہونا - انجان ہوجانا
تجدید ع نیا کرنا - نئے سرے سے کوئی کام کرنا
تجربہ ع آزمانا - اور آزمائش -
تجربہ کار ف آزمودہ - آزمائش کیا ہوا
تجرد ع ننگا ہونا - تنہائی - علاحدگی دنیا سے
تجرع ع گھونٹ گھونٹ کرکے پینا -
تجرید ع تنہائی - مجرد کرنا - ننگا کرنا -
تجزی ع تقسیم - جزو جزو ہونا -
تجسس ع تلاش کرنا - ڈھونڈھنا

تجلی ع روشنی - آشکارا ہونا - روشن ہونا اور نور الٰہی -
تجمل ع زیبائش - شان و شکوہ - اور جمال کی آرائش کرنا -
تجنیس ع ہمجنس کرنا - یکساں کرنا
تجویز ع جائز کرنا - سزا دینا - کوئی بات نکالنا
تجویف ع شکم خالی کرنا - کھوکھلا بنانا
تجہیز ع سامان کرنا - جہیز شادی کا دینا اور اسباب مردے کا تیار کرنا -
تحابب ع باہم محبت کرنا - آپس میں پیار کرنا
تحائف ع جمع تحفہ کی -
تحت ع زیر - نیچے -
تحذیر ع ڈرانا - خوف دلانا -
تحدث ع قصہ سنانا - کہانی کہنا -
تحریر ع لکھنا - صاف کرنا - حشو و زائد سے آزاد کرنا -
تحرک ع حرکت کرنا - ہلنا -
تحریص ع لالچ دلانا - حرص دلانا -
تحریک ع حرکت دینا - ہلانا -
تحریف ع بدل ڈالنا - حرف بدلنا
تحسر ع افسوس - حسرت کرنا -
تحسین ع سراہنا - تعریف کرنا -
تحصیل ع حاصل کرنا -
تحف ع جمع تحفہ کی - نادر اشیا -
تحفگی ف تحفہ پن - خوبی -

تحفہ ع نادر - انوکھا - بہت خوب -
تحدید ع حد کرنا - ماہیت بیان کرنا -
تحقیر ع ذلیل کرنا - حقیر سمجھنا -
تحقق ع ثابت ہونا - سچ ہونا
تحقیق ع دریافت کرنا - کھوج لگانا
تحکم ع دعوے کرنا - حکومت کرنا - زبردستی سے حکومت کرنا -
تحلیل ع اجزا کا کھول دینا - پچا دینا کسی چیز کو گلا کر فانی کر دینا -
تحمل ع برداشت کرنا - اوٹھانا -
تحمید ع تعریف کرنا - حمد کرنا - سراہنا
تحمیل ع لادنا - بوجھ لاد دینا -
تحویل ع سپرد کرنا - کسیکو کوئی چیز حوالہ کر دینا -
تحویلدار ف خزانچی - نقد رکھنے والا روکڑیا -
تحیہ ع زندگانی دینا - سلام کرنا - مبارکباد کہنا -
تحیر ع حیران ہونا - بھونچکا ہوجانا
تخالف ع باہم مخالف ہونا -
تخت ف بیٹھنے کی چوکی - تخت بادشاہی
تختگاہ ف دار السلطنت حاکم اعلیٰ کے رہنے کا شہر - گورنمنٹ کے مقام کا شہر
تختہ ف لکڑی کی تری ہوئی تختہ
تخریب ع خراب کرنا - اوجاڑ دینا -

تخصیص ع خاص کرنا - خصوصیت -
تخفیف ع ہلکا کرنا - بوجھ اوتارنا - کم کرنا
تخلص ع چھٹکارا پانا - مختصر نام جو شاعر
لوگ اپنا نام مقرر کرکے شعر مین
لکھا کرتے ہین -
تخلف ع پیچھے رہنا - خلاف وعدہ کرنا
تخلل ع بیچ مین آجانا - خلل ڈالنا -
خرابی اور تباہی -
تخلیص ع خلاص کرنا چھوڑ دینا -
تخمہ ع - گرمی
تخمہ ع بدہضمی -
تخمیر ع خمیر اوٹھانا
تخمین ع اندازہ کرنا - اٹکل کرنا -
تخمینہ ع حساب سرسری - اٹکل سے
حساب کرنا -
تخمیناً ع اٹکلون - اندازہ سے -
تدابیر ع تدبیرین - تجویزین - بندوبست
تداخل ع ایک کا دوسرے مین داخل ہونا کئی
چیزین جو باہم ملکر داخل ہون -
تدارک ع کوئی چیز فوت شدہ کو پانا - بدلہ
تداول ع دست بدست ایک دوسرے سے لینا
تدبر ع پیچھے پڑنا - غور کرنا -
تدریج ع درجہ بدرجہ ہونا - تھوڑا تھوڑا ہونا -
تدریس ع سبق دینا علم سکھلانا - کہنہ کرنا
تدفین ع زمین مین گاڑ دینا - دفن کرنا

تدقیق ع باریک کرنا - خوب کوٹنا
باریک بات کا نکالنا -
تدوین ع جمع کرنا - تالیف کرنا -
تدین ع دیندار ہونا - دینداری
تذبذب ع ڈھکڑ پکڑ - دبدھا - شک و شبہ
تذکرہ ع یادداشت - یاد - ذکر -
تذکر ع مردانیت - مروت
تذرو ف ایک مشہور پرند ہے
تذلیل ع ذلیل کرنا - بیعزت کرنا
تر ف تر - بھیگا
تراب ع مٹی - زمین - خاک
تراخی ع دیر - کاہلی - اور تقصیر کرنا
ترازو ف ترکڑی - تلا
تراش ف کاٹ - کتر - افتخار -
آرایش - نقش -
تراشہ ف چھلکا - تراشا ہوا - ایک آلہ
لوہے کا ہے جس سے پتھر تراشتے ہین
تراشیدن ف کاٹنا - چھیلنا -
تراکم ع انبوہ - بھیڑ -
تراکیب ع جمع ہے ترکیب کی یعنی ترکیبین
ترانہ ف راگ - گیت -
تراوش ف ٹپکنا - ٹپکا -
تراویدن ف ٹپکنا -
تربت ف مولی ایک قسم کی ترکاری مشہور ہے
تربت ع مٹی - زمین - قبر

تربز ف تربوز - ہندوانہ
تربیت ع پرورش کرنا - پالنا -
ترجمان ع وہ شخص جو ایک زبان
کو دوسری زبان مین بتلا دے -
ترجمہ ع ایک زبان کو دوسری زبان
مین بدلنا اور لغوی معنی اسکے بیان کرنا
ترجیح ع غلبہ دینا - اور افزون کرنا -
ترحم ع رحم کرنا دیا کرنا - ترس کرنا -
ترخیم ع دم کاٹنا -
تردد ع آمد و رفت کشمکش - شک
ترددات ع کشمکش - بیان - شکوک -
تردامن ع گنہگار -
تردماغ ف عقلمند جسکا دماغ ... ہو
تردید ع کرنا کسی بات کا جواب دینا -
ترویف ع کسی کے پیچھے ایک ہی گھوڑے پر
سوار ہونا دو لفظون کے ایک معنی ہونا -
تر زبان ف فصیح - خوش کلام بولنیوالا
ترس ف خوف - ڈر - دہشت -
ترس ع ڈھال - سپر
ترسا ف ڈرنے والا - آتش پرست -
ترسان ف ڈرنیوالا - ڈرتا ہوا -
ترسانیدن ف ڈرانا -
ترسناک ف خوفناک - ڈرا ہوا -
ترسندہ ف ڈرنے والا -
ترسیدن ف ڈرنا - خوف کرنا -

ترسیل ع روانہ کرنا۔ بھیجنا۔ نامہ بھیجنا

ترش ف کھٹا۔ چوکا۔

ترشح ع ٹپکنا یا نیکا۔ چھلکنا۔

ترش ف ناراض۔ خفا۔

ترشی ف کھٹائی۔ ناراضگی۔ خفگی۔

ترصد ع۔ امید۔ گھات لگانا۔ امید رکھنا

ترصیص ع مضبوط بنانا۔ پاس پاس ملا کر بنانا۔

ترغیب ع رغبت دلانا۔ لالچ دینا۔

ترفہ ع آسودگی۔ دولتمندی۔

ترفیہ ع آسودہ کرنا۔

ترقب ع امید رکھنا۔ امید۔ انتظار

ترقی ع بلند ہونا۔ اوپر چڑھنا۔

ترقیق ع باریک کرنا۔

ترقیدن ف بھٹنا۔ پھوٹنا۔ شگفتہ ہونا

ترقیم ع لکھنا۔ رقم لکھنا۔

ترک ع چھوڑنا۔ چھوڑ دینا۔

ترکان ف لقب عورتوں کا جیسا بی بی بیگم کہتے ہیں۔

ترک ف نام ایک قوم کا ہے جو ترکستان میں بستے ہیں لکھتے ہیں کہ یہ لوگ اولاد ترک بن یافث کی ہیں مجازی معنے معشوق کے ہیں۔

ترکتاز ف دوڑ دھوپ۔ حملہ۔ لہر

ترکش ف تیر رکھنے کا خانہ۔

ترکمان ع نام ایک قوم کا ہے اور ترک کے مانند یہ مشہور ہیں۔

ترکہ ع مال مردے کا۔

ترکی ف زبان ترک قوم کی جو ترکستان میں بولی جاتی ہے۔

ترکی تمام شد ف غرور جاتا رہا۔

ترکیب ع مرکب کرنا۔ کئی چیزوں کو ملا کر بنانا۔

ترکیدن ف شق ہونا۔ پھٹ جانا۔

ترک ف باقلہ مصری کھٹا ہوتا ہے۔

ترمیم ع مرمت کرنا۔

ترنج ف لیمو۔ نیبو۔

ترنم ع گیت گانا۔

ترویج ع رائج کرنا۔ چلانا۔

ترہ ف کینہ۔ باطل۔ ساگ۔ ترکاری

ترہات ف خرافات۔ بیہودگیاں۔ مہملات

تریاق ع زہر مہرہ۔ زہر کی دوا۔

تزاحم ع انبوہ۔ اور انبوہ کرنا۔ بھیڑ کرنا

تزاید ع زیادہ ہونا۔ افزوں ہونا۔

تزک۔ توزک ت قانون اور روداد قصہ جسکو خود بادشاہ نے لکھا ہو۔ شان و شوکت

تزکی ع پاک کرنا۔ صاف کرنا۔

تزکیہ ع پاک کرنا۔

تزلزل ع زلزلہ آنا۔ زمین پر ڈگمگانا۔ الکھڑ پکھڑ

تزویر ع جھوٹ بولنا۔ فریب کرنا۔

تزئین ع زینت کرنا۔ زیبائش کرنا

تساوی ع برابری۔ برابر کرنا۔

تساہل ع آسان کرنا۔ آسان سمجھنا۔ غفلت کرنا

تسبیح ع پاکی سے یاد کرنا خدا کا۔ سبحان اللہ کہنا

تسخیر ع تابع کرنا۔ اپنی طرف کر لینا

تسدید ع درست کرنا۔ مضبوط کرنا

تسدیس ع چھ حصوں میں تقسیم کرنا

تسریع ع شتابی کرنا۔ جلدی کرنا

تسطیر ع لکھنا۔ سطر بندی کرنا۔

تسع ع نو یعنی (۹) ۹

تسعون ع نوے (۹۰) ۹۰

تسکین ع تسلی۔ آرام۔ ڈھارس

تسلسل ع سلسلہ بندی۔ لڑی بندھنا

تسلط ع حاکم ہو جانا۔ غالب آجانا۔

تسلی ع ڈھارس۔ خاطر جمع

تسلیم ع سلام کرنا۔ ماننا۔ منظور کرنا حکم کو۔

تسمہ ف چمڑے کا لمبا ٹکڑا

تسمین ع موٹا کرنا۔ فربہ کرنا۔

تسمیہ ع نام رکھنا۔

تسوید ع سیاہ کرنا۔ لکھنا۔

تشابہ ع باہم مشابہت ہونا۔

تشارک ع ایک دوسرے کے شریک ہونا

تشاکل ع باہم ایک شکل ہونا۔
تشبیہ ع کسیکو دوسرے سے مثال دینا مشابہ کرنا
تشتت ع پراگندگی۔ پریشانی۔ تتر بتر
تشخص ع تعین پانا۔ معین ہوجانا۔
تشخیص ع مقرر کرنا۔ جانچنا۔
تشدید ع سخت کرنا۔ استوار کرنا
تشریح ع شرح کرنا۔ کھولنا۔ طب مین بدن کا حال بیان کرنا۔
تشریف ع خلعت لباس قیمتی جو بادشاہ کے دربار سے ملے۔ بزرگ کرنا۔ اور عزت کہنا
تشفی ع تسکین تسلی۔ اور شفا پانا۔
تشکک ع شک مین پڑنا۔ اور شبہہ مین پڑنا
تشکیک ع شک مین ڈالنا کسیکو
تشنگی ف پیاس
تشنج ع عضو بدن کا اینٹھ جانا۔
تشنہ ف پیاسا۔
تشنیع ع برا بھلا کہنا لعنت ملامت کرنا
تشویش ع متفکر ہونا۔ پریشان ہونا
پریشانی۔
تشویر ع شور کرنا۔
تشویش ع فکر مین ڈالنا۔ اور فکر
تشہیر ع مشہور کرنا۔ شہرت دینا۔
تشیید ع مضبوط کرنا گچ اور چونے سے عمارت بنانا۔
تشیخ ع شیخی کرنا۔ اپنی تعریف آپ کرنا

تشیع ع اپنے تئین شیعہ کہنا۔ مذہب شیعہ مین ہونا۔
تشییع ع رخصت کرنا مسافر کو راہ تک پہونچانے کو جانا۔
تشمین ع شان پانا۔ عزت دار بننا
تصاریف ع گردشات۔
تصاعد ع بلند ہونا۔ اور چڑھنا۔ باہم ملکر بلند ہونا۔
تصافح ع باہم ہاتہ ملانا بوقت ملاقات کے۔
تصانیف ع کتابین تصنیف کی ہوئین
تصاویر ع تصویرین صورتین کھنچی ہوئین
تصحیح ع صحیح کرنا۔ درست کرنا۔
تصحیف ع کتاب بنانا۔ لکھنا۔ پڑھنے یا لکھنے مین کچھ غلطی کر دینا۔
تصدق ع وسیلہ۔ اور صدقہ کرنا
تصدی ع درپیش ہونا سامنے آنا۔
تصدیع ع تکلیف دینا درد سر کر دینا
تصدیق ع سچا کرنا
تصرف ع دخل کرنا۔ کچھ کا کچھ کر دینا
تصریف ع گردان کرنا گردانیا۔
تصریح ع ظاہر کرنا۔
تصغیر ع چھوٹا کرنا۔
تصفیہ ع صفا کرنا۔ صفائی کرنا۔
تصلیب ع سولی دینا سولی پر کھینچنا

تصمیم ع پختہ کرنا۔ خالص کرنا۔
تصنع ع بناوٹ۔ کاریگری کرنا۔ خوش آمد۔ عورت کا اپنا بناؤ اور حسن درست کر کے ظاہر کرنا۔
تصنیف ع کوئی کتاب بنانا۔ دل سے کچھ مضمون نکالنا قسم قسم علحدہ کر کے بیان کرنا۔
تصور ع دھیان۔ خیال
تصوف ع نام ہے اوس علم کا جو صوفی لوگ پڑھتے ہین یعنی علم فقیری۔
تصویر ع صورت۔ صورتگری۔ صورت بنانا
تضاد ع باہم ضد ہونا۔ آپسمین مخالف ہونا
تضاعف ع دوچند ہونا۔ دوچند
تضحیک ع ہنسنا۔ ہنسانا۔
تضرع ع گڑگڑانا منت کرنا۔ زاری کرنا
تضمن ع پیٹ مین لینا بیچ مین ملا لینا
تضمین ع کسیکے کلام کو اپنے کلام کے اندر لے لینا۔
تضییع ع ضائع کرنا۔ کھونا۔ بے فائدہ برباد کرنا۔
تطابق ع باہم مطابق ہونا۔ مطابقت
تطاول ع ظلم تکبر دراز دستی کرنا۔
تطبیق ع مطابق کرنا۔
تطوع ع حکم ماننا۔ اور سوائے فرض کے زیادہ خدمت کرنا۔

تطویل ع دراز کرنا-
تطہیر ع پاک کرنا-
تظلم ع ظلم سے فریاد کرنا - اور رونا بسبب ستم کے
تعارض ع کسیکے سامنے آنا - کچھ جھگڑا کرنا
تعارف ع جان پہچان - شناخت باہم کرنا
تعاقب ع پیچھا کرنا باہم پیچھا کرنا-
تعال ع اسکے معنی ہیں آؤ-
تعالی ع بلند ہوا یہ صیغہ فعل ماضی کا ہے
تعاون ع باہم ایک دوسرے کی مدد کرنا-
تعب ع رنج ماندگی - تھکاؤ-
تعبیر ع بیان کرنا - اور خواب کے معنی بتلانا
تعبیہ ع آراستہ کرنا - پنہان کرنا-
تعجب ع اچنبھہ - انوکھا پن - اچنبہ کرنا
تعجیل ع شتابی کرنا اور جلدی کرنا کسی کام میں
تعداد ع گننا - شمار کرنا-
تعد ع شمار کرتا ہے تو - گنتا ہے تو-
تعدی ع ظلم - ستم - حد سے بڑھ جانا-
تعذر ع عذر کرنا - معذور ہو جانا-
تعذیب ع دکھہ دینا - عذاب دینا-
تعذیر ع عذر کرنا - معذور رکھنا-
تعرض ع پیش آنا - چھیڑنا-
تعریض ع چھیڑنا کسیکو کام پر لانا-
تعریف ع معنی بیان کرنا - سراہنا - جتلانا
تعرف ع شناخت کرنا - بتانا-

تعریۃ ع ننگا کرنا-
تعزیت
تعزیہ ع ماتم پرسی کرنا - ماتم کرنا-
تعزیر ع سیاست کرنا - سزا دینا-
تعزل ع عہدے سے برطرف کرنا-
تعسر ع دشواری - مشکل ہونا-
تعسف ع بے راہ چلنا - گمراہ جانا
تعشق ع عاشق ہونا - فریفتہ ہونا-
تعصب ع پچ کرنا - طرفداری کرنا-
تعطر ع خوشبو ہونا - سوگندہ ہو جانا-
تعطل ع بیکار ہونا-
تعطیل ع بیکار کرنا کسی شخص کو-
تعظم ع بزرگ ہونا-
تعظیم ع بزرگی کرنا عزت کرنا-
تعفن ع بدبو ہونا - سڑ جانا-
تعقب ع کسی بھاگے ہوئے کے پیچھے جانا پیچھا کرنا
تعقل ع سمجھنا - جاننا - فکر کرنا-
تعلق ع لگاؤ - علاقہ رکھنا-
تعلقہ ع علاقہ - لگاؤ-
تعلل ع دوبارہ شراب پلانا-
تعلیل ع وجہ بیان کرنا - دلیل لانا-
تعلم ع سیکھنا - علم سیکھنا-
تعلیق ع لٹکانا کسی چیز کو دوسری چیز سے متعلق کرنا-
تعلیقہ ع ضبط کرنا - اسباب کا-

تعمق ع غور کرنا - اور کسی چیز کی کنہ کو پہونچنا-
تعلیم ع سکھلانا - علم پڑھانا-
تعمل ع عمل میں لانا - کار کرنا
تعمیر ع عمارت بنانا - آباد کرنا-
تعوید ع پناہ دینا - اور پناہ میں لانا بچانا
تعویق ع باز رکھنا - اور روکنا - بند کرنا
تعویل ع بھروسا کرنا - اعتماد کرنا
تعہد ع کسی کام کا سرانجام کرنا - اپنے ذمہ پر لینا - ضامنی کرنا-
تعین ع معین کرنا - خاص کرنا - کئی چیز سے ایک شے کو خاص کرنا-
تعینات ع تشخصات - خصوصیات
تعییر ع سرزنش - ملامت کرنا - عار دلانا
تغابن ع باہم نقصان اوٹھانا - غبن کھانا - زیانکاری-
تغار ت تغاری یعنی طشت مٹی کا - یا تھال مٹی کا-
تغاری ت کونڈا مٹی کا-
تغافل ع غفلت کرنا جان بوجھہ کر باہم غفلت کرنا-
تغایر ع فرق - باہم مغائر ہونا-
تغذیہ ع غذا دینا - پالنا - خورش دینا
تغلب ع غلبہ کرنا - غالب ہونا - زبردستی کر کے مال کسیکا لینا-

تغمیت ۔ یہ لفظ غلط مشہور ہے اصل میں تغمیۃ ہے

تغیر ع بدلنا پہلی حالت سے دوسری حالت کر دینا

تف ف بخار ۔ حرارت ۔ روشنی ۔ بو

تف ف تھوک ۔ اور تھوکنا ۔

تفاح ع سیب مشہور میوہ ہے ۔

تفاخر ع آپس میں فخر کرنا ۔ اور دوسرے سے آپ کو بڑا سمجھنا ۔

تفاریق ع جمع تفریق کی ۔ جدائیاں تفریقین ۔

تفاسیر ع جمع تفسیر کی شرح قرآن شریف کی یا خدا کی کتاب کی شرح ۔

تفاصیل ع جمع تفصیل کی ۔

تفاوت ع فرق ۔ فاصلہ فرق درمیان دو چیزوں کے ۔

تفاؤل ع فال لینا ۔ آپس میں شگون لینا

تفت ف گرم ۔ سوختہ ۔ غضبناک ۔ مجازاً یعنی مفلس ۔

تفتہ ف سوختہ ۔ جلا ہوا ۔ عاشق

تفتن ف گرم ہونا ۔ خفا ہونا ۔ جلنا ۔

تفتیح ع کھولنا ۔ کھول دینا ۔

تفتیش ع تلاش ۔ کھودنا ۔ ڈھونڈھنا

تفحص ع ڈھونڈھنا ۔ کھودنا ۔ تلاش کرنا

تفرج ع کشائش اور خوشحالی مجازاً سیر و تماشا ۔

تفرد ع یگانہ ہونا ۔ اور خلوت پسند کرنا ۔

تفرس ع پہاڑنا ۔ درندہ پن ۔

تفرس ع اول نظر میں دیکھتے ہی پہچان لینا کسی شے کا اوسکی علامات اور آثار سے دانائی ۔

تفرقہ ع فرق ۔ فاصلہ ۔ جدائی ۔

تفریح ع خوش کرنا ۔ فرحت دینا ۔

تفریط ع ضائع کرنا یا کم کرنا کسی کام میں

تفریق ع فرق کرنا ۔ فاصلہ کرنا علیحدہ کرنا

تفسیدن ف گرم ہونا تتا ہونا ۔

تفسیر ع بیان کرنا ۔ اور کلام خدا کی شرح کرنا ۔ اور شرح ۔

تفصیل ع جدا کرنا ۔ فاصلہ کرنا ۔

تفضیل ع فضیلت دینا ۔ بزرگی کرنا

تفضیح ع رسوائی کرنا فضیحت کرنا ۔

تفضل ع بزرگی ۔ بڑائی ۔ فضیلت

تفقد ع گم شدہ کو ڈھونڈھنا ۔ پیش کرنا مجازاً ۔ مہربانی ۔ دلجوئی ۔ غمخواری کرنا

تفکر ع فکر کرنا ۔ من میں سوچ پیدا کرنا

تفکہ ع میوہ کھانا ۔

تفک تفنگ ف بندوق ۔

تفنگچی ف بندوقچی ۔ بندوق والا ۔

تفنن ع شاخ شاخ ہونا ۔ گونہ گونہ ہونا ایک حال سے دوسرے حال میں ہونا

تفوق ع برتری گننا ۔ اوپر ہونا ۔

تفویض ع سپرد کرنا ۔ اپنا کام دوسرے کو دینا ۔

تفہیج ع ہیزہ جس چیز میں کچھ مزہ نہو جیسا کدو ۔ خیار ۔

تفہم ع خود سمجھ جانا ۔

تفہیم ع سمجھانا ۔

تفیدن ف گرم ہونا ۔ خفا ہونا ۔ سوختہ ہونا

تقابل ع باہم مقابل ہونا ۔

تقادیر ع جمع تقدیر کی ۔

تقارب ع باہم قریب ہونا یا پاس پاس ہونا

تقاریر ع جمع تقریر کی ۔

تقاضا ع خواہش ۔ مانگنا ۔

تقاعد ع کسی کام سے باز رہنا کسی کام کرنے سے روک بیٹھنا ۔

تقاطر ع پے در پے قطرے ٹپکنے

تقالیب ع گردشات زمانہ کی جمع تقلیب کی

تقاوی ع قوت دینا اور اصطلاح میں وہ روپیہ جو سرکار بطور قرضہ کے زمینداروں کو واسطے درستی کار زراعت کے دیوے

تقاویم ع جمع تقویم کی جنتریاں ہیں

تقبل ع قبول کرنا منظور کرنا ۔

تقبیل ع بوسہ دینا ۔ چومنا کسی چیز کا

تقدس ع پاک کرنا ۔ اور پاک ہونا

تقدیر ع اندازہ کرنا ۔ اور اندازہ جو خدا نے پہلے ہی سے کر لیا ہے ۔

تقدیس ع پاک کرنا ۔ اور پاکی سے یاد کرنا

تقدیم ع پیش پہونچانا - مقدم کرنا
تقرب ع نزدیکی -
تقرر ع مقرر کرنا - ٹھہرانا -
تقریب ع نزدیک کرنا - ایسی طرح پر بات کا کہنا کہ مطلب کو لازم ہوجاوے
تقریباً ع تخمیناً -
تقریر ع مقرر کرنا -
تقسیم ع بانٹنا - حصے کرنا -
تقشیر ع چھلکا اوتارنا -
تقصیر ع کمی کرنا - کوتاہی کرنا - خطا قصور
تقصیر وار ف قصوروار آدمی - گنہگار -
تقطیر ع ٹپکانا - قطرہ ڈالنا -
تقطیع ع ٹکڑے کرنا - قطع دار بنانا -
تقلب ع پلٹنا - گردش - پھرجانا -
تقلیب ع پلٹنا - اولٹنا - بدلنا -
تقلید ع گلوبند درمیان گردن کے ڈالنا اپنی گردن پر کام لینا - مجازاً پیروی کرنا کسیکی بدون دریافت اوسکی حقیقت کے -
تقلیدی ع وہ شخص جو کسیکا پیرو ہو
تقلیل ع کم ہونا - اور تھوڑا کرنا -
تقوی ع ڈرنا - اور پرہیزگاری
تقویت ع قوت دینا - طاقت
تقویم ع قیمت کرنا - سیدھا کرنا اور جنتری نجومیوں کی -
تقی ع ڈرنے والا خدا سے پرہیزگار

تقیید ع قید کرنا - اور بند کرنا -
تکاثر ع بہتایت اور کثرت - اور افزون ہونا
تکارم ع آپسمین کرم کرنا - آپسمین بخشش کرنا
تکاسل ع اپنے تئین سست و کاہل دکھلانا
تکافو ع آپس مین برابر ہونا -
تکالیف ع جمع ہے تکلیف کی
تکاور ف تیزرو گھوڑا -
تکاہل ع اپنے تئین کاہل کرنا یا کاہل دکھلانا
تکبر ع غرور کرنا - بڑا سمجھنا اپنے تئین -
تکبیر ع بزرگ کرنا - بڑا کہنا - بڑا کرنا -
تکثیر ع زیادتی کرنا - افزونی کرنا -
تکدر ع مکدر ہونا - تیرہ ہونا -
تکدو ف یہ اصل مین تگ و دو ہے تگ بمعنی دوڑنے کے اور دو دویدن سے مراد دوڑ دھوپ کرنا
تکذیب ع جھٹلانا - جھوٹا کرنا -
تکرار ع بار بار پھرانا -
تکریر ع بار بار کرنا پھر پھر کر کوئی بات کرنا
تکریم ع بزرگی کرنا - عزت کرنا -
تکسل ع کاہل اور سست ہونا -
تکسیر ع توڑنا - اور شکستہ ہونا -
تکفل ع ضامن ہونا اور ذمہ دار کسی چیز کا ہونا
تکفیر ع کافر کہنا - اور کفارت
تکفیل ع کفالت کرنا - ضمانت دینا -
تکفین ع مردہ کو کفن پہنانا -
تکلہ ع ف نام ایک بادشاہ شیراز کا ہے

تکلف ع اپنے پر تکلیف اوٹھانا یا وہ بات دکھلانا جو اپنے مین نہو -
تکلم ع بات کرنا اور امر کا صیغہ بھی ہے اگر تکلم ہے یقین
تکلیف ع دکھ کسیکو رنج مین ڈالنا - وہ کام کروانا کسی سے جو اوسکی طاقت سے خارج ہو -
تکمہ ف گریبان کی گھنڈی -
تکمید ع تکیر لگانا - گرم پوٹلی سے کل سیکنا
تکمیل ع کامل کرنا -
تکون ع ہوجانا وجود پانا -
تکوین ع پیدا کرنا - وجود دینا -
تکہ ع ازاربند -
تکیہ ع جسپر سہارا لگایا جاوے -
تکیہ زدن ف بھروسا کرنا -
تگ ف ڈگ - قدم - دوڑنا - زمین
تگاپو ف دوڑ دھوپ یعنی آمد و رفت جلدی سے کرنا -
تگرگ ف اولا جسکو ژالہ اور تگرگ بھی کہتے ہیں
تگدو ف دوڑ دھوپ - تلاش -
تگ و پو ف ایضاً
تل ف تودہ - ٹیلہ
تلازم ع باہم لازم ہونا -
تلاش ت جستجو - ڈھونڈھنا -
تلاطم ع باہم طمانچہ زنی کرنا اور موج مارنا

باہم ہونا۔
تلافی ع تدارک پانا۔ اور ہاتھ میں لانا
تلاقی ع باہم ملاقات کرنا۔
تلامذہ ع جمع تلمیذ کی شاگرد لوگ۔
تلاوت ع پڑھنا قرآن شریف پڑھنا
تلبیس ع لباس پہننا۔ مکر و فریب
تلخ ف کڑوا۔
تلخاف ف صفرا۔ اور پتہ۔ اور پتا
تلخیص ع خلاصہ کرنا۔ پاک و صاف کرنا۔
تلذذ ع لذت لینا۔ مزہ اوٹھانا۔
تلطف ع مہربانی۔ لطف کرنا۔
تلف ع ضائع کرنا۔ کھو دینا۔
تلفظ ع الفاظ کا منہ سے بولنا۔ بولنا
تلقی ع ملاقات کرنا۔ اور قبولنا۔
تلقین ع سمجھانا۔ اور تعلیم کرنا
تلمذ ع شاگرد ہونا
تلمیذ ع شاگرد۔ مرید
تلواسہ ع غم اور اضطراب اور فکر۔
تلون ع رنگا رنگ ہونا۔ رنگ برنگ۔
تلوین ع طرح بطرح ہونا۔
تلیین ع نرم کرنا۔ ملین کرنا۔
تماثیل ع تصویریں اور فرمان بادشاہی
جمع تمثال کی۔
تماثل ع مشابہ ہونا باہم مثل آپس میں ہونا
تماچہ ف طپنچہ۔ دو چپہ۔

تمادی ع کشیدگی۔ درازی۔
تماشا ع سیر کرنا پیدل باہم ملکر چلنا
تماش بینی ف رنڈی بازی۔ کنجری بازی
تمام ع پورا کامل۔
تمائم ع جمع تمیمہ کی۔ تعویذات۔
تمتع ع برخورداری پانا۔ فائدہ مندی اوٹھانا
تمثال ع صورت پیکر۔ فرمان بادشاہی
تمثل ع سامنے ہونا۔ مثال دینا۔
تمثیل ع مثال دینا تشبیہ دینا
تمجید ع بزرگی کرنا۔
تمدد ع کشیدگی۔ کھینچا۔
تمر ع کھجور۔ سوکھی ہوئی کھجور۔
تمرد ع سرکشی کرنا۔ سرکشی۔
تمساح ع نہنگ۔ ناکہ
تمسخر ع ہنسی کرنا۔ ٹھٹھہ کرنا۔
تمسک ع کسی چیز میں چنگل مارنا۔
پکڑنا کسی شے کا۔
تمشی ع ارادہ جاری کرنا۔ روان کرنا۔
تمشیت ع جاری کرنا۔ روان کرنا۔
تمغات محصول اور مہر جو اسباب سوداگری
پر سرکاری لگائی جاتی ہے اور فرمان شاہی
جو لوگ تمغہ کہتے ہیں وہ غلط ہے
تمکن ع جگہ پکڑنا۔ اور قائم ہونا۔
تمکنت ع غرور۔ ٹیپ ٹاپ۔
تمکین ع جگہ دینا۔ اور عین جگہ پر ہیر

رکھنا۔ قدر۔ مرتبہ۔
تملق ع نرم ہونا۔ اور عادت پکڑنا۔
تملک ع مالک ہونا۔
تملیک ع مالک کرنا کسی شخص کو مال
یا کسی چیز کا۔
تمن ت دس ہزار آدمی اور بیس روپیہ۔
تمنا ع آرزو کرنا۔ خواہش کرنا۔
تموز ف بڑی گرمی ساون کا مہینا
تمول ع مالدار ہونا۔ اور دولتمندی
تمہید ع بچھونا بچھانا۔ ہموار اور نیک کرنا
تمییز ع جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا۔
تن ف بدن پنڈا۔ اور تنخواہ
تنادی ع ایک دوسرے کو پکارنا۔ مجازاً قیامت
تنازع ع باہم جھگڑا کرنا جھگڑا
تنازل ع باہم اوترنا۔
تناسب ع باہم نسبت رکھنا۔ مشابہ ہونا
تناسخ ع ایک صورت سے دوسری
صورت میں ہونا۔ روح کا ایک قالب سے
نکلکر دوسرے قالب میں آنا۔
تناسل ع باہم اولاد جننا۔ باہم نسل جننا
تنافی ع ایک دوسرے کی نفی کرنا۔ منافی ہونا
تناقض ع ایک دوسرے کو توڑنا۔
تناور ف قوی جثہ شخص جسیم فربہ۔
تناول ع لینا۔ اور پکڑنا کسی چیز کا
مجازاً کھانا کھانا۔

تناہی ع منتہی ہونا - انتہا کو پہونچنا اور رکنا کسی چیز سے

تنبول ف پان - کبارہ یعنی چھوٹی کمان

تنبان ت پاجامہ - سُتھن - شلوار

تنبیہ ع جتانا - واقف کرنا - مجازاً مارنا قید کرنا -

تنبہ ع آگاہ ہونا -

تنجیم ع ستارہ شناسی - ستاروں کا حال دیکھنا

تند ف تیز - اور سخت مزاج - غصہ والا

تندباد ف آندھی - جھکڑ

تنخواہ ف مزدوری - روپیہ جو تنخواہ نوکر کو

تندخو ف بدخو آدمی - بدمزاج -

تندرست ف جسکو بیماری نہو - چنگا

تندر ف بجلی کی کڑک - بادل -

تندو ف مکڑی - عنکبوت -

تندہی ف کوشش -

تنذیر ع ڈرانا - خوف دلانا -

تنزل ع اوترنا - درجہ سے کم ہونا -

تنزیل ع قرآن شریف - نازل کرنا -

تنزہ ع دور ہونا عیب سے باغ اور سبزہ کی سیر کرنا - اور مجازاً خوشی -

تنزیہ ع دور کرنا اور پاک کرنا برائیوں سے

تنسک ع خداپرستی - تصوف

تنسق ع مرتب ہونا - منتظم ہونا -

تنسیق ع انتظام کرنا - ترتیب دینا -

تناسل ع اولاد جاری کرنا - نسل ہونا -

تنشیط ع خوش کرنا - اور شادمان کرنا -

تنصر ع نصاریٰ بننا - مذہب نصاریٰ کا اختیار کرنا -

تنصیف ع دو حصہ کرنا - آدھوں آدھ کرنا

تنضیج ع پکانا - پختہ کرنا -

تنظیر ع مثال لانا - نظیر بتانا -

تنظیم ع موتی دھاگے میں پرونا - مجازاً درستی امور شہر اور دربار وغیرہ کی کرنا -

تعظیم ع عزت کرنا - بزرگی کرنا -

تنعیم ع نازونعمت دینا - نازونعمت میں پالنا -

تنعیش ع عیش دینا - عیش میں رہنا

تنعم ع نازونعمت دینا - نازونعمت میں پلنا

تنفر ع نفرت کرنا - اور بھاگنا -

تنفیذ ع حکم اور فرمان کو جاری کرنا -

تنفس ع سانس لینا - اپنے تئیں نفیس سمجھنا -

تنقل ع نقل کرنا - کھانا -

تنقی ع پاک کرنا - صاف کرنا -

تنقیح ع پاک اور صاف کرنا کسی کا عیب سے خالی کرنا

تنقیہ ع پاک اور صاف کرنا -

تنک ف باریک اور کم - نازک اور لطیف

تنکیر ع عام کرنا - چھین لینا - انجان کرنا -

تنگ ف سکڑا - کھنچا ہوا -

تنگبار ف جسجگہ ہر ایک شخص کو دخل نہو

تنگار ف سہاگہ

تنگ چشم ف بخیل - کنجوس - خود لیت اور صفت معشوق کی بھی ہے -

تنگدست ف محتاج - مفلس -

تنگدل ف بخیل - کم خرچ -

تنگری ت خدا تعالےٰ

تنگنائی ف جائے تنگ - تنگ کوچہ

تنگہ ف خواہ چاندی کا ہو یا سونیکا یا تانبے کا

تنگہ ف جانگیا چمڑیکا کشتی کے وقت پہنتے ہیں

تنگی ف سکڑاپن - ضد فراخی کی

تنمیع ع بڑھنا درخت یا انسان یا حیوان

تنور ع ف ت وہ روٹی پکانیکی جگہ

تنوع ع طرح بطرح اور قسم بقسم ہونا -

تنومندی ف قوی جثہ - اور فربہ ہونا یا موٹا

تنویر ع روشن کرنا - نور دینا -

تنوین ع نون پیدا کرنا - دو زبر یا دو زیر یا دو پیش کا پڑھنا -

تنہ ف دھڑ درخت کا جڑ سے لگا کر مقام شاخوں تک جہاں سے اوسکی شاخیں الگ الگ شروع ہوتی ہیں -

تنہا ف اکیلا

تنیدن ف تننا جولاہے کا کام بننا -

تنین ع اژدہا بڑا سانپ جمع اسکی تنانین

تو ف تو کلمہ مخاطب کا ہے

تواب ع توبہ قبول کرنے والا -

تواَبل ع گرم مصالح جو کھانے مین ڈالتے ہین
تواتر ع پے در پے ہونا۔
توارد ع باہم ایک جگہ اترنا۔ ایک مضمون
کا دو شخصون کے ذہن مین آنا۔
تواریخ ع علم وا اتفاقا۔ اور علم اسنون
توازی ع باہم برابر ہونا اس طرح (۱۱)
تواضع ع فروتنی کرنا۔ عاجزی کرنا۔
تواضع سمرقندی ف جھوٹی خاطرداری
توافق ع باہم موافق ہونا آپس مین اتفاق کرنا
توافر ع بہتایت۔ کثرت و فور۔
توالد ع باہم بلکر جننا۔ اولاد پیدا کرنا۔
توالی ع پے در پے۔ متواتر۔
توام ع جڑوان بچہ جو ایک بچہ کے ہمراہ
ایک ہی دفعہ دونون پیدا ہون۔ برج جوزا
توامان ع دو بچے جو ایک ہی ساعت
ایک ہی عورت سے پیدا ہون۔
توان ف قوت۔ قدرت۔ طاقت
توانا ف طاقت ور۔ قوت ور۔
توانستن ف سکنا۔ طاقت رکھنا
توانگر ف صاحب قوت مجازاً۔ مالدار
توانگری ف صاحب قوت ہونا۔ مالداری
توانائی ف طاقت۔ قوت۔
توپ ت فوج لشکر۔ اور توپ مشہور
توبرہ ف گھوڑے کو دانہ کھلانیکا تھیلا۔
توپ زدن ف توپ مارنا۔

توپچی ت توپ چھوڑنیوالا۔ گولنداز
توبکہ ف گنجینہ۔ مخزن۔ خزانہ۔
توبہ ع گناہ سے پھرنا۔ باز آنا۔
توبیخ ع ملامت کرنا۔ جھڑکنا۔
توت ع درخت مشہور ہے جسکو شہتوت کہتے ہین
توتیا ف سرمہ بعضی طوطیا لکھتی ہین غلط مشہور ہے
توثیق ع محکم اور استوار کرنا۔ اور مضبوط کرنا۔
توجع ع درد پیدا ہونا۔
توجہ ع کسیکی طرف منہ پھیرنا۔
توجیہ ع کسیکی طرف منہ پھیرنا۔ اور بیان
اچھا کرنا۔ وجہ بتلانا۔ دلیل لانا۔
توحد ع یکتائی۔ ایک ہونا۔ وحدانیت
توحش ع وحشی ہونا۔ نفرت کرنا۔
توحید ع ایک ماننا۔ ایک جاننا۔
تودد ع دوستی۔ محبت۔
تودہ ف انبار۔ ڈھیر۔ ٹیلا۔
تودیع ع رخصت کرنا۔ وداع کرنا۔
تورع ع پرہیزگاری۔
تور ف نام ہے فریدون بادشاہ کے بیٹے کا
تورہ ت قانون۔ دستور العمل جاہل سست
توریت ع نام کتاب حضرت موسیٰ کا
توزیدن ف جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔
توز ف بھوج پتر مشہور ہے پہاڑ مین ہوتا ہے
توزک ت سامان۔ آرایش۔ انتظام
توزیع ع پراگندہ کرنا۔ بانٹنا۔

توزین ع باہم وزن کرنا دو چیز کا
توسط ع میانہ روی اور اعتدال اور
واسطہ کرنا۔
توسل ع وسیلہ ڈھونڈھنا بیچ کسیکو ڈالنا
توسیع ع فراخ کرنا۔ کشادہ کرنا۔
توسن ف گھوڑے کا بچہ جو تند خو اور
شوخ اور سرکش ہو۔
توشدان ف جسمین خوراک سفر کی رکھین
توشک ت فرش۔ بچھونا۔ راحت۔
توشمال ت خانساماں۔ خوان سالار
توشہ ف زاد راہ۔ راہ کا خرچ و خوراک
توشیح ع بدھی گردن مین ڈالنا۔ آرایش کرنا
توصیف ع تعریف کرنا۔ وصف کرنا
توضیح ع روشن۔ اور پیدا کرنا۔
توطن ع وطن اختیار کرنا۔
توظیف ع ہر روز رسد دینا۔ رسد مقرر کرنا
توغل ع مشق کامل کرنا۔ ایک کام
مین بہت لگا رہنا۔
توفق ع موافقت۔ یکسانی۔
توفیر ع بہت کرنا۔ اور بہت ہونا
اور فائدہ جو اجارہ پر ہو۔
توفیق ع موافق کردینا۔ برابر کرنا۔
اصطلاحی معنے موافق کرنا خدا کا اسباب
نیکی کے حسب خواہش بندہ کے۔

توق ع آرزومندی اور غلبہ شہوت کا
توقان
توقد ع آگ بھڑکنا۔
توقر ع وقر کرنا۔ عزت کرنا
توقیر ع عزت وحرمت کا نگاہ رکھنا۔
توقع ع امید۔ بھروسا۔
توقف ع دیر کرنا۔ وقفہ کرنا۔
توقی ع نگاہبانی۔ بچاؤ
توقیع ع دستخط کرنا پادشاہ کا فرمان
فرمان شاہی۔
توکل ع بھروسا کرنا خدا پر۔ دل اوٹھانا
دنیا سے اور خدا پر لگانا۔
توکیل ع وکیل کرنا کسیکو کسی کام پر چھوڑنا
تولا ع سمت امید۔ پھر جانا حکومت کرنا
تولد ع پیدا ہونا۔ زائیدہ ہونا۔
تولی ع پھر جانا۔ حکومت کرنا۔ حاکم کرنا
تولید ع جننا۔ پیدا کرنا۔ پرورش کرنا
تولیت ع حاکم کرنا۔ اور پے در پے ہونا۔
تومان ت گروہ۔ پرگنہ۔ دس ہزار بیرق
توہم ع وہم مین ڈالنا۔ وہم کرنا۔
توہین ع اہانت کرنا سست کرنا ذلیل کرنا
تہ ف نیچے کے فرش تلا
تہبند ف لنگوٹی جو چادر باندھتے ہین
تہالک ع باہم ہلاک ہونا۔
تہاون ع خوار اور ذلیل رکھنا حقیر سمجھنا

تہتک ع پردہ دری کرنا۔ رسوائی۔
تہجی ع ہجے کرنا۔ حروف مفردہ کا پڑھنا۔
تہجین ع ذلیل کرنا۔ بیعزت کرنا۔
تہخانہ ف نیچے کا گھر
تہدید ع ڈرانا۔ دھمکانا۔ خوف دلانا
تہذیب ع آراستہ کرنا۔ پاک کرنا اصلاح دینا
تہالک ع ہلاک ہونا۔ مرنا۔ نیست ہونا
تہلیل ع لا الہ الا اللہ کہنا۔
تہنیت ع مبارکبادی دینا۔ گوارا کرنا
تہمت ع عیب لگانا۔ برائی کرنا۔
تہمتن ف لقب ہے رستم پہلوان کا۔ دلاور
تہ نشین ف تہ پر بیٹھنے والا۔ درد۔ تلچھٹ
تہ وبالا ف زیر وزبر۔
تہور ع مردانگی۔ زیادتی۔ قوت غضبی کی
تہوع ع ڈاک لگنا یعنی قے کی آواز کرنا
اور کچھ مادہ نہ نکلے۔ متلی۔
تہویل ع خوف دلانا۔ ڈرانا۔
تہی ف خالی جو بھرا ہوا نہو۔
تہیدست ف مفلس۔ خالی ہاتھ
تہیگاہ ف کوکھ یعنے سرین کے اوپر اور
پہلو سے نیچے جو کچھ ہے۔
تہی مغز ف بیوقوف۔ جاہل۔
تہیہ ع تیاری۔ سامان۔
تیا ع موج زن۔ جاری رفتار۔ مجازاً
موجود۔ قابل کام کے۔

تیر ف کمان کا تیر۔ ستارہ عطارد
تیرماہ ف چوتھا مہینہ سال شمسی کا
جب آفتاب برج سرطان مین ہو۔
تیرگی ف اندھیرا۔ دھوندھلاپن
تیرہ ف تاریک۔ سیاہ رنگ۔
تیرہ روزگار ف بدنصیب۔ بدقسمت
تیز ف چالاک۔ اور دھار جو کاٹا چھا کرے
تیزاب ف تیز پانی۔ مشہور شے ہے
تیشہ ف بسولا۔
تیسیر ع آسان کرنا۔ اور آسانی۔
تیغ ف تلوار۔ شمشیر۔ خنجر۔
تیغا ف خنجر۔ چھوٹی تلوار۔
تیقن ع یقین کرنا۔ اعتبار کرنا۔
تیمار ف غمخواری۔ اور خدمت کرنا۔ اور علاج
تیمم ع بجاے پانی مٹی سے منہ ہاتھ دھونا
تیول ت جاگیر جسپر گذارہ ہو۔
تیمن ع مبارکبادی لینا۔ برکت لینا
تین ع انجیر مشہور میوہ ہے۔
تیہ ع جنگل۔ صحرا۔ تکبر کرنا۔
تیہو ف لوا نام پرند مشہور کا ہے۔

باب الثاء

ثابت ع قائم۔ مضبوط۔
ثاقب ع روشن۔ چمکیلا۔
ثالث ع تیسرا۔

ثامنہ ع ساٹھواں حصہ دقیقہ کا یعنی لحظہ

ثامن ع آٹھواں یعنے (⅛)

ثانی ع دوسرا۔

ثانیہ ع سکنڈ انگریزی میں دقیقہ عربی میں یعنے ساٹھواں حصہ گھنٹہ کا۔

ثانوی ع دوسرے والا۔ دومی۔

ثبات ع پایداری۔ قیام۔

ثبت ع لکھنا۔ تحریر کرنا۔

ثبوت ع ثابت ہونا۔

ثدی ع چھاتی۔ چوچی۔

ثرا ع دولت۔ مال مٹی۔

ثروت ع کثرت مال کی۔ تونگری۔

ثری ع دولت خاک۔ مٹی۔ خاک جو نیچے زمین کے ہے۔

ثریا ع پروین۔ وے چھ ستارے جو باہم متصل واقع ہیں۔

ثرید ع ٹکڑے روٹی کے شوربے میں بھیگے ہوئے

ثعبان ع بڑا سانپ۔ اژدہا۔ ثعابین جمع

ثعلب ع لومڑی۔ روباہ۔ حیوان مشہور ہے

ثعالب ع جمع ثعلب کی۔

ثفل ع بھوسی۔ پچانہ۔ پھوک۔

ثقبہ عنبیہ ع ایک سوراخ ہے طبقہ عنبیہ میں درمیان آنکھ کے اوسمیں کو روشنی آنکھ کے اندر جاتی ہے۔

ثقبہ ع سوراخ۔ چھید۔

ثقات ع جمع ثقہ کی معتبر آدمی۔

ثقالت ع گرانی۔ بوجھ۔ بھاری پن

ثقب ع جمع ثقبہ کی سوراخ۔ اور چھید۔

ثقل ع گرانی۔ بوجھ۔ بھاری۔

ثقلین ع دو گروہ۔ انسان اور جن

ثقہ ع مرد معتمد جسکے قول اور فعل پر اعتماد ہو

ثقیل ع گران۔ بھاری۔ بوجھیل

ثلاث ع تین۔ منگل کا دن۔

ثلاثی ع وہ صیغہ ہے جسمیں تین حرف ہوں

ثلث ع تیسرا حصہ یعنے (⅓)

ثلثون ع تیس۔ (۳۰) (ل)

ثلج ع برف۔

ثمان ع آٹھ یعنے (۸) (ح)

ثمانین ع اسی یعنی (۸۰) (ف)

ثمر ع پھل درخت کا میوہ۔ نتیجہ۔

ثمرہ ع نتیجہ۔ پھل۔ انجام۔

ثمن ع قیمت۔ مول۔ قدر

ثمن ع آٹھواں حصہ یعنی (⅛)

ثمین ع قیمتی۔ گران بہا۔

ثنا ع تعریف۔ مدح۔ ستایش۔

ثنایا ع چار دانت سامنے کے کچلیاں۔

ثنائی ع دو حرفی۔ اور دو دانت اگلے۔

ثواب ع مزد۔ بدلا۔ نیک عوض۔

ثوابت ع وہ ستارے جو حرکت نہیں کرتے ہیں۔

ثواقب ع روشنی دینے والی چیزیں

ثوب ع کپڑا۔ جامہ۔

ثور ع بیل۔ نرگاؤ۔ دوسرا برج۔

ثولول ع مسا۔ ثآلیل جمع

ثوم ع لسن مشہور ہے۔

ثیاب ع کپڑے جمع ثوب کی

باب الجیم

جا ف جگہ۔

جابجا ف جگہ بجگہ۔ ہر ایک جگہ

جابر ع جبر کرنیوالا زیادتی کرنیوالا۔ بھرنیوالا

جاجم ت فرش کی ایک قسم ہے

جاداد ف مالیت اسباب مکان وغیرہ

جادادن ف جگہ دینا۔

جادل ع لڑنیوالا۔ بیدلیل بحث کرنیوالا

جادو ف منتر۔ اور جادوگر بھی اسکے معنے آتے ہیں۔

جادوگر ف جادو کرنے والا۔

جادہ جادہ ع راہ باریک جو جنگل میں پیدل کے آنے کی ہو۔ بٹیا۔

جاذب ع کشش کرنیوالا۔ قوت جاذبہ

جار ع ہمسایہ۔ پڑوسی۔

جاروب ف جھاڑو۔ سوہنی۔

جاری ع رواں۔ بہتا ہوا۔

جاری مجری ع قائم مقام

جاریہ ع کشتی آفتاب - لونڈی باندی
آب رواں جمع اسکی جواری آتی ہے -
جازم ع قصد مضبوط کرنے والا - اور
ساکن کرنیوالا عامل نحویین -
جاسوس ف جو شخص ایک ملک کی
خبر دوسرے ملک مین بھیجے -
جاگیر ف قطع زمین کا جو سرکار سے ملے
جاگیر دار ف جسکو جاگیر ملی ہو -
جالس ع بیٹھنے والا -
جالی ع جلا کرنیوالا - صفا کرنیوالا - کدورت کا
جام ف پیالہ شراب پینے کا - اور نام شہر
جامد ع تیجر جما ہوا وہ لفظ جس سے کوئی
مشتق ہو اور نہ اوس سے کوئی مشتق کیا جاوے
جامع ع جمع کرنے والا - شامل -
جامعیت ع سب طرح کی خوبیان
جمع کرنے والا ہونا — جامع ہونا -
جاموش ف بھینسا - مذ مشہور حیوان ہے
جامہ ف کپڑا پیالہ شراب کا -
جان ف روح - طاقت -
جان جان ف روح خدا ایک آتش
پر اٹھا جو ایک قسم کی روٹی مشہور ہے -
جان آزاری ف دکھ دینا -
جانان ف جان - معشوق - پیارا -
جانب ع طرف -
جانباز ف تیر انگنی - جان کا کھیلنے والا

جان بلب ف جو مرتا ہوا ور اوسکی
جان لب پر آگئی ہو -
جانبین ع دونوں طرف - طرفین -
جانشین ف قائم مقام کسی جگہ پر بیٹھے
جانفشانی ف محنت اور سعی
جانکندن ف جان اوکھڑنا موت کے وقت
جانکاہ ف جان کا گھٹانیوالا -
جانگزا ف جان پر خطرہ پہونچانیوالا -
جان نواز ف جانکا نوازش کرنیوالا معشوق
جانور ف حیوان جاندار -
جانی ف جان میری - میری جان -
جانی ع گنہگار - تقصیر وار -
جاودان ف ہمیشہ -
جاودانی ف ہمیشگی
جاورس ف ایک قسم کا غلہ - باجرہ
جاوید ف ہمیشہ اور دائم -
جاہ ف رتبہ - مرتبہ - عزت -
جاہل ع ان پڑھا - بے علم -
جاہلیت ع وہ زمانہ جو مسلمانوں سے پہلے
تھا جبکہ بت پرستی کرتے تھے - اور جاہل ہونا
جای ف جگہ - مقام -
جایداد ف اسباب اور مال جسم
جائر ع جور کرنیوالا ستمگار - راہ حق چھوڑ کر
جو راہ باطل پر ہو جاوے -
جائز ع درست - مطابق شرع -

جائزہ ع انعام بصلہ - بدلا نیکی کا و لکیر صف کی
جائع ع بھوکھا - گرسنہ -
جایگاہ ف مقام جگہ
جبال ع جمع جبل کی پہاڑ اور کوہستان
جبایت ع مال جمع کرنا - اور خراج جمع کرنا
جبار ع جبر کرنیوالا بھرنیوالا - ظالم
جبر ع بھرنا - پٹی باندھنا - پٹی -
جبروت ع عظمت - بزرگی - تکبر اصطلاح
مین بزرگی اور جلال خدا کا اور وحدت
جبر و مقابلہ ع علم ہے جس سے مقادیر مجہولہ
بوسیلہ مقادیر معلومہ کے معلوم کیجاتی ہین -
جبل ع پہاڑ - کوہ -
جبلت ع پیدائش خلقت طبیعت
جبلی ع طبیعی - ذاتی -
جبلی ع پہاڑی - پہاڑ کا -
جبن ع پنیر سفیدی جو دودھ کو پھاڑ کر
نکالتے ہین - نامردی -
جبان ع نامرد - بددل - بزدل -
جباہ ع جمع جبہہ کی - پیشانیان -
جبہہ ع پیشانی - ماتھا -
جبین ع پیشانی - ماتھا -
جثہ ع بدن - تن - جسم - لوتھ
جچہ ف جو بچہ جنے - عورت جب بچہ جنے -
جد ع دادا باپ کا باپ - بخت نصیب
بزرگی - توانگری -

جدع ع کوشش ۔ سعی ۔
جدا ع از روے سعی کے ۔ از روے کوشش کے
جدید ع نیا ۔ نو ۔
جدار ع دیوار ۔ بھیت ۔ دیوال ۔
جدیر ع لائق ۔ موافق ۔ سزاوار ۔
جدل ع لڑائی ۔ جنگ ۔
جدال ع ۔ جنگ لڑائی ۔
جدول ع نہر پانی کی کھائی ۔ مجازاً
سیخ لکیرین کہ کسی ورق کے ۔
جداول ع جمع جدول کی ۔
جدائی ف مصدری جدا ہونا ۔ تفرقہ
جدری ع چیچک ۔ سیتلا ۔ ماتا ۔
جدی ع بکرا ۔ بزغالہ ۔ اور نام ایک برج
آسمانی کا جو قطب شمالی کے پاس ہے ۔
جدی ع ایک دادا کی اولاد ۔
جذوہ ع چنگاری آگ کی ۔
جذام ع کورہ ۔ خون کے بگڑنے کی بیماری
جس سے بدن گل جاتا ہے ۔
جذب ع کھینچنا ۔ کشش کرنا ۔
جذبہ ع یکبار کھینچنا ۔ دل کا جوش ۔
جذر ع اصل اور جڑ ہی اور کہتے ہیں علم حساب مین
جس عدد کو فی نفسہ ضرب کرین اوسکو جذر اور
جو اوس سے حاصل ہو اوسکو مجذور کہتے ہین ۔
جذوع ع شاخین جمع جذع کی ۔
جذع ع درخت کا تنہ ۔ اور جذع گاو
یا گھوڑا تین برس کا ۔ اور اونٹ پانچ برس
کا اور بکری دو برس کی ۔
جر ع کشش ۔ کھینچنا ۔
جراب ع ادھوڑی ۔ پوست گائی کا
جرات ع دلاوری ۔ چالاکی ۔ جوانمردی
جراح ع زخم کرنیوالا ۔ سرجن ۔ جراح ۔
جراحت ع زخم ۔ گھاو ۔
جراد ع ملخ ۔ ٹڈی ۔
جرار ع کھینچنے والا ۔ اور لشکر بہت انبوہ کا
جرائد ع دفترہا جمع جریدہ کی ۔
جرائم ع جمع جریمہ کی گناہ ہا اور بہت خطائین
جرب ع کھجلی ۔ خارش ۔
جرح ع زخم گھاو ۔
جرز ع زمین بنجر جسمین گھاس بھی نہوتی ہو
جرہ ف ت دلیر شجاع گھوڑا سواری کا نر
باز کا نر ۔ باز جو شکار کرتا ہو وہ مادہ ہوتی ہے
اوسکے نر کو جرہ کہتے ہین اور مادہ کو باز بولتے ہین
جرس ع گھنٹہ آواز دینے کا ۔
جرعہ ع گھونٹ ۔ ایکبار جو پیا جاوے ۔
جرم ع تن ۔ جسم ۔ دھڑ ۔
جرم ع گناہ ۔ خطا ۔ قصور ۔
جرنغار ت وہ فوج جو بروقت لڑائی
کے جانب چپ بادشاہ کے ہو ۔
جری ع دلیر ۔ دلاور ۔ دل چلا آدمی
جریان ع رواں ہونا پانی کا ۔
جریب ت ایک پیمانہ زمین کی
پیمایش کا گز یا اسکی اصل ہے ۔
جریح ع زخمی گھائل ۔
جرید ع قاصد ۔ جاسوس ۔ نامہ بر
جریدہ ع تنہا ۔ اور شاخ درخت کی
دفتر لکھنے والون کا ۔
جریم ع گنا ہگار مجرم ۔
جریمانہ ف جرمانہ
جریمہ ع گناہ ۔ خطا ۔ جرم ۔
جز ف سواے بدون ۔
جزو ع حصہ یعنے ٹکڑا ۔
جزا ع بدلا ۔ عوض ۔
جزائر ع جمع جزیرے کی جو چار طرف
سے پانی محاط ہو ۔
جزائل ع جمع جزیلہ کی چیزین محکم اور بہت
جزر ومد ع گھٹاو ۔ اور چڑھاو پانی کا جو
سمندر مین ہوتا ہے بسبب کشش چاند کے ۔
جزر ع جوار جو دریا مین ہوتا ہے یعنے
گھٹ جانا پانی کا ۔
جزع ع بے صبری ۔ ناشکیبائی ۔
جزر ت گاجر مشہور ترکاری ہے اصل
اسکی گذر ہے ۔
جزوی ع تھوڑا ۔ منسوب بجزو ۔
جزویات ع افراد حصے جو کلیات ہون
جزیرہ ع وہ قطع زمین کا جسکے چارون طرف

پانی ہو
جبرئیل ع بڑی اور محکم چیز پر - اور بسیار
جزیہ ع تاوان محصول جو غیر مذہب والوں پر لگایا جاوے -
جسارت ع دلیری - مردانگی - تجاوز اور گذرنا -
جسامت ع جسیم ہونا -
جستجو ف تلاش - ڈھونڈھنا -
جستن ف کودنا -
جستن ف ڈھونڈھنا - تلاش کرنا -
جسد ع تن - بدن -
جسدی ع منسوب بجسد - جسمی -
جسر ع پل جو دریا پر ہوتا ہے -
جسم ع بدن - اور جو شے طول عرض عمق رکھتی ہو -
جسم تعلیمی ع طول - عرض - عمق
جسمانی ع جسم کا - جسم والا -
جسیم ع فربہ - موٹا - صاحب جسم
جشن ف مجلس خوشی کی - اور خوشی اور عیش
جعد ع گھونگر والے بال - گھونگرے بال
جعدہ ع زلف و بھیڑیا جو حیوان درندہ مشہور ہے
جعفر ع ندی - نالہ پانی کا -
جعفری ع ایک قسم کا گیندا پھول جو زرد رنگ کا - اور صابن مطلق زرد رنگ
جعل ع جھوٹ بنانا - اور جعل ایک جانور سیاہ رنگ سرگین و نباتات میں پیدا ہوتا ہو
جعلی ع جو اصلی نہو - بنایا ہوا -
جغرات ف دہی -
جغرافیہ ع علم جو صورت زمین کا جسمین خشکی اور تری اقلیموں کا بیان ہوتا ہے
جفا ف ستم اور ظلم
جفت ف جوڑا - ضد طاق کی
جفتن ف ڈھونڈھنا -
جفتہ ف سرین - چوتڑ -
جفتہ زدن ف اغلام کرنا -
جفتی ف جفت ہونا - جماع کرنا -
جفت شدن ف جماع کرنا -
جفتیدن ف جفتی کرنا نر کا مادہ پر چڑھنا
جفن ع پلک - آنکھ کی پلک - تلوار کا میان +
جگر ف کلیجہ جیگر -
جل ع بزرگ ہوا صیغہ ماضی کا ہے -
جل ف نام ایک جانور خوش آواز کا ہے
جُل ع جھول گھوڑے یا گدھے کی -
جلا ع گھر سے نکال دینا - دیس سے پردیس نکال دینا -
جلا ع روشن کرنا - صاف کرنا -
جلاب ع کھینچنے والا - ایک چیز کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجانے والا -
جلاد ع مردہ مارنیوالا - یا پوست کھینچنے والا اور تلوار مارنے والا -
جلادت ع چستی اور چالاکی - اور
جلالت ع بزرگ ہونا - اور بزرگی
جلالی ف منسوب جلال الدین بادشاہ سے
جلاوطن ع پردیس نکال دینا گھر سے دور کرنا
جلائل ع بزرگیاں - جمع جلیلہ کی -
جلب ع کھینچنا - مال سوداگری جو ایک ملک سے دوسرے ملک کو لیجاوے - سود نفع
جلد ع تازیانہ - کوڑا - چابک - چست و چالاک - تیز و شتاب
جلدگر ف کتاب کی جلد بنانے والا -
جلد ع پوست چمڑا حیوان کا -
جلدو ف انعام - صلہ - بدلا نیک -
جلدی ف شتابی - تیزی - چالاکی
جلسا ع مجلس کے لوگ جمع جلیس کی
جلسہ ع محفل - ملاقات نشست
جلف ع مرد نالائق - خفیف کمینہ خودسر - بیوقوف آدمی -
جلنار ف پھول انار کا -
جلو ف باگ گھوڑے کی - اور گھوڑا کوتل
جلود ع چمڑے حیوانات کے جمع جلد کی -
جلو ریز ف یعنی سبک عنان - ہلکی باگ - گھوڑا دوڑائے ہوئے -
جلوس ع بیٹھنا -
جلوہ ع ظاہر کرنا - اور عروس کو دکھلانا
جلی ع روشن - ظاہر - آشکارا -

جلیبہ ع پیٹ - اولہ -
جلیس ع م ہمنشین
جلیل ع م بزرگ بڑا -
جم ع تمام - بہت
جم ع نام بادشاہ فارس کا یعنی جمشید
جماد ع جو حیوانات اور نباتات سے نہو
یعنی بیجان ہو جیسے پتھر معدن مٹی وغیرہ -
جمادات ع پتھر مٹی وغیرہ جو بیجان ہیں
جمادی ع بیجان شے پتھر مٹی -
جمادی الاول ع م پانچوان مہینا قمری
مسلمانون کا -
جمادی الثانی ع م چھٹا مہینا قمری مسلمانونکا
جمادی الآخر ع چھٹا مہینا -
جمازہ ع شتر تیز رفتار - اونٹ تیز چلنے والا
جماع ع م صحبت عورت و مرد کی صحبت کرنا
جماعت ع گروہ آدمیون کا گروہ
جمال ع خوبصورتی -
جمان ع موتی - گہر
جماہیر ع م گروہ آدمیونکا جمع جمہور کی ہے -
جمجمہ ع کھوپڑی سر کی - کاسہ سر
جمرہ ع چنگاری آگ کی -
جمشید ف نام ایک بادشاہ فارس کا ہی
جمع ع اکٹھا کرنا - جماعت -
جمدھر ف نام ہتھیار ہے جسکو ہندی میں کٹارا کہتے ہیں
جمعدار ف اسکی اصل جماعتدار ہے [illegible]

سپاہیون کا افسر ہو -
جمعہ ع م ساتوان دن مسلمانونکی تعطیل کا ہندی شکر
جمعیت ع جمع ہونا گروہ آدمیون کا
جمل ع اونٹ شتر نر -
جمل ع حساب اعداد ابجد کا -
جملگی ف تمام سب -
جملہ ع فقرہ - حصہ کلام کا -
جمود ع جمنا - جم جانا -
جموع ع جماعتیں جمعے جمع کی ہے -
جمہور ع گروہ آدمیون کا -
جمیع ع تمام سب
جمیعاً ع سبکے سب -
جمیل ع م خوبصورت حسین -
جن ع بھوت دیو
جنبیدن ف ہلنا - جنبش کرنا
جنبش ف حرکت - ہلنا -
جناب ع درگاہ - آستانہ - گرداگرد گھر کا انگل
جنب ع م پہلو جنیب - ناپاک آدمی بیغسل آدمی
جنابت ع ناپاکی جو بسبب صحبت مرد و عورت
کے ہوجاتی ہے - اور دوری -
جنات ع جمع جن کی - بھوت پلیت - دیو
جناح ع بازو پرندکے - اور بازو لشکر کا -
جنادل ع م جمع جندل کی - سنگ - پتھر
جنازہ ع م لاش مردہ کی جو دفن کرنیکو لیجاوینا
جنان ع دل - اور جنان بہشت -

جنود ع جمع جند کی -
جند ع لشکر - فوج -
جنس ع م جسکے نیچے کئی نوع مندرج ہون
جنسیہ ع ایک جنس ہونا - ایک اصل کا ہو
جنگ ف لڑائی -
جنگگاہ ف لڑائی کا میدان
جنوب ع دکھن -
جو ع ہوا جو زمین کے اوپر دور انتہا گھیرے ہے
جواب ع اتر - جواب
جوابدہ ف جس سے مطالبہ کیا جاوے -
جواد ع بہت بخشش کرنیوالا - خدا تعالے
گھوڑا تیز رفتار
جواذب ع م جمع جاذبہ کی کشش کرنیوالی شے
جوار ع ہمسایگی - پڑوس -
جوارح ع م اعضا جیسے ہاتھ پانو اور جانوران شکاری
جواری ع م جمع جاریہ کی کشتی - کنیزک -
جواز ع درست ہونا - موافق شرع -
جواسیس ع جمع جاسوس کی - قاصد ہا
جوال ف اصل اسکی گوال ہے گون کو
کہتے ہیں جسمین غلہ بھرتے ہیں -
جوامع ع م جمع جامعہ کی - تمام - اور سب
جوان ف گبرو - بالغ -
جوانب ع اطراف - طرفین -
جواہر ع جمع جوہر کی -
جوائز ع انعامات بخشش تحفے جمع جائزہ

جود ع بخشش - سخاوت -
جودت ع تیزی - خوبی - تیز رفتاری نیکی
جور ع ظلم - ستم
جورب ع موزہ - جراب
جوزا ع نام دوپیکر کا - اور نام تیسرے برج آسمانی کا
جوزق ع ڈوڈہ کپاس -
جوش ف ابھان - ابال -
جوشش ف جوش
جوشاندن ف جوش دینا - ابالنا -
جوشن ف زرہ جو لڑائی مین پہنتے ہین
جوشیدن ف ابلنا - جوش مارنا -
جوع ع بھوک -
جوعان ع بھوکھا - گرسنہ
جوف ع شکم پیٹ - اندر کی طرف
ہر ایک چیز کی جو خالی ہو -
جوق ت فوج - گروہ آدمی کا - اور
پرندون کا اور جنون کا گروہ -
جولان ع کودنا - محدود ہونا - کاوا
جولاہ ف جولاہا کپڑا بننے والا -
جوہر ف گوہر کا معرب ہے جو بذات خود قائم ہو
جوہری ع صاحب جوہر جو جواہر بیچتا ہو
جوہی ف نام ایک قسم کے پھول کا ہے
جوہی ف نہر دریا کی نہر
جویا ف ڈھونڈھنے والا -
جویبار ف جس جگہ پر نہرین بہتی ہون

جویان ف ڈھونڈھنے والا -
جویائی ف جوئندہ - تلاش کرنیوالا
جوئیدن ف ڈھونڈھنا -
جوئندہ ف ڈھونڈھنے والا -
جہات ع جمع جہت کی اطراف -
جہاد ع کفار سے لڑنا - کافرونسے لڑنا
جہاز ع نہایت کشتی بڑی جو سمندر مین چلتی ہے
جہالت ع نادانی بے علمی
جہان ف دنیا - عالم -
جہانیان ف دنیا کے لوگ - خلق اللہ
جہانیدن ف کدانا - اوچھالنا
جہت ع طرف -
جہد ع کوشش - سعی
جہر ع کھلا ہوا آواز بلند پڑھنا -
جہل ع نادانی - ناسمجھنا -
جہلا ع جمع جاہل کی
جہندہ ف کودنے والا
جہنم ع گہرا کنوان - دوزخ -
جہودی ف یہودی کو فارسی بنالیا ہے
جہول ع نادان - بیوقوف -
جہیدن ف کودنا - اوچھلنا -
جہیز ف سامان اور اسباب جو لڑکی کو
بروقت شادی کے دیا جاوے -
جیب ع گریبان - پیرہن - اور سینہ مجازاً
یعنی کیسہ کے جو نیچے گریبان کے سیتے ہین اب ان
کے نیچے جو کیسہ لگاتے ہین اوسکو جیب کہتے ہین
جیحون ت ایک دریا کا نام نزدیک بلخ کے
جید ع گردن
جید ع خوب - کھرا - نیک -
جیران ع ہمسائی پڑوسی جمع جار کی
جیش ع لشکر جمع جیوش
جیفہ ع حیوان مردار جسمین بدبو ہوگئی ہو
جیل ع گروہ آدمیون کا - فوج -
جیغہ ت زیور ہے مرصع جسکو پگڑی پر باندھتے ہین
جیوش ع جمع جیش کی -

باب جیم فارسی

چابک ف چست - چالاک - کوڑا
چابک خرام ف تیز چلنے والا -
چابکدست ف چالاک دست - جو شخص
ہاتھ کے کام مین چالاک ہو +
چابکی ف چالاکی چستی +
چاپلوس ف خوشامد کرنے والا -
چاپلوسی ف خوشامد +
چادر ف چدر +
چادر کافوری ف صبح -
چادر کحلی ف آسمان - سیاہ و سبز کھیت
چادر لاجورد ف آسمان -
چار ف مخفف چہار کا - علاج - چارہ
چار آئینہ ف نام ایک قسم کی زرہ کا -

چار بالش ف مسند بادشاہت تخت
چارپایہ ف چوپایا۔ ڈنگر۔
چارپائی ف پلنگ منجی
چار بند ف دنیا
چارچغ ف چار دو بکن [illegible] کاشنی
راویانہ سرونس کبر
چار تار ف اربع عناصر
چار جوہر ف ایضاً۔
چارده ف چوده ۔ [illegible]
چار سو ف چار طرف
چار شنبہ ف بدھ کا دن۔
چار طاق ف اونچی یعنی خیمہ چار گوشہ کا
چار ق ف کپڑے کا اپاس [illegible]
چار گام ف تیز رو گھوڑا
چار گوشہ ف چوکونی چیز تخت
شاہی تابوت مردہ کا۔
چار مادر ف اربع عناصر
چار مغز ف اخروٹ۔
چار وا ف چوپایا۔ ڈنگر
چارہ ف علاج ۔ [illegible]
چاشت ف سورج [illegible] چڑھنا۔
چوتھائی دن جب [illegible]۔
چاشنی تھوڑا سا منہ کھانے یا شربت کا
چاشنی گیر ف باورچی۔ خانساماں
چاق ف تندرست۔ طاقت ور۔ چالاک

چاک ف پھٹا ہوا چیرا ہوا۔ قبالہ مکان کا یا باغ کا
چاکر ف نوکر۔ خدمتگار
چاکو ف چھری۔
چالاک ف بہت تیز
چالاکی ف تیزی۔ چالاکی۔
چالش ف شک کی چال و گھمنڈ
غرور کی چال۔
چاوش ف نقیب لشکر۔ اور قافلہ کا
چاه ف کنواں۔ گڑھا
چاہ زنخ ف ٹھوڑی کا گڑھا۔
چائی ف چاء جو پکا کر پیتے ہیں مشہور ہے۔
چپ ف بایاں۔ بائیں طرف۔
چپاتی ف پتلی روٹی جو توے پر پکا کر
ہیں پھلکا۔
چپقلش ف لڑائی۔ تلوار کی۔ انبوہ۔
چپکن ف انگرکھہ۔ انگہ
چتر ف چھتری۔ چھوٹی چھوٹے بال سرکے
چتر آبگون ف آسمان۔ آکاس
چتر زر ف سورج۔ آفتاب۔
چتر سیمائی ف چاند پورا چودھویں رات کا چاند
چتر سیمین ف ایضاً
چتر عنبرین ف رات۔ شب۔
چتر نیلی ف آسمان۔ ابر سیاہ۔
چتر نور ف سورج۔ آفتاب۔
چتوک چغوک ف چڑیا گنجشک۔

چخ ف غلاف چھری۔ تلوار وغیرہ کا
جھگڑا۔ لڑائی۔ سیل۔ سیپ۔ سچرک
چخاچخ ف آواز تلوار کی جو وقت لڑائی کے
چخیدن ف لڑائی کی خواہش کرنا۔
دم مارنا کوشش کرنا۔
چرا ف کس واسطے۔ کیوں۔ چرنا۔
چراگاہ ف چرانے کی جگہ حیوانات کی۔
چراغ ف دیا بتی جلتی ہوئی چرائی کرنا
اگلے پیر گھوڑا جو اوٹھاتا ہے اوسکو
بھی چراغ کہتے ہیں۔
چراغ پا ف اگلے پیر گھوڑا جو اوٹھاوے
اور جس چیز پر چراغ رکھتے ہیں۔
چرانیدن ف چرانا حیوانات کو
گھاس چرانا۔
چرب ف غالب ہونا۔ غالب ہونا اور چکنا
چربیدن ف غالب ہونا۔ چرب ہونا
چرب پہلو ف فربہ اور جسکے پہلو کو
لوگوں کو فائدہ ہو۔
چرب دست ف چالاک۔ شیرین
دستکار۔ ہنرمند
چرب زبان ف اوس شخص کو کہتے ہیں جو
خوشامد کی باتیں بنا کر لوگوں کا دل اپنی
طرف مائل کر لیوے چاپلوسی اور خوشامد
چرب قامت ف بلند قد۔ لمبا۔ خوش
خوش قد۔

چرب خشک ف برا بھلا۔ تھوڑا
بہت سخاوت اور بخل۔ دانا کنجوس
چرپہ ف وہ کاغذ ہوتا ہی جو پتلا سا ہو
اور تصویر کے اوپر بطور پردہ کے اوسکو رکھا کرتی
ہین اور شہر کے اوپر جو پردہ ڈالتے ہین
اوسکو بھی چرپہ کہتے ہین۔
چرخ ف آسمان۔ چرخی۔ گریبان
جامہ کا۔ کمان سخت۔
چرخ انداز ف کماندار کو کہتے ہین یعنی
جو شخص کمان رکھتا ہو۔
چرخ دولابی ف آسمان۔ آکاس
چرخ زبرین ف چوتھا آسمان چونکہ آفتاب
وہان ہی اوسکا [illegible] کہتے ہین۔
چرخ زن ف ناچنیوالا پھیرنیوالا آدمی
چرخ اطلس ف آسمان اول۔
چرخہ ف سوت کاتنے کا چرخہ۔ نام
ایک درخت کا ہی جو بہت پتلا سوکھا
سا ہوتا ہی اور برابر دوہرا ہو کرتا ہے۔
چرخی ف جو چیز چرخ مارتی رہے جیسا کہ
کبوتر چرخی وغیرہ اور ایک قسم کا اطلس
نفیس بھی ہی۔
چرغ ف ایک جانور شکاری مشہور ہی
اوسکو عربی مین صقر کہتے ہین۔
چرغینہ ف بد آدمی۔ ہیچ آدمی۔
چرک ف زخم۔ پیپ۔ ریم۔ میل۔

چرکر ف گانیوالا خواہ عورت ہو یا مرد مغنی
مغنیا گر۔ رسول پیغمبر۔ مفتی۔ پیش نماز۔
چرکین ف میلا۔ میل مین لتھڑا ہوا۔
چرم ف چمڑا۔
چرمینہ ف چمڑے کا اور چمڑا۔
چرندہ ف حیوان گھاس چرنیوالا
چرند ف حیوان۔ چوپایہ۔
چریدن ف چرنا۔ گھاس کھانا۔
چسپانیدن ف چپکانا
چسپان
چسپیدہ ف چپکا ہوا۔
چسپیدگی ف چپکنا
چسپیدن ف لپٹنا۔ چپکنا۔
چست ف چالاک۔ درست۔ ٹھیک۔ محکم
چستہ ف شیردان بکری اور بھیڑ کا۔
چستی ف چالاکی۔ درستی۔ مضبوطی۔
چش ف امر ہی چشیدن کا یعنی چکھ
اور مخفف چشم کا۔
چشانیدن ف چکھانا۔ کوئی چیز
بطور نمونے کے کھلانا۔
چشم ف آنکھ۔ نیتر۔ نین۔ امید۔
چشم بد ف نظر بد۔ بد نظر۔
چشم پوشی ف گناہ ظاہر نکرنا۔ آنکھ
ڈھانک لینا کسی کی خطا سے۔
چشم درآب ف بیحیا۔ بیشرم۔ ڈھیٹ

چشمداشت ف امید۔ بھروسہ۔
چشم زخم ف دکھہ نقصان جو بد نظری کا ہو
چشمک ف عینک۔ انگٹھری۔ چھوٹی
آنکھ۔ آنکھ سے اشارہ کرنا۔
چشم نمائی ف دھمکانا۔ ڈانٹنا۔
چشمہ ف پانی کا سوتا۔
چشمخانہ ف آنکھ کا گھر
چشمہ سور ف سورج آفتاب۔
چشیدن ف چکھنا۔
چغانہ ف بیحیا عورت جو گالیان دینیوالی ہو
چغانہ ف نام ایک ساز کا ہو اوسکو
مطرب لوگ بجاتے ہین۔
چغد ف الو پرند منحوس مشہور ہے۔
چغل ف چغلی کھانیوالا آدمی۔ تنکو اور
چین اور ایک برتن۔
چغلی ف برائی کسیکی کرنا۔
چفت ف وہ لکڑی جسپر انگور کی بیل
یا کدو وغیرہ کی چڑھاتے ہین۔
چق ف مٹھائی۔ دودھ بلونی کی رسی
چقماق ف وہ پتھر جس سے آگ نکلتی ہی
چقندر ف نام ایک ترکاری کا ہے
چکان ف ٹپکتا ہوا۔
چکاندن ف ٹپکانا۔ قطرہ قطرہ گرانا
چکاوک ف ایک آواز ہی راگ کی اور
ایک پرند ہی چڑیا سے بڑا اوسکو چکوا کہتے ہین

بعضے سرخاب کو کہتے ہین-
چکلہ ف قطرہ ٹپکنا- پرگنہ-
چکن ف کشیدہ- زرکش وغیرہ خیمہ وغیرہ کی
چگونگی ف کیفیت حال کہ کس طرح پر ہے-
چکہ ف قطرہ- خورد- چھوٹا-
چکیدن ف ٹپکنا-
چل ف جاؤ- چلی جاؤ- چل آلہ تناسل- کم عقل
آدمی- گوار- مخفف چہل کا یعنے (۴۰)
چلپاسہ ف چھپکلی-
چلتہ ف زرہ
چلغوزہ ف پھل درخت صنوبر کا مشہور ہے-
چلہ ف چالیس دن جن فقیر لوگ گوشہ مین بیٹھکر
عبادت کرتے ہین اور چالیس دن
چلہ ف ۴۰ روز ایکجا کونے مین بیٹھکر کوئی وظیفہ کرنا
چلیپا ف سولی جو نصارے لوگ رکھتے ہین اوس شکل کی
چلیدن ف چلنا- جانا-
چماق ف گرز لوہے کا جو شش پہلو کا ہو
چمیدن ف لچکنا نازسے چلنا-
چمان ف پیالہ شراب کا- اور نازو غیرہ سے چلنا
چمبر ف حلقہ- ہنسلی-
چمن ف کیاری- سبزہ
چنار ف درخت مشہور ہے اور جو کچھ عورتین
مہندی سے ہاتھ اور پیرونپر لکھتی ہین
چنان ف ایسا مثل اوسکے- اسکی
اصل چون آن ہے-

چنانچہ ف جیساکہ-
چنبر ف حلقہ- گردن کی ہنسلی- گھیرا
پہیا- دورہ آسمان کا-
چندان ف اسقدر- اتنی دیر لگانی چنڈول
کی نام ایک شہر کا ملک چین ہین-
چندانکہ ف جتناکہ جسقدر-
چندال ف چوڑھا- حلالخور بھنگی کمینہ
چنداول ف فوج کی پچھاڑی سے لوگ جو لشکر
کے پیچھے پیچھے چلتے ہین-
چندگاہ ف کئی دفعہ کئی بار-
چندی ف تھوڑا سا- تھوڑی دیر-
چندین ف اتنی- اسقدر-
چنگ ف مشہور باجہ ہے اور آنکس ہاتھی
کا اور نام کتاب مانی کا- نگار خانہ مانی-
اور پنجہ او ر چنگل آدمی اور جانور کا-
چنگل
چنگال ف پنجہ جانور اور آدمی کا
چو ف مانند مثل- وقت-
چوب ف لکڑی-
چوبک ف تھونی- بلی- کھم-
چوبدستی ف ہاتھ کی لکڑی-
چوبدار ف نوکر جو آگے دوڑے ایک
لکڑی چاندی یا سونیکی لیکر-
چوب شکاف ف بجُیز- الکڑی چیرنیکی بجیز
چوبک ف تختہ- اور ایک لکڑی ہوتی ہے جو

چوکیداروں کا دارو غہ اوسکو تمتم پر تمام
رات ہاتا ہے تاکہ چوکیدار لوگ بیدار رہین
چوبین ف لکڑیکا- منسوب بچوب-
چوپان ف گڈریا- بکریونکا چرواہا-
حیوانات کا چرانے والا-
چوزہ ف مرغی کا بچہ-
چوکی ف نگاہبانی اور مقام پاسبانونکا
چوکیدار ف نگاہبان- پاسبان
چوگان ف لکڑی ایک ڈنڈا جسکے دوسرے
سرے کج ہو- وقت اور زمان-
چون ف جو- مانند- اگر-
چون وچرا ف کیوان کیسوا سطے کاہے کا اعتراض
چونی ف توکس طرح پر ہے-
چہ ف کیا-
چگونہ ف کس طرح-
چہار ف چار (۴) ـ ۴
چہار وانگ ف شمال- جنوب- مشرق
مغرب- چار جہت دنیا کی-
چہار بالش ف اسکے چار معنی ہین اول
تخت و مسند دوم عناصر اربعہ- خاک
آب- ہوا- آتش- سوم دنیا و عالم
چہارم جہات اربعہ یعنی مشرق مغرب جنوب شمال
چہاردہ ف چودہ ۱۴- ۱۴
چہاردہم ف چودھوان ۱۴
چہارسو ف چار طرف شمال جنوب

مشرق - مغرب -

چہارشنبہ ف بدھ کا دن

چہارگانہ ف چار اربع -

چہارم ف چوتھا ¼

چہار یار ف ابوبکرؓ عمرؓ عثمانؓ علیؓ

چہار طاق ف ہندی مین اسکو
راوٹی کہتے ہین ایک قسم کا خیمہ ہے

چہچہ ف کوٹھی کے اوپر ایک گردا جو پانی
خراب ہونیکے واسطے بناتے ہین

چہرہ ف صورت - منہ -

چہل ف چالیس (۴۰) ([illegible])

چہلم ف چالیسوان ہا مردہ کا چالیسوان دن

چپچپال ف چپچپا کیچڑ کی زمین جہان پیر رپٹتا
ہو اور پہاڑ کا ٹکڑا نرم جسپر لڑکے پھسلکر
کھیلا کرتے ہین پھسلنا پتھر اور وہ گوشت کا
ٹکڑا جو عورت کے مقام نہانی مین پیدا ہوجاتا ہے

چیچک ف سیتلا نام بیماری مشہور کا ہے

چیدن ف چننا - چگنا -

چیرہ ف غالب ہونا - دلاور ہونا -

چیرہ دست ف دستکار اچھا کاریگر زبردست

چیرہ دستی ف زبردستی - غلبہ -

چیز ف شے - کچھ -

چیست ف کیا ہے -

چیستان ف اسکی اصل چیست آن
ہے ہندی پہیلی -

چین ف شکن - بل - نام ملک کا -

چینہ ف پرندون کو جو دانہ دیتے ہین
اوس دانے کو چینہ کہتے ہین -

چینہ دان ف پوٹہ جسمین جانور
دانہ جمع کرلیتا ہے -

چینی ف چین کا کھانڈ - اور شکر سفید

باب الحاء

حاتم ع نام سخی مشہور کا -

حاتم اصم ع مشہور ایک ولی کامل
گذرے ہین -

حاجب ع دربان - پردہ کرنے والا
پردہ دار - چوبدار - ابرو -

حاجت ع خواہش - ضرورت

حاجز ع مانع درمیان دو چیز کے جو حائل
ہو - نام ایک منزل کا راہ مکہ مین -

حاجی
حاج ع حج کرنے والا اور حاجی کی
جمع حاج بھی آتی ہے -

حاجیہ ع حج کرنے والی عورت -

حاد ع تیز تنگ -

حادثہ ع واقعہ نو پیدا مصیبت -

حاذق ع زیرک دانا - استاد درمیان کام کے

حار ع گرم اور گرمی کرنے والا -

حارث ع شیر درندہ - زراعت کرنیوالا -

حارس ع نگاہبان - پاسبان -

حارص ع حرص کرنیوالا - لالچی -

حازم ع دانا اور ہوشیار -
دوراندیش - پیش بین - استوار

حاسد ع حسد کرنیوالا - ڈاہ رکھنے والا

حاسر ع رکنے والا - جو بات بولتے
بولتے رک جاوے -

حاسہ ع حس کرنیوالا جیسے قوت
سامعہ - باصرہ - لامسہ وغیرہ ہین -

حاشا ع دوری - پاکی - ہرگز - سوا -

حاشیہ ع کنارہ - نوکر - خدمتگار - شتربان

حاصد ع کھیتی کاٹنے والا -

حاصر ع حصر کرنے والا - روکنے والا -

حاصل ع نتیجہ - مطلب -

حاطر ع دیوار - گھیر - چار دیواری

حاضر ع موجود - سامنے ہونیوالا -

حاضری ع کھانا - موجودگی - قسم

حافد ع یاردوست - خدمتگار - پوتا - نواسہ داماد سالا

حافر ع سم گھوڑیکا - کھودنے والا - طرف جمع

حافظ ع حفظ کرنیوالا - قرآن جسکو
یاد ہو فارس کے لوگ حافظ مطرب اور
قوال کو کہتے ہین -

حافظہ ع قوت یاد رکھنے کی -

حاق ع درمیان [illegible] چیز کا بیچ - وسط

حاکم ع حکم کرنیوالا - والی ملک کا

حاکی ع حکایت کرنیوالا - بات کرنیوالا
حال ع موجود زمانہ - رقص اور وجد -
حالا ف ابھی - اسیوقت -
حالب ع دودھ دوہنے والا اور
ایک رگ ہے ران مین -
حالات ع جمع حال کی -
حالت ع حال - واردات جو انسان
پر گذرے -
حالی ع حلیہ - فی الحال زیور سے جو آراستہ ہو
حام ع نام ہے نوحؑ کے بیٹے کا جس
سے حبشی پیدا ہوئے ہین -
حامد ع تعریف کرنے والا -
حامض ع کھٹا -
حامل ع بوجھ اوٹھانے والا اور
نام ایک فلک فرضی کا ہے -
حامل وحی ع جبرئیل فرشتہ -
حاملہ ع پیٹ والی عورت جسکے پیٹ مین بچہ ہو
حامی ع حمایت کرنیوالا - نگاہ رکھنیوالا
حانث ع قسم توڑنے والا - گنہگار -
حانوت ع دکان - ہٹی -
حاوی ع گھیرنیوالا - احاطہ کرنیوالا -
حاویہ ع گھیرنیوالی عورت - جو عورت حاوی ہو
حایط ع دیوار - دیوال
حایک ع جولاہہ کپڑا بننے والا -
حایل ع باز رکھنے والا بیچ مین آنیوالا

درمیان دو چیز کے -
حب ع گولی دانہ -
حب ع محبت - دوستی
حباب ع بلبلہ پانی کا - سانپ
حبات ع جمع حبہ کی دانہ یا گولیان -
حباری ع تودری جانور مشہور ہے -
حبال ع رسیان پھندے - جال جمع حبل کی
حبالی ع پیٹ والی عورتین جمع حبلہ کی -
حبلی ع پیٹ والی عورت - حاملہ
حبالہ ع جال پھندا - رسی -
حبذا ع بہت اچھا - خوب ہو - بہتر ہے -
حبر ع سیاہی دوات کی - عقلمند نیک نام -
حبس ع قید - بند -
حبش ع حبشیون کا ملک - ملک حبش
حبل ع رسی - باگ ڈور اور ایک رگ ہے
گردن مین - حمل عورت کا -
حبوب ع جمع حب کی دانہ یا مثل گندم
جو - چنا - وغیرہ -
حبور ع خوش کرنا - اور خوش ہونا -
حبہ ع دانہ - گولی -
حبط ع ناچیز ہونا - معدوم ہونا - باطل
ہونا - ثواب جاتا رہنا -
حبیب ع دوست - یار - معشوق -
حتی ع یہانتک - یہانتک کہ -
حتم ع استوار کرنا کام کا واجب کرنا

اور حکم کرنا -
حج ع زیارت کرنا مکہ کا موسم مقرر پر
حجاب ع پردہ -
حجاب ع پردہ داران - دربانان جمع
حاجب کی -
حجاج ع جمع حاج کی یعنی حج کرنیوالے لوگ
حجاز ع ملک عرب جسمین مکہ مدینہ طائف
اور وہ زمین جو درمیان نجد اور تہامہ کے واقع ہے
شامل ہے اور نام ایک مقام موسیقی کا
حجام ع پچھنے لگانے والا شخص
حجامت کرنے والا
حجامت ع پچھنے لگانا -
حجب ع پردے جمع حجاب کی
حجت ع دلیل برہان - غلبہ -
حجر ع پتھر - سنگ جمع اوسکی احجار آتی ہے
حجر الاسود ع کالا پتھر ایک پتھر ہے کعبہ مین
اوسکا چھونا باعث دور ہونے گناہ کا ہے
حجرہ ع کوٹھری -
حجرات ع جمع حجرہ کی کوٹھریان
حجل ع کبک چکور مشہور پرند ہے
حجلہ ع چھپر کھٹ دولہن کا -
حجم ع حجامت - جثہ -
حجی ع عقل - اور کنارہ کسی چیز کا -
حدا ع وہ گیت جو شتربان اونٹ کو
ہانکتے وقت گاتے ہین -

حد ع انتہا۔ کنارہ۔ فاصلہ دو چیز کا
گنہگار کو سزا دینا اور مارنا تاکہ پھر گناہ
نکرے تعریف شے کی اوسکی ذاتیات
سے کرنا۔
حداثت ع نیاپن۔ نوجوانی شروع ہر چیز کا
حداد ع لوہار۔ آہنگر
حِداد ع سیاہ کپڑے ماتم کے۔
حدائق ع جمع حدیقہ کی باغہا۔
حدب ع پشت کا باہر نکل آنا۔ کبڑاپن
زمین بلند۔
حدت ع تیزی۔
حَدَث ع بے وضو ہونا۔ حدث
امرد لڑکا نوجوان۔
حدس ع دانائی اور دریافت کرنا۔ فراست
حدقہ ع سیاہی آنکھہ کی
حدوث ع نیا پیدا ہونا کسی چیز کا۔ نو پیدگی
حدود ع حد کی جمع
حدیث ع خبر اور بات اور نئی چیز اور فعل
اور سخن رسول کا۔
حدیقہ ع باغ جسکے گرداگرد دیوار یا احاطہ ہو
حذا ع برابر۔ مقابل۔
حذاق ع دانا۔ زیرک۔ عقلمند۔
حذاقت ع زیرک ہونا۔ خوب
دریافت کرنا۔ دانائی۔
حذر ع پرہیز کرنا۔ ڈرنا۔ ڈرنیوالا۔ ترساں

حذف ع گرا دینا۔ ڈال دینا۔ ایک حرف کا کسی کلمہ
حَر ع گرمی۔ اور گرم ہونا۔ زمین پتھریلی۔
حُر ع آزاد۔ جو غلام نہو۔ برگزیدہ ہر شے
مین کبوتر کا بچہ۔
حراثت ع کھیتی کرنا۔ زراعت کرنا
حرارت ع گرمی۔ آنچ
حراست ع نگاہبانی۔ محافظت۔ چوکسائی
حرام ع منع کرنا۔ اور روکا گیا۔ ناروا
ناشایستہ۔ ناجائز۔
حرامی ع چور۔ دزد۔ جمع حرامیان۔
حرب ع لڑائی۔ جنگ۔
حربا ع گرگٹ۔
حربگاہ ف جنگ کا میدان۔ لڑائی کا میدان
حربہ ع لڑائی کا ہتھیار۔
حرث ع بونا۔ کھیتی کرنا۔ آگ جلانا۔ مال
جمع کرنا۔ قرآن پڑھنا۔ لاغر کر دینا چوپایہ
کا بسبب بہت ہانکنے کے۔
حرج ع تنگی۔ اور سختی۔ گناہ
حرز ع پناہ کی جگہ جای استوار۔ مجازاً تعویذ
حرص ع لالچ طمع۔
حرف ع سخن طرف۔ کنارہ۔ تلوار کی دھار عیب
حرفگیر ف نکتہ چین۔ عیب بیان کرنیوالا
حرفہ
ع پیشہ۔ کسب۔
حرفت
حرق ع جلنا۔ اور حرق آگ۔

حرقت ع سوزش۔ جلن
حرکات ع جمع حرکت کی۔
حرکت ع جنبش۔
حرم ع احاطہ جو گرداگرد خانہ کعبہ کے ہے منکوحہ
عورت۔ باندی جو گھر مین ڈال لیجاوے۔
حرمان ع محروم رہنا۔ کچھہ نہ ملنا۔ ناامیدی
حُرمت ع عزت۔ عزیز ہونا۔ حرام ہونا۔
حرمسرا ف زنانہ مکان۔ زنان خانہ۔
حرمل ف اسپند۔ حرمل
حَرَمین ع مکہ۔ اور مدینہ دونون کو حرمین
کہتے ہین۔
حروب ع جمع حرب کی۔ لڑائیان
حروق ع بالن۔ ایندھن۔ لکڑیان
جلانے کے واسطے۔
حرون ع سرکش۔ بچھیل۔ کند۔ باکشش
حرور ع حرور و گرم ہوا جو رات کو چلتی ہے
لو۔ گرمی آفتاب کی۔ آگ۔
حروف ع جمع حرف کی۔
حرہ ع آزاد عورت۔
حریت ع آزادگی۔ اور آزاد ہونا غلامی
سے یعنے کسیکا غلام نہ ہونا۔
حریر ع ریشمی کپڑا۔
حریری ع ریشمی کپڑا بننے والا۔
حریرہ ع نام ایک قسم کے کھانیکا ہے جو
ترشی اور شیرینی ڈال کر پکاتے ہین۔

حریص ع لالچی۔ حرص کرنے والا۔

حریف ع ہم پیشہ۔ ہم کار۔ شریک۔

حریق ع سوزش۔ جلا ہوا۔ آگ کی لپٹ

حری ع لائق۔ سزاوار۔ زیبا

حریم ع گھر کی چار طرف کی دیوار۔

حزب ع گروہ آدمیون کا

حزم ع استواری۔ ہوشیاری۔

حزام ع تنگ۔ ستور۔ بستبند لڑکے کا گہوارہ مین۔

حزن ع غم۔ اندوہ۔ رنج۔

حزین ع غمگین۔ رنجیدہ۔

حس ع معلوم کرنا اندری سے۔

حساب ع گنتی۔ شمار۔ علم حساب کا

حساس ع دریافت کرنیوالا حس کرنیوالا۔

حسام ع تلوار۔ شمشیر۔ تیغ۔

حسب ع انداز اور شمار کسی چیز کا شرف بزرگی مال وجاہ۔ اور دین کی۔

حسب ع کفایت۔ کافی ہونا۔ بس ہونا

حسد ع ڈاہ کسیکی نعمت کا زوال چاہنا۔

حسرت ع ارمان۔ افسوس کسی چیز کے نملنے کا

حس مشترک ع ایک قوت ہے جسمین تمام صورتین محسوسات کی منقش ہوتی ہین گویا حواس خمسہ ظاہری مانند نہرون کے ہین اور حس مشترک مثل ایک حوض کے ہے اور سب صورتین جاکر ٹھہرتی ہین۔

حسن ع نیک۔ خوبصورت۔ اچھا

حسن ع خوبصورتی۔ خوش شکلی

حسنی ع بہت خوبصورت عورت

حسنا ع عورت۔ خوبصورت صاحب جمال۔

حسنات ع نیکیان۔ جمع حسنہ کی۔

حسنہ ع نیکی۔ بھلائی۔

حسود ع بہت حسد کرنیوالا بدخواہ۔

حسی ع وہ حس سے علاقہ رکھے یعنی محسوس ہو سکے۔

حسیب ع شمار۔ حساب۔

حسین ع خوبصورت۔ خوش شکل۔

حشر ع اوٹھانا۔ مجازاً قیامت۔

حشرات۔ حشرات الارض ع جو جمع ہے حشرہ کی وہ جانور سوذی کہ زمین مین سوراخ کرکے رہتے ہین اسواسطے اونکو حشرات الارض کہتے ہین

حشم ع نوکر۔ چاکر۔ بطور نوکرون کی۔

حشمت ع دبدبہ۔ بزرگی فخر ہونا عار کا خطاب ہے۔

حشو ع بھرنا اور وہ روئی یا اون جو تکیہ یا لحاف وغیرہ مین بھری جاوے۔

حشیش ع سوکھی گھاس اور کسی جمع حشائش ہے۔

حشاشہ ع باقی جان۔ تھوڑی جان جو زخمی یا بیمار مین باقی ہو

حصا ع جمع ہے حصاۃ کی سنگریزہ ٹھیکریان۔

حصاۃ ع ٹھیکری۔ سنگریزہ۔

حصاد / حصد ع کھیتی کاٹنا۔ زراعت کا کاٹنا

حصاد ع کھیتی کاٹنے والا۔

حصار ع قلعہ۔ گڑھی۔

حصان ع گھوڑا۔ نر۔ بہتر اور نجیب گھوڑا جسکی نسل رکھنے کے لائق ہو۔

حضانت ع استوار۔ پرہیزگاری بچہ کا پالنا۔

حصر ع گھیرنا۔ گرد کرنا۔ احاطہ کرنا کسی چیز کا

حصص ع جمع حصہ کی۔

حصن ع جای پناہ۔ قلعہ۔ عفت عورت کی۔

حصول ع حاصل ہونا۔ پیدا ہونا

حصون ع قلعے۔ گڑھیان۔

حصہ ع ٹکڑا۔ جزو۔

حصیر ع بوریا۔ چٹائی۔

حصین ع محکم۔ استوار۔ مضبوط

حضار ع جمع حاضر کی۔ حاضرین مجلس

حضر ع اقامت شہر مین رہنا۔ خانہ نشینی

حضرت ع نزدیکی۔ حضور۔ درگاہ

حضرات ع جمع حضرت کی مراد بزرگ کو

حضور ع حاضر ہونا۔ سامنے رہنا
حضیض ع پستی۔ نشیب۔
حطب ع لکڑی چوب۔
حظ ع نصیب بہرہ خوشی۔ خرمی فائدہ
حظوظ ع جمع حظ کی۔
حظ ع بہرہ مندی اور حصہ۔ دولت پانا
حفاظت ع نگاہبانی۔ پاسبانی۔
حفد ع خدمت۔ شتاب کرنا۔
حفر ع زمین کا کھودنا۔
حفرہ ع گڑھا۔ زمین کھودی ہوئی
حفظ ع یاد کرنا۔ یاد رکھنا۔
حفیظ ع نگہبان۔ محافظ۔
حق ع راست۔ درست۔ سزاوار
واجب۔ لائق۔ ایک نام خدا تعالیٰ کا۔
حقا ع درست سچ ہے قسم خدا کی
حقارت ع نفرت کرنا۔ حقیر سمجھنا
ذلیل جاننا۔
حقانی ع خدائی۔ وہ شخص جو خدا
کی محبت میں رہے۔
حقانیت ع خدا کا ذکر۔ خداپن
سچائی۔ درستی۔
حقائق ع جمع حقیقت کی۔
حق پرست ع سچا آدمی۔ جو تابع
حق کے ہو۔
حقدار ف جسکا حق ہو۔ وارث حصہ والا

حقد ع دشمنی۔ کینہ۔ بغض۔
حقنہ ع پتی دوا کی جو پچکاری کی جگہ واسطے
دفع بیماری کے کیجاتی ہے۔
حقوق ع جمع حق کی۔
حقہ ع ڈبہ جسمیں جواہرات وغیرہ رکھتے ہیں
حقہ باز ف بازیگر۔ مداری۔ سبحان تی
حقیت ع حق۔ حقداری۔
حقیر ع ذلیل۔ پچ۔
حقیقت ع اصل۔ ماہیت۔ کسی شے
کی۔ ذات۔
حقیقی ع اصل۔ جو بناوٹ کا نہو۔
حک ع چھیلنا۔ دور کرنا۔ کھرچنا۔
کسیکو دوسری چیز سے۔
حکاک ع مہر کن۔ نگینہ ساز۔ حک کرنیوالا
حکام ع جمع حاکم کی۔
حکایت ع بات کہانی۔
حکم ع جمع حکمت کی۔
حکم ع فرمان۔ پروانہ۔ فرمانا۔
حکما ع جمع حکیم کی۔
حکمت ع دانائی۔ عقلمندی۔
حکمران ف حاکم۔ بادشاہ۔ فرمانروا
حکمت الٰہی ع وہ علم جس میں
بیان الٰہیات کا ہو۔
حکومت ع حکم کرنا فرمانروائی۔
حکمنا مہ ف پروانہ۔ حکمنامہ۔

حکہ ع کھجلی۔ خارش
حکیم ع دانا۔ اور سب علوم کا جاننے والا
حل ع کھولنا مشکل چیز کو آسان کرنا
حل ع روا ہونا۔ احرام سے باہر نکلنا
حلال ہو جانا۔
حلاج ع دھنیا۔ روئی کا دھنکنے والا
حلاحل ع سردار۔ مہتر۔ چودھری
حلال ع روا۔ جائز۔ درست
موافق شرع۔
حلال خور ف خاکروب۔ چوڑھا۔
حلاوت ع شیرینی۔ مٹھائی۔
حلبی ع حلب کا اکثر آئینہ حلبی مشہور ہوتا ہے
حلبہ ع میتھی ایک قسم کی ترکاری مشہور ہے
حلت ع حلال ہونا۔ کشادگی مباح ہونا
حلتیت ع ہینگ۔ انگوزہ۔
حلف ع قسم کھانا۔ سوگند۔
حلق ع گلا۔ گلو۔ مونڈنا بالوں کا۔
حلقہ ع گھیرا۔ احاطہ مجلس۔
حلقہ بگوش ف غلام۔ فرمانبردار
حلول ع ایک چیز میں دوسری چیز
کا ایسی طرح پر گھس جانا۔ کہ تمیز نہو سکے
حلم ع کسیکو سزا دینے میں آہستگی
کرنا بردباری کرنا۔
حلمہ ع پستان کا سر۔ بھٹنی۔
حلوا ع شیرینی۔ میٹھا۔

حلوا ع میٹھی چیز۔ شیرینی شے۔
حلوان ع بکری کا بچہ۔ اصل اسکی حلوان ہے
حلوائی ہیداودقت ہیکہ شیرین جو
آفتاب کی گرمی سے سپکتے ہین اور
دھوان آگ کا اونکو نہین پہونچتا اسلیے
یہ نام اوسکا پڑ گیا۔
حلّہ ع جامہ۔ جبّہ۔ پوشاک۔
حلوائی ع شیرنی بیچنے والا۔
حُلی ع زیور چاندی یا سونے کا
جمع حلیہ کی ہے۔
حلیم ع بردبار۔ بخشنے والا۔ اور
نام ایک قسم کے کھانے کا ہے۔
حلیہ ع زیور۔ صورت۔ پیدائش۔ آرائش
حلیلہ ع عورت منکوحہ۔ بی بی۔ جورو۔
حم ع سسر۔ سالا وغیرہ سسرال
کا رشتہ دار۔
حمار ع گدہا۔ خر
حمامہ ع مادہ کبوتر۔ کبوتری۔
حمّی ع تپ۔ بخار۔ تجاری۔
حماقت ع بے عقلی۔ بےوقوفی
حمّال ع بوجھ اوٹھانے والا۔
حمّام ع نہانے کی جگہ۔
حمام زنان ق وہ جگہ جہان بہت
شور اور غل ہو۔
حمام ع کبوتر۔ فاختہ۔ قمری وغیرہ

حمایت ع طرفداری۔ بچاؤ۔ نگہبانی
حمائد ع جمع حمید کی۔ خوبیان۔ اچھی خصلتین
حمائل ع تلوار اور جو شے بغل پر
لٹکاتے ہین اور قرآن شریف
حمد ع تعریف۔
حمر ع جمع حمار کی۔ گدہے۔ خر
حمرت ع سرخی لالی۔
حمص ع نخود۔ چنا۔ نخاد مشہور ہے
حمض ع گہاس جو تلخ اور شورمزہ ہو
حمق ع بیوقوفی۔ احمق پن۔
حمقا ع جمع احمق کی۔ بیوقوف آدمی
حمل ع بوجھ۔ شکم مین عورت کے۔ جو بچہ ہو۔
حملہ ع دہاوا کرنا۔ دھاوا۔
حموضت ع ترشی۔ کھٹائی۔
حمول ع پیچہ دوا کا لتھڑا ہوا جو دبر یا
فرج مین رکھتے ہین۔ بتی دوا کی ٭
حمیت ع پرہیز کرنا۔ حفاظت۔ پچ
حمید ع خوبی۔ تعریف کی ہوئی شے۔
حمیم ع دوست۔ رشتہ دار۔ بخار والا۔ گرم
حنا ع مہندی جو ہاتھوں مین عورتین لگاتی ہین
حنانہ ع نوحہ کرنے والی عورت۔
حنجرہ ع نرخرہ۔ گلے کا نل
حنطہ ع گیہون۔ گندم۔
حنظل ع اندراین کا پھل۔
حنک ع تالو۔ کام۔

حوّا ع نام اول عورت کا جو آدم کی بی بی تھی
حواجب ع جمع حاجب کی۔ ابرو۔
بھون۔ دربان۔
حوادث ع جمع حادثہ کی۔ مصیبتین
تکلیفات۔ گردشات زمانہ۔
حواری ع دھوبی۔ اور سفید جامہ پہننے
والا اصحاب حضرت عیسی علیہ السلام کے
حواس ع جمع حاسہ کی۔ وہ دس حس ہین
پانچ ظاہری اور پانچ باطنی۔
حواس خمسہ ظاہری ع پانچ
حس ظاہر کے یعنی ذائقہ۔ باصرہ۔ شامہ
لامسہ۔ سامعہ۔
حواس خمسہ باطنی ع پانچ حس باطنی
حس مشترک۔ خیال۔ متصرفہ۔ واہمہ۔ حافظہ
حواشی ع جمع حاشیہ کی۔ کنارے
اور نوکر چاکر۔
حواصل ع جمع حوصلہ کی۔ اور نام
ایک جانور آبی کا ہے۔
حوافر ع جمع حافر کی۔ گھوڑے یا
گدہے کے سم۔
حوالات ع قید نظربندی کی سپرد کی
مین قیدی رکھنا۔
حوالہ۔ حوالت ع سپرد کرنا۔ سپردگی
کو کوئی چیز کسی کے دینا۔
حوالی ع گرداگرد کسی چیز کا۔

حوالی شہر ف شہر کا نواح یعنی شہر کے گرد اگرد کی زمین۔
حوائج ع جمع حاجت کی حاجتیں۔
حوت ع مچھلی۔ اور نام بارھوین برج کا
حورا ع وہ عورت جو سفید رنگ کی ہو اور آنکھ اور بال اوسکے نہایت سیاہ ہون
حور ع جمع ہے حورا کی سفید رنگ اور سیاہ آنکھ اور کالے بال والیان۔
حوزہ ع کونا۔ درمیانہ مملکت کا
حوصلہ ع پوٹا۔ معدہ پرندجانورکا جو حلق کے نیچے ہوتا ہے جسمین دانہ جمع کرلیتا ہے اور مجازی معنے مقدور۔ ہمت۔
حوض ع پانی کا چوبچہ۔ وہ جگہ جہاں پانی ہمیشہ ٹھہرا رہے۔
حول ع بازگشت۔ قوت توانائی سال برس۔
حویلی ع اصل مین حوالی تھا۔ یہ فارسیون کا تصرف ہے وہ مکان جسکی چار طرف دیوار ہو
حی ع زندہ۔ جیتا ہوا۔ قوم اور نام خدا سے تعالے کا۔
حیا ع شرم اور باران۔
حیات ع زندگی۔ جانداری۔
حیثیت ع وضع سلوب۔ طور۔ طریق
حیدر ع شیر درندہ اور لقب حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ہے۔

حیرہ ع گدی۔ گردن کی پیٹھ پشت گردن۔
حیران ع بھوچکا۔ ہکا بکا۔
حیرت ع بسبب تعجب کے ایک ہی حال پر رہجانا۔ بھوچکاپن۔
حیز ع جگہ۔ مکان اصطلاحی معنی یہ ہین کہ سطح باطنی جسم حاوی کی مماس ہو سطح ظاہری جسم محوی کو۔
حیز ع مخنث۔ نامرد۔
حیص بیص ع لڑائی وغیرہ حیص کے معنی ہین بیراہ ہونا بیص سختی۔ اور تنگی
حیض ع خون ستاد جو عورتون کو ہر مہینے مین آیا کرتا ہے۔
حیطہ ع احاطہ۔ چاردیواری۔
حیف ع افسوس۔ ستم ظلم۔
حیل ع جمع حیلہ کی۔
حیلہ ع فریب بہانہ۔
حین ع وقت ہنگام۔ روز قیامت
حین ع موت۔ مرگ۔ ہلاکت
حیوان ع زندہ۔ جاندار۔ جانور
حیوانات ع جمع حیوان کی۔
حیوانی ع حیوان کا۔ جاندار کا۔
حیہ ع سانپ۔ مار۔

باب الخاء

خابور ع پچڑ۔ وہ کھونٹی جو لکڑی مین ٹھونک کر لکڑی کو چیرتے ہین۔
خاتم ع ختم کرنے والا۔ خاتم انگشتری انگوٹھی۔ مہر۔ خواتم جمع۔
خاتمہ ع انجام۔ آخری کتاب کا آخر حصہ
خاتون ع بی بی۔ بیگم۔ گھر کی مالک
خاتون فلک خاتون نُغیا ف سورج
خاتون عرب ف کعبہ۔
خادع ع فریب دینے والا۔ فریبی۔ مکار
خادم ع خدمت کرنے والا نوکر۔
خار ف کانٹا۔ ببول
خارا خارہ ف سخت پتھر سنگ سخت۔
خارپشت ف سیہ۔ ساہی جو مشہور ہے۔
خارج ع باہر۔ الگ۔ نکلا ہوا۔
خارش خارشت ف کھجلی۔
خارق ع پھاڑنیوالا۔ خلاف عادت
خارق عادت ف معجزہ انبیا کے اور کرامتیں اولیا کی۔
خاریدن ف کھجلانا۔ خارش کرنا
خازن ع جمع کرنیوالا۔ خزانچی۔
خازنہ ع سالی۔ جورو کی بہن۔

خاستن ف اوٹھنا۔ کھڑا ہونا۔ جاگنا
خاسر ع زیانکار۔ نقصان اوٹھانے والا جسکو نقصان ہوا ہو۔
خاشاک ف کوڑا کرکٹ
خاشع ع عاجزی۔ اور فروتنی کرنیوالا
خاشی ع ڈرپوک۔ ڈرنے والا۔
خاص ع مخصوص نج ذاتی۔
خاصدان ف پان رکھنے کا برتن
خاصان ع خاص لوگ۔ مخصوص لوگ
خاصہ ع جو خاص ہو کسی شے کو
خاصیت مجازاً کھانا امیرون کا۔
خاصرہ ع کمر۔ تہی گاہ۔
خاصیت ع طبیعت۔ اثر۔
خاضع ع عاجزی۔ اور فروتنی کرنیوالا
خاطر ع جو دل مین گذرے دھیان دل
خاطر جمع ف دل کی تسلی۔
خاطرنشان ف اسکے معنی خاطر نشین ہین یعنی جو دل مین بات ٹہیر سکے یقین ہو سکے۔
خافق ع دھڑکنے والا جسکا سر ہلتا ہے جیساکہ نیزہ یا درخت
خافقین ع مشرق مغرب پورب پچھم
خاقان ف بادشاہ اول ہین بادشاہ چین کا خطاب تھا اب ہر بادشاہ کو کہنے لگے ہین۔

خاک ف مٹی راکھہ
خاک بیز ف نیاریہ یعنی وہ شخص جو لطیع زر راکھہ دھوتا ہے اور جو اپنے مطلب کیواسطے بڑے مشکل کام کرتا ہے۔ باریک بین
خاک تودہ ف مٹی کا تودہ بناتے ہین جسمین تیر لگا کے مشق کرتے ہین
خاکدان ف دنیا عالم۔ کوڑی
خاکزاد ف خاکی۔ دنیاوی۔ خاک کا بنا ہوا۔
خاکسار ف غریب مانند خاک کے۔
خاکستر ف راکھہ۔ خاک۔
خاکروب ف چوہڑا
خاکہ ف ڈھانچہ۔ مسودہ تصویر کا
خاکی ف خاک
خاگ ف انڈا بیضہ۔ مرغی کا۔
خاگینہ ف انڈونکا سالن مشہور کھانا ہے
خایہ ریز
خال ف تل سیاہ نقطہ جو بدن پر ہوتا ہے کالا اونٹ۔
خال ف ماموں۔ ماں کا بھائی اور کل
خالد ع ہمیشہ رہنے والا۔
خالص ع جو کسی دوسری شے سے ملا نہو
خالصہ ع خاصہ اور جو کسی سے ملا ہوا نہو۔ اصطلاحی معنی ملک یا زمین پادشاہی جو کسیکی جاگیر نہو

خالق ع پیدا کرنے والا۔
خالو ف ماں کی بہن کا خصم
خالہ ع ماں کی بہن۔
خالی ف جسمین کچھہ بھرا ہوا نہو۔
خام ف کچا خالص۔ شراب مقطر
خام ریش ف بےعقل مسخرہ۔
خامش ف چپ۔
خامل ع گمنام۔ کمینہ۔ اوراجھول
خاموش ف چپ۔ چپکا ہوا۔
خاموشیدن ف چپکا ہونا۔
خامہ ف قلم نیزہ۔ لکھنے کا۔
خامی ف کچاپن۔ کچ پن۔
خان ف سابق مین یہ لقب بادشاہان ترکستان کا تھا۔ اب امیر رئیس کو کہتے ہین۔ اور سرا ے۔
خانخانان ف مالک سرا ے داروغہ سرا ے۔
خاندان ف گھرانہ۔
خانسامان ف مالک سامان کھانے وغیرہ کا۔ داروغہ۔
خانقاہ ف فقیرون اور درویشون کے رہنے کی جگہ۔
خانمان ف خان مخفف خانہ کا اور مان اسباب یعنی گھر کا اسباب
خانوادہ ف خاندان۔

خانہ ف گھر۔ مکان۔
خانہ بدوش ف مسافر۔ پریشان بے ٹھکانا آدمی جس جا چاہے رہ پڑے۔
خانہ جنگی ف لڑائی۔ فساد۔ دنگہ۔
خانہ زاد ف جو گھر کا پیدا ہوا ہو
خاور ف مشرق۔
خاوند ف مالک صاحب خانہ
خاوی ع خالی جسمیں کچھ نہو۔
خائب ع ناامید۔ محروم۔
خائض ع غور کرنیوالا۔ بڑا فکر کرنیوالا
خائف ع ڈرپوک۔ ترسان۔ ڈرنیوالا
خائن ع امانت میں خیانت کرنیوالا
خایہ ف بیضہ مرغ کا۔ انڈا آدمی کا۔ اور حیوان کا۔
خائیدن ف چبانا۔
خبث ع پلیدی میل۔ ناخوش ہونا۔ برائی
خبر ع سندیسا کسیکی بات۔
خبرت ع امتحان۔ آزمائش۔ جاننا
خباز ع روٹی پکانیوالا۔ نان بائی
خبایا ع جمع خبیہ کی پوشیدگیان
خبردار ف واقف۔ جاننے والا۔
خبرگیر ف چوکیدار خبر لینے والا۔
خبز ع روٹی
خبط ع جنون کا لگنا عقل میں جنون
خبیث ع پلید۔ ناپاک۔ ناخوش

خبیر ع واقف۔ جاننے والا۔ دانا۔
ختم ع پورا کرنا۔ تمام کرنا۔ مہر کرنا۔
ختام ع ڈاٹ موم یا لاکھ کی لگا کر مہر کرنا
ختن ع داماد۔
ختنہ ع سنت کرنا۔
خجالت ع شرمندگی۔ حیا۔
خجستہ ف مبارک۔ ہمایون۔
خجل ع شرمندہ۔
خجلت ع شرمندہ ہونا۔ اور شرمندگی
خد ع چہرہ۔ رخسارہ۔ گال۔
خدا ف مالک۔ صاحب۔ خود آیندہ۔
خداع ع فریب دینا۔
خدام ع جمع خادم کی نوکر لوگ۔
خداوند ف صاحب۔ مالک۔
خدائی ف صاحبی۔ خدا ہونا۔
خدایا ف اے خدایا۔ خدایا۔
خدائع ع جمع خدیعت کی مکر اور فریب
خدایگان ف بادشاہ۔ خداوند۔
خدر ع سن ہو جانا۔ بچھون کا سست ہو جانا خدر پردہ۔
خدشہ ع شک شبہ۔ خراش خلش
خدع ع فریب دینا۔ دغا کرنا۔
خدم ع نوکر چاکر لوگ جمع خادم کی ہی
خدمت ع چاکری کرنا۔ کام کرنا۔ کام
خدنگ ف تیر اور نام ایک درخت کا ہی جسکے تیر بنتے ہین۔

خدیعت ع نصیحت۔ فریب۔
خدیو ف خداوند۔
خر ف گدھا۔ گھوڑا۔ کلان۔ اور بڑا
خرء ع بیٹ جانور کی۔
خراب ع ویران۔ ویران۔ ضائع مست۔ فقیر۔ ویرانہ۔
خرابات ف شرابخانہ۔ قمارخانہ۔
خرابہ ع ویرانہ اوجڑا مکان۔
خراج ع محصول زمین کا۔
خراد ف اصل اسکی خراط ہی۔ فارسیون نے خراد کرلیا ہے۔
خرادی ف خراد کرنیوالا۔ کاریگر۔
خراس ف آٹا پیسنے کی چکی جسکو بیل گھماکر آٹا پیستے ہین۔
خراش ف چھیلنا۔
خراشیدن ف چھیلنا۔
خراط ع لکڑی کو چرخ پر چڑھاکر چوب صاف کرتا ہے۔
خراطت ع چرخ پر لکڑی چڑھاکر صاف کرنا۔
خراطیم ع جمع خرطوم کی۔ ہاتھی کی سونڈ
خرافات ع بیہودہ باتین جمع ہی خرافت کی۔
خرافت ع کلام بیہودہ اور نام ہی ایک

شخص کا جو عرب مین بڑا جھوٹا گذرا ہے

خرام ف نرم رفتار - ناز کی چال مٹک چال -

خرامان ف مٹک چال سے چلنے والا ناز کی چال چلتا ہوا -

خرامیدن ف ناز سے چلنا - اکڑ کر چلنا - مٹک کر چلنا -

خربوزہ ف مشہور ترکاری ہے معنے اس لفظ کے بڑا میوہ ہین -

خرج ع باہر نکلنا - خرچ ہونا -

خرچنگ ف کیکڑا مشہور جانور آبی ہے

خرچہ ف لاگت - صرف - خرچ -

خرچ ف زر جو ہاتھ سے نکل جاوے - آمدنی کی ضد

خرچی ف قیمت جماع کی صحبت کا مول

خرخلین ف کاٹھی کا تھیلا - چارجامہ کا تھیلا -

خرخشہ ف بیہودہ لڑائی کرنا جھگڑا کرنا - خلجان -

خرد ف چھوٹا - ریزہ

خرد ف عقل - دانائی -

خردمند ف عقلمند - دانا آدمی -

خرداد ف اسارڑھ کا مہینا - اور چھٹا دن ہر ماہ شمسی کا -

خردل ع رائی مشہور غلہ ہے -

خردہ بینی ف عیب نکالنا - برائی نکالنا - باریکی - دیکھنا -

خرز ع موزہ کا سینا - درز مشک یا موزے کی سینا -

خرزہرہ ف کنیر کا درخت مشہور ہے دو قسم کا ہوتا ہے سفید اور سرخ -

خرس ف ریچھ بھالو مشہور درندہ ہے

خرسند ف خوش

خرسنگ ف بڑا پتھر - کیونکہ خر کے معنے کلان اور سنگ پتھر

خرسندی ف خوشی -

خرشید ف آفتاب روشن

خرطوم ع ہاتھی کی سونڈ - اور بعضو کے نزدیک ناک

خرف ف کم عقل آدمی - بیہودہ گو -

خرق ع پھاڑنا -

خرق عادت ع کرامت معجزہ جو خلاف عادت ہو -

خرقہ ع پرانا جامہ چیتھڑا - فقیرونکا - لباس

خرک ف چھوٹا گدھا - انگور خام -

خرکس ف احمق آدمی - بیوقوف -

خرگاہ ف خوشی کی جگہ خیمہ بڑا خیمہ

خرگوش ف سسا -

خرم ف خوش - شاد -

خرما ف چھوارا - مشہور میوہ ہے -

خرمست ف مگرا جو بیوقوفی سے کہنا نمانے -

خرمن ف کھلیان تودہ غلہ کا جس سے اب تک بھوس الگ نہ کیا ہو -

خرمہرہ ف کوڑی جو ہندوستان مین بطور زر کے رائج ہے -

خرمی ف خوشی -

خروار ف تودہ - بوجھ جسکو خر اوٹھا سکے

خروج ع باہر نکلنا - باغی ہونا - کسی حکم سے منحرف ہونا -

خروس ع مرغ گھر کا پلا ہوا -

خروش ف غل - شور -

خروشیدن ف شور کرنا - غل کرنا

خروف ع بکری کا بچہ - بچہ -

خریدار ف خریدنیوالا - مول لینے والا

خریدن ف مول لینا -

خریدہ ع لڑکی نابالغ - عورت شرمگین - دوشیزہ -

خریطہ ع تھیلی - لفافا مہر کے خط کا

خریف ع موسم خریف جسمین جوار مکئی وغیرہ ہوتی ہے - یعنے ساونی

خز ع ریشمی کپڑا - جامہ ریشمی -

خزان ع پت جھڑ - باد جسکے چلنے سے پتے درختون کے جھڑ جاتے ہین -

خزانچی ت خزانہ رکھنے والا - فوطہ دار روکڑیا -

خزانہ ع گودام نقد کا - جہانپر نقد روپیہ رہتا ہے

خزائن ع جمع خزانہ کی
خزعبل ع بیہودہ بات جس سے ہنسی آوے
خزعبیل ع خزعبیلات جمع
خزف ع ٹھیکری - سفال
خزیدن ف گھسنا - چھپنا
خزینہ ع خزانہ - گودام - روکڑ کا
جہان روپیہ ہو -
خس ف کوڑا - تنکے - گھاس
کمینہ آدمی - بخیل آدمی -
خسارت ع نقصان - زیان -
خساست ع نالائقی - زبون ہونا
بخیل - کنجوسی -
خساندن ف بھگانا - تر کرنا ڈاڑھی
کا داتوں میں دبانا -
خسانیدن ف ڈاڑھی کا دانتوں میں دبانا
خسپیدن ف سونا - نیند کرنا -
خستہ ف گھائل - زخمی - گٹھلی -
خرما و آلوچہ وغیرہ کی -
خستگی ف زخمی پن - دلگیری
رنج کی برداشت -
خستن ف زخمی ہونا - اور زخمی کرنا
خستو ف دانہ میوہ کا جیسے دانہ خرما
و دانہ شفتالو وغیرہ بوتے ہیں -
خستوانہ ف فقیروں کا خرقہ جو کئی
طرح کے ٹکڑوں کا بنا ہو -

خسر ف سسرا - جورو کا باپ
خسران ع ٹوٹا - نقصان
خسر پورہ ف سالا
خسرو ف بادشاہ عادل - ہر ایک بادشاہ
صاحب شوکت - اور نام ایک بادشاہ کا
خسروانہ ف بادشاہانہ - شاہانہ -
خسف ع زمین میں دھس جانا -
اور چاند کا گھٹنا -
خسوف ع زمین میں دھس جانا اور چاند کا گھٹنا
خسیدن ف چبانا - دانتوں سے چبا کر دم کرنا
خسیر ع زیانکار جو شخص نقصان اٹھاوے
خسیس ع بخیل - زبون - نالائق
خش ف ساس - خوشدامن اور تیر دوڑنا
خشب ع لکڑی - چوب - بالن -
خشت ف اینٹ اور چھوٹا سا نیزہ
خشخاش ف مشہور دانہ ہے جو افیم کے
ڈوڈوں سے نکلتا ہے -
خشک ف سوکھا ہوا -
خشکا ف جد دن چھنا ہوا آٹا - اور خاکستر
خشکہ ف چاول ابالے ہوئے -
خشکی ف سوکھاپن - تری نہونا -
خشم ف غصہ - خفگی -
خشمگین ف غصہ ور جو شخص غصہ میں ہو
خشمناک ف غصہ کا بھرا ہوا غصہ ور
خشن ع سخت

خوشنود ف خوش - مسرور -
خوشنودی ف خوشی
خشو ف ساس - خوشدامن -
خشوع ع عاجزی - فروتنی - گڑگڑانا
خوف -
خشونت ع سختی - کھردراپن - درشتی
خشی ع خوف -
خشیج ف عنصر - ضد - مخالف -
خصاف ع موچی - چمار -
خصال ع جمع خصلت کی - خو - عادتیں
خصائص ع جمع خصیصہ کی - سبھاؤ
خصلت - خاصیت -
خصائل ع جمع خصلت کی -
خصلت ع - خو - عادت - سبھاؤ
خصم ع دشمن - مالک - اور صاحب
جھگڑا کرنے والا -
خصمی ع دشمنی - مالکیت
خصوص ع خاص ہونا - خصوصیت
خصوصیت ع خاص ہونا -
خصوصیات ع جمع خصوصیت کی
خصوم ع جھگڑالو - دشمن -
خصوم ع دشمنی کرنا - جھگڑا کرنا -
خصوصیات ع جمع خصوصیت کی -
خصومت ع دشمنی - جھگڑا - کینہ
خصی ع جس جانور کے خصیے نکال ڈالیں نامرد

خضیہ ع بیضہ۔ انڈا۔
خصیتان ع دو انڈے۔ دو بیضے
خصیم ع خصومت کرنے والا دشمن
خضاب ع رنگ اور مجازاً وسمہ
وحنا کا رنگ۔
خضب ع رنگ کرنا۔ رنگنا۔
خضر ع نام ہے ایک پیغمبر یا ایک ولی کا
جو گمراہوں کو راہ بتلاتا ہے۔
خضر ع شاخ سبز۔ ہری ٹہنی۔
خضرا ع سبز۔ ہرا۔ تازہ۔
خضرت ع سبزی۔ ہریالی۔ نباتات
کی اور انسان میں گندم گونی۔
خضریات ع ترکاریان۔ سبزیان
خضوع ع عاجزی کرنا۔ گڑگڑانا۔
خضیب ع رنگین۔ رنگا ہوا۔
خط ع لکیر جسمین صرف طول ہو
عرض اور عمق نہو۔
خطاب ع نام۔ یا لقب۔ یا لقب
خط استوا ع وہ خط جو بیچون بیچ
زمین کے فرض کیا گیا ہے۔
خطایا ع جمع خطیہ کی گناہ اور خطائین
خطب ع جمع خطبہ کی۔ دیباچہ کتاب
کے اور وہ کلام کہ جس سے خطاب کرین
اور حمد و ثنا اوسمین ہو۔
خطب ع کام دشوار۔ حادثہ۔

خطابہ ع خطبہ پڑھنا۔ خطبہ خوانی۔
خطبہ ع منگنی کرنا۔ نکاح کرنیکی خواہش
کسی عورت سے کرنا۔
خطر ع قدر اور جاہ۔ اور عظمت۔ اور
بزرگی اور آفت۔ اور دشواری۔
خطرہ ع جو دل مین اندیشہ ڈالے آفت
خطوات ع جمع ہے خطوہ کی قدم اور
فاصلہ درمیان دونون پیرون کے
جو بوقت رفتار کے واقع ہو
خطوہ ع قدم۔ ڈگ۔
خطہ ع شہر کلان۔ زمین محدود
گھرا ہوا قطعہ زمین کا۔
خطیب ع خطبہ پڑھنے والا لوگون کو
مخاطب کرکے بولنے والا۔
خطیر ع بزرگ۔ بڑا۔ کلان۔
خف ع موزہ۔
خفا ف ناراض۔ غصے والا۔
خفا ف پوشیدگی۔ پنہانی
خفاجہ ف ایک گروہ ہے عرب مین
جو راہزن اور چور ہین۔
خفاش ع چمگادڑ۔ شپر
خفایا ع جمع ہے خفیہ کی پوشیدگیان۔
خفت ع سبکی۔ ہلکاپن۔
خفتان ف ایک قسم کا جامہ ہے کرتے
کے مانند ہوتا ہے لڑائی کے روز پہنتے ہین

اور یون بھی لوگ پہنتے ہین۔
خفتن ف سونا۔ نیند کرنا۔
خفر ع شرم اور شرمگین ہونا۔
خفیر ع بدرقہ نگاہبان سپاہی گارڈ کے
خفقان ع دل کا دھڑکا۔ دھڑکنا دل کا
خفگی ف ناراضگی۔ خفا ہونا۔
خفہ ف ناراض۔
خفی ع پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔
خفیات ع جمع خفیہ کی۔ پوشیدگیان
خفیدن ف خفا ہونا۔ چھینک لینا
خفیف ع ہلکا
خفیہ ع پنہانی۔ پوشیدگی چھپا ہوا۔
خل ع سرکا۔ خل۔ دوست۔
خلا ع پایخانہ اور خالی جگہ۔
خلاب ع کیچڑ راہ مین جو کیچڑ ہوتی ہے
خلاص ع چھٹکارا۔ مخلصی۔
خلاصہ ع۔ اصل۔ پاک۔ صاف۔
خلاف ع درخت بید کا۔ برعکس مخالف
خلافت ع جانشینی کسیکی جگہ پر بیٹھنا۔
خلاق ع بہت۔ پیدا کرنے والا۔
خلال ع درمیان۔ فاصلہ درمیان
دو چیز کے دانت کریدنے کا تنکا۔
خلالہ ع ایک تنکا دانت کریدنے کا۔
خلان ع دوستان۔ یاران جمع
ہے خلیل کی۔

خلاشیدن ف چبھانا۔
خلائف ع جمع ہے خلیفہ کی
خلائق ع جمع خلق کی۔
خلت ع دوستی۔ محبت۔
خلج ع باہر کھینچنا۔ چھینا۔
خلجان ع چبھنا۔ تردد۔ اور تفکر اور وسواس بھوں سے اشارہ کرنا۔
خلخال ع پازیب۔ گوجری۔
خلد ع جنت۔ بہشت سدا کم۔ اور ہمیشگی
خلش ف زخم کرنا اور جہاں پر زخم ہو وہاں تک کوئی چیز چبھانا۔ دل میں جو تکلیف پہونچتی رہے۔ جھگڑا۔
خلص ع خالص بے کھوٹ۔
خلط ع ملی ہوئی شے اور اخلاط اربع سے ایک خلط یعنے خون۔ یا صفرا یا بلغم۔ یا سودا۔
خلع ع کسی جگہ سے نکلنا۔ کپڑا۔ یا موزہ نکالنا بدن سے۔ طلاق لینا عورت کا بعوض بخشنے مہر کے یا مال وغیرہ
خلعت ع لباس یا پوشاک جو امیر یا بادشاہ کیطرف سے دیا جاوے۔
خلف ع بیٹا یا جانشین
خلفا ع جمع ہے خلیفہ کی۔
خلق ع عادت۔ خو۔ سبھاؤ
خلق ع دنیا کے لوگ۔ مخلوق پیدا کیا ہوا

خلقت ع پیدایش۔ پیدا کرنا۔
خلل ع کشادگی۔ رخنہ۔ تباہی کام کی ہونی۔ فتور پڑنا۔
خلو ع خالی ہونا۔
خلوت ع تنہائی اور خالی ہونا مکان کا
خلوت صحیح ع تنہا ہونا خاوند جورو کا واسطے ہم بستر ہونیکے ایسے مقام میں جہاں پر کوئی اور انسان نہو۔
خلود ع ہمیشہ پن۔ اور ہمیشگی۔
خلوص ع سادہ اور پاک ہونا۔ مجازاً دوستی خالص۔
خلی ع بیغم۔ بےفکر۔ خالی کاروبار سے
خلیج ع ایک شاخ دریا کی جو تین طرف خشکی سے محیط اور ایکطرف سمندر سے ملی ہو۔
خلیطہ ف۔ تھیلا۔
خلیدن ف چبھنا۔ پہنچ جانا۔ زخم کرنا گھائل کرنا۔
خلیفہ ع جانشین۔ ولیعہد۔ کسی جگہ پیدا ہوا اور اسکی وفات کے مقرر ہونیوالا۔
خلیق ع صاحب خلق۔ اچھے سبھاؤ کا آدمی۔
خلیل ع دوست۔ صادق۔ سچا۔
خم ع کج۔ ٹیڑھائی۔
خم ع مٹکا شراب کا پیپہ شراب وغیرہ کا۔

خمار ع نشہ شراب وغیرہ کا اور خمار اوڑھنی عورتوں کی۔
خماسی ع وہ کلمہ جسمیں پانچ حرف ہوں۔ پانچ حرف والا۔
خمان ف کمان خم ہونا۔ اور دو چیز خم شدہ
خمانیدن ف کسیکی حرکات و سکنات کی نقل کرنا بطور تمسخر کے۔
خمخانہ ف شراب خانہ۔
خمر ع شراب۔ برانڈی۔
خمس ع پانچ یعنے (۵) (صہ)
خمس ع پانچواں حصہ یعنے (⅕)
خمسون ع پچاس یعنے (۵۰) (صہ)
خمسہ ع پانچ (۵) (صہ)
خم و چم ف اترانا۔ ناز و ادا معشوق کی
خموش ف چپ چاپ مخفف خاموش کا ہے۔
خموشیدن ف چپ رہنا۔ چپ ہو جانا
خمول ع گمنام ہونا۔ گمنامی۔
خمیازہ ف انگڑائی۔
خمیدن ف ٹیڑھا ہونا۔ خم کھانا کبڑا ہونا۔
خمیدہ ف کبڑا۔ ٹیڑھا۔
خمیر ع خمیر آٹا۔ سڑا ہوا جو اور آٹے کو پھلا دیتا ہے
خمیس ع جمعرات کا دن۔
خنیدن ف تالی بجانا۔ تال دینا۔

خناذق ع جمع خندق کی - کھائیان

خنازیر ع جمع خنزیر کی - سور - خوک -

خناس ع دیو - شیطان جو دل مین وسوسہ ڈالے -

خناق ع بیماری حلق کی مشہور ہے -

خنثی ع جو نہ عورت ہو - نہ مرد -

خنجر ف مشہور ہتھیار ہے اور یعنی شمشیر کے بھی آیا ہے -

خندان ف ہنستا ہوا - ہنسی کرتا ہوا

خندانیدن ف ہنسانا -

خندق ف کھائی جو شہر کے چار طرف بناتے ہین -

خندہ ف ہنسی -

خندیدن ف ہنسنا - تمسخر کرنا -

خنزیر ع سور -

خنصر ع تیسری انگلی جسکو چھنگلی کہتے ہین -

خنک ف سرد - ٹھنڈا - اور خوش -

خنگ ف کونا - زاویہ - عاشق زار خستہ و افسردہ اور خنک بدذات بدنفس اور خنگ سپید اسپ خنگ جسکے بال سپید ہون

خنگاف خوشا - خوشخبری -

خنگاف موٹا - ٹھیا - کٹا -

خنوق ف بدزبان - بیہودہ گفتگو مین بدسلیقہ - پوچ -

خنیا ف راگ - ساز - نغمہ

خنیاگر ف گویا - ڈوم - مطرب -

خو ف عادت - سبھاؤ -

خواب ف نیند اور نیند مین جو دکھلائی دے

خوابیدن ف سونا - نیند کرنا -

خوابانیدن ف سولانا -

خواجہ ف صاحب خانہ - مالک گھر کا سردار - پیر - مالدار - حاکم - صاحب حیثیت دل - روح - خواجہ خضر کہ جسکا آب حیات سے ملنا مشہور ہے -

خواجہ تاش ف ایک ملک کے غلام ایک آقا کے نوکر - خواجہ سرا - صاحب خانہ -

خواجہ سرا ف وہ غلام جو نامرد ہو اور کام زنانہ گھر کا کرتا ہے

خواجۂ فلک ف آفتاب یعنی جگہ اس سے مراد مشتری ہوتی ہے -

خوارت کھانیوالا مثلاً شراب خوار کباب خوار آ وغیرہ ذلیل اور بے اعتبار آدمی

خوارج ع جمع ہے خارج کی اور خارجی کی بھی یہ وہ لوگ ہین جو مخالف اہلبیت کے ہین -

خوارزم ع نام مشہور شہر کا -

خوارق ع جمع خارق کی خلاف عادت عجوبات ہو کرامت معجزہ وغیرہ -

خواری ف ذلت بے اعتباری سوائی

خواستگاری ف خواہش چاہنا - تمنا

خواستار ف مانگنے والا - خواہش کرنے والا - طلب کرنے والا -

خواستن ف چاہنا - خواہش کرنا -

خواستہ ف زر - مال - سامان - جمعیت مالک حسب خواہش لگی ہوئی ہو

خواص ع جمع خاص کی -

خواصی ع خدمتگاری سرقت کی حاضرباشی بطور خواصون کے -

خواطر ع جمع خاطر کی طبیعتین - دل

خوان ف دسترخوان - کھانا رکھنے کا جو لکڑی کا بنا ہوا ہو -

خوانچہ ف چھوٹا خوان -

خواندگی ف پڑھائی - پڑھنا -

خواندن ف پڑھنا -

خواندہ ف بلایا ہوا - پڑھا ہوا -

خوانسالار ف بکاول - باورچی - خانساماں

خوانساماں ف جو شخص کھانا کھلانیکا سامان رکھے -

خوان لغیا ف خوان لوٹ کا یعنی عام لنگر - سدابرت -

خواہ ف چاہ - یا مانگ -

خواہش ف تمنا - آرزو - مال - اسباب

خوب ف اچھا - بہتر - نیک - مضبوط

خوبان ف معشوق - پری چہرہ

گروہ معشوقوں کا -
خوبانی ف زرد آلو خشک جسکی
گٹھلی کا بادام ہوتا ہے -
خوجہ ف مخفف خواجہ کا ہی خواجہ سرا
نامرد - غلام
خوخ ع شفتالو - آڑو -
خود ف تاج ٹوپی لوہے کی -
خود ف آپ -
خود کاشت ف جو شخص خود ہی مالک
زمین کا ہو اور آپ ہی اوسکو بووے
خود بخود ف آپ ہی آپ -
خور ف کھاؤ امر ہے خوردن سے
خوراک ف خورش - کھانا -
خورانیدن ف کھلانا - کھلوانا
خورجین ف چمڑے کا تھیلا -
خورد ف کھایا - ریزہ ریزہ کردیا
سزاوار لائق -
خوردن ف کھانا کھانا -
خوردنی ف خورش - کھانا طعام
لائق کھانے کے -
خوردی ف چھوٹاپن - چھوٹائی
خورسند ف خوش - راضی -
خورش ف طعام - خوراک -
خورم ف خوش - راضی - شاد -
خورہ ف کوڑھ کی بیماری - جذام

خوش ف راضی - چنگا -
خوشا ف مبارکبادی - خوش باشند ملوئے
خوشامد ف ایسی باتیں جو مخاطب
کو خوش آویں
خوشدامن ف ساس - جورو کی ماں
خوشنود ف راضی خوش - رضامند
خوشہ ف گچھا - بالی اناج کی - بھٹا -
خوشی ف شادی - سرور -
خوشیدن ف سوکھنا - خشک ہونا
خوض ف فکر کرنا - سوچنا -
خوف ف ڈرنا - ڈر -
خوفناک ف ڈرپوک - ڈر کا بھرا ہوا
خوک ف سور مشہور حیوان ہے -
خوگیر ف عادی جسکو کسی بات کی
خو پڑی ہوئی ہو -
خول ع چھلکا - اوپر کا غلاف
خون ف لہو -
خونریز ف خونی - خون ڈالنے والا -
خونی ف جو شخص کسیکو قتل کر ڈالے
خونین ف خون سے لتھڑا ہوا - خونی
خوی ف پسینا حیوان کا - عرق بدن کا
خوید ف درخت گندم یا جو کا جو سبز ہو
خویش ف آپ اپنا - اہل - قبیلہ
خویشان ف اپنے رشتہ دار اپنے -
خویشاوند ف اپنے لوگ -

خویشتن ف آپ
خویشی ف اپناپن - قرابت -
خوئیدن ف خو پکڑنا -
خہے ف کلمہ تحسین کا مرکب - خہ - اور ی
سے یعنے مرحبا - بارک اللہ - آفرین -
خہ ف خوش - خوشا کلمہ تحسین کا ہے
خی ف پھال پانی کی جو سقوں کے
پاس ہوتی ہے -
خیابان ف چمن - کیاری
خیار ع ایک قسم کی ترکاری جسکو کچا
اور خام کھاتے ہیں - کھیرا -
خیاشیم ع پردہ ناک کی جمع ہے خیشوم کی
خیاط ع سوئی اور سوزن -
خیاط ع درزی -
خیط ع رشتہ دھاگا - ڈورا -
خیاطت ع کپڑا سینا - درزی کا کام کرنا
خیال ع ایک صورت جو بیداری میں
تصور کرے یا خواب میں دیکھے
خیالات ع جمع خیال کی -
خیام ع جمع خیمہ کی - ڈیرے - تنبو
خیانت ع دغل - ناراستی - امانت
میں چوری کرنا -
خیبت ع ناامیدی - ناراس
سے بے آس ہونا -
خیر ع نیکی - بھلائی -

خیرات ع جمع خیر کی -
خیر باد ف یہ کلمہ بوقت رخصت کے کہتے ہیں
مجازاً بمعنی رخصت سفر کے بولا جاتا ہے
خیر خواہ ف بھلائی چاہنے والا -
خیرگی ف حیرت - بیحیائی - سرکشی
دلیری - شوخی - تعجب -
خیریت ف نیکی - بھلائی - خیر و
عافیت - کسل -
خیرہ ف سست رہ کے - پریشان ہونا کے
خیرہ ف آنکھوں کے سامنے جو غبار
ہو جاوے - شوخ چشم - بے شرم - بیہودہ بیحیا
سرکش - شجاع - دلیر - حیران - سرگشتہ
خیز ف اوٹھ -
خیزیدن ف آہستہ کسی جگہ داخل ہونا
اوٹھنا - کھڑا ہونا -
خیسیدن ف بھگونا - بھیگنا -
خیسانیدن ف ترکرنا - بھگونا -
خیشوم ع ناک کے نتھنوں کی ہڈی -
خیط ع دھاگا - ڈورا - سوت -
خیل ع سوار اور گروہ آدمیوں کا
گلہ گھوڑوں کا -
خیم ع جمع خیمہ کی - عادتیں - نیک
خوئیں یا بد خوئیں -
خیم ع خوطبیعت - عادت -
خیو ف تھوک - منہ کا پانی -

خیون ف گروہ - افواج - گھوڑے -
خیول ع گھوڑے - اور سواران
خیلے ف بہت زیادہ -

باب الدال

داء ع مرض - بیماری -
داب ع طریقہ - ڈھنگ - خصلت
دابہ ع رینگنے والا - زمین پر چلنے والا
چوپایہ وغیرہ جنپر سوار ہوتے ہیں یا
اونکو لادتے ہیں -
دابشلیم ف نام ہے راجہ ہند کا جو
بہت بڑا راجہ اور عادل تھا -
داج ع تاریک تاریکی اور بہت تاریک
داجن ع پوشیدہ کرنے والا - ابر
گھٹا - گھنگور -
داخل ع اندر آنے والا - اندرونی
داخلہ ع اندر آنیوالی - اندرونی عورت
داد ف انصاف - عدل - عطا - بخشش -
دادار ف حاکم - عادل - منصف - مرکب ہے
داد اور سے جوکہ کلمہ نسبت کا ہے -
دادر ف برادر - بھائی - دوست
دادک ف مخفف دادبیک کا ہے
بوڑھا غلام -
دادگر ف منصف -
دادا ف بوڑھی باندی جو مدت سے

اوس گھر کی کنیزک ہو -
دادن ف دینا -
دادنی ف قرض -
دار ع گھر - خانہ -
دار ف سولی -
دارا ف نام بادشاہ فارس کا
جس سے سکندر لڑا تھا - بادشاہ -
خدا تعالے - یعنے دارندہ - دولتمند
دارائی ف حکومت - بادشاہت
خدائی ایک قسم کا ریشمی کپڑا مشہور ہے
داربست ف لکڑی اور تختوں کی پاڑ
جنپر راج وغیرہ بیٹھکر کام عمارت کا
کیا کرتے ہیں - اور انگور - یا کسی اور
بیل کا ٹھٹر -
دارالآخرۃ ع قیامت
دارالامان ع امن کا مکان جہاں
پر لڑائی اور فساد نہو -
دارالامارت ع دارالسلطنت گورنمنٹ
کا صدر مقام -
دارالبوار ع گھر ہلاکت کا یعنے دوزخ
دارالحرب ع وہ جگہ جہاں پر ہندا
کی عبادت کرنے کی ممانعت
کیجاوے - ملک کفار -
دارالسلام ع گھر سلامتی کا - نام بہشت
دارالخلافت ع راجدھانی - دارالسلطنت

بادشاہ کے رہنے کا شہر

دار السلطنت ع گورنمنٹ کا صدر مقام پادشاہ کے رہنے کی جگہ

دار الشفا ع اسپتال۔ جہاں بیماروں کا علاج ہوتا ہے۔ دواخانہ۔

دار الصفا ع خانہ کعبہ

دار الضرب ع جس جگہ پیسے یا روپیہ یا اشرفی پر سکہ لگاتے ہیں۔ ہندی ٹکسال

دار الفنا ع دنیا۔ زمین۔

دار العدالت ع کچہری

دار العیار ع وہ مقام جہاں پر کھوٹا اور کھرا اندر پرکھا جاوے۔

دار القضا ع کچہری جج کی۔

دار القرار ع بہشت۔ جنت۔

دار الملک ع حکومت کا صدر مقام جیسے لندن ہے جیسے جہاں پر پادشاہ رہتا ہو

دارچینی ف دال چینی۔ دارچینی۔

دار النعیم ع ناز و نعمت کا گھر مراد بہشت

دارع ع زرہ پہنے ہوئے۔ زرہ پوش

دار فلفل ع پیپلیں مشہور دوا ہے

داروغہ ف افسر سپاہیونکا محافظ

دارو ف دوا۔

دار و گیر ف مار و حکومت۔ ریاست اور لڑائی جنگ۔

دار ششدر ف دنیا

دار مدار ف ٹھہراؤ۔ اقرار

دارین ع دنیا۔ اور دین دونوں جہان دنیا اور قیامت

داس ف درانتی۔ گھاس کاٹنے کا آلہ ہوتا ہے

داستان ف کہانی۔ قصہ۔

داشتن ف رکھنا

داعی ع بلانیوالا طلب کرنیوالا۔

داعیہ ع بلانے والی عورت۔

داغ ف دھبہ

دافق ع کودنے والا اور چھلنے والا

دال ع دلالت کرنیوالا۔ راہ دکھلانیوالا

دالان ف بڑا کمرہ

دام ف جال پھندا اور جانور صحرائی جو گھاس کھاتے ہیں جیسے ہرن وغیرہ

دام ع ہمیشہ ہو جیو۔ ۴

داماہ ع دریا۔ سمندر۔

دامگاہ دیو ف دنیا

داماد ف جوائی۔ بیٹی کا خاوند۔

دامان ف دامن۔

دامع ع اشک ریز۔ آنسو بہانے والا۔

دامغ ع سر توڑنے والا۔

دامن ف آنچل۔ انگرکھے کے لٹکتے ہوئے آنچل۔

دامن شب ف آخر شب پچھلی رات

دانا ف عقلمند۔ دانندہ۔

دانائی ف عقل۔ دانش

دانستہ ف جانکر۔ جان بوجھکر جانا ہوا۔

دانستن ف جاننا۔

دانش ف عقل۔ دانائی۔

دانق معرب دانگ کا۔ چھ رتی وزن

دانگ ف چھ رتی کا وزن

داو ف فریب۔ جیتنا۔ قمار میں یہ لفظ خواہ پختہ ہو یا کچی۔

داؤد ع نام ہے سلیمان علیہ السلام کے باپ کا جنکی کتاب زبور مشہور ہے۔

داور ف یہ اصل میں دادور تھا دال ثانی واسطے تخفیف کے حذف ہوئی

داد ف حاکم۔ انصاف والا

داہیہ ع سختی زمانہ کی بلا مصیبت حادثہ۔

دائر ع پھرنیوالا۔ تقسیم جبر۔ اور اصل

دائرہ ع وہ سطح مستوی گول ہے جو محیط ہو ایک گول خط سے جسکے بیچوں بیچ ایک نقطہ ہو اور اس سے جو خط نکلیں سب آپس میں برابر ہوں۔ حلقہ۔

دائم ع ہمیشہ۔

دائن ع قرض دینے والا

دائما ع ہمیشہ۔ ہر وقت۔

دائمی ع ہمیشہ۔ ہر لحظہ۔ ہر وقت

دایہ ف وہ عورت جو بچہ کو پرورش کرتی ہے

دباغت ع چمڑے کو پکانا۔ پاوست کرنا۔ اور پاک کرنا۔
دبدبہ ف تپ تاپ۔ ڈھول کی آواز
دبر ع پشت پیچھا ہر شے کا۔ پچھلا حصہ
دبستان ف مکتب۔ مدرسہ اصل اسکی ادبستان ہے۔
دبقی ف کپڑا۔ دیبا۔ یعنی دیبق جو ایک شہر مصر میں ہے اوسکا کپڑا۔
دبیب ع آہستہ چلنا۔ زمین پر
دبیر فلک ف عطارد ستارہ
دبیر ع کاتب۔ منشی۔ نویسندہ۔
دبیز ع موٹا۔ دلدار
دثار ع وہ کپڑا جو دوسرے کپڑے کے اوپر پہنا جاتا ہے مثلاً جبہ یا چادر وغیرہ۔
دجال ع مخالف حضرت عیسیٰ کا
دجاجہ ع مرغی
دجلہ ع نام ایک ندی کا جو بغداد کے نیچے بہتی ہے۔
دخان ع دھواں
دخت ف مخفف دختر کا۔ لڑکی بیٹی
دختر ف لڑکی بیٹی
دخترک ف چھوٹی لڑکی بیٹی۔
دختر اندر ف دختر دوسری ماں کے پیٹ کی یا دختر دوسرے باپ کی نسل کی
دخل ع آمد آمدنی۔ اندر آنا گھسنا اپنا۔ تصرف کرنا۔
دخول ع گھسنا۔ اندر جانا۔ گھس پڑنا
دخیل ع دخل دینے والا۔
دد ف درندہ جانور جیسے شیر بھیڑیا
در ف اندر۔ بیچ میں۔
دُر ع موتی۔ جوہر
دراۃ ف گھنٹہ گھنٹالا زنگولہ جرس انیا
دراج ع تیتر۔ پرند مشہور ہے جو اکثر جھاڑیوں میں ملتا ہے
دراز ف لمبا۔
درازشدن ف سونا۔ لیٹ جانا۔
درازدستی ف ظلم۔ اور بے انصافی
درازنفسی ف بہت کہنا۔ کلام کو طول دینا
درازگوش ف گدھا۔
درافتادن ف کسی شخص کے ہمراہ کسی بات میں بحث کرنا۔ باہم جھگڑنا۔
درام ف سیہہ۔ ساہی خاردار جانور ہوتا ہے
درآمدن ف آنا۔ اندر آنا۔
درآویختن ف لٹکنا۔ اٹک جانا۔
دراہم ع جمع ہے درہم کی۔
درایت ع دانائی۔ عقل۔ دانش۔
درباب ف بابت۔
درباختن ف ہار دینا۔
دربار ف کچہری۔ بادشاہی۔
دربارہ ف بابت۔
دربان ف دروازہ کا چوکیدار۔
دربدر ف ایک دروازے سے دروازے پر جانا۔
دربند ف پل دریا کا۔ بندر۔ فاصلہ
دربیلا گر۔ نام قلعہ اور قلعہ کا درو
درپیش ف سامنے۔
درج ع داخل کرنا۔ لپیٹنا کاغذ کا
درج۔ درجات ع جمع درجہ کی
درج ع ڈبہ جس میں زیور وغیرہ رکھتے ہیں
درجہ ع رتبہ۔ اور تین سو ساٹھواں حصہ
درخش ف بجلی۔ روشنی۔
درخشان ف چمکتا ہوا۔ جگمگاتا
درخشیدن ف چمکنا۔ اور روشنی
درخور ف لائق۔ سزاوار۔
درخواست ف خواہش۔ عرض
درد ف دکھ۔
دُرد ف تلچھٹ۔ گاد۔
دردمند ف دکھی۔ دکھ والا
دردا ف افسوس۔
دُرر ع جمع دُرّہ کی یعنی موتی مروارید
درز ف شگاف ٹھہر۔
درزن ف سوئی۔
درزی ف سینے والا۔
درساعت ف فی الفور۔
درس ع سبق پڑھنا۔ کہنہ کرنا
درست ف ٹھیک۔ چست۔ واجب

دست ... ہاتھ - قاعدہ جمع ... ہو

قدرت - طرز - روش - قاعدہ ایک چیز

تمام - دفعہ - وزیر -

دست افزار ف ہتھیار - کاریگر کا -

دستار ف پگڑی - رومال -

دستارخوان ف دسترخوان

جسپر کھانا رکھکر کھاتے ہین -

دست انداز ف لٹیرا - ظالم -

دستان ف جمع دست کی بہت ہاتھ اور

رستم کے باپ کا نام ہے - اور فریب - مکر

حیلہ - اور گیت - اور نغمہ - حکایت - کہانی

دستانہ ف غلاف ہاتھ کا -

دست آویز ف سند جس سے اپنا

مطلب ثابت کر سکین -

دست برد ف مال لوٹ - بازی

قدرت - دلیری - غلبہ - فتح -

دست بسر ف متحیر - افسوس کرنیوالا

سلام کرنا -

دست برنجن ف کڑے جو ہاتھ

مین پہنتے ہین -

دست بستہ ف بخیل کنجوس - نماز گذار

دست بقچہ ف گٹھری کپڑون کی

دست پناہ ف لوہے کا آلہ جس سے

آگ پکڑتے ہین -

دستخط ف نشان کرنا اپنے نام کا

دسترس ف پہنچ - قدرت - توانگری

دستک ف تالی - ہاتھ پہ ہاتھ مارنا -

دستکار ف کاریگر - ہاتھ کا چالاک -

دستکاری ف کاریگری -

دستگاہ ف قدرت - جمعیت - سامان

دستمال ف وہ رومال جس سے ہاتھ

پونچھتے ہین - صافی - زبون - قیدی

دست مرد ف یار و مددگار -

دست مزد ف اجرت - اجر مزدوری کا

مزدور کی یا مدد کا -

دستنبویہ ف گلدستہ سونگھنے کا

خوشبو یا میوہ جو سونگھا جاوے -

دستور ع وزیر منشی - رخصت -

اجازت - صاحب مسند - قاعدہ -

دستہ ف قبضہ چھری یا تلوار وغیرہ

کا یار و مددگار گروہ آدمیون وغیرہ کا

دستیار ف مددگار - مدد کرنے والا

شاگرد - زیردست -

دسم ع چربی - دسم - چرب -

دشت ف صحرا - بیابان -

دشوار ف مشکل کٹھن -

دشمن ف بیری - حریف -

دشمن کام ف وہ شخص جو سبب

مراد دشمنو نکے خراب اور ذلیل ہو -

دشنہ ف کٹاری خنجر کی قسم

دشوار ف مشکل - جو آسان نہو -

دعا ع مانگنا - خواہش کرنا -

دعات ع جمع داعی کی جو ... وے

دعائم ع ستون عمارت کے ... تخت

کی جمع دعامہ کی ہے -

دعوی ع جو چاہا جاوے - خواہش

دعوت ع بلانا واسطے کھانا دینے کے

دغا ف فریب -

دغاباز ف فریبی -

دغدغہ ف خوف تشویش خادار - دھڑکا

دغل ع فریب کھوٹ - عیب - فساد

دف ع ڈھپڑی - بجانے کی -

دفالی ع سازندہ - کلاونت - ڈوم

دفاتر ع جمع ہے دفتر کی - مجموعہ

کواغذات کا -

دفائن ع جمع دفینہ کی مال مدفون

دفتر ع مجموعہ کواغذات کچہری کا

دفتین ع شانہ جو لاہہ کا - اور

پٹھے کتاب کے مقوے -

دفتی ف پٹھہ کتاب کا -

دفع ع دور کرنا - ہٹانا -

دفعتاً ع ایکبارگی - ایکدفعہ -

دفعات ع جمع دفعہ کی -

دفعہ ع ایکبار -

دفق ع ڈالنا - پانیکا بہی ڈالنا -

اوچھلنا پانی کا۔
دفینہ ع گڑا ہوا مال۔
دق کوٹنا آٹا۔ بنا دینا۔
دق ع باریک اور باریک ہونا۔
دقاق ع جمع ہے دقیق کی باریکیان
دقائق ع جمع ہے دقیقہ کی مشکل اور
باریک اور لطیف چیزین۔
دقت ع باریکی۔ مجازاً تکلیف۔
دقیق ع باریک مجازاً مشکل۔
دقیقہ ع باریک چیز اور اصطلاح مین
ساٹھوان حصہ درجہ کا۔
دکان ع ہٹی دوکان۔
دکاکین ع جمع ہے دکان کی۔
دکانچہ ف چھوٹی دکان۔
دوگانہ ف دو رکعت نماز دوسری چیز
دگر ف اور چیز۔ اور شخص
دگرگون ف اور طرح اور ہی طرح۔
دل ف من۔ دل۔
دلاسا ف دل لگی۔ تسلی۔
دلال ع راہ نمودن اور وہ شخص
جو سودا کرادے۔
دلالت ع راہ دکھانا۔
دلالہ ع راہ دکھلانیوالی عورت۔
اور کٹنی۔ اور نکاح کروانے والی۔
دلالی ع حق دلال کا۔ یا حق دلالہ کا

دلاور ف دل چلا آدمی۔ بہادر۔
دلاوری ف بہادری
دل جمع ف خاطر جمع۔ ڈھارس
دلاویز ف دلپسند۔ جو دل کو بھاوے۔
دلائل ع جمع ہے دلیل کی۔
دلبازی ف بے سوچ۔ شتابی کرنا
بے خوف خطرے مین پڑنا۔
دلپذیر ف دلپسند۔
دلبر ف معشوق۔
دلبری ف معشوق پن۔
دلبستہ ف دل لگا ہوا۔
دلبستگی ف دل کا لگنا۔ علاقہ دل کا
دلبند ف دل کا ٹکڑا۔ مجازاً فرزند۔
دلپسند ف وہ شی جو دل کے پسند ہو
دلتنگ ف بخیل۔ کنجوس۔
دلدار ف معشوق۔ پیاری۔ پیارا۔
دلدل ع نام اوس مادہ خچر کا ہے
جو سفید بسیاہی مائل تھی اور حاکم سکندریہ
نے پیغمبر خدا کو دی تھی اور اونھون نے
حضرت علیؑ کو بخش دی تھی۔
دلدوز ف دل مین گھس جانے والا۔
دلخستہ ف رنجیدہ دل چھلا ہوا
دلربا ف معشوق۔ محبوب۔
دلفین ع ایک قسم کی مچھلی ہوتی ہے
دلق ع گدڑی۔ پشمینہ کا لباس جو

فقیر پہنتے ہین۔
دلک ع ملنا۔ بدن کا رگڑنا۔
دلو ع ڈول۔ بوکا۔
دلیرانہ ف دلیر کے مانند۔
دلیر ف دل چلا۔ چالاک۔
دلیل ع راہ دکھلانیوالا۔ وجہ ثبوت
دمادم ف پدرپے دمبدم۔ ہر ہر پل
دمار ف کنتر لاک جس چیز کی آدمی کو
حاجت ہو اپنی زندگانی مین۔ دھوان
سانس۔ دم
دماغ ف سفز کا گودا۔ تکبر و غرور
دمان ف وقت اور زمانہ اور غل کرنا
ہوا خوشی یا غصہ مین تند و تیز
دمامہ ف نقارہ۔ دھونسا۔ اور نفیری
دمامیل ع جمع ہے دمل کی۔
چھوٹے پھنسیان۔
دمبدم ف ہردم۔ ہر ساعت لمحہ
دمباز ف فریبی۔ دغاباز۔
دمدمہ ف مکر و فریب نقارہ ڈھول
شہرت۔ چار دیواری جو قلعہ کے گرد ہوتی
ہے اور لڑائی مین جو مورچال بناتے ہین۔
دمع ع آنسو آنکھون سے پانی ڈالنا۔
دمل ع پھوڑا۔
دمنہ ع نام ایک گیدڑ کا ہے جسکا ذکر
انوار سہیلی اور کلیلہ دمنہ مین مذکور ہے۔

دموع ع جمع ہے دمع کی آنکھ کے آنسو
دُم ف پونچھ جانور کی
دم ع خون لہو
دموی ع خونی خون کا منسوب بہ خون
دمیدن ف اوگنا طلوع کرنا پھونکنا
دنانیر ع جمع ہے دینار کی
دنبال ف پیچھا اور دُم جانور کی
دنباله ف پیچھا
دنبل ف پھوڑا
دنبه ف مینڈھا
دندان ف دانت
دندانه ف دندانہ دانت
دنگ ف حیران
دنگل ف کشتی کرنے کی جگہ لڑائی کا مقام
دنی ع ناکس نالائق
دنیا ع جہان یہ جہان
دنیوی ع دنیا کا
دو ف دو لیجئے (۲)(۲)
دوا ف دارو
دواب ع چوپائے مثل گھوڑے گدھے اونٹ وغیرہ کے
دوات ف وہ برتن جسمین سیاہی لکھنے کی رکھکر لکھا کرتے ہین
دوادو ف ہرطرف دوڑنا پھرنا

دوار ع بہت پھرنیوالا دور کرنیوالا
دوازده ف بارہ لیجئے (۱۲)(۱۲)
دوازدهم ف بارھوان حصہ (۱۲)
دواعی ع جمع داعی کی خواہش سے بلانے والے باعث موجب
دوال ع تسمہ چمڑے کا
دوام ع ہمیشگی
دوان ف دوڑتا ہوا دوڑتا
دوانیدن ف دوڑانا
دواوین ع جمع دیوان کی کتابین دفتر
دوائر ع جمع ہے دائرہ کی
دوباره ف دو دفعہ
دوبالا ف دوگنا
دوپیازه ف وہ گوشت جسمین پیاز ڈالکر پکاتے ہین
دوتا ف کبڑا
دوتاه ف دوگنا
دوچار ف ملاقات مقابل
دوچند ف دوگنا مضاعف
دوجهان ف دنیا اور دین
دوحه ع ف درخت
دخت ف کنواری دوشیزہ لڑکی
دوخت ف سلائی سینا
دوختن ف سینا

دود ف دھوان غم رنج سالن
دوده ع کیڑا مکوڑہ
دودالحریر ع ریشم کا کیڑا کرم ریشم
دودکش ف چمنی جس سوراخ مین ہوکر دھوان نکلے
دودمان ف خاندان قبیلہ کنبہ
دودله ف جو شخص مذبذب ہو دوچتا ہو دھکڑ پکڑ مین ہو
دوده ف کاجل
دور ع گردش گول ہونا ایک شے کا اوسی کے نفس پر ٹھہرنا
دور ف بعید
دورباش ف نام ایک نیزہ دوشاخہ کا ہوتا ہے جسکو دیکھکر لوگ ہٹ جاتے ہین اور بادشاہ کی سواری کے آگے اوسکو لیکر چلتے ہین
دوران ع گردش دوران پھراؤ
دوراندیش ف جو شخص دور کی بات سوچتا ہو
دوربین ف ایک اوزار ہے جس سے دور کی چیز نزدیک دکھلائی دیتی ہے
دوره ع گردش دورہ پھراؤ گشت گرد اگرد پھرنا
دوزخ ف جہنم نرک
دوست ف یار پیارا محب

دوستی ف یاری - پیار
دوست کام ف وہ شخص ہے جسکا
مطلب حسب مراد دوستونکے حاصل ہو
دوسہ ف دو تین
دوش ع مونڈھا اور رات گذری ہوئی
دوشہ ف وہ برتن جسمین دودھ دوہتے ہین
دوشا ف وہ چوپایہ جسکا دودھ
دوہتے ہین مثلاً گاے بھینس وغیرہ -
دوشاب ف رس انگور کا یا
چھوہارے کا رس جسپر دو رات گذر
جاوین یہی وجہ تسمیہ ہے -
دوشاخہ ف اوس لکڑی کو کہتے ہین
کہ جسمین دو شاخ ہون اوسکو مجرمون اور
گناہگارونکی گردنپر رکھا کرتے ہین -
دوشنبہ ف پیر کا دن -
دوشندہ ف دوہنے والا دودھ کا
دوشیدن ف دوہنا
دوشیزگی ف کنوارپن چیرا بندھا ہونا
دوشیزہ ف چیرہ بند - کنواری -
دوغ ف چھاچھ - مسکہ نکلا ہوا دودھ
دوک ف تکلا کاتنے کا -
دوکدان ف چرخہ
دوگان ف دوگنا -
دوگانہ ف دو رکعت نماز کی
دول ع جمع دولت کی -

دولاب ع چرخ - رہٹ -
دولت ف زر
دولت ف ع سلطنت - حکومت
گردش زمانہ کی - نوبت - غنیمت - غلبہ
دولتمند ف صاحب حکم - روپیہ والا آدمی
دوم ف دوسرا -
دومغز ف بادام -
دون ع سواے - اور غیر - کمینہ سفلہ
دونان ف کمین لوگ - اوچھے لوگ -
دونیم ف دو حصے برابر ایک شے کے
دوی ع ہوا کے چلنے کی آواز -
دویدن ف دوڑنا
دویست ف دوسو (۲۰۰) م
دہ ف دس یعنے (۱۰) (ے)
دہ ف دے - اور گانون
دہات ف جمع ہے دہ کی یعنی گانون -
دہاقین ف جمع ہے دہقان کی یعنی
گنوار لوگ -
دہان ف منہ
دہانہ ف موہانہ دریا وغیرہ کا -
دہانیدن ف دلوا دینا -
دہائی ف دسوان رتبہ عدد کا
دہر ع زمانہ -
دہری ع وہ شخص جو زمانہ کو خدا
تصور کرتا ہے -

دہش ف انعام دینا - بخشش
دہشت ف خوف - حیرت - پریشانی
دہقان ع گنوار -
دہقانیت ع گنوارپن -
دہل ع ڈھول -
دہلیز ف سرا گھر کا شروع مکان کا
دہم ف دسوان حصہ (۱/۱۰)
دہمت ع سیاہی -
دہن ف منہ
دہن ع تیل روغن
دہور ع جمع ہے دہر کی - زمانے
دہیز ع وہ اسباب و نقد جو لڑکی کو وقت
شادی کے باپ اوسکا دیتا ہے -
دی ف پچھلا دن - گذرا ہوا -
دیار ع جمع دار کی گھر - اور مجازاً ملک اور شہر
دیان ع بدلا دینے والا نام ہے خدا کا
دیانت ع دینداری - اور راستی
دیبا ع ایک قسم کا ریشمی کپڑا -
دیباچہ ہے چہرا - شروع - آغاز کتاب کا
دیت ع خون بہا - عوض خون کے روپیہ
دیجور ع اندھیری رات - اور اندھیری تاریک
دیدار ف شکل - چہرا - بینائی - دیکھنا -
دیدان ع جمع دود کی - کیڑے -
دیدبان ف وہ سوراخ جسمین نشانہ
کو دیکھین -

دیدن ف دیکھنا۔
دیر ف بتخانہ۔مندر۔
دیروز ف کل کا روز گذشتہ
دیرینہ ف پورانا۔
دیشب ف کل کی رات جو گذر گئی
دیک ع مرغ خروس۔
دیگ ف ہنڈیا۔دیگچی۔
دیگچہ ف ہنڈیا۔چھوٹی ہنڈیا۔
دیگدان ف چولھا۔
دیگر ف اور۔دوسرا۔
دیمک ف کرم مشہور ہے۔
دین ع مذہب۔پنتھ۔
دین ع قرض وام۔ادھار کا روپیہ
دینار ع نام ہی ایک سکہ کا۔اڑھائی روپیہ کا۔
دینار سرخ ف سکہ سونے کا۔
دیو ف بھوت۔جن۔
دیوار ف دیوال۔بھیت
دیوان ف ع کچہری۔دار العدالت کتاب غزلون کی۔
دیوانگی ف پاگل پن۔دیوانہ پن
دیوانہ ف پاگل
دیوانی ف وہ کچہری جسمین نالش قرض و داد و ستد کی کیجاوے
دیوث ع بیغیرت۔بیشرم۔اور بھڑوا جسکی جورو کسب کرے۔
دیودار ف ایک پہاڑی درخت ہی جسکا مستول جہاز کا بنایا جاتا ہے۔
دیون ع جمع ہی دین کی۔قرض۔
دیبہ ف ریشم کا کپڑا۔کرم ریشم
دیہ ف گانون۔
دیہیم ف تاج بادشاہی

باب الذال

ذا ع وہ مرد۔اسم اشارہ ہی مفرد مذکر قریب کے واسطے۔
ذابح ع ذبح کرنیوالا حلال کرنیوالا۔
ذات ع صاحب۔مالک حقیقت ہر شے کی۔
ذاکر ع ذکر کرنیوالا۔یاد کرنے والا۔
ذاہل ع بھولنے والا۔بھولکڑ۔
ذائب ع گلنے والا۔پگھلنے والا
ذائق ع چکھنے والا۔
ذائقہ ع مزہ چکھنے کی قوت جو زبان مین ہے۔
ذب ع ہنکا دینا۔
ذبح ع گلا کاٹنا جانور کا شرعی طور پر
ذبول ع لاغری۔پژمردگی۔
ذبیح ع وہ جانور جو ذبح کیا جاوے۔
ذخائر ع جمع ہی ذخیرہ کی خزانے گودام
ذرات ع جمع ہے ذرہ کی۔
ذرع ع ہاتھ کی حساب سے پیمایش کرنا۔
ذروہ ع کنگرہ۔کنگورہ۔
ذریت ع اولاد۔نسل۔
ذریعہ ع وسیلہ۔واسطہ۔وسیلہ آویز
ذقن ع ٹھوڑی۔
ذکا ع ذہانت اور نام سورج کا۔
ذکر ع یاد۔یاد داشت
ذکر ع آلہ تناسل۔مرد۔
ذکور ع جمع ذکر کی بہت سے مرد۔
ذکی ع ذہین۔تیز فہم۔
ذلالت ع ذلیل ہونا۔
ذلق ع تیز زبانی۔اور بے آرام ہونا
ذلیل ع خوار بے عزت۔
ذم ع ہجو کرنا۔برائی کرنا۔ہجو۔
ذمام ع باگ۔
ذمائم ع جمع ذمیمہ کی۔برائی شرارت بدی۔بد چیز
ذمہ ع ضمانت۔عہدہ۔پیمان۔
ذمی ع اہل کتاب جسکو مسلمانون کے ملک مین پناہ دیگئی ہو۔جزیہ گزار۔
ذمیم ع بد اور خراب چیز۔زشت۔
ذنب ع دم۔پونچھ۔
ذنب ع گناہ۔
ذنوب ع جمع ہے ذنب کی۔

ذوات ع جمع ہے ذات کی-
ذوبان ع گلنا-پگھلنا-
ذوالجلال ع صاحب شوکت-اور صاحب عزت و دبدبہ والا
ذوالحجہ ع بارھوان مہینا قمری مسلمانون کا
ذوفنون ع وہ شخص جو کئی فن جانتا ہو جسکو کئی طرح کے علم آتے ہون
ذوالفقار ع نام ہے اوس تلوار کا جو حضرت علی کی تھی-
ذوالنون مصری ع ایک فقیر کامل کا نام ہے-
ذوالقربا ع رشتہ دار لوگ
ذوالقعدہ ع گیارھوان مہینا قمری مسلمانون کا
ذوق ع چکھنا قوت چکھنے کی مزہ چکھنے کا-
ذہاب ع جانا گذرنا-
ذہب ع سونا-زر-
ذہن ع فہمیدگی-زیرکی-
ذہول ع بھول جانا-
ذہین ع وہ شخص جسکا ذہن تیز ہو
ذی الحجہ ع بارھوان مہینا قمری مسلمانون کا-
ذیب ع بھیڑیا-گرگ-
ذیل ع دامن-
ذیول ع جمع ہے ذیل کی

باب الرا

را ف یہ حرف علامت مفعول کی ہے اور کبھی واسطے کے معنے مین آتا ہے مفصل حال گرامر مین دیکھنا چاہیے-
رابح ع فائدہ اوٹھانیوالا-سودمند فائدہ بخش-
رابط ع ربط دینے والا-ملانے والا-
رابع ع چوتھا-
رابعہ ع چوتھی عورت-اور نام ایک مشہور پارسا عورت کا ہے بسبب اسکے کہ وہ چوتھی لڑکی اپنے باپ کی تھی اسلیے یہ نام اوسکا ہو گیا تھا-
راتب ع ہر روز کا معمول خوراک روزانہ
راجح ع افزون غالب-فائق-بہتر
راجع ع رجوع کرنے والا-واپس ہونے والا-
راجی ع امیدوار-
راح ع شراب-شاد ہونا-خوشی
راحت ع آرام-آسائش اور ہاتھ کی ہتھیلی+
راحل ع کوچ کرنے والا
راحلہ ع سواری کا جانور-ستور بارکش
راحم ع مہربانی کرنے والا-
رادع ع ہٹا دینے والا-روکنے والا
رادف ع ایک سوار کے پیچھے جو دوسرا سوار ہو اوسکو کہتے ہین-
راز ف بھید-پوشیدہ بات
رازدان ف بھید کا جاننے والا
رازق ع رزق دینے والا-
رازیانج معرب بادیان-سونف-
راس ع سربلندی کسی چیز کی-
راس الجدی ع وہ نقطہ جہان سورج کے پہونچنے سے جاڑا شروع ہوجاتا ہے
راس السرطان ع وہ نقطہ جب اوسپر سورج پہونچتا ہے تو گرمی شروع ہوجاتی ہے-
راس المال ع سرمایہ تجارت کا جسپر خرچ کیا جاوے-
راست ف درست-دہنا ہاتھ وغیرہ نیز نام ایک مقام موسیقی کا ۲ استقامت
راست باز ف سچا-
راستاد ف تنخواہ-
راستی ف درستی-صدق-سچائی
راسخ ع استوار-مضبوط-
راسو ف نیولا-نیول مشہور جانور ہے جو سانپ کا دشمن ہے-
راشد ع ہدایت یافتہ-رشد یافتہ

راضی ع خوش ہونا - شاد -
راعی ع نگہبان - والی - حاکم - چرواہا -
راغب ع رغبت کرنے والا -
رافت ع مہربانی -
رافضی ع منسوب بہ رافضہ -
رافضہ ع اوس گروہ کو کہتے ہین جو اپنے سردار کو چھوڑ دین -
رافع ع بلند کرنے والا -
راقب ع منتظر - انتظار کرنے والا
راقم ع لکھنے والا
راقی ع منتر باز - جادوگر -
راقص ع ناچنے والا - اور نام ایک ستارہ کا ہے جو اژدہا فلک کے منہ مین ہے
راکب ع سوار -
راکع ع جھکنے والا خدا کے سامنے گھٹنوں پر ہاتھ رکھکر جھکنے والا -
رام ف تابعدار - فرمانبردار - ہلاملا
رامح ع نیزہ دار - نیزہ مارنے والا -
رامش ف نغمہ - سرود - راگ -
رامی ع تیر انداز
ران ف جانگھ - ران -
راندن ف ہانکنا - چلانا -
راوی ع کہانی کہنے والا - روایت کرنے والا - سیراب ہونے والا -
راہ ف رستہ - راہ -

راہب ع زاہد - گوشہ نشین ترسائیون کا پادری -
راہبر ف راہ بتلانے والا -
راہ بریدن ف سفر کرنا -
راہ دادن ف اجازت دینا منظور کرنا
راہدار ف نگاہبان راہ کا چوکیدار - سڑک کا چوپر کو بھی کہتے ہین -
راہداری ف چوکیداری راہ یا سڑک کی
راہن ع گرو رکھنے والا کسی چیز کا -
راہنما ف راہ دکھلانے والا
راہوار ف رفتار گھوڑے کی ہے اور گھوڑے کو بھی کہتے ہین
راہی ف مسافر - راہ چلنے والا -
رائے ف عقل - تجویز - خیال - دانائی -
رایات ع جمع رایت کی -
رایت ع نیزہ - علم لشکر کا -
رائج ع جاری - جو شے پھیلی ہوئی ہو -
رائحہ ع بو - خوشبو - سوگندہ -
رائق ع پانی جاری - اور صاف صاف و لطیف شے -
رایگان ف مفت و بیعوض - ضائع -
رب ع پروردگار - پالنے والا - خدا تعالیٰ
ربا ف لیجانے والا -
ربا ع بڑھنا - زیادہ ہونا - سود -
رباب ع نام ایک ساز مشہور ہے
رباط ع سرائے - مسافرخانہ -

رباعی ع چار مصرع جو اوزان مخصوص پر ہوں -
ربنا ع اے پروردگار ہمارے -
ربانی ع منسوب بہ رب -
ربائیدن ف اوچک کر لیجانا -
ربح ع نفع - سود - فائدہ - جو تجارت مین ہوتا ہے -
ربط ع لگاؤ - علاقہ -
ربع ع چوتھائی (۱/۴)
ربع مسکون ع جو چوتھائی زمین جو انسان سے آباد ہے -
ربقہ ع حلقہ - رسی کا - رسی -
ربوبیت ع پروردگاری - خداوندی - خدائی -
ربودن ف اوچک لینا - بزور لیجانا
ربوہ ع تودہ - اونچی - زمین - ٹیلا -
ربیب ع پلا ہوا لڑکا - پہلے خصم کے تخم کا لڑکا -
ربیبہ ع وہ لڑکی جو اگلے خاوند کے تخم کی ہو اور دوسرے خصم کے گھر مین ہمراہ اپنے جو کوئی عورت لے آوے
ربیع ع موسم بہار - جیٹھ و بیساکھ
ربیع الآخر ع چوتھا مہینا قمری مسلمانوں کا
ربیع الاول ع تیسرا مہینا - قمری مسلمانون کا -

رتبہ ع درجہ - مرتبہ -
رتق ع باندھنا -
رجا ع امید - بھروسا - امید کرنا -
رجال ع جمع ہے رجل کی مردمان -
رجب ع ساتوان مہینا قمری مسلمانونکا -
رجز ع نام ایک بحر کا ہے ۱۹ بحرون شعر سے
اوسکا وزن چھہ دفعہ مستفعلن ہے
رجع ع لوٹنا پھرنا - واپس ہونا -
رجعت ع بازگشت - اور بازگشت مرد
کی طرف عورت مطلقہ کے -
رجل ع مرد -
رحی ع چکی - آسیا -
رحلت ع کوچ - کوچ کرنا -
رحم ع مہربانی کرنا -
رحم ع بچہ دان -
رحمان ع مہربانی کرنے والا -
رحمت ع مہربانی - دیا -
رحیل ع کوچ -
رحیم ع مہربانی کرنے والا -
رخ ف منہ - رو - چہرہ -
رخام ع سنگ سفید اور نرم جو سنگ مرمر
سے اول قسم ہوتا ہے انگریزی مین
اسکو الیباسٹر کہتے ہین -
رخت ف اسباب - سامان -
رخسار ف گال - گلہ

رخشان ف چمکتا ہوا روشن -
رخشیدن ف چمکنا -
رخصت ع چھٹی -
رخنہ ف سوراخ دیوار کا - سوراخ -
رد ع نہ ماننا -
ردا ع چادر - چدر
ردایت ع زبون ہونا - فاسد ہونا
ردی ہونا -
ردی ع بگڑا ہوا - ناقص - زبون -
ردیف ع وہ شخص جو ایک گھوڑے پر
کسی سوار کے پیچھے سوار ہوا اور وہ لفظ
جو مکرر مصرعات کے اخیر مین آوے
رذل ع فرومایہ - کمینہ -
رذیلہ ع نالایقی - فرومایہ پن کمینگی
رز ف درخت انگور کا - انگور -
رزاق ع رزق دینے والا - خدا تعالی -
رزانت ع گرانباری - بھاری پن
بھاری بھرکم ہونا -
رزایا ع مصیبتین جمع ہے رزیہ کی -
رزق ع خوراک - کھانا - روزی -
رزم ف جنگ - لڑائی [illegible]
رزمگاہ ف لڑائی کا میدان جنگ
کی جگہ -
رزین ع محکم - استوار آرام کیا ہوا -
[illegible] - گران قیمت -

رزیدن ف رنگنا -
رس ف پہونچ - پہونچنے والا -
رسا ف پہونچنے والا
رسالہ ع چھوٹی کتاب نامہ -
رسالہ ع دستہ سوارون کا -
رسان ف پہونچنے والا -
رساندن ف پہونچانا -
رسائی ف پہونچ -
رسائل ع جمع ہے رسالہ کی -
رست ف اگا - درخت کا اوگنا -
رستخیز ف قیامت -
رستگار ف خلاصی پانے والا -
رستن ف چھوٹنا -
رستن ف اوگنا -
رستنی ف گھاس - پات - درخت وغیرہ
رسد ف سزاوار غور کرنا - متوجہ ہونا حصہ
رسغ ع پہونچا ہاتہ کا -
رسل ع جمع ہے رسول کی -
رسم ع ریت - دنیا کی ریت -
رسم الخط ع لکھنے کی ریت -
رسمی ع رسم والی چیز - دستور کی بات -
رسمیات ع جمع ہے رسمی کی -
رسن ع رسی -
رسوا ف ذلیل - خوار -
رسوائی ف ذلت - خواری -

رقیع ع لگنا - منہ سے ...
رقوم ع جمع رقم کی -
رقیب ع نگاہبان پاسبان دشمن جو ایک معشوق پر عاشق ہوں - ایک دوسرے کا رقیب کہلاتا ہے -
رقیق ع پتلا - باریک -
رقیمہ ع لکھت - خط -
رکاب ع حلقہ لوہے کا جو زین کے دونوں طرف لٹکتا ہے - پیالہ شراب میں جیسا پیالہ دراز - ہشت پہلو اور ہوتا پیالہ دراز -
رکابدار ف باورچی -
رکابی ف برتن مشہور کا سے تھالی چھوٹا طباق -
رکاکت ع سستی ضعیفی - باریکی - بیعزتی -
رکبہ ع زانو - گھٹنا -
رکن ع ستون - کھمبہ -
رکوب ع سوار ہونا -
رکیدن ف خشم میں چمک کے پڑانا -
رکیک ع سست ضعیف -
رکین ع محکم - ...
رگ ف نا - نس -
رم ف بھاگنا -
رمہ ع ریوڑ بکریوں کا - گھوڑوں کا گلہ -

رماح ع جمع رمح کی نیزہ -
رماد ع راکھ - خاک -
رمال ع جمع رمل کی ریت جنگل کی
رمان ع انار - میوہ مشہور ہے -
رمانیدن ف بھگانا -
رمائم ع جمع رمیم کی - بوسیدہ - کہنہ
رمح ع نیزہ بھالا -
رمد ع بیماری آنکھ کی ہے سرخ ہونا سفیدی چشم کا -
رمز ع اشارہ - پوشیدگی -
رمضان ع عربی نام نویں مہینے قمری کا جس میں مسلمان روزہ رکھتے ہیں
رمق ع بقیہ جان - تھوڑی سی جان
رمل ع ریت - نام ایک علم کا ہے واکثر مروج عرب ہے -
رمنہ ف چراگاہ وہ مقام جہاں چرند چرتے پھرتے ہیں -
رموز ع جمع رمز کی -
رمیدن ف بھاگنا - وحشت کر کے بھاگ جانا -
رمیم ع بوسیدہ - کہنہ -
رنج ف تکلیف - دکھ -
رنجانیدن ف دکھ دینا رنجیدہ کرنا - خفا کرنا -
رنجش ف رنج - دکھ -

رنجور ف بیمار - اسکی اصل رنج ور ہے
رنجہ ف تکلیف - دکھ - رنج -
رنجیدن ف آزردہ ہونا -
رند ف منکر دانا - جو شخص عقل کے سبب منکر ہو جہل سے آزاد شرع سے بے قید آدمی - بیباک - دانا -
رندش ف وہ ریزے لکڑی یا تانبے وغیرہ دھات کے جو بسبب چھیلنے کے گرتے ہیں -
رندہ ف اوزار ہے جس سے بڑھئی تختہ وغیرہ لکڑی صاف کرتا ہے
رنگ ف اس لفظ کے ۳۲ معنی ہیں برہان قاطع میں مفصل لکھے ہیں اور عام معنے سب جانتے ہیں -
رنگریز ف رنگنے والا کپڑوں کا
رنگین ف رنگ کیا ہوا -
رو ف منہ - رخ - چہرہ - وجہ - سبب
روابط ع جمع رابطہ کی - باندھنے والی چیزیں - اسباب -
رواج ع عام - دستور -
رواحل ع جمع راحلہ کی - سواریاں
روا داشتن ف جائز رکھنا -
روافض ع جمع رافضی کی ہے -
رواق ع چھپر مکان کا -
روان ف جاری - بہتا ہوا -

رَوان ف جان۔
روایت ع کسی بات کی نقل کرنا کسیکی بات کہنا۔
روائح ع جمع ہے رائحہ کی۔ خوشبوئیں
روبان ف جھاڑو دینے والا۔ جھاڑتا ہوا۔
روباہ ف لومڑی مشہور جانور ہے
روباہ بازی ف فریب۔ مکر۔
روبرو ف سامنے۔
روبکار ف سامنا۔ وہ کاغذ جسمین فیصلہ لکھا جاوے روبرو حاکم کے۔
روبکاری ف روبکار۔
روپوش ف چھپا ہوا۔ جو شخص چھپ جاوے۔
روبہ ف لومڑی۔
روبیدن ف جھاڑو دینا۔ جھاڑنا۔
روح ع جان۔ بولنا۔
روحانی ع روح کا۔
روح الامین ع نام ہے جبرئیل فرشتہ کا
روح القدس ع وہ روح جو حضرت عیسے پر نازل ہوتی تھی۔
روح اللہ ع حضرت عیسےٰ۔
روح حیوانی ع حیوانات کی روح۔
روح نباتی ع نباتات کی روح۔
رود ف ندی۔ نہر۔ نالا۔

روداد ف کیفیت حال۔
رودادن ف واقع ہونا۔ ہوجانا ایک بات کا ظاہر ہونا۔
رودبار ف نہرین جہان پر بہت جاری ہون۔
رودہ ف تانت۔ انتڑی۔
روز ف دن۔
روزمرہ ف ہمیشہ ہر روز۔
روزنامہ ف وہ کتاب جسمین ہر روز کا حال لکھا جاوے۔ اور روزنامچہ۔
روزہ ف بھوکا پیاسا تمام دن رہنا اور واہیات نکرنا۔ برت۔
روزی ف رزق۔
روزینہ ف ہر روز کا خرچ جو روز مرہ ملتا رہے۔
روس ع جمع ہے راس کی بہت سے سر یا سردار۔
رؤسا ع جمع ہے رئیس کی سردار لوگ۔
روستا
روستائی ف دہقان۔ گنوار۔
روسیاہ ف کالا منہ۔ وہ شخص جو گنا ہگار ہو۔
روش ف طور۔ طریقہ۔ ڈھنگ۔ پٹری
روشن ف چمکتا ہوا۔
روشنی ف چمکنا۔ چمک۔

روضہ ع باغ۔ باغیچہ۔
روغن ف تیل۔
روگردانیدن ف منہ موڑنا۔ ہٹ جانا۔ پھیرنا
رومال ف وہ کپڑا جس سے منہ پونچھتے ہین۔
رونق ع چمک۔ زیبایش
روئیدن ف اوگنا۔ درخت کا جمنا
روئین ف دھات کا۔ کانسے یا پیتل کی شے۔
روی ف منہ۔ چہرا۔
رؤیا ع خواب۔ سپنا۔
رؤیت ع دیکھنا۔ نظر آنا۔
روئیداد ف حال حقیقت۔
رہ ف رستہ۔ راہ۔
رہا ف چھوٹا ہوا۔ آزاد۔
رہاندن ف چھوڑانا۔ رہائی دلانا
رہائی ف چھٹکارا۔
رہبان ع جمع ہے راہب زاہد نصاریٰ یا ترسا کا۔
رہبانیت ع جوگی ہونا۔ جورو نکرنا بسبب زہد کے۔
رہبر ف راہنما۔ ہادی۔
رہزن ف لٹیرا۔ جو رستہ مین لوٹتا ہو
رہگذر ف راہ عام۔ سڑک۔
رہن ع گرو۔ مال یا زمین کا گرو رکھنا

راہ نمائی ف راہ دکھلانے والا۔ پیر
راہوار ف گھوڑا فراخ قدم تیز رفتار۔
رہیدن ف چھوٹنا۔ رہائی پانا۔
رہین ع وہ شی جو گرو رکھی ہوئی ہو۔
ریا ظاہرداری۔ دل مین جو بات نہ ہو اوسکے برخلاف کرکے دکھلانا۔
ریاح ع جمع ہے ریح کی۔ ہوا۔ آندھی
ریاحین ع پھول خوشبودار نباتات جمع ہے ریحان کی۔
ریاست ع سرداری۔
ریاض ع باغ جمع ہے روضہ کی
ریاضت ع محنت کرنا مشقت کرنا
ریاضی ع وہ علوم عقلی جو وجود خارجی مین محتاج مادہ کے ہین چنانچہ مقدار وعدد کہ مادیات مین پائے جاتے ہین
ریاکار ف فریبی ریا کرنیوالا منافق
ریان ع سیراب۔ تروتازہ۔
ریب ع شک۔
ریحان ع پھول۔ نبات۔ سبزہ نازبو ہرگھاس خوشبودار۔
ریختن ف ڈالنا۔ بیٹنا۔
ریدن ف ہگنا۔
ریزان ف ڈالتا ہوا۔ گراتا ہوا۔
ریزش ف ڈالنا۔ گرانا۔
ریزہ ف ٹکڑا۔ قطعہ
ریسمن ف جو شخص پاکو ہولی اندرا و تر پا بل دینا۔ نوحہ کرنا۔ ہگنا۔ سینچانہ بچھڑنا۔
ریسمان ف سوت۔ ڈورا۔
ریسیدن ف کاتنا
ریش ف پر مرغون کے۔ ڈاڑھی۔
ریش یائے مجہول سے گھاؤ۔ زخم۔
ریشخند ف سخریہ ہنسی۔ تمسخر۔
ریشہ ف تار سوت کے۔ درخت کا سوت
ریعان ف شروع ہر چیز کا۔ نوجوانی
ریق ع تھوک۔ نہار۔
ریگ ف ریت۔
ریم ف پیپ۔
ریو ف مکر حیلہ۔ فریب۔
ریہ ف پھیپھڑا جس سے حیوان سانس لیتا ہے۔
رئیس ع سردار۔

باب زا

زاج ع پھٹکری
زاج بیض ع پھٹکری۔
زاحف ع دشمن پر چڑھائی کرنیوالا لشکر یا سردار۔
زاخر ع دریا جو زور کرکے چڑھتا ہو موج زن۔
زاد ف جنا۔ پیدا کیا۔ توشہ راہ کا خرچ
زاد و بوم ف وہ جگہ جہان آدمی پیدا ہوا جنم بھوم۔ وطن۔
زادہ ف جنا ہوا۔
زاد راہ ف راہ کا خرچ۔ توشہ راہ کا
زادن ف جلنا۔
زار ف جگہ اونگنے کی۔ بہتایت۔ علیفت خوار۔
زاری ف رونا۔ عاجزی کرنا ضعیفی
زاریدن ف رونا۔
ژاژ ف خار وار گھانس جو اونٹ کھاتا ہے بیہودہ بات۔ واہیات۔
زاغ ف کوا۔ کاگ۔ مشہور پرندہ ہے
زاک ف پھٹکری۔
زال ف بڈھا۔ سفید بالون والا نام باپ رستم پہلوان کا۔
ژالہ ف اولا جو آسمان سے برستا ہے
زانو ف گھٹنا۔
زانی ع حرام کار زنا کرنے والا مرد۔
زانیہ ع زنا کرانیوالی عورت۔
زاویہ ع کونا دو خط مستقیم جو ایک نقطہ پر ملین اونکے ملنے سے جو کونا پیدا ہوا اوسکو زاویہ کہتے ہین جیسے کونا ج ب ج کا۔
زاہد ع محنت کرنیوالا خدا کی راہ پر عابد
زاہر ع کھلا ہوا پھول۔ روشن بلند

زاہل ع چھوٹنے والا-
زائیدگی ف پیدایش - پیدا ہونا
زائیدن ف جننا بچہ کا
زائچہ ف جنم پترہ - اور قرعہ ڈالکر جو
رمل کی شکلیں رمال لکھتے ہیں -
زائد ع بڑھا ہوا حساب سے افزون
زائر ع ملنے والا - زیارت کرنے والا
زائل ع دور ہونیوالا - جاتا رہنے والا
زبان ف بولی اور منہ میں جو زبان ہے
زبان دراز ف وہ شخص جو بیہودہ بکے
زبان دادن ف اقرار کرنا -
زبان زدہ ف مشہور -
زبانہ ف لپٹ آگ کی - شعلہ -
زبد ع مسکہ - جھاگ -
زبدہ ع چیدہ - چنگا ہوا منتخب
زبر ف طاقت ور - اوپر والا - زور آور
زبرجد ع ایک قسم کا سبز رنگ
زردی مائل
زبردست ف غالب - طاقت ور
زبردستی ف زور کرنا - دھینگا
دھینگی کرنا -
زبور ع نام اوس کتاب کا جو حضرت
داؤد علیہ السلام کی ہے - راگ گیت
زبون ع بد - بہت بیوقوف - عاجز بیچارا
زبیب ع داکھ - منقے کشمش -

زجاج ع شیشہ - گلاس - کانچ -
زجاجہ ع کانچ - شیشہ - نام ایک گاؤں
کا ہے مصر میں -
زچہ ف وہ عورت جسنے ابھی بچہ جنا ہو
زجر ع جھڑکنا - روکنا - باز رکھنا منع کرنا
زحل ع نام ستارہ مشہور کا
ہے ہندی میں اوسکو سنی اور
سنیچر کہتے ہیں -
زحمت ع تکلیف - دکھ - رنج -
زحیر ع بیماری شکم کی ہے - مروڑا
آنو - لہو کے دست کا آنا -
زخارف ع جمع ہے زخرفہ کی جھوٹی باتیں
جنکا ظاہر اچھا باطن غلط -
زخرف ع مزخرفات - واہیات بات
ظاہر کچھ - باطن کچھ - ظاہر آراستہ
باطن خراب -
زخم ع گھاؤ - ریش -
زخمہ ع ساز بجانے کی چیز مضراب
ڈنکا وغیرہ
زد ف چوٹ مارنا -
زدہ ف مارا ہوا - پیٹا ہوا - چوٹ کھایا ہوا
زداف صاف کرنے والا - پاک
کرنے والا - پاک کر -
زد و کوب ف مار پیٹ - مار کوٹائی
زدن ف مارنا -

زردودن ف [illegible] کرنا -
زر ف سونا - روپیہ - اشرفی پیسہ وغیرہ
زراعت ع کھیتی - کھیتی کرنا -
زرافہ ف شتر گاؤ پلنگ کو کہتے ہیں
زرافہ بھی بولتے ہیں -
زراندودن ف مطلا کرنا - سونا
چڑھانا کسی چیز پر
زرباف ف سنہری -
زربفت ف کپڑا چاندی اور
سونے کے سوت کا بنا ہوا -
زر جعفری ف خالص سونا منسوب ہے
جعفر برمکی وزیر سے جسکے حکم سے
صاف سونیکا استعمال جاری ہوا تھا
زرد ف پیلا -
زردشت ف نام ایک حکیم کا ہے جو
نسل منوچہر کی اور شاگرد فیثاغورث کا
تھا اوسنے دعوی نبوت کا کیا تھا
اور اوسنے ایک کتاب ژند بناکر
اپنی امت کو دی تھی -
زرداب ف پیپ زرد پانی صفرا
زرد آلو ف خوبانی -
زرد چوب ف ہلدی -
زردک ف گاجر -
زردوزی ف چاندی یا سونے
کے تاروں کا کام -

زر ... ف سونا۔

زرع ع کھیتی۔ اور کھیتی کرنا۔

زرف ف گہرا۔ ڈونگھا

زرقاف ف وہ عورت جسکی آنکھ مین سبزی اور نیلاپن ہو اور نام ایک عورت عرب کا ہے جو بہت تیز نظر تھی۔

زرق ع جھوٹ۔ مکر۔ نفاق بیٹ کرنا جانور کا۔

زرقلب ع کھوٹا سونا۔

زرگر ف سونار۔

زرگری ف سونار کا پیشہ۔

زر مغربی ف خالص سونا مجازاً آفتاب

زرنگار ف سونے کے نقش جسپر بنے ہوئے ہون۔

زرنیخ ف ہرتال۔

زرہ ف جلتہ۔

زرین ف سونیکا کام کیا ہوا

زشت ف برا بھونڈا۔ بدشکل۔

زعفران ع کیسر

زعم ع گمان کہنا۔ قول۔

زغال ع کوئلہ۔

زغن ف چیل مشہور پرند ہے۔

زغند ف جست۔ کود۔ پھاند کر چھال

زفاف ع دلہن کو دولہا کے گھر روانہ کرنا ہمبستر کرنا دولہا کا دلہن کو

زرق ... سفید ... وغیرہ

زقوم ع درخت تھوہر کا۔

زک ع ہرا دینا۔ الزام دینا۔

زکام ف سردی کی بیماری جس مین ناک بہتی ہے۔

زکاوت ع ذہانت۔ تیزی ذہن کی بھڑکنا آگ کا۔

زکوۃ ع چالیسوان حصہ مال نامی کا خدا کی راہ پر جو سالانہ دیا جاتا ہے۔

زکی ع پاک اور صاف اور ذہین۔ عقلمند

زکیدن ف آپ ہی آپ غصہ سے بولنا۔

زلات ع لغزشین۔ غلطیان۔

زلازل ع زلزلے۔ بھونچال۔ جمع ہے زلزلے کی۔

زلال ع آب شیرین۔ صاف۔

زلزال ع ہلانا۔ لرزہ کرنا۔

زلزلہ ع بھونچال۔ زمین کا لرزنا

زلف ف لٹ بال کی جو معشوق چہرے پر لٹکاتے ہین۔

زلل ع لغزش۔ نقصان۔ کجی ترازو کی جائے لغزش۔

زلوزلوک ف جونک

زمام ع باگ گھوڑیکی۔ نکیل اونٹ کی۔

زمان ع وقت۔ عرصہ۔ زمانہ۔

زمانہ ع وقت۔

زمانیان ف زمانہ ... جو قدیم نہین ہین۔

زمانی ف زمانہ کا۔ نو پیدا جو قدیم نہو

زمخت ف بیزہ۔ کسیلا

زمرد ف ایک جواہر ہے سبز رنگ

زمردین ف ایک جواہر سبز رنگ

زمرہ ع جماعت گروہ آدمیون کا

زمزمہ ف راگ۔ گیت۔

زمزم ع ایک کنواں ہے کعبہ کے پاس

زمستان ف جاڑا۔ سیال۔

زمم ع استوار۔ اور ارادہ۔

زمن ع زمانہ۔ وقت۔

زمہریر ع سخت جاڑا۔ کرہ ہوا کا ایک طبقہ جو بہت سرد ہے۔

زمین ف وہ کرہ جسپر ہم رہتے ہین

زمیندار ف کسان۔ مالک زمین۔

زن ف عورت۔ جورو۔

زناع ع حرامکاری کسیکی جورو یا کسی غیر محرم عورت سے صحبت کرنا۔

زنار ف جنیو۔ وہ دھاگا جو ہندو لوگ گلے مین رکھتے ہین۔

زنبور ف بھڑ مشہور ڈنک مارنیوالی مکھی ہے۔ سنڈاسی آگ پکڑنیکا اوزار۔

زنبورک ف چھوٹی توپ

زنبیل ع ٹوکرا۔ جھولی۔ بھیک کا کاسہ

زنجبیل ع سونٹھ- سوکھی ہوئی ادرک-
زنجیر ف کنڈی- کڑی- سلسلہ لوہے کا
زنخ ف ٹھوڑی اور طعنہ بیہودہ-
زنخدان ف ٹھوڑی-
زن خواستن ف عورت کرنا- نسبت
یا منگنی کرنا-
زند ف نام اوس کتاب کا ہے جو
زردشت نے لوگون کو بنا کر دی تھی
اور دعوی کیا تھا کہ خدا کی طرف سے
نازل ہوئی ہے- بزرگ-
زندان ف قیدخانہ- بندیخانہ-
زندانیان ف قیدی لوگ مقید آدمی
جو بند ہوسے جیلخانے کے ہین-
زندگانی
زندگی ف زندگی- جینا-
زندوست ف بازو کی ہڈی-
زندہ ف جیتا ہوا- جاندار-
ژندہ ف خرقہ- پارہ- کہنہ- ہر شے
بڑی اور عظیم- اور خوفناک جیسا کہ
ژندہ فیل بڑا ہاتھی-
زندیق مب معرب زندیک کا ہے
اور یہ لفظ مرکب ہے- زند نام کتاب
زردشت اور یا سے نسبت اور کاف
تصغیر سے جو تحقیر کے معنی دیتا ہے مراد

[illegible]
زنگ ف گھنٹا- گھنٹالا- ناقوس
اور نام ملک کا ہے- اور میل لوہے وغیرہ کا
زنگولہ ف جھانجھ- گھنٹا- نام ایک
مقام کا موسیقی مین ایک طرح کا
گھونگرو ہوتا ہے جو ناچتے وقت پہنتے
ہین تاکہ آواز ہو-
زنگی ف ملک زنگ کا حبشی-
زنہار ف امان- بچاؤ- پناہ-
زو ف اوس سے اسکی اصل از وے ہے-
زواجر ع موانع روکنے والیان-
زوال ع جاتا رہنا-
زواہر ع جمع زاہر کی معنی روشن اور
بلند اور کھلا ہوا پھول-
زوایا ع جمع ہے زاویہ کی گوشے کونے-
زوائد ع جمع ہے زائد کی وہ اشیا جو مطلب
سے بڑھتی ہون-
زوج ع جوڑا- جفت خواہ مرد ہو یا عورت
زوجہ ع جورو- عورت نکاحی جس سے
شادی ہوئی ہو-
زود ف جلد- شتاب-
زودی ف شتابی- جلدی- پھرتی
زور ع جھوٹ- فریب-
زورق ع چھوٹی کشتی-
زورمند ف طاقتور- زوروالا-

[illegible] ریڑھ کمر کی ہڈی-
ژولیدن ف اولجھنا
ژولیدہ ف اولجھا ہوا-
زہ ف شاباش- چنانچہ- مدانیک
چلہ کمان کا- کنارہ- نطفہ- بچہ جنا-
زہاد ع زاہد لوگ- عابد لوگ تپیشی
زہادت ع زہد کرنا- تقوے اور
پرہیزگاری کرنا-
زہد ع پرہیز کرنا- تقوی کرنا- تپسیا کرنا
زہدان ف بچہ دان- رحم عورت کا
جسمین بچہ رہتا ہے-
زہر ع شگوفے- کلیان-
زہر ف بس
زہرہ ع نام ہے ایک ستارے کا جسکو
سوکر کہتے ہین-
زہرہ ف پتہ-
زہی ف آفرین شاباش- کلمہ تحسین کا ہے
زہیدن ف جوش کرنا- باہر آنا
زہیر ع کھلا ہوا- تابان- روشن
زہی ف اندازہ- حد- طرف- نزدیک
زندگی ف جیتا رہو-
زیادت ع زیادتی- افزونی- بہتات
زیادہ ع بہت- افزون-
زیادہ سری ف غرور- سرکشی- اکڑاپن
زیارت ع ملاقات کسی بزرگ سے یا

آدمی وغیرہ کو دیکھنا۔
زیان ف نقصان۔ حرج۔
ژیان ف غصہ کا بھرا ہوا۔ خفا تند خو
زیب ع زینت زیبایش۔
زیبا ف لائق آراستہ۔ زیب دینے والا
زیت ع روغن زیتون۔ تیل۔
زیبایش ف زیبائی۔ خوبصورتی۔ آرایش
زیبق ع پارہ
زینت ف زیبایش۔ آراستگی
سجیلا پن۔
زیبیدن ف زیبا ہونا۔ آراستہ ہونا
زیج ف نجومیون کی کتاب جسمین حرکت
افلاک اور کواکب کی لکھی جاتی ہے۔
زیر ف نیچے۔ کمزور
زیربند ف ایک تسمہ جو گھوڑے کے
نیچے باندھا جاتا ہے۔
زیراکہ ف اسواسطے۔
زیربار ف بوجھ کے نیچے جھکا ہوا جسپر
بوجھ پڑا ہوا ہو۔
زیرک ف عقلمند۔ دانا۔
زیرکی ف دانائی۔ عقلمندی۔
زیروزبر ف اوپر نیچے اولٹ پلٹ
زیرین ف نیچے کا
زیرہ ف نام ایک قسم کے مصالح کا ہے
زلیسا ف ندی کی چیبا۔

زلیستن ف جینا
زین ع آراستگی۔ خوبی۔
زین ف گھوڑے کا زین۔
زینہار ف پناہ۔ امان۔ ترک کرنا۔
عہد و پیمان ہرگز۔
زینہ ف سیڑھی
زیور ف ابھوشن۔ گہنا جو عورتین
پہنتی ہین۔ زینت۔

باب السین

سا ف مانند۔ مشابہ۔ موافق۔
سابع ع ساتوان حصہ (⅐)
سابغ ع پورا۔ کامل۔ وسیع
سابق ع اگلا۔ بڑھا ہوا۔ سبقت
لیجانے والا۔
سابقا ع پہلے اول وغیرہ۔
سابقہ ع اگلی۔ پہلی عورت۔
سابقین ع اگلے زمانے کے لوگ
پرانے وقت کے لوگ۔
ساتر ع ڈھکنے والا۔ پردہ کرنیوالا۔ پردہ
ساج ع سال کا درخت۔ توا۔ روٹی
پکانے کا۔ ایک پرند کا نام ہے
ساجد ع سر جھکانیوالا۔ سجدہ کرنیوالا
ساجع ع گانے والا۔ پرند بلبل وغیرہ
جو قافیہ دار بولنے والا۔

ساچق ت ایک رسم اول شادی کے
کچھ ٹکلیان میوہ اور شیرینی اور لباس
دولھن کا اور نقل وغیرہ کا دولھا کے
گھر سے دولھن کے گھر لیجاتے ہین اسکو
ساچق کہتے ہین بری۔
ساحت ع میدان۔ بگہہ۔ آنگن
صحن مکان کا۔
ساحر ع جادوگر۔
ساحق ع پیسنے والا۔ رگڑنے والا
ساحل ع کنارہ دریا کا۔
ساختن ف موافقت کرنا۔ بنانا
ساخت ف بناوٹ۔ بناؤ۔ بنانا۔
ساخر ع تابع کرنے والا۔ لوگون کو
اپنی طرف مائل کرنے والا۔
سادات ع جمع ہے سید کی۔
سادس ع چھٹا حصہ۔ (⅙)
سادگی ف صفائی۔ بے ٹیپ ٹاپ
سافج س معرب ہے سادہ کا۔
سارف سرپندہ خوش آواز شتر
اونٹ انبوہ۔
ساربان ف مکان۔ صاحب خداوند
سارق ع چور۔ دزد
ساری ع سرایت کرنیوالا۔ گھسنے والا
ساز ف بنانا۔ باجا۔ سامان سفر اسلحہ
اور رونق کام کی تجمل۔

سازش ف لگاؤ۔ میل۔ اتفاق
سازگار ف مبارک۔ لائق۔
سازیدن ف سازش کرنا۔ موافقت
کرنا۔ درست کرنا۔
ساس ف کھٹمل۔ مشہور بودار کیڑا ہے
جو چارپائی میں ہو جاتا ہے۔
ساطع ع بلند۔ چمکتا ہوا۔
ساطور ع چھرا۔ گنڈا قصاب کا۔
ساعات ع جمع ساعت کی۔
ساعت ع ڈھائی گھڑی ۲½
گھڑی۔ گھنٹہ۔
ساعد ع بازو۔
ساعی ع کوشش کرنیوالا۔ چغل خور۔
ساغر ع پیالہ شراب کا۔ گلاس شراب کا
سافر ع سفر کرنیوالا۔ مسافر۔ ظاہر
سافل ع نیچے والا۔ زیر۔
ساق ع پنڈلی۔
ساقط ع گرنے والا۔ گرا ہوا۔ نکما
ساقی ع شراب پلانے والا
ساکب ع ٹپکنے والا پانی یا خون کا
ساکت ع خاموش۔ چپکا۔
ساکن ع ٹھہرا ہوا۔ بے حرکت
سال ف برس۔ سمت۔
سالار ف سردار۔
سالانہ ف برسی۔ ہر برس بھر کا۔

سالب ع نفی کرنے والا۔ ہٹانیوالا
سال خوردہ ف بوڑھا۔ کہنہ۔
سال شمسی ف وہ برس جو سورج کی
چال پر حساب کیا جاتا ہے۔
سالف ع اگلا۔ قدیم۔ جو پہلے گذر گیا
سال قمری ف چاند کی چال پر جو برس
شمار کیا جاوے۔
سالک ع راہ چلنے والا۔ خدا دوست
سالکان ف جمع سالک کی۔
سالم ع ثابت۔ تندرست۔ پورا۔
سالوس ف فریبی۔ زبان دراز۔ مکار
سالوسی ف چرب زبانی۔ فریب کرنا
مکر کرنا۔
سام ع نام ہے حضرت نوح کے بیٹے کا
سامان ف اسباب۔ طیاری کی
چیزیں
سامح ع چشم پوشی کرنے والا۔
ساماچہ
ساماکچہ ف سینہ بند عورتوں کی انگیا
سامع ع سننے والا۔
سامعہ ع کان میں طاقت جو سننے کی ہے
سامی ع بلند۔ اونچا۔
سان ف طرز۔ روش۔ رسم۔ عادت
سانح ع ظاہر ہونیوالا۔ پیش آنیوالا۔ بائیں
طرف سے جو شکار آجاوے۔

ساے ف گھس۔ رگڑ
سائبان ف چھپر۔ آفتاب گیر
جو دھوپ سے بچا دے۔
سائر ع تمام۔ سیر کرنے والا۔
سایہ ف چھاؤں۔ یائے مجہول
سائیدن ف پیسنا۔
سائیس ف نگاہبان گھوڑے کا
سب ع گالی۔ برا کہنا۔
سبابہ ع پہلی انگلی ہاتھ کی
انگوٹھے کے پاس۔
سپارش ف کسی کے حق میں سعی کرنا
سپاس ف تعریف کرنا۔ حمد۔ ستائش
سباسب ع ریت کا جنگل۔
سباع ع درندے شیر بھیڑیا وغیرہ
کی قسم۔
سباک ع سکہ ڈھالنے والا۔
روپیہ اشرفی بنانے والا۔
سپاہ ف فوج۔
سبب ع وجہ۔ باعث۔ رسی
سبت ع ہفتہ کا دن۔ سنیچر کا دن
سبحان ع پاک۔
سبحان اللہ ع پاک ہے اللہ یا
پاکی سے یاد کرتا ہوں خدا کو۔
سبحہ ع سمرن۔ تسبیح
سبد ع ٹوکرا۔ ٹوکری۔

سپر ف ڈھال۔
سپر انداختن ف تابع ہوجانا۔
ہار جانا۔ حکم ماننا۔
سپرد ف کسیکے قبضے مین دینا۔ یا ہونا
سپردن ف سونپنا۔ سپرد کرنا۔
سپردنی ف لائق سپرد کرنے کے۔
سپری شدن ف پورا ہونا۔
سبز ف ہرا۔
سبزہ
سبزی ف ہریالی سبزی گھاس وغیرہ کی
سبط ع قوم قبیلہ بیٹے کی اولاد۔
سبع ع سات (۷) (ھہ)
سبعین ع ستر (۷۰)
سبق ع پڑھنا۔ پڑھوتری۔
سبقت ع پڑھوتری آگے جانا
سبیک ع ڈھالنا سکہ کا۔
سبک ف ہلکا۔
سبکی ف ہلکاپن۔
سبکتگین ف نام ہی بادشاہ خراسان کا
سبل ع سرخی جو آنکھہ مین پیدا ہوجاتی
ہی یا پٹڑھا بال جو آنکھہ کے اندر پیدا
ہوجاتا ہی اور چبھتا رہتا ہی۔
سبلت ع مونچھہ۔
سپس ف بعد پیچھے۔
سپنج ف مہمان۔ عاریت جاگاہ

جانوران۔
سپنجی سرا ف جھوپڑا چرواہون اور
رکھوالون کا جو کھیت مین بنا لیتے ہین
اصل معنی سپنج کے تین پانچ ہین یعنی
وہ مقام جسکو قیام تھوڑا ہو مراد دنیا۔
سبو ف ٹھلیا گھڑا۔
سپوختن
سپوزیدن ف چبھونا
سبوس ف چھانن گندم وغیرہ کی
آٹے کا چوکر
سبوسہ ع بفا جو سر مین ہوجاتی ہی
سپاہ
سپہ ف فوج۔
سپہر ف آسمان۔
سپید ف بگا۔ چٹا۔ سپید۔
سپیدہ دم ف صبح۔ تڑکا۔
سپارہ ف تیسوان حصہ (کلام)
سبیل ع راہ۔ رستہ۔ سڑک
ست ع چھہ (۶) (ے)
ستا ف ستایش۔ تعریف کرنا
شکر نعمت کا۔
ستار ف ایک باجا مشہور ہے
ستارہ ف تارا جو آسمان مین چمکتا ہی
ستارہ دم دار ف پونچھہ والا
ستارہ۔ دم دار ستارہ۔

ستان ف چت لیٹا ہوا جس جگہ
بہت انبوہ کسی چیز کا ہو
ستاندن ف لینا۔
ستائیدن ف سراہنا۔
ستایش ف سراہنا۔ تعریف کرنا
حمد۔ دعا۔ شکر۔
ستبر ف موٹا۔ غفص۔ دلدار
ستبری ف موٹائی۔ گاڑھاپن۔
ستدن ف لینا۔
ستر ف مخفف استر کا خچر۔
ستر ع پردہ چھپانا۔
ستردن ف صاف کرنا۔ مونڈنا۔
سترگ ف بڑے جثے کا آدمی
قوی ہیکل۔ سخت غصہ ور۔ تند مزاج
لڑاکا بڑا۔
ستم ف ظلم بے انصافی۔
ستمدیدہ ف مظلوم جس پر ظلم ہوا ہو
ستمگار ف ظالم۔ ظلم کرنے والا
ستو ف زر قلب۔ کھوٹی چاندی
یا کھوٹا سونا۔
ستودن ف تعریف کرنا۔
ستودہ ف سراہا ہوا۔ تعریف کیا ہو
ستور ف چوپایا۔ گھوڑا۔ خچر۔ گدھا وغیرہ
ستون ف پیلپایہ۔ کھم مکان کا
ستوہ ف عاجز۔ تھکا ہوا ملول۔

ستون ع ساٹھ - ۶۰ (سـ)
ستوده ف کھوٹی چاندی یا
کھوٹا سونا - زرِ قلب -
ستہ چھ (۶) (سم)
ستیدن ف لینا - لے لینا -
ستیز ف لڑنے والا -
ستیز ف لڑائی - جنگ - جھگڑا -
ستیزه ف لڑائی - جنگ - جھگڑا
ستیزیدن ف لڑنا -
سجّاد ع سجدہ کرنے والا -
سجاده ع مصلیٰ - نماز پڑھنے کا بچھونا
سجایا جمع سجیہ کی - عادت - خو
سجدات جمع سجدہ کی -
سجده ع سر زمین پر رکھنا - سامنے
خدا کے سر جھکانا - اور نام ایک
سورۂ قرآن کا ہے -
سجع ع خوش آواز پرندہ کی مثلاً بلبل یا
قمری کی آواز اور لفظ آخر فقرہ کا جو مطابق
دوسرے فقرہ کے اخیر کے ہو لغوی
معنی سجع کے آواز قمری کے ہیں -
سجف ع پردہ اور پردہ ڈالنا -
سجل ع قبالہ چک - لکھنا منہ قاضی کا
سجن ع قیدخانہ - جیلخانہ -
سجنجل - آئینہ یہ لفظ رومی ہے -
سجود ع سجدہ کرنا -

سجیه ع خصلت خو - عادت - سبھاؤ
سحاب ع ابر بادل -
سحج ع بیماری شکم کی ہے جو خراش
روده سے پیدا ہوتی ہے -
سحر ع وقت آخر شب کا صبح کے
پہلے کا وقت -
سحر حلال ع شعر سخن فصیح جو بیجا جادو
کے ہو اور نام ایک مثنوی کا ہے -
سحرگاه ف وقت صبح کا -
سحر ع جادو - افسون -
سخاوت ع سخی ہونا - داتا پن - بخشش کرنا
سخت ف کڑا - جو نرم نہ ہو -
سختی ف برخلاف نرمی کے - کڑا پن
سخره ف ہنسی ٹھٹھا - خوش طبعی
تسخیر - بیگار -
سخن ف بات - شعر - عبارت - لفظ
سخی ع داتا - دینے والا خدا کے نام پر
سخیف ع کم سمجھ - تنگ ظرف - بیہودہ
سد ع دیوار - روک - حائل دو چیزیں -
سداد ع مضبوطی - راستی گفتار
اور کردار کی -
سُدس ع چھٹا حصہ (۱/۶)
سده ع گرہ جو انتڑیوں یا رگوں میں
مواد غلیظ کی ہو جاوے -
سدید ع محکم - استوار - راست و درست

سر ف سر - خیال - ارادہ - شروع
سر ع بھید - راز -
سرا ع مکان - خانہ - گھر - مسافرخانہ
سراب ع دھوکا جو دور سے ریت ایسا
دکھلائی دے کہ پانی ہے اور وہاں جا کر
جب دیکھیں تو ریت ہو پانی نہ نکلے
ایسے مقام کو سراب کہتے ہیں -
سراپرده ف بارگاہ شاہی بڑا
پردہ جو بطور دیوار کے خیمہ کے آگے
کھینچتے ہیں - گھر کا پردہ -
سرابستان ف وہ باغ جو گھر میں ہو
سراج ع چراغ دیا -
سراچه ع چھوٹا خیمہ - چھوٹا مکان
سرادق ع سراپردہ خیمہ -
سرادقات ع سراپردے اور خیمے -
سراری ع لونڈیاں - مدخولہ حرمیں
جمع سریہ کی -
سرازیر ف ڈھلاؤ - سلامی جگہ
سراسر ف سر بسر - اس سرے سے او
سرے تک - تمام -
سراسیمه ف حیران - پریشان
سراغ ف کھوج - تلاش -
سرفراز ف سربلند -
سرافگندن ف سر نیچے کرنا - گردن
نیچے ڈالنا -

سرافگندہ ف شرمندہ سر نیچے ڈالے ہوے
سرآمد ف سردار برگزیدہ -
سرآمدن ف پورا ہونا -
سران ف سردار لوگ سر -
سرانجام ف آخرکار - سامان کام کا
سراویل ع پاجامہ سُتھن -
سرائیدن ف گانا - الاپنا -
سرا ف مکان - گھر مسافرخانہ
سرایت ع گھس جانا اس طرح جیسے
شکر کا - سرایت کرنا پانی میں -
سرائر ع جمع سریرہ کی - پوشیدہ بھید اور [illegible]
سراچہ ف چھوٹی سرا - چھوٹا مکان
سرب ع جست سیسہ جسکی گولیاں
ڈھالتے ہیں -
سرباختن ف لڑائی کرنا - لڑنا -
سربار ف سر کا بوجھ -
سرباز ف بہادر جنگ میں بیخوف لڑنیوالا
سربازی ف لڑائی بیخوف کام
بہادری کا کرنا -
سربالا ف بلند سر
سربراہ کردن ف راہ پر لانا - پورا
کرنا - انتظام کرنا -
سربراہ ف منتظم - مہتمم
سربراہی ف اہتمام انتظام
سربرداشتن ف سر بلند کرنا - سر
اوٹھانا - حاکم سے پھر جانا - بغی ہونا -
سرزدن ف ایک بات کا واقع
ہونا - ہو جانا -
سرپت ف خانہ زاد - گھر کا - گھر کا نوکر
سربستا ف آزاد - بے قید -
سربستن ف بندھنا -
سربستہ ف بندھا ہوا - پوشیدہ راز
سربسر ف تمام - بالکل -
سربلند ف اونچا - بلند -
سرپنچی ف زور - شدت -
سرپنجہ ف ہاتھ کا پنجہ - اور مجازاً - طاقت ور
اور زبردست آدمی -
سرپوش ف ہنڈیا کا ڈھکنا - طباق
کا ڈھکنا جو اوپر ڈھکا رہتا ہے -
سرپیچ ف جو سر ہوتا ہے جو عمامہ یا پگڑی
پر لٹکایا جاتا ہے -
سرپیچیدن ف سرکشی - اور نافرمانی کرنا
سرتابی ف حکم نماننا - بغاوت کرنا
سرتاسر ف تمام - بالکل - سب کا سب
سرج ع زین گھوڑے کا -
سرجوش ف شوربا جو اول جوش
کیا چکا ہو - مجازاً خلاصہ زبدہ -
سرچشمہ ف چشمہ - سوتا پانی کا
سرحد ف حد
سرحلقہ ف سردار - حاکم کسی حلقہ کا
سرخ ف لال -
سرخاریدن ف ناامید ہونا
تسلی کرنا راغب ہونا -
سرخرو ف خوش - جسکا دعوے
ثابت ہو جاوے -
سرخط ف کرایہ نامہ مکان کا -
نوکری نامہ - کاغذ فروخت کا -
سرخوش ف مست شراب سے
اور خوشحال آدمی -
سرخود ف جو کسی کے تابع نہو -
سرخی ف لالی -
سرخیل ف سردار - امیر
سرد ف ٹھنڈا -
سردابہ ف بھونرا جو زمین میں بناتے
ہیں تہ خانہ جو زمین میں بناتے ہیں -
سردادن ف کھولدینا - موقوف کرنا
سردار ف امیر
سردردی ف محنت - تکلیف - درد سر
سردرکشیدن ف تابع ہونا - خود سر
ہونا - یعنی ہونا -
سردست ف فی الحال - ابھی -
سردسیر ف وہ زمین جہاں پانی زراعت
کے لیے خود بخود جاری ہو - سرد ملک -
سردفتر ف افسر دفتر کا -
سردی ف ٹھنڈک -

سر راہ ف راہ کے سرے پر۔
سررشتہ ف مجازاً مدعا۔ مقصود۔ معاملہ
سرزدن ف گردن مارنا۔ ملامت
اچانک کسی مجلس مین کسی شخص کا آنا۔
سرزنش ف ملامت۔ برا بھلا کہنا۔
سرزمین ف زمین ملک
سرسام ع ایک بیماری ہی دماغ کی جسمین
آدمی بیہوش ہوجاتا ہی دماغ مین آماس
ہونے کے سبب ہوتی ہے۔
سرسال ف شروع سال۔
سرسبز ف لہلہاتا۔ ہرا بھرا۔
سرسری ف کمینہ۔ بدون تامل
کافی کے کوئی کام کرنا۔
سرشار ف لبریز۔ لبالب۔
سرشت ف پیدایش طبیعت۔ خو
آدمی کی۔
سرشتن ف گوندھنا۔ ملانا
سرشدن ف ہونا۔ جاری ہونا۔
چھوٹنا۔ توپ وغیرہ کا۔
سرشف ف سرسون غلہ مشہور ہے
سرشک ف آنسو آنکھہ کا۔ چنگاری
سرطان ع کیکڑا
سرعت ع شتابی۔ جلدی
سرغنہ ف بڑا۔ بے مانند عظیم۔
سرف ع بیہودہ خرچ۔ ضروری خرچ

سے زائد
سرفرازی ف سربلندی۔ غرور۔
سرفرو آوردن ف سرنیچا کرنا۔ ماننا
سرفرو بردن ف شرمندہ ہونا۔
سرفہ ع کھانسی۔
سرقہ ع چوری۔
سرکار ف بادشاہی کچہری۔ حاکم مجازاً۔
سرگذشت ف واقعہ۔ حادثہ۔ ماجرا۔
سرگران ف خفا۔ غصہ ور۔ متکبر۔
سرگردان ف پریشان۔
سرگردگی ف سرداری و افسری۔
سرگرم ف چالاک۔ محنتی۔ گرمجو۔
سرگروہ ف ایک قوم کا سردار۔
سرکش ف مغرور۔ باغی۔ پھرا ہوا۔
سرگشتہ ف حیران۔ بھٹکا ہوا۔
سرکشی ف بغاوت۔ غرور۔ پھرنا
حاکم سے۔
سرکشیدن ف نافرمانی۔ حکم نہ ماننا۔
سرکوب ف افسر۔ فائق۔ انتظام
کرنے والا۔
سرگین ف گوبر۔ بیٹ۔ جانور کا پیخانہ
سرما ف جاڑا۔
سرمایہ ف پونجی۔
سرمد ع جسکی ابتدا اور انتہا نہو یعنے
خداتعالی لغوی معنی پیوستہ۔ اندہمیشہ

سرمدی ع وہ شی جو منسوب ہے
سرمدے ع ابدی۔ دائمی۔
سرمست ف متوالا۔ نشائی۔ جو شخص
مدہوش نشہ مین ہو
سرنا ف نفیری مشہور باجا ہے۔
سرنامہ ف خط کے لفافہ پر جو پتہ اور
نشان مکتوب الیہ کا لکھتے ہین۔
سرنگون ف سر کے بل۔ افسردہ۔ اوندھے
منہ
سرنو ف نئے سرے سے۔
سرنوشت ف تقدیر نصیب۔ حکم
ازلی۔
سروال ف پیجامہ۔ سُتھن۔ شلوار
سروپن ف تمام پورا۔
سروپا ف تمام۔ پورا۔
سرج ع جمع سراج کی۔ چراغ۔
سرود ف راگ۔ نغمہ۔ سخن۔ گیت۔
سرودن ف گانا۔
سرور ع خوشی۔
سرور ف سردار۔
سروری ف سرداری۔ صاحبی۔
سرو ف نام ایک درخت کا جو سیدھا
اوگا ہوا باغون مین ہوتا ہے۔
سروسامان ف اسباب۔ سامان
سروش ف فرشتہ۔ جبرئیل۔ فرشتہ

سروکار ف علاقہ-لگاؤ-
سرہ ف رواجی زر-زر رائج-کھرا جو کھوٹا نہو-
سرہنگ ف سردار جو شخص پیشرو لشکر وسپاہ کا ہو کیونکہ ہنگ کے معنی سپاہ کی ہین سرہنگ سردار سپاہ کا ہوا
سری ف سرداری-سپہ سالاری
سریر ع تخت-
سریرت ع خو-عادت-خصلت
سریش ف ایک قسم کا چیپ ہی جو چمڑے کو پکا کر نکالتے ہین پھر اوس سے اور چیزین جوڑتے ہین-
سریع ع جلدی کرنیوالا-تیز-تیزرو
سُرین ف چوتڑ-نشستگاہ-آدمی کی-
سریہ ع لشکر پانچ آدمی سے زیادہ چار سو تک-
سریہ ع وہ کنیزک یا باندی جو جماع اور صحبت کے واسطے مقرر کی ہوئی ہو-
سزا ف بدلا-لائق-موافق-
سزاوار ف لائق-مناسب-
سزاول ت حاصل کرنے والا-
سزیدن ف لائق ہونا-مناسب ہونا
سست ف ڈھیلا-جو چالاک نہو-
سطبر ع موٹا-گندہ-بھدا-
سطح ع وہ ہی جسمین فقط طول اور عرض ہو چھت
سطر ع لکیر-پنکتی-لکھنا-
سطوت ع دبدبہ-قہر-سختی کرنا-
سطوح ع جمع ہے سطح کی-
سطور ع جمع ہے سطر کی-
سطوع ع بلند ہونا-
سعادت ع نیکی-برخلاف نحوست کے نیکبخت ہونا-
سُعال ع کھانسی-
سعایت ع چغلی کرنا-غمازی-بدگوئی-
سعت ع وسعت-فراخی-گنجایش
سعتر ع ایک گھانس ہی جو معشوقونکی زلف سے تشبیہ دیتے ہین-
سعد ع نیکبختی-
سعدین ع زہرہ اور مشتری دونون کو ملاکر کہتے ہین-
سعود ع مبارک ہونا-نیک ہونا-
سعفہ ع گنج کی بیماری جو سر پر ہو جاتی ہی
سعوط ع ناک مین دوا ڈالنا-
سعی ع دوڑنا-کوشش کرنا-جلدی کرنا
سعید ع نیک-مبارک-نیکبخت-
سفارت ع ایلچی گری کرنا-صلح کرنا-
سفارش ف سہاتیا-کسیکے واسطے بھلائی کا کلمہ کہنا-
سفاک ع خونریز-قتل کرنے والا-
سفال ع ٹھیکری-ٹھیکرا-
سفالگر ف کمھار-برتن بنانے والا-
سفاہت ع احمق پن-بیوقوفی
سفاین ع جمع ہی سفینہ کی کشتیان
سفتن ف بیدھنا-
سفت ف گاڑھا-غفص-
سفتہ ف پرویا ہوا-گاڑھا کیا ہوا
سفر ع مسافرت-شہر سے باہر جانا
سفرجل ع بہی مشہور میوہ ہے-
سفرہ ع دسترخوان-
سفل ع پستی-نیچائی-
سفلہ ع کمینہ-نالائق
سفوف ع پھنکی-آٹا پیسا ہوا-
سفہاء ع جمع ہی سفیہ کی کمینے لوگ-نیچ
سفید ف چٹا-بگا-
سفیر ع ایلچی-میانجی-
سفینہ ع کشتی-ناؤ-
سفیہ ع کمینہ-ناکس-نیچ
سقا ع ماشکی پانی دینے کا جو پیشہ کرتا ہی
سقام ع جمع ہی سقم کی بیماریان-
سقایت ع پانی دینا-سیراب کرنا
سقر ع دوزخ-
سقط ع بیہودہ-کم قدر بچہ ناتمام جو مان کے پیٹ سے گر پڑے-
سقط شدن ف حمل گر پڑنا-کم قدر

ہونا - بیہودہ ہونا -
سقف ع مکان کی چھت -
سقم ع بیماری - دکھہ - برائی -
سقمونیا ع ایک قسم کا گوند ہی کسی درخت
کا مائل بسبزی و زردی تلخ مزہ اوسکو
محمودہ کہتے ہین -
سقنقور ع ایک قسم کی مچھلی ہی خشکی
کی ریت مین پائی جاتی ہے -
سقوط ع گرپڑنا - خطا کرنا -
سقوف ع جمع سقف کی ہے -
سقیم ع بیمار - عیب دار -
سگ ف کتا
سکہ ع کوچہ گلی جمع اسکی سکک آتی ہی
سکاکین ع چاکو - چھریان - جمع
ہے سکین کی -
سگال ف اندیشہ - فکر - مانگنے والا
گوینده - امر بھی سگالیدن سے آتا ہے
سگالیدن ف اندیشہ کرنا -
سکان ع جمع ہی ساکن کی رہنے والا
سکتہ ع ایک بیماری ہی جسمین حس و
حرکت آدمی کی زائل ہوجاتی ہی اور بیمار
مانند مردہ کے دکھلائی دیتا ہی اصطلاح
شعرا مین وزن کا پورا نہ ہونا -
سکر ع نشہ - بیہوشی -
شکر ع شکر مشہور مٹھائی ہے -

سکرات ع جمع ہی سکرہ کی شدت اور
سختی موت کی -
سکن ع جس سے آرام حاصل ہو -
مثلاً بیوی - بیٹا - دوست -
سکنجیدن ف کھانسنا - تراشنا
کاٹنا دانتون سے - گلے مین آواز کرنا -
سکنہ ع جمع ہی ساکن کی - باشندے
رہنے والے -
سکوت ع چپکا رہنا - خاموش رہنا
سکون ع ٹھہرنا - آرام کرنا -
سکونت ع رہنا - آرام
سکہ ع ڈھلا ہوا زر - اشرفی روپیہ
پیسہ وغیرہ -
سکیزیدن ف کودنا - جست مارنا -
سکین ع چاکو - چھری -
سکینہ ع آسایش - آرام - آہستگی
نام دختر حضرت امام حسین علیہ السلام کا
سل ع نام ایک مرض کا ہی جسمین خون
منہ سے آتا ہے اور تپ ہوتی ہے -
سلاح ف ہتھیار لڑائی کا -
سلاح شور
سلحشور ف ہتھیار باز - وہ شخص
جو ہتھیار رکھے سپاہی -
سلاست ع روانگی - ہمواری -
سلاسل ع جمع ہی سلسلہ کی زنجیرین -

سلاطین ع جمع ہی سلطان کی - بادشاہ
سلام ع آسیرباد - دعا - نام خدا کا
سلامت ع جیتے رہنا -
سلالہ ع نطفہ - بچہ - باہر نکلا ہوا -
کسی چیز سے -
سلب ع نفی کرنا -
سلخ ع پوست اوتارنا کھال اوتارنی
وہ روز جسدن نیا چاند دیکھا جاوے -
سلسال ع آب شیرین خوش مزہ
پانی جو صاف ہو -
سلس البول ع ایک بیماری ہے
جسمین پیشاب قطرہ قطرہ ہوکر نکلتا ہے
بسبب پتھری کے یہ بیماری ہوتی ہی
سلسبیل ع نام ایک چشمہ کا ہی جو
بہشت مین ہے - اور شراب -
سلسلہ ع زنجیر -
سلطان ع بادشاہ -
سلطنت ع بادشاہت حکومت
سلف ع گذشتہ - گذرنا -
سلق ع چقندر مشہور ترکاری ہے
سلک ع لڑی رشتہ - مروارید وغیرہ کا یک
چیز کو دوسرے کے ساتھ پرونا -
سلم ع کسی چیز کی قیمت پہلے سے دیدینا
جب کہ وہ طیار نہو جیسا کہ اکثر زمیندار
کو غلہ کی قیمت دیتے ہین -

سلم ع سیڑھی
سلوٹ ع بے عملی بے ٹھکانا ہوجانا -
سلوک ع راہ چلنا - نیکی وی کرنا
سلیب ع اوٹا ہوا - اسباب چھینا گیا
سلیس ع رواں ہموار
سلیقہ ع شعور طبیعت - سرشت
سم ع زہر
سُم ف کھر چوپایہ کا -
سما ع آسمان
سمات ع جمع ہے سمت کی الطریق
سمات اچھی روش - نیک سیرتیں
سماجت ع زشت - ناخوشامد
سماحت ع جوانمردی - بہادری
سماخ ع کان کا سوراخ --
سماع ع سننا - راگ سننا - رقص و سرود
سماعت ع سننا -
سماعی ع سنا ہوا -
سم الفار ع سنکھیا -
سمان ف ستائیسوان دن ہر
مہینے کا نام ایک دن کا ہے
سمانی ع ایک پرند ہے جسکو بٹیر کہتے
ہیں اوسکا گوشت کھاتے ہیں
سماوات ع جمع سما کی - آسمان
سماوی ع آسمانی - آسمان کا
سمت ع طرف - جہت - صورت

راہ - ہیئت
سمت الراس ع جانب سر
سمر ع کہانی مجازاً بمعنی سخن کے
بھی آیا ہے -
سمسار ع [illegible]
سمسم ع تل کنجد - مشہور غلہ ہے
سمط ع دھاگا مروارید کا -
سمع ع سننا - کان
سمع ع گرگ کا بچہ - بجو بھیڑیے کا بچہ
سمک ع مچھلی
سمن ع روغن زرد - گھی - موٹاپا
سمندر ف دریا - ایک جانور بشکل چوہے
کے ہوتا ہے جو آتشکدے میں پیدا
ہوجاتا ہے اگر آگ سے باہر نکلے تو
فوراً مرجاتا ہے -
سمو ع بلند ہونا - اونچا ہونا -
سموت ع جمع ہے سمت کی - داہنا
و تشانہ - اندر سراہنا
سمور ع نام ایک جانور کا ہے قسم لومڑی کی
ہے جسکی کھال کی پوستین بناتے ہیں
سموک ع جمع ہے سمک کی مچھلیاں
سمین ع فربہ - موٹا - چربی -
سن ع سال - برس اور سن - دانت
سنا ع روشنی
سنان ع بھالا - نیزہ -

سنابیر [illegible]
سنبل ع ایک گھاس ہے خوشبودار
جسکو بالچھڑ کہتے ہیں -
سنبلہ ع خوشہ گندم گیہوں کی بال
سنبوسہ ف جو بشکل مثلث ہوا وسکو
سنبوسہ کہتے ہیں - ترکونی - نام ایک
قسم کی خوراک کا -
سنبیدن ف سوراخ کرنا - پرونا
پانون کے نیچے لانا -
سنجاب ف نام ایک جانور کا ہے
چوہے سے بڑا ہوتا ہے اوسکی کھال
کی پوستین بناتے ہیں -
سنجیدگی ف وزن دار ہونا -
بھاری بھرکم ہونا -
سنجیدن ف تولنا - وزن کرنا -
سند ع وثیقہ - سارٹیفکٹ - سفارشنامہ
سندان ف اہرن جسپر لوہا کوٹتے ہیں
سنگ پشت ف کچھوا
سنگ ف پتھر
سنگین ف پتھر کا - بھاری -
سنگدان ف جسمین پرندہ غذا کو
رکھتا ہے - پوٹہ -
سنگدل ف بےرحم - سخت دل -
سنگستان ف پہاڑ جہان پتھر ہون
سنن ع جمع ہے سنت کی طریقے اور

برسہا و سالہا۔

سنور ع بلی

سنون ع جمع سن کی۔ سال۔ برس

سنہ ع برس۔ سال۔ نیند

سنی ع وے لوگ جو طریقہ رسول اللہ پر قائم ہین۔ جو رافضی نہین۔

سنین ع جمع ہے سن کی۔ برس۔ سال

سوء ع بدی۔ برائی

سو ف طرف۔ جہت

سوا ع برابر۔ محاذی

سوابق ع جمع ہے سابق کی اگلے

سواحل ع کنارے دریا کے

سواد ع سیاہی رنگ کی اطراف شہر کے۔ نواحی

سوار ع کنگن ایک قسم کا زیور ہے جو ہاتھ مین پہنتے ہین۔

سوال ع پوچھنا۔ دریافت کرنا۔

سوالف ع گذری ہوئی جمع ہے سالفہ کی

سوانح ع جمع ہے سانحہ کی پیش آنے والی واردات متوحش اور ناپسند

سواے ف سوا۔ اس سے۔ الگ

سوختہ ف جلا ہوا۔

سوختن ف جلنا۔ اور جلانا

سود ف فائدہ۔ نفع۔ بیاج

سودا ف سیاہ پت۔ پاگل پن۔ سیاہی

سوداگری ف تجارت۔ بنج۔ بیوپار۔

سودائی ف پاگل۔ احمق۔

سودن ف گھسنا۔ رگڑنا۔

سور ع جھوٹا۔ پس ماندہ طعام یا پانی فصیل شہر کی

سوراخ ف چھید۔

سورت ع تیزی۔ تندی۔ ظلم۔ غصہ

سورہ ع ٹکڑا۔ قرآن کا

سوز ف سوزش۔ جلن۔

سوزان ف جلتا ہوا۔

سوزانیدن ف جلانا۔ جھلسانا۔

سوزش ف جلن۔

سوزن ف سوئی

سوزنی ف وہ کپڑا جسپر سوئی سے کام کیا ہوا ہو۔ مشہور بچھونا ہے

سوزیدن ف جلنا۔

سوسن ف نام ایک قسم کے پھول کا ہے

سوسمار ف جانور ہے جسکو گوہ کہتے ہین

سوط ع کوڑا۔ تازیانہ۔ چابک۔

سوغات ت تحفہ۔ ہدیہ۔ بخشش

سوفار ف تیر کا منہ

سوفسطا ع نام اوس حکمت کا ہے

سوفسطائی ایک قوم ہے حکما کی جنکی بنیاد وہم پر ہے اور حقائق کو نہین مانتے ہین

سوق ع بازار۔

سوگ ف مصیبت۔ ماتم۔ غم۔

سوگند ف قسم۔ سوگند

سوگوار ف مصیبت زدہ۔ ماتم والا

سوہان ف ریتی وہ اوزار لوہے کا جس سے لوہا گھستے ہین۔

سوی ع برابر۔ ہموار

سویت ع برابری۔ اعتدال

سویدا ع ایک نقطہ سیاہ ہے جو دل پر ہوتا ہے

سویق ع ستو

سہ ف تین (۳) (سہ)

سہا ع نام ایک ستارہ باریک کا ہے جو بنات النعش مین ہے۔

سہام ع جمع ہے سہم کی تیر اور حصے

سہر ع بیداری۔ جاگنا۔

سہران ع وہ شخص جو بیدار رہا ہو جاگنے والا۔

سہ شنبہ ف منگل کا دن۔

سہل ع آسان اور زمین نرم و ہموار

سہم ع ف تیر حصہ۔ فارسی مین خوف و ڈر

سہمگین ف خوفناک۔ ڈرپوک۔
سہمیدن ف ڈر جانا۔ خوف کرنا
سہو ع بھول چوک۔ فراموشی۔ بھول جانا
سہواً ع بھول کر
سہولت ع آسانی
سہی ف راست۔ سیدھا۔
سہیل ع نام ستارے کا ہے
سہیم ع شریک۔ حصہ دار
سی ف تیس (۳۰) (سہ)
سی ع بدی۔ برائی۔ گناہ
سیات ع گناہ۔ برائیاں۔
سیاح ع بہت سیر کرنیوالا مسافر
سیاحت ع سیر کرنا۔ سفر کرنا۔
سیار ع سیر کرنے والا۔ تیز چلنے والا
سیارہ ع وہ ستارہ جو حرکت کیا کرتا ہو
سیاست ع حکومت کرنا۔ رعیت پر تنبیہ کرنا۔ اور روکنا لوگوں کا گناہ کرنے سے بوسیلۂ خوف سزا اور مار کے۔
سیاف ع تلوار مارنے والا۔ قاتل جلاد۔ خونریز۔
سیاق ع رواں کرنا۔ چلانا۔ علم حساب
سیال ع سیلدار بہتی ہوئی چیز جاری پتلا۔
سیادت ع بزرگی۔ سرداری
سیاہ ف کالا۔ سیاہ رنگ حبشی

سیاہہ ف حساب سرکاری
سیاہ گوش ف نام ایک درندہ کا ہے جو کتے سے چھوٹا بلی سے بڑا گلابی رنگ مائل بسیاہی۔ بہت تیز جانور ہے۔
سیب ع بخشش۔ عطا۔ اور سیب مشہور میوہ ہے۔
سیپارہ ف تیسواں حصہ قرآن کا
سیخ ف لوہے کی سلاخ جسپر پرند وغیرہ کو کباب کرتے ہیں۔
سید ع سردار۔ رئیس۔ بزرگ
سیر ف پُر چھکا ہوا۔
سیر ع عادت خصلت۔ جو علم تواریخ جسمیں ایک شخص کی زندگی کا حال لکھا جاوے۔
سیراب ف جو پانی سے سیر ہو جو تشنہ نہو
سیرت ع خصلت۔ خوش عادت
سیری ف سیر ہونا۔ شکم پر ہونا۔
سیزدہ ف تیرہ (۱۳) عدد
سیف ع تلوار۔ شمشیر
سیلاب ف پانی کا رو۔ سیل۔ لہر
سیلان ع روانگی اور نام ہے جزیرہ لنکا کا۔
سیل ع رو پانی کا لہر
سیلی ف تماچہ۔ تھپڑ۔ مُکا
سیم ف چاندی

سی ام ف تیسواں حصہ (۱/۳۰)
سیما ع ماتھا پیشانی۔ نشان۔
سیماب ف پارہ
سیمرغ ف نام ایک جانور کا ہے
سیمیا ع علم طلسم جسکے سبب انتقال کرنا روح کا دوسرے بدن میں ہو سکے اور اشیا موہوم جنکو حقیقت میں وجود نہو لوگوں کو دکھا سکیں۔
سینہ ف چھاتی۔
سینا ع نام ہے بو علی حکیم کے دادا کا اور نام ہے ایک پہاڑ کا جسکو طور سینا کہتے ہیں۔
سیور غال ف انعام۔ مدد معاش
سیوف ع جمع ہے سیف کی۔
سوم سویں ف تیسرا حصہ ۱/۳
سیاہ ف کالا۔ سیاہ۔
سیاہ کار ف بدکار۔ گنہگار۔ فاسق
سیہ چردہ ف سیاہ رنگ۔
سیہک ف تیز ہوا۔ جھگڑ ہوا کا جو بہت تیز ہو

باب الشین

شاب ع جوان۔ گبرو
شاباش ف آفریں۔ کلمہ تحسین کا ہے
شاۃ ع بکری۔
شاخ ف ٹہنی۔ ڈالی۔ سینگ۔ ٹکڑا

شبنم ف اوس جو رات کو پڑتی ہے۔
شبع ع پیٹ بھرا۔ شکم سیر۔
شبو ف ایک قسم کا پھول ہے جس کی رات کو خوشبو نکلتی ہے۔
شبیہ ع مثل۔ مانند۔ تصویر۔ ڈھانچ
شبہہ ع شک۔
شبینہ ف رات کا
شبیہ ع تصویر۔ صورت۔
شپلیدن ف نچوڑنا۔ سیٹی بجانا
شتی ع متفرق۔ الگ الگ۔ بھانت بھانت کا
شتا ع جاڑا۔ موسم سرما۔
شتاب ف جلد۔ تیز
شتابان ف تیزی کرتا ہوا۔ جلد باز
شتابانیدن ف جلدی کروانا
شتابیدن ف جلدی کرنا۔
شتالنگ ف ٹخنہ۔ ہڈی جو پیر اور پنڈلی کے جوڑ پر ہے۔
شتافتن ف دوڑنا۔
شتر ف اونٹ۔
شتریا ف سورج مکھی۔ ایک درخت پھول کا ہے
شتربان ف اونٹ کا نگاہبان اونٹ والا۔
شترنجی ف بچھونا مشہور ہے۔
شترمرغ ف مشہور جانور ہے مانند اونٹ کے

شتلم ف ظلم کرنا۔ زبردستی کرنا۔ تعدی کرنا لوگوں پہ۔
شتم ع گالی۔ اور گالی دینا۔
شجاع ع بہادر۔ جوانمرد۔
شجاعت ع بہادری۔ جوانمردی۔
شجر ع درخت۔ روکھ۔
شجو ع غم۔ اندوہ۔
شحم ع چربی۔ موٹاپا۔
شحنہ ع کوتوال۔
شحنگی ف کوتوال گری۔
شخص ع لوگ۔ جاندار جسم خواہ عورت ہو یا مرد
شخصی ع منسوب شخص سے۔ شخص کا۔
شدائد ع تکلیفیں۔ سختیاں جمع ہے شدیدہ کی۔
شدت ع سختی۔ تکلیف۔
شدن ف ہونا۔ جانا۔
شدید ع سخت۔ محکم۔ استوار۔
شر ع بدی۔ برائی۔
شرا ع خریدنا۔ خرید کرنا۔
شراب ع پینے کی شے خواہ پانی ہو یا کچھ اور شربت وغیرہ اور شراب مشہور۔
شرار ع چنگاریاں آگ کی جمع شرارہ کی
شرار ع جمع ہے شریر کی بد لوگ۔ شریر آدمی
شرارہ ع چنگاری آگ کی۔

شرائط ع جمع ہے شرط کی۔ شرطیں۔
شرائع ع جمع ہے شریعت کی یعنے شریعتیں۔ مذاہب۔
شرفا ع بھلامانسان۔ بزرگیان جمع ہے شریف کی۔
شرب ع پینا۔
شربت ع پینے کی شے کچھ ہی کیوں نہ ہو
شرح ع تفسیر کسی کتاب کی۔ کھول کر بیان کرنا مطلب کا۔
شرر ع چنگاریاں آگ کی جمع ہے شرارہ کی
شرط ع ہوا۔ موافق نشانی۔
شرط ع بدنا جیسے کسی بات کا ہونا منحصر ہو لازم کرنا لازم ہونا۔ ایک کام دوسرے کام پہ متعلق کرنا
شرط مارنا۔ عہد و پیمان۔ اور نشان۔
شریعت ع ندی۔ ٹھیک راہ خدا کا بنایا ہوا طریقہ۔
شریف ع بڑے رتبے کی شے۔ بزرگ قدر۔ نجیب۔ اصیل۔ حاکم مکہ کا۔
شرق ع آفتاب کے نکلنے کی جگہ روشن ہونا۔ طلوع ہونا۔
شروق ع آفتاب کا نکلنا۔ بکری وغیرہ کا کان چیرنا۔ مجازاً روشنی
شراک ع تسمہ جوتی کا جو اکثر انگریزی بوٹ پہ ہوتا ہے۔

زیادہ گوئی سے اور بیہودہ گفتگو سے

شریان ع رگ متحرک جو چھوٹی چھوٹی رگین ہر ایک رگ کے پیچھے ہین اونمین بنسبت خون کے روح زیادہ ہے اور وہ قلب سے اوگی ہین

شرطیہ ع وہ جملہ ہے جسمین شرط ہو۔

شرزہ ف غصہ ور۔ خوفناک۔

شرذمہ ع تھوڑے آدمیون کی جماعت

شراب زدگی ف بسبب شراب کے بہت بیہوش ہوجانا۔

شستن ف دھونا۔

ششجہت ف مشرق و مغرب جنوب و شمال۔ تحت و فوق۔

شش ارکان ف ہوا کھانا پینا حرکت و سکون بدنی حرکت و سکون نفسانی سونا اور بیداری استفراغ۔

شطحیات ع کلمات خلاف شریعت کے زبان پر لانا

شطر ع جزو۔ جانب۔ طرف حصہ

شعاب ع پہاڑ کی راہین تنگ کہ فضین درزین جمع ہے شعبہ کی۔

شعر ع بال اصطلاحی معنی بیت موزون با قافیہ۔

شعار ع انگرکھے کے نیچے جو کپڑا پہنتے ہین یعنی وہ کپڑا کہ بدن سے لگا ہوا ہو۔

شعائر ع عبادات اور قربانیان جمع ہے شعیرہ کی۔

شعیر ع مشہور غلہ ہے جسکو جو کہتے ہین۔

شعبدہ باز ف بازیگر۔ کہان متی۔

شعبان ع آٹھوان مہینا قمری مسلمانون کا چونکہ تقسیم امور مقدرہ خلائق اسی مہینے مین حسب اعتقاد اہل اسلام کے منشعب اور پراگندہ ہوتے ہین اس لیے اوسکو شعبان کہتے ہین۔

شعبہ ع ٹکڑا کسی شے کا۔ شاخ درخت کی اور نغمہ جو کسی اور نغمے سے نکلا ہو۔

شعشعہ ع روشنی آفتاب کی۔ اور پانی ملانا شراب مین۔ شراب۔

شعلہ ع روشنی۔ لپٹ آگ کی۔

شعلہ جوالہ ع شعلہ گرد اگرد بہت پھرنے والا جیسا کہ بنیٹی کا شعلہ ہوتا ہے۔

شعلہ زادہ ف شیطان۔ ابلیس۔

شغب ع شور خروش۔ فتنہ و فساد۔

شغاف ع قلب۔ دل۔ پردہ دل کا اور سیاہ نقطہ دل کا۔

شغف ع شدت محبت۔

شغال ع گیدڑ مشہور جانور ہے۔

شغل ع کام۔ بیفرصتی۔ روکنا۔

شفا ع صحت۔ تندرستی۔

شفقت ع مہربانی لب۔

شفاف ع وہ صاف شی جسکے آر پار نظر گذر سکے جیسا کہ شیشہ بلور وغیرہ ہوتے ہین

شفق ع سرخی جو صبح اور شام کو آسمان کے کنارہ پر دکھلائی دیتی ہے۔

شفتالو ع مشہور میوہ ہے اور بوسہ معشوق کو بھی کہتے ہین۔

شفاہ ع جمع شفت کی لب۔ ہونٹ

شفرہ ع رانپی چمڑہ کاٹنے کا اوزار چمڑہ دوزی

شفوی ع وے حروف جو ہونٹ سے نکلتے ہین۔ جیسا م ب و وغیرہ

شقرت ع رنگ زردی مائل جسمین تھوڑی سرخی ہو۔

شقاوت ع بدبختی۔

شقدار ع حاکم وسپاہ کا۔ پرگنات کا حاکم

شقائق ع لالہ کے پھول اسکا مفرد بھی اور جمع بھی یہی ہے۔ فرش گلدوز

شق ع شگاف اور چیرنا۔

شقیق ع برادر۔ بھائی۔

شکوے ع گلہ۔ اور گلہ کرنا۔

شکیبا ف صبر کرنے والا

شکرلب ف معشوق۔

شکستن ف توڑنا۔ ٹوٹنا +

شکیبیدن ف صبر کرنا۔

شکیب ف صبر و آرام۔
شگفت ف تعجب عجیب و غریب
شکایت ف گلہ کرنا۔
شکنج ف پیچ تاب شکن۔
شگفتن ف۔ کھلنا کلیون کا۔
شکل ع صورت۔
شکیل ع وضعدار شکل دار
شکوہیدن ف غرور کرنا۔ اپنی
بڑائی کا اظہار کرنا۔
شکولیدن ف پراگندہ کرنا۔
شکوہ ف بزرگی۔شان و شوکت
شکنجہ ف عذاب اور ایک قسم کا اوزار
ہے جسمین مجرم کو عذاب اور دُکھ دیتے ہین
شکم بندہ ف حریص۔لالچی۔
شکرتری ف کھانڈ سفید۔بورہ سفید
شگرف ف زیبا۔نیک۔عجیب۔بزرگ
شگال ف گیدڑ مشہور جانور صحرائی ہے
شگون ف شگون۔سانون۔فال۔
شلاق ف۔تھپڑ مارنا۔لکڑی
سے مارنا۔کوٹنا مجازاً شوخ و فتنہ انگیز
شلنگ ف کسی جگہ سے کودنا کر چھیال مارنا
شلک ف چند بندوق کی آواز کا
ایکبارگی سر ہونا۔
شل ع جسکے ہاتھ و پانون حرکت نکر سکین

شلہ ف ایک قسم کا کھانا ہے چاول کو شوربے
مین بطور ہریسے کے بہت گلا کر پکاتے ہین
ناواقف لوگ اوسکو شولہ کہتے ہین
شلتہ ف قزح کس۔ لتہ حیض کا
شماتت ع برائی پر خوش ہونا۔
شمشاد ف نام ایک درخت کا جسکی
لکڑی نہایت محکم اور خوشنما ہوتی ہے
شمشیر ف تلوار لغوی معنی ناخن شیر کے
ہین چونکہ تلوار مشابہ ہے شیر کے ناخن
سے اسیلیے شمشیر نام ہوا۔
شمس ع سورج۔
شموس ع سرکش۔تند خو۔شموس
جمع ہے شمس کی۔
شماس ع سورج کا پوجاری آفتاب پرست
اور نام اوس شخص کا ہے جسنے آتش پرستی
کا طریقہ ایجاد کیا تھا۔
شمع ع موم۔
شموع ع جمع شمع کی
شمول ع شامل ہونا محیط ہونا
گھیر لینا۔کسی چیز کا۔
شمال ع وہ ہوا جو قطب شمالی سے
چلتی ہے۔
شمال ع بایان ہاتھ۔دست چپ
عادت۔قطب شمالی کی سمت چونکہ عرب

لوگ کعبہ کو ایک شخص قرار دیکر یہ تصور کرتے
ہین کہ منہ اوسکا جانب مشرق کی ہے اور
پشت اوسکی مغرب کیطرف ہے تو اسی سبب
سے چونکہ قطب شمالی بائین ہاتھ پر
واقع ہوا اور شمال کے معنی بائین ہاتھ
کے ہین اسیلیے اوسکا نام شمال رکھا
اور دبور اوس ہوا کو کہنے لگے جو
دبر یعنے پشت سے آتی ہے۔
شمائل ع خصلتین عادتین۔خوبین
شمیم ع خوشبودار ہوا۔سونگھنا
شمام ع خوشبوئین جو سونگھی جاوین
شماسیان ف آتش پرست لوگ۔
شمیدن ف سونگھنا۔بو سونگھنا۔
شمیدہ ف بیہوش۔پریشان۔
شمۃ ع تھوڑا۔
شمردن ف گننا۔شمار کرنا۔
شنو ف سننے والا۔ اور سن
شنا ف تیرنا۔ورزش کرنا۔ڈنڈ پیلنا
شناعت ع بدی طعنہ۔برائی۔
شنیع ع بد۔زبون۔
شنائع ع بدیان۔برائیان
شنیدن ف سننا۔سونگھنا
شناختن ف پہچاننا۔
شنفتن
شنودن ف سُننا

شوری ع شورہ - مشورت - صلاح کمیٹی -
شوائب ع جمع ہو شائبہ کی آمیزش آلودگی -
شوربخت ف بدبخت - بدنصیب
شوکت ع قوت - تیزی - شدت
شوامخ ع بلندیان جمع ہو شامخہ کی
شواہد ع جمع ہو شاہد کی گواہ -
شورش ف فتنہ - غل - شہرت - آواز
شونیز ف کلونجی - مشہور دوا ہے
شوارع ع راستہ - رستے - بڑے راستے -
شواہق ع بلندیان - بلند ہیا جمع ہے شاہقہ کی -
شہوق ع بلند ہونا - اونچا ہونا - اونچا ہونا
شوارق ع روشن چیزین - روشنیان
شوال ع دسوان مہینا مسلمانون کا
شورغا ف روزینہ - مدد معاش انعام
شوم ف منحوس - بدفال - بد
شوم چشم ف جسکی نظر سے ضرر پہونچے اور آدمی بیمار ہو جاوے -
شومی ف نحوست -
شہر خدا ف ماہ رجب - ساتوان مہینا قمری مسلمانون کا -
شہلا ع وہ عورت جسکی آنکھین بھیڑ کے مانند ہون - میش چشم عورت

بجاے زرد ہونیکے سیاہ ہوتا ہو اوسی تشبیہ انسان کی آنکھ کو دیتے ہین اور
شہلا سیاہ چشم جو مائل بسرخی ہو -
شہاب ع رنگ سرخ - ستارہ روشن جو آسمان سے بطور آتشبازی کے چھوٹتا ہوا ہوتا ہو اور شعلہ آگ کا جو بلند ہو -
شہوت ع خواہش آرزو شوق - لذت نفع - بھوک - خواہش - جماع -
شہامت ع بزرگی - بڑائی - توانائی چستی - دلیری -
شہادت ع گواہی - خدا کے نام کشتہ ہونا
شہر بند ف فصیل - حصار - قلعہ - قید خانہ
شہید ع گواہ - کشتہ شدہ - مارا ہوا خدا کی راہ پر -
شہود ع حاضر ہونا اور جمع شاہد کی بھی ہے
شہر ع مہینا - ماہ -
شہریور ف ماہ کوار - کوار کا مہینا یعنے جب آفتاب برج سنبلہ مین ہو
شہریار ف بادشاہ -
شہور ع جمع ہے شہر کی مہینے -
شہیر ع مشہور
شہرتاش ف ایک شہر کا باشندہ ہم شہر ہمسایہ -
شہیق ع گدھے کی آواز اور رونے کے وقت

شہ ف بادشاہ -
شہنشاہ ف بڑا بادشاہ یہ مخفف ہو شاہان شاہ کا -
شہنائی ف نام ایک ساز کا ہے جسکو سرنا کہتے ہین - نفیری -
شہی ف بادشاہی
شہوی
شہوانی ع منسوب بشہوت - خواہش کا
شیدا ف دیوانہ - آشفتہ
شیخوخت ع بڑھاپا - پیری - پچاس برس سے آخر عمر تک شیخوخت کہلاتا ہے
شیب
شیبت ع بڑھاپا - پیری -
شیث ع نام بیٹے آدم ع کا
شیخ ع بوڑھا - صاحب - بڑا عالم
شید ع مکر - فریب -
شیخ نجدی ع لقب ہو شیطان کا
شیرزہ ف قوت - قدرت - طاقت
شیرژیان ف شیر درندہ -
شیرہ ف چیپ لیس - شیرنی پتلی
شیرین ف میٹھا - اور نام معشوقہ فرہاد کا عزیز - نایاب -
شیشہ ف کانچ
شیطان ع دشمن خدا کا -

شیعہ ع قوم - گروہ - مشہور پیرو علی کرم
جو صحابہ کو نہین مانتے ہین -
شیفتن ف عاشق ہونا - مدہوش ہونا
شیفتہ ف عاشق و مدہوش
شیمہ ع طبیعت خو - عادت -
شیوخ ع جمع ہے شیخ کی
شیوع ع ظاہر اور آشکار ہونا رواج
پانا عام ہونا -
شیون ع جمع ہے شان کی طرز
طور - شانین -
شیوہ ف طریق - طور - دستور
شی ع چیز -

باب الصاد

صابر ع صبر کرنے والا - سنتوکیا
صابون ع صابن جس سے کپڑے
دھوتے ہین -
صاحب ع مالک - یار - خداوند
صاحب قران ع وہ شخص جسکی
ولادت کے وقت زحل اور مشتری کو قران
ہوا ہو یعنی یہ دونون ستارے ایک برج مین
ہون یہ بات بہت کم لوگون مین ہوتی
ہے امیر تیمور کا لقب صاحب قران ہے
صاحبہ ع سہیلی جورو - عورت ہمصحبت
صادر ع نکلنے والا - ایک جگہ سے
باہر نکلنے والا -
صادق ع سچا اور درست آجانا
معنی کا کسی شے پر -
صارخ ع چیخنے والا - چلانے والا
صاع ع ایک وزن ہے دو سو چونتیس
(۲۳۴) تولہ کا -
صاعقہ ع بجلی جو ابر سے زمین پر گرے
صاف ع بے غش - بے ملاوٹ -
صافن ع ایک رگ کا نام ہے جو پنڈلی
مین ہوتی ہے -
صافی ع صاف چھیتھڑ - بے کھوٹ
کپڑا چھاننے کا -
صالح ع نیک جو گنہگار نہو -
صامت ع خاموش - چپکا - مراد
چاندی سونے کی ہے -
صانع ع کاریگر بنانے والا -
صائب ع رسا - پہونچنے والا - درست
اور رسا جو ہو -
صائم الدہر ع وہ شخص جو ہمیشہ روزہ رکھے
صائم ع روزہ دار - روزہ رکھنے والا
صب ع ڈالنا - گرنا - عاشق
صبا ع وہ ہوا جو مشرق سے چلتی ہے پروا ہوا
صباح ع صبح تڑکا - خوب -
صباح ع حسین - خوبصورت
صباحت ع خوبروئی - سفید رنگ ہونا
صباغ ع رنگریز - رنگنے والا
صبح ع فجر تڑکا -
صید ع شکار - شکار کرنا -
صبر ع ایلوا مشہور تلخ گوند ہے -
صبغ ع رنگنا - رنگ کرنا -
صبور ع وہ شخص جو صبر کرے -
صبی ع لڑکا جو دودھ پیتا ہو
صبوری ع صبر شتابی نکرنا -
صبیان ع جمع ہے صبی کی لڑکے
صبیح ع خوبصورت - سفید رنگ
صبیہ ع لڑکی - دختر -
صحاب ع جمع ہے صاحب کی یار لوگ -
صحابت ع یار ہونا - یاری کرنا -
صحبت مین رہنا -
صحاری ع جمع ہے صحرا کی -
صحاف ع بڑے بڑے پیالے برتن
صحاف ع کتاب کی جلد بنانیوالا
صحائف ع جمع ہے صحیفہ کی کتابین رسالے
صحب ع جمع صاحب کی یار -
صحبت ع یاری پاس رہنا -
صحت ع تندرستی -
صحرا ع وہ جنگل جسمین درخت نہو
میدان - ریگستان -
صحن ع بڑے تھال - طباق کلان
گھر کا آنگن -

صحو ع ہوشیاری - اور ہوشیار ہونا مستی سے آسمان میں ابر و غبار کا نہ ہونا
صحیح ع تندرست چنگا - پاک عیب سے
صحیفہ ع کتاب - رسالہ -
صخرہ ع پتھر سنگ ٹیلا - نام اوس پتھر کا ہے جو بیت المقدس میں ہے اور نام ایک دیو کا ہے جو سلیمانؑ کی انگوٹھی لیگیا تھا -
صد ف سو - ایک سو اصل اسکی سد ہے -
صدا ع آواز - اور گونج -
صدارت ع بالانشینی نام ایک عہدہ کا شہر و نکا سر کرنا
صداع ع درد سر
صداق ع مہر عورت کا - کابین
صداقت ع دوستی - سچا پن
صدپاف کھنکھیرا -
صدبرگ ف گیندا مشہور درخت پھول کا ہے -
صدد ع مقابلہ نزدیکی - قصد کرنا در پے ہونا
صدر ع سینہ ہر شے کا اوپر کا - رتبہ - بالانشین
صدف ع سیپی - اور چھوٹا پیالہ شراب کا
صدق ع سچائی - سچ -
صدقہ ع خدا کے نام پر جو فقیروں کو دیا جاوے
صدور ع سینے چھاتیاں - بالانشینیاں کسی جگہ سے باہر نکلنا -
صدیق ع بہت سچا لقب ابوبکر خلیفہ اول کا یعنی تصدیق کرنیوالا

صدیق ع دوست - دوستان مفرد و جمع اسکی یکسان ہے
صراحت ع آشکارا ہونا ظہور -
صراحی ع شراب یا پانی رکھنے کا برتن - بوتل
صراخ ع چیخنا - چنگھاڑنا -
صراط ع راہ رست - رستہ سیدھا - راہ
صراف ع وہ شخص جو نقدی کی تجارت کرتا ہے -
صرصر ع باد تند آندھی -
صرع ع مرگی بیماری مشہور ہے اور پچھاڑنا
صرف ع ہر شے خالص - شراب خالص جسمیں پانی نہ ملا ہو -
صرف ع خرچ کرنا توبہ گردش زمانہ کی
صرفہ ع تنگی خرچ میں کرنا - فائدہ - افزونی
صرفی ع وہ شخص جو علم صرف جانتا ہو
صرہ ع تھیلی - ہمیان -
صریح ع ظاہر - آشکارا -
صعاب ع جمع ہے صعب کی دشواریاں
صعب ع دشوار سرکش -
صعلوک ع فقیر - درویش -
صعوبت ع دشواری مشکل پن
صعود ع بلند چڑھنا - اوپر چڑھنا -
صعوہ ع ممولا پرند مشہور ہے -
صعید ع خاک - رو زمین - مٹی -

صغار ع جمع ہے صغیر کی چھوٹے خرد کوچک - خوار لوگ -
صغارت ع چھوٹائی - خردی چھوٹاپن -
صغر ع خردی - چھوٹائی -
صغری ع چھوٹی جو شے ہو - چھوٹی عورت اصطلاح میں پہلا قضیہ شکل کا
صغیر ع چھوٹا - خرد -
صف ع قطار پرہ آدمیوں کا لین -
صفا ع صفائی - دوستی - نام ایک پہاڑی کا ہے مکہ معظمہ میں -
صفات ع جمع ہے صفت کی -
صفار ع جمع ہے صفر کی -
صفت ع بیان حال کا - علامت نشان - گن - تعریف -
صفحہ ع ایک رخ ورق کا -
صفدر ع صف لشکر کو پھاڑنیوالا
صفر ع خالی ہونا - خالی -
صفرا ع زردیت -
صفراوی ع منسوب صفرا سے یعنے صفرا کا -
صفرت ع زردی -
صفوف ع جمع ہے صف کی قطاریں
صفی ع برگزیدہ - دوست خالص لقب آدم علیہ السلام کا -

صفیر ع آواز پرندوں کی۔
صلا ع دعوت عام کرنا۔ آواز دینا واسطے ضیافت کے۔
صلابت ع سختی۔
صلات ع نماز۔ درود۔ دعا
صلات ع بخشش۔ عطا۔ انعام جمع ہے صلہ کی۔
صلاح ع نیکی۔ مصالحہ۔ باہم صلح ہونا
صلاحیت ع نیکی۔ پارسائی۔
صلب ع سخت کڑا۔
صلب ع فقرے پیٹھ کے پشت کے استخوان۔
صلبی ع پشتی۔ نسلی۔
صلح ع آشتی۔ ضد نساد کی
صلحا ع جمع ہے صالح کی۔ نیک آدمی
صلوات ع جمع ہے صلواۃ کی نمازیں درود۔ دعائیں۔
صلۂ رحم ع محبت کھنی اپنے رشتہ داروں سے
صلہ ع بخشش۔ عطا۔ انعام۔
صلیب ع سولی۔ چلیپا۔
صمت ع خاموشی۔ چپ چاپ
صمصام ع شمشیر براں۔ تیز تلوار
صمغ ع گوند۔
صمم ع بہراپن۔ ناشنوائی۔ گرانی کان کی
صنج ب چنگ۔ ایک باجہ مشہور ہے۔

صناعت ع کاریگری۔
صنائع ع جمع ہے صنعت کی کاریگریاں
صندل ع مشہور خوشبودار لکڑی ہے
صندوقچہ ت چھوٹا صندوق۔
صنع ع کاریگری۔
صنعت ع کاریگری
صنف ع قسم۔ نوع۔ مقید ابصفات
صنم ع بت۔ مجازاً معشوق۔
صنوبر ع چیڑ کا درخت۔
صنوف ع جمع ہے صنف کی۔
صواب ع راست۔ درست۔ برخلاف خطا کے۔
صوابدید ف صلاح و تجویز درست
صوارف ع حادثے۔ گردشات زمانہ کی جمع ہے صارفہ کی۔
صوارم ع جمع ہے صارم کی تلواریں کاٹنے والیاں۔
صواعق ع جمع ہے صاعقہ کی۔ بجلیاں
صوامع ع جمع ہے صومعہ کی بتخانے عبادت خانے۔
صوب ع طرف۔ جانب۔
صوبہ ع بادشاہت کا ایک حصہ
صوبہ دار ف حاکم صوبہ کا۔
صو ع آواز سیلیبل انگریزی میں
صُوَر ع جمع ہے صورت کی صورتیں۔

صورت ع شکل۔ طرف۔ دو جانب
صورتگری ف صورت بنانا۔
صوری ع ظاہری۔
صوف ع پشم۔ اون۔
صوفی ع پشم پوش۔ اون کا کپڑا پہننے والا۔ فقیر
صول ع حملہ کرنا۔ حملہ کرنا کسی پر جھپٹ کر جانا۔
صولت ع دبدبہ۔ رعب۔ ہیبت
صولجان ع گلی۔ چوگان۔ سر کج کیا ہوا ڈنڈا۔
صوم ع روزہ۔
صومعہ ع عبادت خانہ
صہبا ع شراب انگوری۔ رانڈی شراب
صیاد ع شکاری۔ شکار کرنے والا مراد معشوق سے ہے۔
صیانت ع بچانا۔ بچاؤ۔ حفاظت نگاہبانی
صیت ع آوازہ۔ شہرت۔ ذکر خیر
صید ع وہ جانور جسکا شکار کریں اور شکار کرنا۔
صیغہ ع ڈھالنا زر کا۔ لفظ بنا ہوا۔ نکاح
صیف ع موسم گرمی کا۔ گرما۔
صیقل ع زنگ دور کرنا۔ صاف کرنا

باب الضاد

ضابطہ ع قاعدہ - دستور -
ضاحک ع ہنسنے والا -
ضار ع مضر ضرر پہونچانے والا -
ضارب ع مارنے والا -
ضاری ع شکار کی پیچھے دوڑنیوالا کتا وغیرہ
ضال ع گمراہ - راہ بھٹکا ہوا -
ضامن ع خاطر جمع کرنے والا - ذمہ دار گیرندہ وہ شخص جو کسیکا ذمہ دار ہو -
ضان ع بھیڑی - میش -
ضائع ع کھویا ہوا - بیفائدہ کھویا گیا - برباد ہوا
ضبط ع نگاہ رکھنا - ہر شئی کا اوسکی حد پر انتظام
ضبع ع گفتار - بجو -
ضحی ع دو پہر دن چڑھے کا وقت
ضحاک ع نام ایک بادشاہ کا ہے
ضخامت ع موٹا ہونا - جسامت - موٹاپا
ضد ع برخلاف - برعکس - فرق
ضرب ع مارنا -
ضرب المثل ع کہاوت -
ضربہ ع چوٹ -
ضرر ع تکلیف - دکھ -
ضرس ع داڑھ بڑے دانت اندر کی جڑ کے ہیں
ضریح ع چت جسکا ہونا چاہیئے -
ضرورت ع جسکے بدون کام نہ چلے حاجت
ضعف ع ناتوانی - ناطاقتی -

ضعیف ع ناتوان - ناطاقت - بوڑھا
ضغطہ ع بھینچنا -
ضفادع ع جمع ہے ضفدع کی مینڈھک
ضفدع ع مینڈھک
ضل ع گمراہ نامعلوم شخص -
ضلالت ع گمراہی -
ضلع ع پسلی پہلو کی ہڈی سلطنت کی شاخ
ضلوع ع جمع ہے ضلع کی -
ضلیل ع گمراہ - راہ بھولا ہوا بھٹکا ہوا -
ضماد ع لیپ دوا کو پانی وغیرہ میں ملاکر بدن پر لگانا
ضمائر ع جمع ہے ضمیر کی -
ضمن ع اندرون - اندر -
ضمہ ع پیش جیسے ہو کے عین پر ہے -
ضمیر ع دل - وہ اسم جو قائم مقام اسم ظاہر کے ہو - اسم غیر مظہر -
ضمیم ع ملا ہوا - شامل کیا گیا -
ضمیمہ ع وہ شے جو کسی اور شے پر بڑھا کر لگا دیویں
ضمین ع ضامن
ضوابط ع جمع ہے ضابطہ کی قواعد
ضواحک ع چار دانت ہیں جو درمیان کچلیوں اور داڑھوں کے واقع ہیں
ضیا ع روشنی آفتاب کی -
ضیافت ع مہمانی کھانا - کھلانا -

اور مفرد بھی ہے -
ضیق ع تنگی
ضیق النفس ع تنگی سانس کی مشہور مرض ہے ہندی میں اوسکو دمہ کہتے ہیں
ضیغم ع شیر درندہ - پھاڑنیوالا شیر
ضیمران ع ایک قسم کی گھانس خوشبودار کا نام ہے -

باب الطاء

طاب ع بوے خوش - اور فعل ماضی ہے طیب کا -
طاجن ع کڑاہی توا جسپر کچھ چیز بریاں کرین
طارم ت خانہ چوبین - بالاخانہ معرب ہے تارم کا -
طاری ع ظاہر ہونیوالا ناگاہ - عارض ہونے والا - نیچے اوترنے والا کسی جگہ پر
طاس ت معرب تاس کا ہے - طشت بڑا
طاعات ع جمع طاعت کی -
طاعت ع بندگی - عبادت -
طاعن ع نیزہ مارنیوالا طعنہ دینیوالا
طاعون ع وبا مشہور ہے ایک پھوڑا خصیہ پستان یا بغل کے نیچے نکلا کرتا ہے
طاغی ع پھرا ہوا - باغی - مفسد -
طائف ع گشت کرنیوالا - طواف کرنیوالا

ہوئی - روئی دار جبہ - تنہا - مفرد -
طاقت ع قوت - زور - توانائی -
طاقچہ ف چھوٹا طاق -
طال ع دراز ہوا - بڑھ گیا -
طالب ع طلب کرنیوالا - ڈھونڈھنے والا
طالح ع بدفعل آدمی - بد آدمی
طالع ع نصیب - طلوع کرنے والا
طالعہ ع طلوع کنندہ - روشنی -
طامع ع طمع کرنے والا - لالچی -
طاوس ع مور مشہور پرند ہے
طاہر ع پاک - جو ناپاک نہو -
طائر ع اڑنے والا پرند -
طائف ع طواف کرنیوالا - خیال جو نیند میں دکھلائی دے - سپنا - نام ایک جگہ کا ہے قریب مکہ معظمہ کے -
طائفہ ع گروہ آدمیوں کا - جماعت ٹکڑا
طب ع علم بیدک - بیماریوں کے علاج کرنیکا علم
طباخ ع باورچی - پکانے والا -
طپانچہ ف تمانچہ - تھپڑ -
طبائع ع جمع ہے طبیعت کی -
طبیخ ع کسی چیز کا پانی جوش دیا ہوا مطبوخ پکایا ہوا -
طبرزد ع مصری - نبات -
[illegible] آدمی کی غذا [illegible]

[illegible]
طبعی ع منسوب بطبع
طبق ع موافق - برابر - نام ایک بیماری گھوڑے کا -
طبقات ع جمع ہے طبقہ کی -
طبقہ ع درجہ - جماعت آدمیوں کی رتبے
طبل ع ڈھول -
طبلہ ع چھوٹا ڈھول مشہور باجہ ہے -
طبی ع طب کی وہ شے جو منسوب ہے طب سے
طبیب ع علاج کرنے والا بیدک -
طپیدن ف بے قرار ہونا -
طبیعت ع مزاج - خو - عادت - پیدایش
طبعی ع منسوب بہ طبیعت -
طحال ع تلی مشہور ٹکڑا بدن کا ہے
طرار ع تیز زبان - جو گرہ کاٹنے والا -
طراز ع نقش و نگار ہر چیز کا چھینٹ
طرازیدن ف نقش کرنا -
طراوت ع تازگی -
طرب ع خوشی -
طرح ع وضع - ڈھنگ - طور -
طرز ع طرح - ڈھنگ -
طرف ع سمت - جہت -
طرفا ع جھاؤ کا درخت -
طرفۃ العین ع آنکھ کا جھپکنا ایک دفعہ
طرفہ ع عجیب - تحفہ

طرفین ع دونوں طرف - دو جانب
طرق ع جمع ہے طریق کی رستے - راہیں -
طرہ ع زلف پیشانی کے بال چھجا مکان کا
طری ع تازہ - نیا -
طریف ع غریب نادر - نوزاد عجیب
طریقت ع راہ صفائی باطن کی
طریقہ ع راہ - طور - رستہ - ڈھنگ
طسوج معرب کنارہ - کونا چوتھائی دانگ یعنی وہ حبہ کے برابر - معرب ہے تسو کا اور چوبیسواں حصہ ہر چیز کا
طشت معرب معرب ہے تشت کا مشہور تھال بڑا
طعام ع خورش - کھانا -
طعم ع مزہ - لذت -
طعم ع طعام - خورش -
طعمہ ع خورش - خوردنی - کھانا -
طعن ع نیزہ مارنا عیب گیری کرنا -
طغرا ع خط پیچیدہ جسمیں القاب و نام بادشاہوں کا فرمان پر لکھا جاتا ہے -
طغیان ع حد سے گذر جانا - حساب زیادتی - کثرت -
طفل ع لڑکا - بچہ -
طفولیت ع لڑکپن - طفلی -
طفیل ع نام ایک شاعر کوفی کا ہے جو بدون بلائے شراب کی مجلس میں ہر ایک شخص کے گھر جایا کرتا تھا پھر اب اوسکو کہتے ہیں جو کسی کے سبب دعوت میں چلا جائے متاخرین ایک

یا اوسپر زائد لگا کر طفیلی کہتے ہین مجازاً
معنی اوسکے سبب - اوسکے ساتھ ہین -

طل ع شبنم -

طلاء ع زر خالص - سونا بعضے کہتے
ہین کہ طلا معرب تلا ہندی لفظ کا ہی
جسکے معنے سونے کے ہین -

طلاق ع چھوٹ جانا عورت کا نکاح
سے کشادگی - آزادگی -

طلاقت ع کشادہ رو ہونا - تیزی
زبان - تیز زبان ہونا -

طلاوت ع تر و تازگی - خوبصورتی - رونق

طلائی ع سونے کا منسوب طلا سے

طلایہ ع سپاہ جو شہر اور لشکر کی
محافظت کرتی ہے -

طلب ع مانگنا - خواہش کرنا خواہش تجویز

طلباء ع جمع طالب کی ہی طلب کرنے والے

طلبہ ع جمع بھی طلب کی ہے -

طلبی ع بلوا - بلوانا -

طلاب ع جمع ہے طالب کی -

طلبیدن ف بلانا - چاہنا -

طلسم ع تماشا جو بشکل عجیب و غریب
نظر مین آوے یہ لفظ یونانی ہے -

طلسمات ع جمع ہے طلسم کی -

طلعت ع دیدار - منہ دیکھنا

طلق ع درد زہ جننے کا درد - ابر کہ یا ابر

طلوع ع آفتاب کا نکلنا - ہر ایک
ستارہ کا ظاہر ہونا - باہر آنا -

طلیعہ ع وہ لشکر جو فوج سے آگے آگے واسطے
دریافت جگہ آذوقے اور پانی اور دشمن کے جایا کرتا
ہے اور سپاہ محافظ شہر و لشکر کی -

طمانیت ع اطمینان - تسلی -

طمطراق ع کر و فر - شان و تجمل -

طمع ع لالچ - حرص -

طمغات ت یہ لفظ ترکی ہے - دیکھو تمغا

طناب ع رسی خیمہ کی - ڈور -

طنبور ع طنبورہ مشہور باجہ ہے -

طنز ع ناز - تمسخر - رمز کی بات کہنا طعنہ

طنطنہ ع آواز طنبورہ اور باجہ وغیرہ کی
کر و فر - آواز نقارہ کی جو زبر ہوتی ہو اوسکو
طنطنہ کہتے ہین - اور آواز بم کو دبدبہ کہتے ہین

طنین ع آواز مکھی پشہ وغیرہ
چھوٹی مکھیون کی -

طواف ع گرد آگرد پھرنا خانہ کعبہ
کے گردش کرنا -

طوالت ع درازگی -

طوالع ع جمع ہے طالع کی - اور نام
ایک کتاب کا ہے منطق مین -

طوائف ع جمع ہے طائفہ کی -

طوبیٰ ع مونث ہے اطیب کی معنی
خوشبودار تر - پاک تر - بشارت اور خوشخبری

اور نام درخت بہشتی کا ہے -

طور ع نام ایک پہاڑ کا ہی شام مین
موسیٰ کو جسپر تجلی ہوئی تھی -

طور ع وضع - ڈھنگ -

طوطی ع طوطا - توتا -

طوع ع رغبت اور اطاعت -

طوعاً ع از روے اطاعت اور فرمانبرداری کے

طوعاً و کرہاً ع فرمانبرداری اور
دھینگا دھانگی سے -

طوفان ع دریا کا جوش و بارش کی
باد تند - آندھی جو بہت تیز ہو -

طوق ع طاقت - توانائی - گردن بند
گول پٹہ -

طول ع بخشش - عطا -

طول ع درازی - لمبائی -

طویت ع پوشیدگی - نیت - اندیشہ غرض

طویل ع لمبا - دراز

طویلہ ع لمبی رسی جو گھوڑوں کے پیرون مین
باندھتے ہین پچھاڑی - مجازاً وہ مکان
جسمین گھوڑے باندھتے ہین -

طہارت ع پاکی - پاکیزگی -

طی ع لپیٹنا - بھوک -

طیار ع اوڑنے والا - پرندہ خوب اوڑنے والا
اوڑسکے مجازاً مہیا -

طیاش ع سبک عقلی جسکی عقل جاتی

...ی ع ... بیہودہ آدمی۔
طیب ع خوشبو۔
طیب ع ستھرا۔ اچھا۔ خوش مزاج۔
طیر ع پرندہ اوڑنے والا جانور۔
طیران ع اوڑنا۔
طیش ع خفگی۔ غصہ۔ جوشش۔ سبکی عقل کی خطا کرنا۔ عقل جانا۔
طی کردن ع لپیٹنا۔ فیصل کرنا۔
طین ع مٹی۔ خاک۔ نمناک۔
طینت ع سرشت پیدایش اصلی خو
طینی ع گلی مٹی کی چیز
طیور ع جمع ہے طیر کی
طیوری ع پرندونکی چیز منسوب طیور سے
طیہوج ع لوا مشہور پرندہ ہے تیتر کی قسم سے ہوتا ہے۔

باب الظاء

ظافر ع فتح کرنے والا فتحمند۔
ظالم ع ظلم کرنے والا۔ انیائی۔
ظامی ع پیاسا۔ تشنہ۔
ظاہر ع کھلا ہوا۔
ظاہری ع باہر والا کھلا ہوا۔
ظبی ع ہرن
ظرافت ع خوش طبعی۔ عقلمندی۔ زیرکی
ظرف ع برتن۔ آوند۔
ظروف ع جمع ہے ظرف کی
ظریف ع خوش طبع آدمی۔ وہ شخص جو زیرک ہو۔
ظفر ع فتح
ظفرہ ع ناخونہ جو آنکھ مین پڑجاتا ہے بیماری آنکھ کی۔
ظل ع سایہ چھپاؤ۔
ظلم ع بے انصافی۔
ظلمات ع جمع ہے ظلمت کی تاریکیان
ظلمانی ع وہ شی جو شفاف نہو تاریک
ظلمانیت ع تیرہ ہونا۔ تیرگی پیدا ہونا
ظلمت ع اندھیرا۔ تیرگی۔
ظن ع گمان۔ وہم۔ تہمت۔
ظنون ع جمع ظن کی۔
ظنیہ ع جو بات کہ منسوب ظن سے ہو وہ مقدمہ جو قریب بیقین کے ہو۔
ظنی ع اغلبی۔ قریب العقل کے۔
ظئر ع دایہ۔ دانائی۔ دودھ پلائی
ظواہر ع جمع ہے ظاہر کی۔
ظہر ع کمر پشت۔
ظہور ع ظاہر ہونا۔ کھلنا۔
ظہیر ع مددگار۔ پشت پناہ۔

باب العین

عابد ع عبادت کرنیوالا۔ پوجاری
عابر ع راہ پر گذرنے والا۔ پل پر سے اوترنے والا۔ پار لنگھنے والا
عاج ع ہاتھی دانت۔
عاجز ع لاچار جس سے کچھ ہو نہ سکے
عاجل ع جلد باز جلدی کرنے والا
عادات ع جمع عادت کی ہے۔
عادت ع خو۔ سبھاؤ۔
عادل ع منصف۔ انصاف کرنیوالا
عادی ع خو یافتہ جسکو عادت پڑی ہوئی ہو۔
عار ع شرم۔ عیب۔
عارض ع بخشی فوج کا۔ ملنے والا لاحق ہونے والا ابر۔
عارضی ع لاحقی جو اصلی نہو۔
عارف ع پہچاننے والا۔ جاننے والا ولی خدا۔
عاری ع ننگا۔ خالی۔
عاریت ع مانگنا۔ مانگ کر کوئی چیز لینی
عازم ع قصد کرنے والا۔ قاصد۔
عاشر ع دسوان حصہ۔ ۱/۱۰
عاشق ع عشق رکھنے والا۔ چاہنے والا
عاشورہ ع دسوین تاریخ ماہ محرم کی۔
عاصم ع باز رکھنے والا۔ نگاہ رکھنے والا نام ایک قاری کا ہے۔
عاصی ع گنہگار۔ مجرم خطاکار۔

عاطر ع خوشبودار -
عاطف ع مڑنیوالا - مہربانی کرنیوالا
عاطفت ع مہربانی شفقت -
عافی ع معاف کرنیوالا - خطا بخشنے والا
عافیت ع آرام -
عافین ع معاف کرنیوالے جمع ہے عافی کی
عاقبت ع آخر - انجام -
عاقل ع عقلمند زیرک -
عاکف ع گوشہ نشین - مسجد مین ایک گوشے کے اندر واسطے عبادت کے بیٹھنا
عاکفان ف جمع فارسی ہے عاکف کی -
عالم ع علم والا - پڑھا ہوا - جاننے والا
عالم ع جو چیز سوائے خدائے تعالے کے ہو وہ عالم ہے
عالم اسباب ع دنیا -
عالم لاہوت ع عالم ذات خدا کا یعنے خدا
عالم ملکوت ع مرتبہ اسمائے الٰہی کا -
عالم معقول ع عالم عقلی - ذہنی عالم
عالم معنی ع وہ عالم جو محسوس نہو سکے
عالم جبروت ع مرتبہ صفات خدا کا
عالم ناسوت ع دنیا فانی -
عالم ہیولانی ع عالم اجسام کا
عالمی ع دنیاوی - عالم کا رہنے والا
عالمیان ف جمع ہے عالمی کی -
عالیجناب ع بلند درگاہ - بلند مرتبہ
عالیحضرت ع بلند مرتبہ کا آدمی -

عالن ع پھیلا ہوا - مشہور -
عامر ع آباد - آباد کرنے والا -
عامل ع حاکم عمل کرنے والا - کاریگر -
عامہ ع مشہور - عام
عاند ع دشمن - عناد رکھنے والا -
عائد ع اولٹ آنیوالا - عود کرنیوالا
عائق ع روکنے والا - حائل مانع -
عباد ع جمع عابد کی -
عبادت ع پوجا - بندگی -
عبارت ع بیان - بات بیان کرنا -
عباس ع شیر درندہ - نام ہے پیغمبر خدا کے چچا کا -
عبث ع بے فائدہ - بیہودہ -
عبد ع بندہ - غلام -
عبرت ع اندیشہ - نصیحت پکڑنا -
عبودیت ع بندگی - غلامی -
عبور ع اوپر گذرنا - پل کے پار جانا - دریا پر کو اوتر جانا -
عبوس ع ترش رو
عبید ع بہت سے غلام یہ اسم جمع ہے اور عبد کی جمع نہین ہے -
عبیر ع نام ایک خوشبو کا ہے - صندل و گلاب اور مشک سے ملا کر بناتے ہین
عتاب ع خفگی - غصہ
عتبہ ع دہلی - آستانہ -

عتق ع آزادی - اور آزاد ہونا
عتیق ع پرانا - بزرگ - برگزیدہ - آزاد
عجائب ع جمع ہے عجیب کی -
عجائز ع جمع ہے عجوز کی - بڑھیا عورتین
عجب ع تعجب - انوکھا پن -
عجب ع غرور -
عجز ع ناچاری - عاجزی -
عجزہ ع جمع ہے عاجز کی - لاچار آدمی
عجل ع بچھڑا - گائے کا بچہ - نام ایک قبیلہ کا ہے عرب مین -
عجم ع وہ ملک جو عرب نہین ہے خصوصاً ملک ایران و توران -
عجمی ع جو شخص باشندہ عرب کا نہو اکثر مراد ایرانی و فارسی سے ہوتی ہے -
عجوز ع بوڑھیا - بڑی عورت -
عجیب ع انوکھا - وہ شے جس سے تعجب پیدا ہو -
عد ع شمار کرنا - گننا - شمار -
عدالت ع کچہری انصاف کی - برابری
عداوت ع دشمنی - بیر
عدد ع گنتی - شمار - ہندسہ
عدس ع مسور - مسور کی دال مشہور غلہ ہے
عدل ع برابر کرنا - انصاف -
عدم ع نہین - نفی - نہونا -
عدو ع دشمن -

عدول ع پھر جانا راہ سے - روگردانی کرنا

عدیل ع برابر رتبہ اور قدر مین مساوی

عدیم ع ناپیدا - گم - نایاب -

عذاب ع دُکھ -

عذار ع رخسارہ - چہرہ -

عذب ع شیرین - میٹھا - خوش مزہ - خوشگوار

عذر ع بہانہ - اور سبب کسی بات کا

عرابہ ع گاڑی - چھکڑا -

عراق ع نام ملک کا ہے لغت مین عراق کے معنی کنارہ کے ہین اور عراق دو ہین ایک عراق عجم - دوسرا عراق عرب - عراق عجم مین خراسان اور اصفہان داخل ہے اور عراق عرب مین وہ ملک جو ان رودہاے دریاے دجلہ کے واقع ہین بغداد بھی اوسمین شامل ہے یہ دونون ملک چونکہ کنارہ دریا پر واقع ہین اسواسطے انکو عراق کہتے ہین چنانچہ عراق عجم دریاے جیحون کے کنارے پر ہے اور عراق عرب کنارہ دجلہ و فرات پر ہے اور عراق نام ایک مقام کا موسیقی مین سے بھی ہے جسکو وقت چاشت گاتے ہین -

عرائس ع جمع ہے عروس کی عورت یا مرد جسکی ابھی شادی ہوئی ہو مگر اکثر اطلاق اسکا عورت پر کرتے ہین -

عربان ق جمع فارسی عرب کی ہے

عربدہ ع لڑائی - جنگ - عربدہ جو جنگجو

عربی ع منسوب عرب سے یعنی عرب کا

عربستان ق عرب کا ملک -

عرس ع خاوند والی عورت زن باشوہر

عُرس ع کھانا شادی یا نکاح کا مجازاً مجلس طعام اور فاتحہ کسی بزرگ کی اوسی دن جس روز کہ فوت ہوا تھا -

عرش ع تخت - چھت -

عرصہ ع وقفہ - میدان - فاصلہ -

عرض ع ظاہر کرنا کسی چیز کا کسی شخص پر چوڑان - متاع اسباب گھر کا اور جو ہمیشہ قائم نہو جیسا کہ رنگ ہے -

عرضی ع جو اصلی نہو جو عارض ہوا ہو -

عرف ع مشہور نام - عام نام - پہچان نکوئی احسان -

عرفان ع شناخت پہچان پہچاننا خدا کا

عرفی ع نام شاعر مشہور کا ہے اور مشہور اضافی -

عرق ع درخت کی جڑ - رگ - نس -

عرق ع پسینہ اور وہ پانی جو دواؤن کا بخار بنا کر بناتے ہین -

عروج ع چڑھنا - بلند ہونا -

عروس ع دولھن - دولھا -

نام علم شعر کا -

عروق ع جمع عرق کی پانی جو ابا ہوا رس اور جمع عرق کی بھی ہے یعنی رگین نسین جڑین نباتات کی -

عریان ع ننگا - برہنہ -

عریض ع چوڑا عرض دار -

عریضہ ع عرضی - عرض -

عز ع عزیز ہوا - معزز ہو گیا -

عزا ع مصیبت پر صبر کرنا - نسبت کرنا کسی چیز سے - مجازاً ماتم پرسی -

عزازیل ع شیطان -

عزب ع مجرد آدمی - وہ آدمی جسکی جورو نہو -

عزت ع حرمت - بزرگی -

عزرائیل ع نام ایک فرشتہ کا جو روح قبض کرتا ہے -

عزل ع بیکاری - اور بیکار کرنا -

عزلت ع گوشہ نشینی - زن و فرزند سے جدا ہو بیٹھنا واسطے عبادت کے

عزم ع ارادہ - قصد -

عزیز ع ارجمند - کمیاب - پیارا - اب لقب بادشاہ مصر کا ہے اور زمانہ قدیم مین یہ لقب وزیرون کو ملا کرتا تھا -

عزیمت ع قصد دلی - منتر - افسون

عسرت ع تنگی مفلسی - دشواری -
عسس ع کوتوال - محافظ شہر
عسکر ع لشکر - فوج -
عسل ع شہد -
عسر ع دشواری - اور دشوار ہونا کام کا
عسیر ع دشوار مشکل -
عُش ع آشیانہ - گھونسلا -
عشا ع رات کا کھانا - بیالو کرنا - طعام شب
عشا ع شب کوری - رتوندھا - رات
کو نہ دکھائی دینا -
عشاق ع جمع ہے عاشق کی اور نام
ہے ایک مقام راگ کا جو دو گھڑی دن
رہے گاتے ہیں -
عشائر ع جمع ہے عشیرہ کی کنبے قبیلے
عشر ع دسواں حصہ ۱/۱۰
عشر ع دس عدد (۱۰)
عشرت ع خوشدلی - خوش زندگانی
عشرہ ع دسواں دن مہینے کا -
عشرین ع بیس عدد (۲۰)
عشق ع محبت کرنا کسی شے سے ایک قسم کا خبط ہے
عشق باز ف عاشق پیار کرنے والا -
عشوہ ف ناز - اور ایسی حرکت و ناز معشوق
کا جو عاشق کو فریفتہ کرے -
عشی ع اول شام - شروع شب کا

عشر عشیر ع سواں حصہ ۱/۱۰۰
عشیر ع کنبے کا آدمی ہمسایہ کہ یک
ساتھ رہنے والا -
عشیرہ ع دسواں حصہ - کنبہ قبیلہ
عصا ع لاٹھی - چوبدستی -
عصار ع روغن گر -
عصارہ ع شیرہ - رس نچوڑا ہوا پانی
عصافیر ع جمع ہے عصفور کی گنجشک
چڑیاں -
عصب ع پٹھہ - پٹے
عصر ع زمانہ - روزگار -
عصفر ع کسنبہ - سرخ جامہ -
عصفور ع چڑیا - گنجشک -
عصمت ع گناہ سے - باز رہنا -
عصیب ع طرفدار - استوار -
خویشاوند رشتہ دار -
عضد ع بازو - بانہ -
عضلہ ع اڈلہ -
عضو ع ٹکڑا بدن کا
عضوب ع جمع عضب کی تلواریں
عطا ع بخشش - دینا -
عطار ع عطر بیچنے والا - گندھی -
عطارد ع بدھ ستارہ -
عطاس ع وہ شے جس سے چھینک پیدا ہو

عطایا ع جمع ہے عطیہ کی بخششیں
عطب ع ہلاکت - ہلاکی -
عطر ع خوشبو - اور خوشبو ہونا -
عطریات ع جمع ہے عطری کی یعنے
وے اشیا جو خوشبو دیویں -
عطس ع چھینکنا - چھینک -
عطش ع پیاس - تشنگی
عطشان ع پیاسا - تشنہ -
عطف ع پھر جانا - لپیٹنا
عطل ع عورت بدون زیبائش کے
بے زیور - بے نقطہ - حرف
عطوف ع مہربان - شفیق -
عطوفت ع مہربانی -
عطیات ع جمع ہے عطیہ کی
عطیہ ع بخشش انعام دی ہوئی چیز
عظام ع بزرگان - بزرگ لوگ - اس
صورت میں جمع ہے عظیم کی - اور ہڈیاں
استخواناب جمع ہے عظم کی -
عظم ع ہڈی - استخوان -
عظم ع بزرگی - بڑائی -
عظما ع جمع ہے عظیم کی - بزرگ لوگ
عظمیٰ ع بزرگ عورت - بڑا مقدمہ
عظمت ع بزرگی - قدر
عظیم ع بزرگ - بڑا -

عفریت ع دیو بھوت۔
عفص ع مازو۔ ماجو۔ دوا مشہور ہے
عفص ع کسیلا۔ بیمزہ۔ تلخی۔ اور ترشی
اور گرفتگی زبان کی جسمین مزہ نہو۔
عفو ع معاف کرنا۔ خطا بخشنا
عفوصت ع بیمزگی کسیلاپن
عفونت ع سڑجانا۔ بدبو۔ سڑاندہ
عفیف ع پارسا۔ پرہیزگار۔ جو شخص
حرام کاری نکرتا ہو۔
عقاب ع گدھ ایک پرند چیل کی
قسم مشہور ہے۔
عقاب ع عذاب۔ دکھ
عقارب ع جمع عقرب کی۔ بچھو
عقائد ع جمع عقیدہ کی
عقب ع ایڑی پیر کی۔
عقبیٰ ع آخرت۔ دوسرا جہان
عقد ع گرہ لگانا۔ عہد بیع۔ نکاح
عقدہ ع گرہ۔ مشکل بات۔
عقر ع بانجھ ہونا۔ عقیم ہونا۔ پیر باندھنا ستور کا
عقرب ع بچھو۔
عقل ع خرد۔ دانائی۔
عقلا ع جمع ہے عقیل کی عقلمند لوگ
عقلی ع جو بات صرف ذہن مین
آوے خارج مین نہو۔

عقود ع جمع ہے عقد کی۔
عقول ع جمع ہے عقل کی دانائیان فرشتے
عقیدہ ع بھروسہ دل کا۔ مذہب کے اصول
عقیدت ع جن پر یقین کرنے سے
اوس مذہب مین شامل ہوسکے۔
عقیق ع نام ایک سرخ پتھر کا ہے
عقیم ع بانجھ عورت جسکے بچہ نہو۔
عکس ع اولٹنا۔ اوٹنا۔
علا ع سربلندی۔ بزرگی۔
علی ع اوپر
علاج ع چارہ۔ تدبیر۔
علی الخصوص ع خاص کرکے خصوصًا
علی الدوام ع ہمیشہ۔
علی الصباح ع صبح کے وقت۔
علی الاطلاق ع بے قید۔
علاقہ ع لگاؤ۔ تعلق۔ آویزش۔
علامات ع جمع ہے علامت کی
علامت ع نشان پتہ
علامہ ع عورت بہت جاننے والی مرد عالم
علامی ع بہت جاننے والا۔
علانیہ ع ظاہر۔ کھلم۔ کھلا
علاوہ ع سوائے۔ ماسوا۔ اسکے سوا
علائق ع جمع علاقے کی ہے۔
علات ع سندان اہرن جسپر لوہا کوٹا جاتے

علت فاعلی ع جسنے کوئی شی بنائی ہو۔
علت مادی ع وہ مادہ جس سے
وہ شی بنی ہو۔
علت صوری ع صورت جو بعد بننے
اوس چیز کے ہوگئی ہو۔
علت غائی ع فائدہ اوس شی کا۔
علی حدہ
علیحدہ ع اپنی حد پر جدا۔ الگ۔
علف ع گھاس۔
علق ع جونک مشہور کیڑا ہے۔ چپٹا ہوا۔
علم ع نیزہ۔ نام خاص۔ پہاڑ جھنڈا
علما ع جمع ہے عالم کی۔
علو ع بلندی۔ اونچائی۔
علوفہ ع خوردنی۔ خورش۔ خوراک۔
علوم ع جمع ہے علم کی۔
علوی ع وہ سید جو اولاد علی سے ہو
علوی ع آسمانی جیسے فرشتے
ستارے وغیرہ۔
علیا ع بہت بلند۔
علیم ع جاننے والا۔ دانندہ۔ علم والا
علیہ ع جمع ہے عالی کی بلند مرتبہ
اور شریف چیزین
علیین ع نام بہشت کا اور کتاب
اعمال بندگان صالح کی۔

عم ... چچا باپ کا بھائی۔

عماد ع ستون۔ کھنب۔

عمارت ع مکان۔ آبادی۔ آباد کرنا۔

عمال ع جمع ہے عامل کی حاکم۔ کارکن سرکار کا۔

عمامہ ع دستار۔ پگڑی۔

عمد ع قصد۔ ارادہ

عمداً ع قصداً۔ ارادہ سے

عمدہ ع نفیس۔ بہتر

عمر ع زندگی

عمق ع گہراؤ۔ دل

عمل ع کام۔ کار

عملی ع جو منسوب عمل سے ہو۔

عمو ع چچا۔ باپ کا بھائی۔

عمود ع سیدھا خط جو سیدھے خط پر واقع ہو اور زاویہ قائمہ پیدا کرے۔

عموم ع عام ہونا۔ سب جگہ ہونا۔ بے قید ہونا۔

عموی ع چچا۔ کاکا۔

عمہ ع پھوپھی۔ باپ کی بہن۔

عمی ع اندھاپن

عمیق ع گہرا۔ ڈونگھا

عمیم ع عام۔ شامل۔

عن ع سے

عنا ع تکلیف۔ دکھ۔ رنج۔ مشقت

عنادل ... بلبلیں

عنادل ع بلبلیں جمع ہے عندلیب کی۔

عناصر ع جمع ہے عنصر کی اصلی جزو۔

عناق ع بکری کا بچہ جو مادہ ہو۔

عنایت ع مہربانی۔

عنب ع انگور میوہ مشہور ہے۔

عنبر ع نام ایک خوشبو کا ہے

عنبرین ف عنبر کی خوشبو دینے والی شے

عند ع نزدیک۔

عندلیب ع بلبل ہزار داستان

عنصر ع اصلی جزو۔

عنصری ع منسوب بہ عنصر اصلی جزو کا تخلص ایک شاعر کا۔

عنف ع سختی یا درشتی کرنا۔ تندی

عنفوان ع اول ہر شے کا۔ آغاز جوانی

عنق ع گردن۔

عنقا ع ایک جانور فرضی ہے شاعر لوگوں نے فرض کیا ہے۔

عنقریب ع نزدیک۔ ابھی۔

عنکبوت ع مکڑی۔

عنوان ع سرنامہ۔ سرخی مطلب کا دیباچہ اول ہر چیز کا۔

عنید ع لڑاک۔ سرکش۔

عنیف ع تند سخت۔ خو۔ لڑاک۔

عنین ع نامرد۔ جو مرد عورت کے کام کا نہ ہو

عوارض ع جمع ہے عارضہ کی۔

عواطف ع جمع ہے عاطفہ کی۔

عوام۔ عوام الناس ع عام لوگ رعایا کے لوگ۔

عوامل ع جمع ہے عامل کی عمل کرنیوالے اور حاکم لوگ کارکن۔

عوان ع خصم والی عورت

عوائق ع جمع ہے عائقہ کی۔ روکنے والیاں۔

عوج ع ٹیڑھاپن۔ کبڑاپن۔

عود ع لکڑی اور سیاہ رنگ کی لکڑی

عود ع لوٹنا۔ پھرنا۔ بازگشت کرنا۔ بوڑھا اونٹ۔

عور ع کانا۔ یک چشم عور بد باطن

عوز ع بھنگا۔

عورت ع وہ بدن آدمی کا جسکا کھولنا موجب شرم ہے مجازاً زن۔

عوض ع بدلا۔ قائم مقام۔

عوق ع باز رکھنا۔ پھرادینا۔ مانع آنا۔

عون ع مدد۔ مدد کرنا۔

عہد زمانہ۔ پیمان و سوگند۔

عہدہ ع منصب۔ رتبہ۔ سرکاری نوکری

عہود ع جمع ہے عہد کی پیمان۔ وعدہ اور قسمیں۔

عیاذاً باللہ ع پناہ خدا کی۔

عیار ع کسوٹی لگانا۔ آزمانا چاندی یا سونے کا

عیار ع تولنا - جانچنا -
عیار ع مرد چالاک - بہت آمد و رفت کرنے والا -
عیاری ع چالاکی
عیاش ع بہت عیش کرنے والا
عیال ع زن و فرزند اور رشتہ دار
عیان ع آنکھ سے دیکھنا - مجازاً ظاہر
عیب ع برائی - نقصان - کمی -
عید ع خوشی -
عیسےٰ نام ہی حضرت عیسےٰ پیغمبر کا -
عیش ع زندگانی کرنا - اچھی طرح زندگی کرنا -
عین ع آنکھ چشم - چشمہ پانی کا
عین ع جمع ہے عیناء کی زنان خوش چشم
عینین ع دونون آنکھین -
عیوب ع جمع ہے عیب کی -
عیون ع آنکھین چشمے جمع ہے عین کی

باب الغین

غادر ع بیوفا جو شخص عہد کو پورا نکرے
غار ع گڑھا -
غارت ع لوٹ - لوٹنا - مال لوٹنا -
غارتیدن ع لوٹنا - غارت کرنا -
غازہ ع گلگونہ ایک قسم کی سرخی ہوتی جو عورتین اپنے منہ پر ملتی ہین
غازی ع قتل کرنیوالا کفار کا جنگ مین
غاشیہ ع زین پوش گھوڑے کا - پالان قیامت - بیماری اندر کی -
غاصب ع غیر کا حق بجبر لینے والا
غافل ع بےخبر - غفلت والا -
غاق ع آواز ہے کاگ کی -
غالب ع زبردست اکثر غلبہ والا -
غالی ع گران مہنگا -
غالیچہ ف اونی بچھونا - گلکاری کیا ہوا
غالیہ ع خوشبو مشہور ہے - اور عنبر کافور وغیرہ سے مرکب کرکے بناتے ہین
غامض ع گہرا - ڈونگھا -
غائب ع جو موجود نہو
غایت ع غرض مطلب - انتہا - آخر
غائط ع پیخانہ - جا ضرور -
غبار ع مٹی ملی ہوئی - ہوا گرد -
غباوت ع کند ذہنی - کم فہمی -
غبرا ع زمین گرد آلودہ
غبطہ ع رشک کرنا کسیکے مال پر بدون اسکے کہ اوسکا زوال چاہے -
غبغب ع گوشت لٹکا ہوا ٹھوڑی کے نیچے گوشت آدمی کی خوبصورتی میں داخل ہے -
غبن ع خرید مین نقصان اوٹھانا - مکر کرنا
غبن ع عقل مین نقصان ہونا
غبی ع کم عقل جنکی عقل صائب نہو -
غث ع لاغر - فاسد - دبلا
غد ع صبح -
غدا ع کل کا روز جو ہوگا - فردا روز
غدار ع بہت غدر کرنیوالا - بہت بیوفا
غدر ع بیوفائی کرنا - بیوفائی -
غدیر ع تالاب جسمین پانی بارش اور سیل کا جمع ہوجاوے -
غذا ع خوراک جس سے بدن کی پرورش ہو
غراب ع کوا کاگ مشہور پرند ہے
غرائب ع جمع ہے غریبہ کی عجیب چیزیں
غرامت ع تاوان - تاوان زدہ ہونا پشیمانی - عذاب -
غرب ع نیچے بیٹھنا - چھپ جانا ڈول پانی نکالنے کا -
غربا ع جمع غریب کی ہے
غربت ع مسافرت -
غربال ع چھلنی آٹا چھاننے کی چھلنی
غربی ع غرب کا - مغرب کا رہنے والا منسوب بغرب -
غرض ع نشانہ مجازاً مطلب و مقصود اور حاجت -
غرغرہ ع کرنا پانی منہ مین لیکر تھوک دینا
غرفہ ع کھڑکی -

غمخوار ف دوست جو اپنا غم کھاوے دوست۔ یار

غم خوردن ف غم کھانا۔

غمز ع آنکھ سے اشارہ کرنا۔

غمزدگی ف غمزدہ ہونا۔

غمکدہ ع غم کا گھر مصیبت کا گھر

غمگسار ف دکھ دور کرنے والا یا غم کا دور کرنے والا۔

غموم ع جمع ہے غم کی۔

غنا ع گانا۔ نغمہ۔ سرود۔

غنا ع تونگری۔ دولتمندی

غنائم ع جمع ہے غنیمت کی لوٹ کے مال

غنج ف کرشمہ ناز۔ آنکھ جھپکنا۔ چھانولی

غنچہ ف کلی بدون کھلا ہوا پھول

غنز ع بکری

غنودن ف اونگھنا۔

غنی ع بے پرواہ۔ دولتمند۔

غنیم ع لوٹنے والا۔ لوٹیرا۔ دشمن

غنیمت ع مال لوٹ کا۔ لوٹ۔

غواص ع غوطہ مارنیوالا۔ ڈبکیا

غوائت ع جمع ہے غائت کی انتہائیں

غوایت گمراہی۔

غوث ع فریادرس۔ فریاد۔

غوچ ف مینڈھا میش ترشاخدار

غوچیدہ ف مرغ کی کلغی۔

غور ع گہراؤ۔ عمق۔ زمین پست نیچی جانا۔

غورہ ف انگور خام ترش۔

غوطہ ع ڈبکی۔

غوغا ع شور وغل۔

غوک ع مینڈک۔

غول ع دیو۔ جن۔ بھوت۔

غوی ع کجرو۔ گمراہ جسکی سمجھ ٹیڑھی ہو

غیاث ع فریادرسی۔ فریاد

غیب ع پوشیدگی۔ ناپدیدگی۔

غیبت ع پوشیدگی۔ پوشیدہ ہونا

غیث ع باران۔ مینہ۔

غیر ع اور سوا کے جو وہ نہو علیحدہ شے

غیرت ع شرم۔ اجنبیت

غیر متناہی ع جسکی انتہا نہو۔

غیر واقع ع عجیب۔ خلاف دستور۔ ناشائستہ

غیوب ع جمع غیب کی۔

غیہب ع اندھیرا۔ بیوقوف گدھا

باب الفاء

فاتح ع شروع کرنیوالا۔ کھولنے والا

فاتحہ ع دیباچہ شروع نام اول سورہ قرآن کا

فاتر ع آب نیمگرم۔ نیمگرم پانی۔ سست

فاتک ع دلیر۔ وشجاع۔ قاتل۔

فاتن ع مفتون کرنیوالا۔ فریفتہ کرنیوالا

فاجر ع گنہگار۔ زانی۔

فاحش ع بدی میں حد سے گذرنے والا۔ بد۔ برا۔

فاحشہ ع بد عورت۔ زن بدکار۔

فاختہ ف قمری۔ فاختہ۔

فاخر ع فخر کرنیوالا۔ تحفہ۔ سفرہ

فار ع چوہا۔ موش۔

فارس ع سوار۔ نام ملک پارس کا

فارہ ع چوہیا۔

فارغ ع خالی بے کام۔

فارغ البال ع فارغ دل جسکو کچھ کام نہو بے اندیشہ اور بے فکر آدمی۔

فارغخطی ف لادعوی آزادی نامہ

فارق ع فرق کرنے والا۔ فاصل

فاسد ع بد بگڑا ہوا۔

فاسق ع گنہگار۔ بدکار۔

فاش ف ظاہر۔ آشکار۔

فاصل ع جدا کرنے والا

فاصلہ ع دوری۔ فرق۔ عرصہ میدان

فاضل ع خوب۔ صاحب فضل

فاطر ع پیدا کرنے والا۔ خالق۔

فاعل ع فعل کرنیوالا۔ کام کرنے والا۔

فائق ع صیغہ ماضی کا ہے یعنی فوقیت لے گیا۔ فائق ہوگیا۔

فاقہ ع بھوکھا رہنا۔ افلاس

فاکہہ ع میوہ۔

فال ع شگون غیب کی بات -
فالج ع ڈھیلا پڑجانا آدھے بدن کا
سستی نیمہ بدن کی -
فائق ع چیر کر نکالنے والا
فالودہ ف یخ چاولونکی جمی ہوئی -
فام ف رنگ -
فانوس ع چراغدان جسپر باریک
کپڑا لگا ہوا ہوتا ہے -
فانی ع مرنے والا - فنا ہونیوالا
فانید ف مصری - کھانڈ
فائدہ ع نفع -
فائز ع پہونچنے والا -
فائض ع فیض دینے والا -
فائق ع بلند پہونچنیوالا - فوقیت رکھنیوالا
فبہا ع لغوی معنی پس ساتھ اوسکے مجازاً
بہتر - بہت خوب -
فتادن ف گرنا - پڑنا -
فتح ع کھولنا - مجازاً جیتنا ملک کا
فتحہ ع زبر جیسے حد کی ح پر ہے
فتراک ع تسمہ جو پیش زین کے
لٹکے رہتے ہیں - شکار بند -
فترت ع ضعف - سستی دو زمانے جیسے دو پیغمبروں
کے درمیان کے واقع ہو -
فتق ع کشادگی - اور چیرنا اور ایک
بیماری جسکو خصیہ بڑھنا کہتے ہیں

فتن ع جمع فتنہ کی -
فتوی ع حکم شرع کا فیصلہ
فتوت ع جوانمردی - مروت -
فتوح ع کشایشیں جمع ہے فتح کی اور مصدر
بھی ہے بمعنی کشایش کے -
فتوحات ع جمع فتوح کی -
فتوحی ع ایک قسم کی کرتی یا جاکٹ ہے
فتور ع سستی اور سستی ہونا مجازاً خرابی
فتیلہ ع بتی بٹی ہوئی چیز
فتی ع جوان - گبھرو -
فج ع خام کچا - راہ کشادہ درمیان دو کوہ کے
فجر ع صبح - تڑکا -
فجل ع مولی مشہور ترکاری ہے -
فجور ع گنہگاری - گنہ کرنا -
فحاوی ع جمع ہے فحوا کے کی معنی اور
معنی اور مضامین -
فحش ع حد سے گذرنا بدی کا
فحوا ع مضمون - مطلب -
فخذ ع ران - جانگھ
فخر ع گھمنڈ - غرور - شیخی -
فدا ع کسیکے عوض جان دینا - جو
چیز فدا کیجاوے - سر صدقہ -
فدوی ع قربان ہونیوالا کسی کے
عوض جان دینیوالا - سر صدقہ ہونیوالا -
فدیہ ع وہ مال جو عوض کسی قیدی

کے دیکر اوسکو سرکار سے خرید لیں
سر بہا - صدقہ -
فر ف شان شوکت دبدبہ ہیبت یا سبب
فرا ف آگے پہلے - نزدیک دور - بلند -
فرات ع آب شیرین نام ایک ندی عرب
کا جو نزدیک کوفہ کے جاری ہے -
فراخ ف وسیع کشادہ - چوڑا -
فراختن ف بلند کرنا - اونچا کھینچنا
فراخوری ف شایستگی لیاقت سزاواری
فراخور ف شایستہ - لائق - سزاوار
فراخی ف کشادگی - وسعت
فرادا ع ایک ایک - الگ الگ
فرار ع بھاگنا - بھاگ جانا -
فرارسیدن ف پہونچنا آگے پہونچنا -
فرارفتن ف جانا آگے بڑھنا -
فراری ف بھاگا ہوا - بھگوڑا -
فراز ف پھیلا ہوا - بٹیا ہوا - کشادہ
نزدیک آگے - جمع اکٹھا ہوا -
بعد اسکے - بعد - پھر - بلند نشیب
بلندی - سرکش - آلت تناسل ذکر
زیادہ آنا - آگے جانا - خون -
فرازی ف بلندی - اونچائی -
فرازدن ف ظاہر کرنا - معلوم کرنا - ایک شاخ کا
فرازندہ ف بلند کرنے والا -
فرازیدن ف کھڑا کرنا -

فراست ف دانائی۔عقلمندی
تیزی فہم کی۔قیافہ۔
فراستوک ف ابابیل۔دیودلائی
فراش ع فرش۔بچھونا۔
فراش ع فرش بچھانے والا مکان
صاف کرنے والا نوکر۔
فراغبال ف فرصت۔بیکاری
فراغت ع خالی ہونا۔فرصت۔
فراق ع جدائی
فراموش ف بھول۔چوک۔
فراموشیدن ف بھولنا۔بھول جانا
فرامن
فرامین ف جمع ہے فرمان کی بادشاہی تحریر
فرامودن ف ظاہر کرنا۔دکھلانا۔
فراوان ف بہت کثیر۔زیادہ۔
فراہم ف اکٹھا۔
فرائد ع جمع ہے فریدہ کی۔مفرد۔تنہا۔یگانہ
فرائض ع جمع ہے فریضہ کی وہ کام
جسکا کرنا ضرور ہو۔فرمودہ خدا کا۔اور
نام علم میراث کا ہے۔
فربہ ف موٹا۔
فربہی ف موٹاپن۔موٹاپا۔
فرتوت ف بوڑھا۔بہت بڑی عمر کا
فرج ع کشایش۔آسایش۔
فرج ع کھولنا چیرنا۔کشادگی دو چیزون
مین عورت کا جسم نہانی۔
فرجت ع شگاف۔ٹیڑ۔ریخ
فرجام ف انجام۔انتہا۔آخر۔
فرح ع خوشی
فرخ
فرخندہ ف مبارک۔ستھرا۔زیبارو
فرد ع طاق تنہا۔یگانہ
فردا ف کل کا دن جو آوے گا
فردوس ع بہشت
فرزان ف علم حکمت۔دانش۔استواری
فرزانگی ف دانائی۔عقلمندی۔
فرزانہ ف حکیم دانا عقلمند
فرزند ف بیٹا پسر پوت
فرزین ف نام مہرہ شطرنج کا ہے۔وزیر
فرس ع گھوڑا۔
فرستادن ف بھیجنا
فرسنگ ف تین میل کی مقدار اور ہر
میل چار ہزار گز کا ہوتا ہے۔
فرسودن ف گھسنا۔
فرش ع بچھونا بچھانے کی چیز۔
فرشتہ ف بھیجا ہوا خدا کا مشہور
معنے خدا کا قاصد نورانی۔
فرص ع جمع ہے فرصت کی۔
فرصت ع آرام پانا۔مہلت دینا
فرض ع معین کرنا کسی چیز کا وقت
مشخص کرنا بخشش دینا اندازہ کرنا۔
حکم خدا کا۔
فرط ع زیادتی۔بہتایت۔غلبہ
فرع ع شاخ۔ٹہنی۔
فرعون ع لقب ہے ایک بادشاہ مصر
کا جو حضرت موسیٰ کے وقت مین تھا
مجازاً سرکش۔مغرور۔
فرعی ع جو اصلی نہو۔شاخ کا منسوب فرع سے
فرغل ف یہ معرب ہے فرگل لفظ پارسی
کا روئی بھرا ہوا لبادہ۔
فرفر ف جلد۔شتاب۔اور جلدی
فرقان ع فرق کرنیوالا درمیان حق
اور باطل کے نام قرآن شریف کا۔
فرقت ع جدائی۔
فرقدان۔فرقدین ع نام اون دو
ستارون کا ہے جو قطب کے پاس ہین اور
شام سے صبح تک ظاہر رہتے ہین چھپتے نہین جز
فرقہ ع قوم۔گروہ۔ٹولی۔
فرکندن ف زمین کا خراب ہونا رو
سیلاب سے بگڑنا زمین کا۔
فرکند ف وہ زمین جس مین بسبب
پانی سیل کے گڑھے پڑگئے ہون اور
جابجا پانی بھرا ہوا ہو۔
فرمان ف حکم بادشاہی۔حکم۔
فرمایش ف بطور حکم سفارش کرنا

بطور حکم کچھ کام کروانا - یا مانگنا -
فرمودن ف فرمانا - حکم دینا -
فرنگ ف یورپ نصاریٰ کا
ملک - نصاریٰ -
فرو ف کم - نیچے - کم رتبہ -
فروتر ف بہت کم - بہت نیچا -
فروترین ف عاجز - تواضع کرنیوالا
فروتن ف بہت ہی نیچا -
فروتنی ف تواضع کرنا - کم رتبہ
سمجھنا اپنے تئین -
فروخت ف بیچنا - بیچا
فروختن ف بیچنا -
فرود ف زیر پائین - نیچے - فریفتہ
فریفتہ فریب دینیوالا - زبون - بد مغرور
فرودست ف زیر حکم - کم رتبہ - ماتحت
ماتحت چند شخص جو ملا کرتے ہین
فرودگاہ ف جگہ اوترنے کی - جہان
سفر مین قیام کیا جاوے -
فروردین ف پہلا فارسی مہینا -
انگریزی ماہ مارچ -
فروز ف تابش - روشنی - چمک آفتاب کی
فروش ف بیچنا - بیچنے والا -
فروشندہ ف بیچنے والا -
فروغ ف روشنی - شعاع - تابش
آفتاب اور آگ کی -

فروگذاشت ف چھوڑنا - معاف کرنا
بھول جانا -
فروگذاشتن ف چھوڑ دینا - بھول جانا
قصور معاف کرنا -
فروکوفتن ف ٹھوکنا - دے مارنا -
فروماندگی ف عاجزی - ناچاری
فروماندن ف ناچار ہونا - عاجز ہونا
فرومایگان ف کمینے لوگ - نالائق
فرومایہ ف کمینہ - نالائق - بداصل - دنی
فرہنگ ف عقل - علم لغت کی کتاب
نام ہے مادر کیکاؤس کا -
فرہاد ف نام ہے ایک سنگتراش مشہور
عاشق فارسی کا جو شیرین پر عاشق ہوا
تھا اوسکا قصہ مشہور ہے -
فریاد ف عرض واسطے مدد مانگنے کے
دہائی دینا -
فریادی ف دہائی دینے والا
فریب ف مکر - عشوہ - ناز - دغا -
فرید ع بے مثل - بے مانند - یگانہ -
فریدون ف نام ہے ایک بادشاہ
فارس کا جسنے ضحاک پر فتح پائی تھی
فریسہ ع وہ جانور جسکو شکار کرین -
فریضہ ع حکم خدا کا جیسے روزہ رکھنا
نماز پڑھنا -
فریفتن ف فریب کھانا - فریفتہ ہونا

فریق ع جدا کرنیوالا - ٹولی - فرقہ
فزا ف افزایش - زیادہ کر - انگڑائی
فزع ع خوف - گھبراہٹ -
فزودن ف زیادہ کرنا - زیادہ ہونا
فزون ف زیادہ - بڑھا ہوا -
فزونی ف زیادتی - بڑھوتری -
فساد ع بگاڑ - بگڑنا - اول صورت کا چھوڑ دینا
فسان ف ایک پتھر ہے جسپر چاکو اور
چھری تیز کرتے ہین -
فسانہ ف کہانی - قصہ -
فستق معرب ہے پستہ کا میوہ مشہور ہے
فسحت ع فراخی جگہ کی - کشادگی جگہ کی
فسخ ع قصد کا پھیر دینا - رائے توڑ دینا
فسر ع بیان کرنا - مطلب کھولنا -
فسردگی ف جم جانا - منجمد ہونا -
فسردن ف ٹھٹھرنا - منجمد ہو جانا -
فسق ع خدا کا حکم ترک کرنا - بدکام کرنا
گناہ کرنا -
فسقہ ع جمع فاسق کی گنہگار لوگ
فسون ف منتر - جادو -
فسیح ع وسیع - فراخ مکان -
فشان ف جھاڑتا ہوا -
فشاندن ف جھاڑنا -
فشردن ف نچوڑنا -
فص ع نگینہ جو انگوٹھی وغیرہ پر جڑتے ہیں

فصاحت ع خوشگوئی خالی ہونا کلام کا الفاظ ثقیل اور ترکیب غیرمانوس اور تعقید سے

فصاد ع فصد کھولنے والا۔

فصد ع خون نکالنا رگ سے

فصل ع جدا کرنا نوع نوع کو تمیز دے اوسکے مشارکات جنسی سے مبہم

فصول ع جمع ہے فصل کی۔

فصیح ع خوشگو صحیح کلام کرنے والا

فصیل ع شہرپناہ۔ چاردیواری شہر کی بچہ اونٹ کا جسکا دودھ پینا چھوڑایا جاوے یعنی اوسکی ماں سے جدا کردیا گیا ہو

فضا ع فراخی زمین کی۔ کشادگی۔ صحن خانہ۔ اور میدان۔ کھلا میدان

فضاحت ع رسوائی۔

فضائح ع جمع فضیحت کی رسوائیان

فضائل ع زیادتیان۔ اور ہنرہائے بلند جمع فضیلت کی۔

فضل ع افزونی بخشش۔

فضلا ع جمع فاضل کی۔

فضلات ع جمع فضلہ کی ہے۔

فضلہ ع وہ بھوک ہے جو بعد غذا کے بدن سے براہ معدہ یا مثانہ یا دماغ وغیرہ سے خارج ہوتا ہے۔

فضول ع افزونی۔ زیادتی۔ بزرگی بزرگ ہونا۔

فضولی ع بیہودہ آدمی۔ زیادہ گو

فضہ ع چاندی۔ نقرہ۔

فضیحت ع رسوائی۔ بدنامی

فضیلت ع بزرگی۔ بڑائی۔

فطر ع چیرنا۔ پیدا کرنا۔

فطر ع روزہ کھولنا۔

فطرت ع پیدائش۔ دانائی۔

فطنت ع زیرکی۔ دانائی۔

فطن ع زیرک۔ دانا۔

فطیر ع تازہ گندھا ہوا آٹا خمیر کی ضد فطیر ہے۔

فظیع ع بد قبیح۔

فعال ع بہت کام کرنے والا

فغان ف نالہ۔ فریاد۔

فغم ع خوشبو کا سونگھنا۔

فقد ع گم کرنا۔ گم ہونا۔

فقدان ع گم ہونا۔ کھویا جانا۔

فقر ع افلاس۔ فقیری۔

فقرا ع جمع ہے فقیر کی۔

فقرہ ع حملہ استخوان پیٹھ کی منکا کمر کا

فقط ع بس۔

فقہ ع دریافت کرنا۔ جاننا۔ علم معرفت احکام شریعت کا

فقہا ع جمع ہے فقیہ کی۔

فقیر ع مفلس۔ درویش۔

فقیہ ع عالم دانا۔ علم فقہ جاننے والا

فک اعلیٰ ع اوپر کا جبڑا۔

فک اسفل ع نیچے کا جبڑا۔

فکاک ع جدا کرنا۔ خلاص کرنا۔

فکر ع سوچ۔ اندیشہ۔

فگندن ف ڈالنا۔

فکیف ع پس کیونکر۔ استفہام کے واسطے بھی بولتے ہین۔

فگار ف زخمی۔ زخم اسواسطے عاشق کو دلفگار کہتے ہین جو لوگ دلفگار کے معنے معشوق تصور کرتے ہین بڑی غلطی کرتے ہین۔

فلاح ع رستگاری۔ فیروزی۔ نیکی

فلاحت ع نیکی بھلائی کھیتی کرنا زراعت

فلاخن ف گوپھنا جسمین ڈھیلا رکھکر اور گھماکر زمیندار کھیت مین جانورون کو مارتا ہے۔

فلاسفہ ع جمع فلسفی کی حکما۔ دانشمند لوگ

فلاکت ع مفلسی۔ ناداری۔ گردش زندگی۔ زمانہ کی۔

فلان ع شخص۔ فرضی۔

فلز ع وہ جوہر کانی جو آگ مین پگھل سکے یہ معنی شامل ہین چاندی۔ سونے تانبے وغیرہ سب معدنیات کو

فلزی ع معدنی - کانی -
فلس ع پیسہ -
فلس ع مچھلی کا کھپرا
فلسفہ ع علم موجودات کا -
فلفل ع سیاہ مرچ -
فلک ع آسمان -
فلکی ع آسمانی -
فلوس ع جمع ہے فلس کی -
فلہ ف پیوسی جو بعد بچہ پیدا ہونیکے حیوان کا دودھ دو تین دن نکلتا ہے اوسکو پیوسی کہتے ہین -
فلہذا ع پس اسیواسطے -
فم ع منہ
فم معدہ ع معدہ کا منہ - کوڑی -
فن ع شاخ درخت کی - علم کی شاخ
فنا ع مرنا - ہلاک ہونا -
فندق ع ایک میوہ مشہور ولایت کا ہے سرخ رنگ بیر کے برابر ہوتا ہے اور شابہ ہوتا ہے معہ انگشتان سے اور کبھی اوس سے کنایہ لب معشوق سے ہوتا ہے اور کبھی سر انگشت حنا بستہ سے تشبیہ دیتے ہین
فنون ع جمع ہے فن کی
فوع منہ
فوات ع گذرنا - کھو یا جانا - مر جانا
فواحش ع جمع ہے فاحشہ کی بدکار عورتین

اور درمیان
فوارہ ع چشمہ - جھرنا پانی کا بہت جوش مارنے والا -
فواضل ع بخششین بڑی عطیات نیکو جمع ہے فاضلہ کی -
فواق ع ہچکی وہ ہوا جو سینے سے نکلتی ہے -
فواکہ ع جمع ہے فاکہہ کی میوہ جات
فوائح ع جمع ہے فائحہ کی خوشبو دینے والی چیزین - خوشبوئین -
فوائد ع جمع ہے فائدہ کی -
فوت ع مرنا - گم ہونا - گذرنا -
فوج ف لشکر - سپاہ جنگی - گروہ
فور ع جوش مارنا - جلدی -
فوز ع مطلب کو پہونچنا -
فوطہ ع کمر بند جامہ نادوختہ لنگی نہانیکی - خصیہ - تحصیلی - محصول -
فوفل ع سپیاری -
فوق ع اوپر -
فوقانی ع اوپرکا - اوپروالا -
فولاد ع لوہا جوہر دار جسکی تلوارین چھری وغیرہ بنواتے ہین -
فہام ع بہت سمجھنے والا -
فہد ع چیتا - پلنگ درندہ جانور قسم شیر کی مشہور ہے -

فہرست ف تفصیل اشیا کی اسکو عربی مین فہرس کہتے ہین -
فہم ع سمجھ عقل - دانائی -
فہمانیدن ف سمجھانا -
فہمیدن ف سمجھنا -
فہوم ع جمع ہے فہم کی -
فہیم ع سمجھنے والا -
فی ع بیچ درمیان -
فیاض ع فیض پہونچانیوالا بڑا فیض کرنے والا -
فی الجملہ ع حاصل کلام مختصر کلام
فی الحال ع فوراً - ابھی -
فی المثل ع کہاوت مین -
فی الواقع ع حقیقت مین -
فیروز ف فتح - جیت - کامیاب -
فیروزہ ف نام ایک پتھر مشہور کا ہے
فیروزی ف فتحمندی -
فیصل ع انفصال جھگڑا چکانا نیا و کرنا
فیصلہ ع جھگڑا چکانا -
فیض ع ڈالنا - جاری - فائدہ بخشش
فیل ع ہاتھی مشہور حیوان ہے
فیلبان ف ہاتھی کا ہانکنے والا
فیلسوف ع عقلمند حکیم دوستدار علم کا
فیل مرغ ف نام ایک پرند مشہور کا ہے
فیمابین ع درمیان بیچ مین -

فی نفسہ ع اپنی اصل مین - اپنی ذات مین خود -

فیوض ع جمع ہے فیض کی -

فیوضات ع فیوض کی جمع فیوضات جمع الجمع ہے -

فیہج ع شراب

باب القاف

قاآن ت بادشاہ جو بہت عادل اور سخی اور عاقل ہو - چنگیز خان کے پسر کا نام بھی ہے - اب یہ لقب بادشاہ ترکستان کا ہے مجازاً ہر ایک بادشاہ جلیل القدر کو کہتے ہین -

قاب ت طباق - بڑا برتن بطور رکابی کے تھال -

قابض ع قبض کرنے والا -

قابل ع لائق لوگ -

قابلہ ع دائی جنائی -

قابلیت ع قابل ہونا - لائق ہونا - لیاقت

قابو ت بوتا - موقع - دوا -

قابوس ع معرب ہے کاوس کا نام بادشاہ کا ہے -

قاتل ع قتل کرنے والا - خونین

قادر ع قدرت والا - طاقت رکھنے والا -

قادس ع بڑا جہاز -

قارورہ ع شیشی - مجازاً پیشاب کی شیشی -

قاری ع پڑھنے والا - خواندہ -

قارون ع ایک شخص دولتمند رشتہ دار حضرت موسےٰ کا بتلاتے ہین -

قاز ع راج ہنس پرند مشہور ہے -

قاسر ع جبر کرنے والا - زبردستی سے کسی کام پر رکھنے والا -

قاسم ع بانٹنے والا - تقسیم کرنے والا

قاش ت ابرو - پارہ - پھانک -

قاشر ع چھلکا اوتارنے والا -

قاصد ع قصد کرنیوالا - ارادہ کرنیوالا

قاصر ع کوتاہی کرنے والا -

قاصب ع تیز برندہ - کاٹنے والا -

قاضی ع جھگڑا چکانیوالا - منصف -

قاطع ع کاٹنے والا - قطع کرنے والا

قاطع الطریق ع راہبر - رہزن راہ پر لوٹنے والا - چور -

قاطن ع ساکن رہنے والا -

قاعدہ ع بیٹھنے والا -

قاعدہ ع بنیاد - تلی نیچے کی - مقدار قانون - دستور -

قاف ع نام ایک پہاڑ کا ہے -

قافلہ ع میدنی گروہ مسافرون کا -

قافیہ ع الفاظ بیت کے اخیر کے -

قاق ت خشک گوشت - جاڑا - لاغر دبلا

قاقلہ ع بڑی الایچی -

قاقم ع نام ایک جانور کا ہے اوسکا پوست بہت سپید اور ملائم ہوتا ہے - اوسکی پوستین بناتے ہین

قال ع گفتگو - مباحثہ -

قالب ع سانچہ - بدن -

قالی ع بچھونا - غالیچہ -

قالیچہ ت چھوٹا بچھونا - مشہور ہے -

قامت ع قد -

قامعہ ع توڑنیوالی - خوار کرنے والی

قاموس ع دریاے عمیق - نام کتاب لغت عربی کا -

قانت ع دعا پڑھنے والا - حکم ماننے والا خدا کا -

قانع ع سنتوک کرنے والا - تھوڑے پر صبر کرنے والا -

قانون ع مسطر کتاب کا - اصل ہر شی کا شرع - دستور - قاعدہ - انداز -

قاہر ع قہر کرنے والا - زور آور -

قائد ع کھینچنے والا - حاکم -

قائف ع علم قیافہ والا - شگونیا

قائل ع کہنے والا -

قائم ع کھڑا ہونے والا - کھڑا ہوا -

قائمہ ع نوے درجے کا زاویہ -

قباب ع جمع ہے قبہ کی کنگورے
کلس برج۔
قباچہ ف چھوٹی قبا
قباحت ع برائی۔ زشتی۔ زبونی
قبالہ ع سند بکان کی۔ کاغذ بکان کا
قبائح ع جمع ہے قبیحہ کی برائیان۔
قبائل ع جمع قبیلہ کی گروہ آدمیو نکے اقوام
قبیح ع بد۔ زبون۔ برا
قبح ع برائی۔ بدی۔
قبر ع گور۔
قبرستان ف وہ جگہ جہاں بہت قبرین ہون
قبس ع چنگاری۔ آگ کا ٹکڑا۔
قبس ع جلانا بتی وغیرہ کا۔
قبض ع پکڑنا۔ گرفتگی۔
قبضہ ع مٹھی گرفت کی جگہ تلوار وغیرہ کی۔ دستہ۔ قابو۔
قبل ع آگے۔ سامنے۔
قبل ع اندام نہانی عورت کا
قبلہ ع جسکی طرف منہ کرین۔
قبلہ ع بوسہ۔ چوما۔
قبور ع جمع ہے قبر کی
قبیل ع گروہ۔
قبول
قبولیت ع ماننا قبول کرنا۔

قبیلہ ع گروہ وہ جماعت جو ایک باپ کی اولاد سے ہون۔
قتال ع لڑائی۔ جنگ۔
قتال ع بہت قتل کرنے والا۔
قتل ع مار ڈالنا تلوار وغیرہ ہتھیار سے مارنا
قتیل ع مقتول کشتہ خواہ عورت ہو یا مرد
قحبہ ع بدکار۔ فاحشہ۔ لغوی معنی کھنکار کر بولانے والا۔
قحط ع کال۔ مجازاً مہنگا ہو جانا غلہ کا بسبب نہ برسنے بارش کے۔
قحف ع استخوان سر۔ کھوپڑی۔
قد ع لمبائی۔ بدن کی۔
قدام ع ہمیشگی۔ کہنہ پن۔
قدام ع آگے۔ سامنے
قدامت ع دیرینہ ہونا۔ کہنہ ہونا ہمیشگی۔
قدح ع پیالہ عیب کرنا۔ طعنہ دینا۔ ضد مدح کی ہے۔
قدر ع عزت۔ بزرگی۔ اندازہ کرنا کسی چیز کا۔
قدر ع ہانڈی دیگ۔
قدرت ع طاقت۔ قوت۔
قدردان ف قدر جاننے والا۔
قدرے ف تھوڑا قلیل کم۔
قدس ع پاکیزگی پاکی۔ نام ایک

قدغن ت تاکید۔ تقید۔
قدم ع پیر۔ پاے۔ پاؤن
قدما ع جمع ہے قدیم کی۔ اگلے لوگ پرانے وقت کے آدمی۔
قدم ع دیرینگی کہنگی۔ پرانا پن ہمیشگی
قدوس ع بہت پاک۔ نام خدا تعالیٰ کا
قدوم ع کسی جگہ سے آنا سفر سے آنا۔
قدوہ ع پیشوا۔ برگزیدہ۔
قدید ع سوکھا ہوا گوشت۔ گوشت خشک
قدیر ع صاحب قدرت طاقت ور۔ قادر بخشندہ
قدیم ع ہمیشہ جو ہمیشہ سے ہو پرانا
قریٰ ع جمع ہے قریہ کی دیہات
قرات ع پڑھنا۔
قرابت ع رشتہ داری۔ قریب ہونا۔
قراد ع چچڑی مشہور جانداری جو کتے کے بدن پر ہوتی ہے۔
قرابہ ع بڑا شیشہ عرق رکھنے کا
قرار ع سکون۔ آرام۔ اقرار مجازاً۔
قرارداد ف اقرار جو بات بعد مباحثہ کے مقرر ہو جاوے۔
قراقر ف جمع قرقرہ کی وہ آواز جو پیٹ کے اندر ہوا کرتی ہے۔ گڑگڑاہٹ پیٹ کی
قراضہ پارہ زر ٹکڑا سونے کا۔ ریزہ چاندی کا یا سونے کا۔

برج مین سوائے شمس کے۔

قرآن ع کلام اللہ۔ یہ لفظ مصدر ہے بمعنی خواندن کے مگر بمعنی مفعول کے مستعمل ہو کر نام کتاب خدا کا ہو گیا ہے

قراول ت وہ سپاہی لوگ جو واسطے تعین مکان جنگ کی مقرر ہون اور شکاری آدمی بھیلیا۔ جو شخص شکار کروائے۔

قرب ع نزدیکی

قربا ع جمع قریب کی۔

قربان ع ذبح کرنا۔ صدقہ۔

قربت ع نزدیکی۔ پاس ہونا۔

قربہ ع مشک پانی کی۔

قرۃ ع خنکی۔ سردی۔

قرح ع زخم کرنا۔ گھاؤ کرنا۔

قرحہ ع زخم جسمین پیپ پیدا ہو گئی ہو

قردہ ع بوزنہ۔ بندر مشہور حیوان ہے۔

قرص ع ٹکیا

قرطاس ع کاغذ۔

قرع ع کدو نہات مشہور ہے۔

قرعہ ع پالسہ تانبے یا پیتل یا جست وغیرہ کا جسکو ڈال کر فال غیب کی بات بتاتے ہین۔

قرق ت نگہبانی منع کرنا۔ روکنا۔

قرمز ع لال سرخ رنگ۔

قرن ع شاخ حیوان کی سینگ حیوان کا۔ ستّر برس۔ یا تیس برس۔

قرنفل ع لونگ۔

قروح ع جمع قرح کی زخمہا۔ گھاؤ۔

قریات ع جمع ہے قریہ کی دیہات گانون

قریب ع نزدیک۔

قریش ع نام ہے ایک قبیلہ کا درمیان عرب کے پیغمبر خدا اوسی قبیلے کی اولاد سے ہین۔

قرین ع پاس والا۔ ملا ہوا۔ ہم صحبت یار دوست وغیرہ۔

قرینہ ع مناسبت ظاہری درمیان دو چیز کے پیوستہ ہونا ایک چیز کا دوسری چیز سے۔

قریہ ع گانون۔ پنڈ۔ دہ۔

قز ع ریشم۔ کچا ریشم۔ کیڑا ریشم کا۔

قزاق ت راہزن۔ لوٹیرا۔

قزح ع رنگا رنگ جسمین لکیرین وغیرہ ہون

قزلباش ت قزل کے معنی سرخ اور باش کے معنے سر یعنے سرخ سر۔ سردار امراء لشکری چونکہ سرخ پگڑی اسمٰعیل صفوی نے لشکریون کے واسطے ایجاد کی تھی اسواسطے یہ خطاب لشکر کے سپاہی کو دیا گیا ہے۔

قسط ع عدل۔ انصاف حصہ آفتابہ پانی کا۔

قسط ع ظلم بے انصافی۔ حق سے پھر جانا

قسط بندی ف زمیندار لوگ جو روپیہ سرکار کے حصہ کر کے دیتے ہین اوسکو قسط بندی کہتے ہین۔

قسم ع حصہ ہر ایک بھانت یا طرح

قسم ع سوگند قسم مشہور لفظ ہے

قسمت ع حصہ بٹا ہوا۔

قسر ع زبردستی سے کسیکو ایک کام پر رکھنا۔ بزور کوئی کام کروانا۔

قشر ع چھلکا پوست درخت یا میوہ کا اوپر پوست۔

قشقہ ف تلک ٹیکا۔ جو ہندو لوگ ماتھے پر لگاتے ہین۔

قص ع کترنا۔ کاٹنا۔ استخوان سینہ

قصاب ع کاٹنے والا۔ مراد قصائی بوچڑ

قصار ع گازر۔ دھوبی۔

قصاص ع عوض لینا زخم کا زخم سے یا قتل کا قتل سے۔

قصائد جمع ہے قصیدہ کی۔

قصائی ع کاٹنے والا یہ لفظ قص سے بنا ہے۔

قصب ع نی نیزہ قلم کا کپڑا کتان کا

[illegible]

ہین اسی سے قصاب کا لفظ بنا ہے
جو قصائی کو کہتے ہین۔

قصبات ع جمع ہی قصبہ کی چھوٹے
شہر نے۔ بانسلی۔

قصبہ ع چھوٹا شہر نے۔ اور جو
مانند نے کے ہو جیسے قلم کا نیزہ۔

قصد ع ارادہ

قصر ع کوتاہی۔ کپڑا دھونا۔ مکان۔ محل

قصص ع جمع قصہ کی کہانیان

قصوی ع انتہا۔ نہایت۔ یہ صیغہ مونث کا ہے۔

قصور ع کوتاہی۔ عاجز ہونا۔ قاصر رہنا
اور جمع قصر کی بمعنی محلہا۔

قصہ ع کہانی۔ بیان کسی شخص کا۔

قصیدہ ع مغز ہوٹا اور اصطلاح مین
ایسے اشعار مین جو شامل مدح یا ذم کو ہون
اور بارہ سے زیادہ ہون۔

قصیر ع کوتاہ۔ کوتاہی کرنیوالا۔ نام
ایک غلام کا ہے جو مشہور باوفا تھا

قضا ع حکم کرنا۔ ادا کرنا۔ پیدا کرنا۔
تمام کرنا۔ اور حکم خدا کا مخلوقات کے
حق مین جو دفعتہً واقع ہو جاوے۔

قضات ع جمع قاضی کی ہے۔

قضا و قدر ع تقدیر۔ قسمت۔

قضایا ع [illegible]
کے قضیے اور جھگڑے۔

قضبان ع شاخین درخت کی
جمع ہے قضیب کی۔

قضیب ع شاخ درخت کی مجازاً
ذکر آلہ تناسل مرد کا۔

قضیہ ع جملہ۔ فقرہ۔ جھگڑا۔

قط ع کاٹنا درمیان عرض کے اسی
سے مشتق ہے جو قط کرنا قلم کا بولتے ہین

قطار ع اونٹونکی جماعت جو برابر ہو
صف۔ پرہ۔

قطب ع کیلی جسپر چکی پھرتی ہی سردار
قوم کا۔ افضل ہر شی کا اصطلاح مین وہ
نقطہ زمین کا جو شمال اور جنوب پر ساکن ہے

قطر ع کنارہ۔ طرف۔ اصطلاح مین وہ
خط مستقیم جو مرکز دائرہ کے گذر کے اوسکے
دو ٹکڑے کرے۔

قطرات ع جمع ہی قطرہ کی بوندین۔

قطران ع ایک روغن بدبودار ہوتا
جو درخت عرعر سے نکلتا ہی اور اوسکو اونٹون
خارشتیون پر ملا جاتا ہے۔ چیڑ کا تیل

قطرہ ع بوند پانی کی۔

قطع ع کاٹنا۔

قطعہ ع ٹکڑا ابیات جو دو شعر یا اونسے زیادہ
ہون اور مطلع ان مین نہو۔

[illegible]
جو درمیان دونون سرین کے ہے
یعنے ریڑھ کی ہڈی۔

قعب ع بات کی تہ تک سخن کہنا اور بڑے
بات کا پیالہ بڑا جس سے ایک آدمی سیر ہو

قعر ع تہ کوے کی۔ عمق۔ گہراو۔
چاہ یا دریا کا۔

قفا ع گدی۔ گردن کی پشت مجازاً
پیچھے۔ پس پشت۔

قفس ، **قفص** ع پنجرہ پرندون کا سین اور
صاد دونون سے صحیح ہے۔

قفل ع تالا۔

قفیز ع ایک پیمانہ ہی بارہ صاع کا
اور ایک صاع کا آٹھ رطل کا ہوتا ہے
اور ایک رطل آدھ سیر کو کہتے ہین اور
زمین کی پیمایش مین قفیز ایک سو
چوالیس گز شرعی کو کہتے ہین۔

ققنس ع یہ لفظ یونانی ہی یہ نام
ایک پرند کا ہے اوسکی آواز سے علم موسیقی
حکما نے نکالا ہی کہتے ہین کہ عمر اوسکی
ہزار سال کی ہوتی ہی اور جوڑا اوسکا یعنی
مادہ اوسکی نہین ہوتی ہی اور توالد اوسکا
اس طور پر بیان کرتے ہین کہ جبکہ وہ
بوڑھا ہو جاتا ہی تو لکڑیان جمع کرکے

اونکے اندر بیٹھتا ہے اور اوسکی منقار مین
جو بہت سوراخ ہین اونسے آواز کرنا شروع
کرتا ہی ہر سوراخ سے ایک ایک راگ علٰحدہ
نکلتا ہی چنانچہ دیپک راگ بھی جب نکلتا ہے تو
اون تنکون مین آگ لگجاتی ہے وہ جانور
جلکر خاک ہوجاتا ہے پھر جب قدرت الٰہی
سے مینہ برستا ہی تو اوس خاک مین سے
ایک انڈا پیدا ہوتا ہے اوسمین سے
اوسی نوع کا جانور ایک اور پیدا ہوجاتا ہے
اس جانور کو زندہ بھی کہتے ہین اسواسطے
آتش زن بھی کہتے ہین۔

قل ع کہو۔ بولو۔

قلاب ع قلابہ۔ حلقہ۔

قلاع ع جمع ہے قلعہ کی۔

قلب ع دل۔ اولٹا ہوا۔ واژگون
اور دل کو بھی اسیواسطے کہتے ہین کہ
سینے مین اولٹا ہوا ہے۔

قلبہ ع ہل۔ زمین جوتنے کا۔

قلبہ ران ف زمیندار یا ہل جوتنے والا۔

قلبی ع بدلا ہوا۔ اولٹا کیا ہوا۔ دلی۔

قلت ع گڑھا۔ مغاک پہاڑ کا جسمین
پانی جمع ہو۔ قلت باش۔

قلتبان ع دیوث جسکی عورت بدکار
ہو اور وہ شخص جان بوجھکر کچھ اوسکو
روک ٹوک نکرے۔

قلزم ع نام ایک شہر کا ہی درمیان
مصر اور مکہ کے نزدیک کوہ طور کے
اوس شہر سے منسوب کرکے اوس دریا
کو جسکے کنارے پر وہ واقع ہی بحر قلزم
کہتے ہین۔

قلاش ت مفلس بے نام و ننگ
لچا بدمعاش۔

قلع ع اوکھیڑنا۔ اور نام ہے ایک کان کا

قلعہ ع سنگین مکان محفوظ جس مین
بادشاہ وغیرہ رہتے ہین۔

قلعی ع منسوب قلع سے جو نام ایک
کان کا اوسمین سے خالص رانگ نکلتا ہی
اسیواسطے رانگ کو قلعی کہتے ہین۔

قلق ع بیقراری سے بے تابی۔

قلم ع کاٹنا۔ تراشنا۔ ناخن کا کاٹنا

قلم ع لکھنے کا قلم۔ لکھنی۔

قلمرو ف سلطنت۔ راجدھانی ملک

قلمزن ف کاتب۔ لکھنے والا مصور۔

قلمکار ف رنگ بھرنیوالا۔ نقاش ایک
قسم کا بافتہ جسپر طرح طرح کی نقش ہون۔

قلمو ی ف بال کا قلم۔

قلندر ت معرب کلندر کا ایک قسم ہے
فقیرون کی بے پرواہ اور رلنے ہی یعنی
کندۂ ناتراشیدہ۔

قلوب ع جمع ہے قلب کی۔

قلہ ع چوٹی پہاڑی۔ سر کوہ۔ چوٹی۔

قلی ع تو سے پر کسی چیز کا بریان کرنا اور
قلی سجی کو کہتے ہین۔

قلیان ع نیچہ حقہ کا۔ مجازاً حقہ

قلیل ع تھوڑا۔ کم۔

قلیہ ع گوشت بھنا ہوا مجازاً ہنڈیا
کا پکا ہوا مع شوربے کے۔

قمار ع جوا۔ بازی جسمین زر کی شرط
کی ہو۔

قمار باختن ف جوا کھیلنا۔

قمار باز ف جواری۔

قماش ع اسباب جامۂ ابریشمی متاع
خانہ جوہر۔ صفت۔

قمر ع چاند اصطلاح کیمیا مین چاندی

قمری ع ایک مشہور پرند ہے فاختہ
کی قسم۔

قمری ع منسوب قمر سے چاند کا۔

قمع ع شکست کرنا۔ خوار کرنا۔

قمل ع جون سپش۔

قمیص ع کرتا۔ پیرہن۔

قنات ع پردہ چار طرف خیمہ کے
استخوان۔ مہرہ پشت کی۔

قنادیل ع جمع ہے قندیل کی۔

قناعت ع راضی ہونا تھوڑے پر
مشتوک کرنا کم پر۔

قنب ع تھیلی۔
قنبر ع نام ہی غلام حضرت علیؑ کا۔
قند ع مصری شکر۔ کہا قند یہ لفظ معرب ہے کھنڈ کا
قندیل ع فانوس ہے جسمین چراغ جلاتے ہین۔
قنوط ع نا امیدی اور نا امید ہونا
قواعد ع جمع ہے قاعدہ کی۔
قوال ع گویا۔ ڈوم۔ کلاونت بہت بولنے والا۔
قوام ع نظام۔ اصل کسی چیز کا۔ گاڑھا ہونا۔ باقی رہنا بندش۔
قوام ع راستی۔ عدل۔
قوانین ع جمع ہے قانون کی۔
قوائم ع جمع قائمہ کی ہاتھ پیر
قوت ع طاقت۔ زور۔
قوت ع خوراک۔ کھانا۔
قورت سلاح۔ ہتھیار۔
قورمہ ت تھنا ہوا۔ بریان گوشت بھنا ہوا
قورخانہ ت ف سلاح خانہ۔ میگزین ہتھیار جہان پر رہتے ہین۔
قورچی ت ہتھیار بند سپاہی سلاحدار۔
قوس ع کمان۔ ٹکڑا دائرہ کا۔
قوس قزح ع دھنک۔ شیطان کی کمان جو بعد بارش کھلنے کے آسمان پر نمودار ہوتی ہے۔

قول ع گفتگو کہنا بات کا۔
قولنامہ ف اقرارنامہ وہ کاغذ جسمین قول و قرار لکھا جاوے۔
قولنج ع وہ درد جو قولون انتڑی مین پیدا ہوتا ہے۔
قوم ع گروہ آدمیون کا۔
قوی ع مضبوط۔ قوت والا۔
قویم ع سیدھا راست۔ استوار خوش قد
قہر ع زبردستی کرنا زور کرنا۔
قہار ع بڑا قہر کرنیوالا صفت خدا تعالیٰ کی ہے۔
قہقہہ ع کھلکھلا کر ہنسنا خندہ بسیار نام ایک قلعے کا ہے ایران مین۔
قہوہ ع ایک پھل ہے جسکو ہندی مین بن کہتے ہین۔
قی ع ابکائی۔ کھایا ہوا اوگل دینا۔
قیاس ع اندازہ۔ اور اندازہ کرنا اور چیز کا فکر مین برابر کرنا۔ اصطلاح منطق مین ایک قول ہی مرکب دو جملون سے جو مستلزم ہو نتیجہ کو۔
قیاسی ع جو موافق قاعدے کے ہو منسوب قیاس سے۔
قیافہ ع شگون علامات ناتہ وغیرہ سے نحس و سعد دریافت کرنے کا علم۔
قیام ع کھڑا ہونا۔ استادہ ہونا۔

قیراط ع چار جو کے مقدار۔
قیامت ع مصدر ہے بمعنی قائم ہونیکے وہ دن جب مردے زندہ ہوکر کھڑے ہوجاوین گے۔
قیدی ع بندی بندھوا۔
قیر ع ایک قسم کا روغن سیاہ ہی جو اونٹون تار کشتیون پر ملتے ہین اور سیاہ چیز ہے جو کشتیون کی درارون مین لگاتے ہین تاکہ پانی اوسمین نہ بھر آوے۔
قیس ع عرب مین نام ہے ایک قبیلہ کا جو قیس کی اولاد ہی اور لقب مجنون کا۔
قیصر ع رومی زبان مین قیصر اوس بچے کو کہتے ہین جو اپنی مان کے پیٹ مین ہو اور اوسکی مان قبل اوسکی ولادت کے مر جاوے پھر اوس عورت کا پیٹ چیر کر اوس بچے کو نکالین چنانچہ اغسطوس بادشاہ روم اسیطرح پیدا ہوا تھا اسیواسطے یہ خطاب اوسکو دیا گیا تھا۔
قیطون ت جو کہ نخ ابریشم سے تار چاندی یا سونے کے لگا کر بنتی ہے۔
قیفال ع نام ایک رگ کا ہے۔
قیل ع نام ایک شخص کا ہی وہ شخص جو دوپہر کو سوتا ہے وہ اونٹنی جسکا دودھ وقت دوپہر کے نکالین۔
قیلولہ ع بوقت دوپہر دن چڑھے

کے ہونا۔
قیم ع جمع ہے قائم کی۔
قیمت ع مول۔ قدر
قیم ع جمع ہے قیمت کی اور قیم برپا رکھنے والا۔ قائم رکھنے والا۔
قیمتی ع جو شے قیمت والی ہو۔
قیماق ت دودھ پر کی ملائی۔ بالائی دودھ کی۔
قیود ع جمع ہے قید کی۔ قیدین
قیوم ع بے مانند بے ہمتا۔ نام ہے خدا تعالے کا بہت قائم ہونے والا۔

باب الکاف

کابوس ع ایک بیماری ہے جسمین آدمی کو حالت خواب مین یہ معلوم ہوتا ہے کہ کسی نے اوسکو دبا لیا ہے اور وہ ڈر کر آواز کرتا ہے۔
کابین ف مہر۔ وہ روپیہ جو خاوند بوقت نکاح عورت کو دینا منظور کرتا ہے۔
کاتب ع لکھنے والا۔ محرر۔
کاچہ ف تھوڑی زنخ۔
کاخ ف عمارت بلند محل۔
کاذب ع جھوٹا۔
کار ف کام۔
کارد ف چاکو۔ چھری۔
کاروار ف وہ ہے پادشاہ کے آگے کام کرنے والا۔
کارزار ف لڑائی۔ جنگ۔
کارشناس ف کام کو پہچاننے والا۔
کارفرما ف کام بتلانے والا حکم کرنے والا۔ حاکم۔
کارگزار ف نوکری سرکاری کام کرنے والا۔
کارکن ف کام کرنے والا۔
کاردان ف کام جاننے والا۔ وزیر
کاروانسرای ف سرا ہے جہان پر قافلہ اوترے۔
کاریدن ف بیج کا بونا۔ تخم ریزی کرنا۔
کاریز ف نالی پانی دینے کی کھیت مین کول پنجابی زبان مین کہتے ہین۔ ایک نالی جو ندی سے کھود کر کھیت مین لیجاتے ہین تاکہ کھیت مین پانی دیا جاوے اوسکو کاریز کہتے ہین۔
کاریگر ف کام کرنے والا ہنرور۔
کاسب ع کسب کرنیوالا۔ کمانے والا۔
کاستن ف گھٹنا۔ گھٹانا۔
کاسد ع کھوٹا جسمین کچھ کھوٹ ملا ہوا ہو
کاسر ع توڑنے والا۔
کاسف ع گہنے والا یعنے جسکو گہن لگا ہو جیسے چاند یا سورج کو گہن لگا کرتا ہے۔
کاسہ ف پیالہ۔ کانسہ۔
کاش۔ کاشکے ف خدا کرے ایسا ہووے یہ کلمہ تمنا اور آرزو کا ہے
کاشانہ ف جھونپڑا۔ گھر یہ کلمہ تحقیر کا ہے چھوٹا سا گھر۔ گھونسلا پرند کا۔
کاشتن ف بونا۔ بیج بونا
کاشف ع کھولنے والا۔ دور کرنیوالا
کاظم ع غصہ پینیوالا غصہ کو پیجانیوالا
کاغذ ع مشہور ہے۔
کافتن ف کھودنا۔
کافر ع منکر خدا کا جو خدا کو نمانے۔
کافل ع ضامن۔
کافور ع کپور مشہور دوا ہے۔
کافہ ع گروہ آدمیون کا جماعت۔
کافۂ انام ع سب لوگ جماعت آدمیون کی
کافی ع کفایت کرنے والا۔
کاک ف روٹی کی ایک قسم ہو کیک کیطرح پر ہوتی ہے۔
کاکل ف زلف بال جو سر کے لٹکے ہوں سامنے
کالا ف اسباب متاع پونجی۔
کالبد ف قالب۔ تن۔ بدن۔
کالوچ ف چھوٹی انگلی ہاتھ کی۔
کام ف مطلب مقصود۔ تالو دہنہ
کامران ف جسکا مطلب ہو گیا ہو
کامل ع پورا۔

طرح پر باندھتے ہین جسپر دو شخص مقابل
ایک دوسرے کے بیٹھتے ہین اوسکو
کجاوہ کہتے ہین۔
کجمج ف جسکی گفتگو فصیح نہو مہمل
الفاظ بولنے والا
کجک ف آنکس ہاتھی ہانکنے کا جو
فیلبانون کے ہاتھ مین ہوتا ہے۔
کجکول ف کاسۂ فقیر وگدا۔ بھیک
کا پیالہ
کجی ف ٹیڑھاپن۔ کبڑاپن۔
کحال ع سنیا۔ وہ حکیم جو صرف
آنکھون مین دوا ڈالے۔
کحل ع سرمہ
کد ف خانہ۔ گھر
کدہ ع خانہ۔ گھر۔ دہ گانون
کدام ف کون شخص۔ کون چیز۔
کدبانو ف مالک گھر کی۔ بیوی گھر
کی۔ بیگم گھر کی۔
کدخدا ف صاحب خانہ۔ مالک گھر کا۔ دولھا
کدر ع تیرہ گدلا۔ کھدر۔
کدو ف کھیا نام ایک ترکاری کا ہے
کدوغ ف حمام۔ گرم خانہ۔ حمام
کدو ف کوا۔ چاہ
کدورت ع تاریکی۔ گدلاپن۔
کدیور ف مالی۔ باغبان۔ کسان

رئیس۔ سفید داڑھی والا۔ گانو۔
صاحب خانہ مجازاً دنیا۔ زمانہ
کذا ع ایسا۔
کذاب ع بہت جھوٹا
کذب ع دروغ۔ جھوٹ۔
کذوب ع جھوٹا۔ دروغ گو۔
کر ف بہرا جسکو کم سنائی دے
کراف ف گنگے تیلین۔ کرکو۔
کراث ع گندنا۔ ایک قسم کا ساگ ہے
کراز ع بوتل یا شیشی وہ کوزہ جسکا
سر تنگ ہو۔
کرام ع جمع ہے کریم کی سخی لوگ
کرامت ع بزرگی۔
کران ف کنارہ۔ انتہا
کراہت۔ کراہیت ع ناپسندی
ناخوشی۔
کرایہ ف بھاڑا
کرب ع غم رنج۔ دکھ۔ درد
کربت ع دکھ رنج۔ مصیبت۔
کرت ع نوبت باری۔ دفعہ۔
کرخت ف سخت۔
کردار ف طرز۔ روش۔ کار وعمل وفعل
کردگار ف خدا تعالےٰ۔ کنندہ طرز۔
کردن ف کرنا۔
کرسی ع تخت۔ چوکی۔ یہ لفظ عربی ہے

کرشمہ ف ناز وغمزہ۔ آنکھ کی جھپکی جھانولی
کرفش ف چھپکلی۔ چلپاسہ۔
کرکدن
کرگ ف ایک جانور ہے اوسکو ہندی
مین گینڈا کہتے ہین۔
کرگس ف پرندہ ہے مردار خوار۔
لمڈھینگ مشہور پرند ہے۔
کرم ع جوانمردی۔ بامردی۔ عزیزی
مجازاً مہربانی۔
کرم ع انگور۔ رز
کرم ف کیڑا۔
کرم پیلہ ف ریشم کا کیڑا۔
کرمان ف کیڑے جمع ہے کرم کی اور
نام ایک شہر کا فارس مین۔
کرم کلہ ف گوبھی ایک قسم کا ساگ ہے
کرنا ف تری۔ نفیری۔ سرنائی۔
کرنب ع کرم کلہ۔
کروہ ف کوس اوسکی تعداد چار
ہزار گز کی ہے۔
کروبی ف فرشتہ مقرب۔
کرہ ع گیند۔ گولا۔
کرہ ف گھوڑے کا بچہ۔ گدھے کا بچہ
کریم ع سخی۔ بزرگ
کریما ع اے کریم۔ اے سخی۔ آنجناب
کرلو ف ٹیلہ۔

کریہہ ع مکروہ - بھونڈا - بدشکل
کژ ف کچ ریشم کم قیمت کا اوسکا
سوت خز ہے -
کس ف آدمی شخص -
کس ف فرج عورت کا جسم نہانی
کسا ع چادر - گلیم -
کساد ع ناروائی متاع کی خریداری
اشیا کی -
کسالت ع سستی سست ہونا
کسب ع حاصل کرنا - پیدا کرنا مجازاً
ہنر پیشہ
کسبی ع پیشہ ور الا مجازاً زنان فاحشہ بازاری
کسرہ ع زیر جیسے من سکے دال پر
کسر ع ٹکڑا حصہ - ٹوٹا ہوا -
کسل ع کاہلی - سستی -
کسوت ع جامہ پوشیدنی - لباس
کسور ع جمع ہے کسر کی -
کسوف ع گہن - گہن لگنا -
کسی ف کوئی شخص کوئی آدمی
کشادگی ف وسعت - کشادہ ہونا
کشادہ ف کھلا ہوا -
کشادن ف کھلنا - اور کھولنا
کشاف ع کھولنے والا - پردہ اوٹھانے والا
کشاکش ف کھینچا کھینچی
کشایش ف کشادگی - فراخی

کشت ف کھیتی
کشت ف مارا - قتل کیا -
کشت زار ف کھیتی - کھیت -
کشتکار ف کھیتی کرنے والا -
کشتن ف بونا -
کشتی ف ناو - بیڑی
کشتیبان ف ملاح
کشتی ف لڑنا - کھیلنا -
کشتن ف مار ڈالنا - قتل کرنا -
کشش ف کھینچنا - جذب کرنا
کشف ع کھولنا - برہنہ کرنا - پردہ
اوٹھانا -
کشکول ع بڑا پیالہ - بھیک کا پیالہ
جو فقیرون کے پاس ہوتا ہے -
کشمش ف سوکھے انگور - داکھ -
کشنیز ف دھنیا -
کشودن ف کھلنا - اور کھولنا -
کشور ف ملک - ولایت -
کشیدن ف کھینچنا -
کعب ع ٹخنہ اور اصطلاح حساب مین
تیسرا درجہ عدد کا -
کعبہ ع مکہ معظمہ قبلہ
کعک ف روٹی معرب کاک کا ہے -
کف ع ہتھیلی ہاتھ کی ہتھیلی
کفار ع جمع ہے کافر کی -

کفارت ع پوشیدہ کرنا گناہونکا عوض
کفارہ ع عوض خطا یا گناہ کا -
کفاف ع اندازہ - اور بقدر معاش
اسا کہ کفایت کرے - روزمرہ کا خرچ -
کفالت ع ضامن ہونا - متعہد ہونا ذمہ دار
کفایت
کفایہ ع کافی ہونا -
کف پا ف ہتھیلی پاؤن کی -
کفچہ ف ڈوئی - کفگیر -
کف دست ف ہاتھ کی ہتھیلی -
کفر ع ناشکری - نماننا خدا کا -
کفران ع ناشکری نعمت کی
کفش ف جوتی -
کفش دوز ف موچی -
کفگیر ف ڈوئی - بڑا چمچہ -
کفل ع سرین - چوتڑ آدمی یا حیوان کا
کفن ع مردہ کی چادر جسمین لپیٹ کر
گاڑتے ہین -
کفنی ع وہ کپڑا جو مردہ کے گلے مین ڈالتے
ہین اور فقیر بھی ویسا ہی پہنتے ہین -
کفو ع ہمقوم - ہم ذات - ہم خاندان
کفیت ع بچایا گیا تو - کفایت کیا گیا تو
کفیل ع ضامن - ذمہ دار -
کفیدن ف پھٹنا -
کل ع تمام پورا -

کلّ ع تھکنا۔
کلاء ع گھانس تر و تازہ۔
کلال ع سستی اعضا کی۔ تکان۔
کلال ف وہ شخص جو مٹی کے برتن بناتا ہے کمہار۔
کلاغ ف جنگلی کوا۔ کاگ
کلالہ ف گھونگریالے بال۔ زلف پیچدار
کلام ع عبارت جو مرکب ہو کلمات سے
کلان ف بڑا لمبا۔
کلانی ف بڑائی۔ لمبائی۔
کلاوہ ف لکڑی سوت کی۔ کچا سوت جو تکلے پر لگا ہوا ہو۔
کلاہ ف ٹوپی۔
کلب ع کتا۔ سگ۔
کلبتان ع سنڈاسی۔ لوہا گرم پکڑنے کا ہتھیار۔ زنبور
کلتبان ف دیوث آدمی بےشرم بےحیا۔ بھڑوا۔
کلبہ ف چھوٹا سا گھر تنگ و تاریک حجرہ۔ دوکان۔
کلف ع چھائیان یعنے جو منہ پر داغ پڑجاتے ہین۔ عشق۔
کلفت ع تکلیف رنج و سختی۔
کلک ف سر ایک نے جو اندر سے خالی ہو مجازاً قلم کا نیزہ۔

کلمات ع جمع ہے کلمہ کی۔
کلمہ ع لفظ مفرد جو بامعنی ہو۔
کلند ف کسی۔ پھاوڑا۔
کلنگ ف نام ایک پرند مشہور کا ہے جسکو کونج کہتے ہین اور نام ایک آلہ کا بھی ہے جس سے زمین یا دیوار کھودتے ہین۔
کلوخ ف ڈھیلا مٹی کا۔
کلہ ف ٹوپی مخفف کلاہ کا۔ تاج بادشاہی کا
کلی ع جسکے مفہوم مین بہت افراد شامل ہون جیسا انسان۔ حیوان۔
کلیات ع جمع ہے کلی کی۔
کلید ف کنجی تالی
کلیسا ع معبد ترسایان۔ گرجا مندر
کلیم ع سخنگو۔ کلام کرنے والا۔ نبی لقب حضرت موسیٰ کا۔
کلیہ ع گردہ ایک عضو اندرونی ہے۔
کم ع چند۔ کتنا۔ بہت
کم ف تھوڑا۔
کما حقہ ع جیسا چاہیے۔ جیسا اوسکا حق ہے نہیت ٹھیک۔
کماو ف ٹکور لگانا کسی عضو کو گرم کرنا کسی چیز سے جسکو آگ پر سینک لیا ہو۔
کمال ع تمام و تمام ہونا۔
کمالات ع جمع ہے کمال کی۔

کمان ف دھنک مشہور ہتھیار تیر پھینکنے کا۔
کماندار ف کمان رکھنے والا
کما ینبغی ع جیسا چاہیے۔
کمبخت ف کم نصیب۔
کمتر ف کم زیادہ۔
کمترین ف بہت ہی کم
کمخواب ف ایک قسم کا کپڑا ہے زرین تار سے بنا ہوا۔
کمر ف پیٹھ۔ میان۔
کمربند ف پٹکہ۔ کمر باندھنے کی چیز
کمک ف مدد۔
کمند ف اصل مین خمند تھا معنی مشہور ہین۔ پھندا۔
کمہ ع مادر زاد اندھا۔
کمی ع سپاہی دلاور۔ دلیر ہتھیار بند
کمیاب ف جو کم دستیاب ہو۔
کمیت ع چیز کی مقدار۔
کمیز ف پیشاب۔ بول۔
کمیزدان ف پھکنی موت کی۔ پیشاب کا پھکنا۔
کمین ع گھات مین بیٹھنا کسی جگہ دشمن یا شکار مارنے کو بیٹھنا۔
کمینہ ف کم رتبہ۔ نیچ۔
کن ع ہوجا۔ ہو

کبن ق کھود۔
کناو ق کدو۔
کنار ق کنارہ۔ گوشہ۔ طرف بغل
اور کنار بیر کو کہتے ہین۔
کنارہ ق کونا۔ طرف
کناس ع خاکروب۔ حلال خور۔ چوہڑا
کنایہ ع سخن پوشیدہ۔
کنایت
کنائس ع جمع ہے کنیسہ کی۔
معابد۔ مساجد۔ مندر۔
کنج ق کونا۔ گوشہ۔
کنجد ق تل ایک قسم کا غلہ ہے۔
کنز ع خزانہ۔
کنجشک ق چڑیا۔
کند ق شکر قند۔
کندن ق کھودنا
کندیدن ق کھودنا۔
کنف ع جانب۔ کنارہ۔ پناہ
کنکاش ق مشورہ۔ باہم صلاح کرنا
کنگرہ ق جو عمارت کے اوپر بناتے
ہین چارون طرف۔
کنوز ع جمع ہے کنز کی خزانے۔
کنون ق اب۔ اس وقت۔
کنہ ع حقیقت۔ ماہیت۔
کنیز ق باندی۔

کنیزک ق باندی۔
کنیسہ ع معبد۔ مندر۔
کو ق گلی کوچہ۔
کواکب ع جمع ہے کوکب کی ستارے روشن
کوب ع کوزہ بدون دستہ کے جمع
اسکی اکواب آتی ہے۔
کوبہ ق موگری۔
کوبیدن ق کوٹنا۔
کوتاہ
کوتہ ق چھوٹا۔
کوتاہی ق چھوٹائی۔
کوتل ت یہ لفظ ترکی ہے معنی اسکے ہین
گھوڑا سواری خاص کا۔
کوتوال ہ اس لفظ مین اختلاف
ہے بعضے کہتے ہین کہ اصل مین کوٹھوال
تھا یعنے محافظ قلعہ کا اور بعضے کہتے
ہین کہ کوٹھہ وال یعنے مالک کوٹھہ کا
کوٹھہ ان بندوقونکو کہتی ہین جو گھٹی
کرکے کوتوالی مین سپاہی رکھدتے
ہین بہر تقدیر یہ لفظ ہندی ہے۔
کوثر ع نام ہے ایک حوض کا جو درمیان
جنت کے ہے۔
کوچ ق کوچ کرنا۔ روانہ ہونا۔
کوچک ق چھوٹا۔
کوچہ ق گلی۔

کودک ق لڑکا بچہ۔
کودن ق احمق۔
کور ق اندھا۔
کورنش ت جھک کر سلام کرنا۔
کورنشات ق جمع ہے کورنش کی۔
کورہ ق بھٹی۔ آتشدان۔
کوری ق اندھاپن۔
کوزپشت ق کبڑا جسکی پیٹھہ کبڑی
ہوگئی ہو۔
کوز ع کوزہ برتن دستہ دار۔
کوزہ ع برتن جسکے دستہ لگا ہوا
کوژ ق خمیدہ۔ دوتا شدہ
کوس ق نقارہ کلان۔ صدمہ
صف لشکر قطار فوج کی۔
کوشش ق سعی۔
کوشک ق محل۔ بلند مکان
کوشیدن ق کوشش کرنا۔
کوفتن ق کوٹنا۔
کوفت ق کوٹا۔
کوکب ع ستارہ روشن۔
کوکبہ ع ستارہ جماعت انبوہ
مجازاً شکوہ۔ حشمت بزرگی۔
کوکلتاش ت برادر رضاعی۔ دو
بچون نے جو ایک دایہ کا دودھہ پیا ہو
ایک دوسرے کا کوکلتاش کہلاتا ہے

کون ف مفعد

کون ع ہوجانا۔ ہونا ہستی۔ دنیا

کون وفساد ع موجود ہونا۔ اور تباہ ہوجانا۔ ہوکر بگڑ جانا۔

کونین ع دنیا اور دین۔ یہ جہان اور وہ دوسرا جہان۔

کونیہ ع منسوب بہ کون۔

کوہ ف پہاڑ۔

کوہہ ف برآمدگی ہر چیز کی۔ ابھار گاے اور اونٹ کا ابھرا ہوا کندھا مجازاً کندھا۔ انسان کا حملہ

کوہان ف کندھا۔ ابھرا ہوا

کوہچہ ف ٹیلا ابھری ہوئی زمین

کوہستان ف پہاڑ

کوی ف گلی کوچہ۔

کہ ف جو۔ وہ۔ یعنی۔

کہانت ع غیب کی بات بتلانا فال گوئی۔

کہتر ف چھوٹا۔

کہربا ف گھاس اٹھانیوالا۔ غیر ایک قسم کا گوند زرد رنگ کا ہوتا ہے اوسکی خاصیت یہ ہے کہ اگر اوسکو گھسکر گھاس کے تنکے کے سامنے رکھیں تو اوسکو کھینچ لیتا ہے

کہف ع پناہ۔ گڑھا۔

کہکشان ف ایک [illegible] ہے آسمان مین۔

کہل ع مرد میانہ سال یعنی نہ جوان نہ بوڑھا۔ ادھیڑ

کہن
کہنہ ف پرانا۔

کی ف کب

کیان ف بادشاہان عظیم الشان وے چار بادشاہ تھے۔

کیاست ع توانائی۔ زیرکی۔

کید ع مکر فریب۔

کیخسرو ف نام بادشاہ کا۔

کیر ف آلت مرد کی پیشاب کرنیکا عضو

کیس ع زیرک۔ دانا۔ عقلمند۔

کیسہ ع تھیلی۔

کیست ف کون ہے۔

کیش ف عادت۔ ترکش۔ دین و مذہب۔

کیف ع چگونہ۔ کیونکہ۔ اصطلاح مین وہ عرض جو بذاتہ تقسیم قبول نکرے جیسی سیاہی۔ سفیدی۔ نشہ۔ ہستی

کیفیت ع چگونگی حالت اور وہ وصف جو کسی چیز مین حاصل ہوگیا ہے

کیک ف پسو ایک کیڑا مشہور ہے

کیل ع پیمانہ تولنا۔ آنکنا۔ [illegible]

[illegible] ف [illegible]

کیموس ع نام ہے اوس صورت غذا کا جو دوسرے ہضم مین درمیان جگر کے پختہ ہوتی ہے۔

کیمیا ع مکر و حیلہ اصطلاح مین سبب ملنے روح اور نفس اجساد ناقصہ کے اونکو مرتبہ کمال پر پہونچاتا ہے یعنی رانگ کو چاندی اور تانبے کو سونا بنانا اور چونکہ یہ عمل خالی مکر اور فریب سے نہین ہے اسواسطے اسکو کیمیا کہتے ہین فارسی مین نظر پیر و مرشد کامل کی اور عشق کو کیمیا اور عشقبازی کو کیمیاگری کہتے ہین اور زر خالص کو بھی کیمیا کہتے ہین۔

کیمیاگر ف فریب کرنے والا۔ کیمیا بنانے والا۔

کینہ ف بغض۔ دشمنی۔ عداوت

کینہ کش ف جو شخص دشمنی رکھتا ہو

کیوان ف نام ہے ستارہ زحل کا جو فلک ہفتم پر ہے اور مجازاً فلک ہفتم کو بھی کہتے ہین۔

کیہان ف جہان۔ زمانہ۔ دنیا

باب الکاف فارسی

گار ف یعنی کرنیوالے کے آتا ہے جیسے ستمگار۔ گنہگار۔ خدمتگار۔ ادبار [illegible]

اگرنہ ق اگر نہ - اگر نہیں نہیں تو -
گرو ق رہن - وھرور - مجازاً مقید
گروہ ق جھنڈ - غول -
گرویدن ق رغبت کرنا -
گرہ ق گانٹھ -
گریان ق روتے ہوئے - رونیوالا
گریانیدن ق رولانا -
گریبان ق گنٹھی
گریختن ق بھاگنا
گریز ق بھاگنا - اصطلاح مین الکید مضمون سے بہتر مضمون پر آنا -
گریزانیدن ق بھگا دینا -
گریستن ق رونا -
گز ق گاجہ
گز ق آلہ پیمائش کا جس سے زمین وغیرہ کا
گزاف ق جھوٹ - فریب - بیہودہ - بے حساب - بیجا -
گزان ق کاٹتا ہوا -
گزانیدن ق کٹوانا -
گزاردن ق ادا کرنا -
گزند ق صدمہ - دکھ - تکلیف - آسیب - آفت - رنج - نظر بد -
گزنی ق تر و خشک - گل تر و خشک
گزیدن ق کاٹ کھانا - دانتون سے کاٹنا -

اگزیدن ق چن لینا - پسند کرنا - اختیار کرنا
گزیدہ ق پسندیدہ - اختیار کیا ہوا
گزیدہ ق کاٹا ہوا -
گزیر ق چارہ - علاج -
گساردن ق چھوڑنا - کھانا -
گستاخ ق شوخ - چالاک - بے ادب
گستاخی ق بے ادبی -
گستر ق بچھاؤ -
گسترانیدن ق بچھوانا -
گستردن ق بچھانا -
گسیختن ق ٹوٹنا -
گسستن ق ٹوٹنا - توڑنا
گشت ق ہوا - ہوگیا -
گشتن ق ہونا - پھرنا
گشتہ ق ہوا -
گفتہ ق کہا ہوا -
گفتار ق بات چیت - گفتگو
گفتن ق کہنا -
گفتگو ق بات چیت -
گل ق پھول - مجازاً نتیجہ - بہتر
گل ق مٹی خاک پانی مین ملی ہوئی خاک منجمد اور خشک -
گلاب ق پھول کا پانی - نام ایک قسم کے پھول کا -
گلابن ق درخت گل سرخ

گلخن ق آتش گاہ - بھاڑ جس میز غلہ بھونتے ہین -
گلدستہ ق پھولونکا - دستہ بندھا ہوا
گل رخ ق وہ شخص جسکے رخسار گلاب کے رنگ ہون -
گلستان ق پھول کی جگہ باغ
گلشن ق باغ یہ لفظ مرکب ہے گل بمعنی پھول اور شن سے جو کلمہ نسبت کا ہے -
گلفام ق پھول کے رنگ -
گلقند ق مشہور دوا ہے اور مجازاً لب معشوق -
گلگیر ق شمع کترنے کی مقراض
گلزار ق باغ -
گلو ق گلا -
گلوبند ق وہ رومال جو گلے پر باندھتے ہین -
گلولہ ق گولی - گولا -
گلہ ق شکوہ - بڑبڑاہٹ -
گلہ ق ریوڑ جانورون کا غول -
گلہ بان ق ریوڑ والا - گڈریا -
گلہ بانی ق نگہبانی کرنا - گلہ کی
گلی ق مٹی کا -
گلیم ق کملی - اون کا کپڑا -
گم ق نا کھویا جانا -
گماشتن ق مقرر کرنا - تعین کرنا

گماشتہ ف وہ شخص جو کسی طرف سے کسی کام کے واسطے مقرر ہو۔

گمان ف وہم شک۔

گمراہ ف راہ بھولا ہوا۔

گمراہی ف راہ بھولنا۔

گناہ ف دوس خطا۔

گناہگار ف خطاکار جسنے گناہ کیا ہے

گنجایش ف سمائی۔

گنجیدن ف سمانا۔

گنجفہ ف چند ورق گول ایک کھیل کے ہوتے ہیں۔

گنجور ف خزانہ رکھنے والا خزانچی مالک خزانہ۔

گنجینہ ف خزانہ

گندم ف گیہون۔

گندم گون ف گیہون کے رنگ

گندنا ف ایک قسم کی ترکاری ہے

گندہ ف مقابل ہے باریک کے نقیض

گندہ ف ناپاک۔

گنگ ف گونگا۔

گنگ ف نام دریاے گنگا کا۔

گنہ ف مخفف ہے گناہ کا۔ گناہ

گنہگار ف گنہ کرنے والا

گوار ف موافق مزاج کے پسند خوش مزہ زود ہضم۔

گواریدن ف ہضم ہونا پسند ہونا

گوارش ف گوارا ہونا۔ خوش مزہ ہونا

گواہ ف گواہی دینے والا

گواہی ف شاہدی۔

گور ف گورخر یعنی مجازی ہین اصل مین گور جنگل کو کہتے ہین۔ اور قبر کو

گورخر ف خر صحرائی جنگلی گدھا۔

گورستان ف قبرونکی جگہ۔

گوز ف مخفف ہے گوزن کا۔

گوز ف وہ ہوا جو پیٹ سے نیچے کی راہ سے باہر نکلے۔

گوزن ف بارہ سینگا مشہور جانور ہے

گوسالہ ف بچھڑا گائے کا بچہ

گوسپند ف بکری۔

گوش ف کان۔

گوشت ف ماس

گوشمال ف سزا۔ کان ملنا۔

گوشوارہ ف نام ایک زیور کا ہے جو کان مین لٹکاتی ہین۔ اختصار کسی کا غذ کا

گوشہ ف کونہ

گوگرد ف گندھک۔

گول ف احمق۔ نادان۔ فریب۔ مکر۔

گولہ ف توپ کا گولہ

گون ف رنگ

گوناگون ف رنگ برنگ طرح بطرح

گونہ ف رنگ قسم۔ ڈھنگ

گوہر ف جوہر۔ موتی۔

گوہری ف جوہری۔ موتی والا

گویائی ف گفتگو کی طاقت۔

گوئندہ ف کہنے والا۔

گہ ف کبھی۔

گہر ف مخفف ہے گوہر کا موتی۔

گہوارہ ف ایک قسم کی چارپائی ہوتی ہے جو بچون کے جھولنے کے واسطے ہوا مین لٹکاتے ہین اور اسکو ہلاتے رہتے ہین۔

گیاہ ف گھاس۔

گیتی ف دنیا عالم۔

گیر ف پکڑ۔

گیرا ف پکڑنے والا۔

گیسو ف زلف

گین ف صاحب۔ خداوند۔ بھرا ہوا

باب اللام

لا ع نہین یہ کلمہ نفی کا ہے۔

لا ف پردہ۔ نہ لا بمعنی تہ برتہ مقراض

لابد ع ضروری۔ جسکا چارہ نہو۔

لابدی ع ضروری۔

لاوبالی ع پروا نہین رکھتا ہون یہ لغوی معنی ہین مجازاً بے پرواہ۔ بیخوف

لابن ع دودھ والا - بہت دودھ کا مالک
لابہ ف نہایت عاجزی سے اپنی محبت کا ظاہر کرنا - چرب زبانی - چاپلوسی - عاجزی فریب کرنا - بازی دینا -
لاتعد ع بے شمار -
لاثانی ع بےمثل یگانہ - جسکا دوسرا نہو
لاجرم ع لاچار - بالضرور - لاعلاج -
لاجواب ع بیجواب جسکا جواب نہو سکے
لاجورد ع ایک پتھر ہے کبود رنگ جسکے نگینے بناتے ہین اور پیسکر کتاب وغیرہ پر رنگ اوسکا کرتے ہین -
لاچار ف جسکا چارہ نہو - ضرور
لاحق ع جو پیچھے سے آکر ملے جو کسی چیز کے پیچھے آکر ملے -
لاحل ع جو حل نہو سکے -
لاحول ع نہین ہے قوت - کلمہ نفرت کا ہے -
لاخ ع جگہ اور مقام جیسا کہ (سنگلاخ) یعنے وہ جگہ جہان پتھر ہون -
لاخراج ع جسپر محصول سرکاری نہو
لادعوی ع بے دعوے -
لادوا ع جسکی دوا نہو -
لاریب ع بیشک -
لازوال ع ہمیشہ
لازوال ع جسکو زوال نہو قایم [illegible]

جو ہمیشہ رہے -
لازم ع چمٹا ہوا - لگا ہوا -
لازمی ع منسوب لازم سے وہ فعل جسکے معنی بین مفعول کی حاجت ثابت نہو
لازمہ ع اسباب ضروری - ضرورت
لاش ت تن مردہ کا -
لاشک ع بیشک - بے شبہہ
لاشہ ع تن مردہ کا زبون لاغر ضعیف خواہ انسان ہو خواہ حیوان اور اکثر یہ صفت گھوڑے اور گدھے کے واقع ہوتی ہے اور گدھے کے معنی مین بھی آیا ہے -
لاصق ع لگا ہوا - ملا ہوا -
لاطائل ع بے فائدہ
لاعب ع کھیلنے والا -
لاغر ف دبلا - ماڑا -
لاف ف شیخی -
لافیدن ف فضول کہنا -
لاکلام ع بیشک - بے گفتگو جس بات مین کچھ گفتگو کی جگہ نرہی ہو -
لال ت گونگا - گنگ - سرخ رنگ -
لالہ ف ایک قسم کا پھول مشہور ہے
لالی ع جمع ہے لولوکی -
لام ف کالبد - قالب - بدن -
لامس ع چھونے والا - چھونے والا
لا[illegible] ع [illegible] انسان [illegible]

چھو سکتا ہے -
لامع ع چمکنے والا - روشن - درخشان
لاولد ع جسکے اولاد نہو -
لاہوت ع عالم ذات الہی کا جسمین سالک کو مقام فنا فی اللہ کا حاصل ہوتا ہے -
لائح ع ظاہر چمکنے والا -
لایعنی ع بے فائدہ - بیہودہ -
لائق ع سزاوار -
لائم ع ملامت کرنے والا -
لائیدن ف شور کرنا - بیہودہ بکنا
لایموت ع جسکو موت نہو -
لاینبغی ع جو نچاہیئے - نامناسب
لب ف ہونٹ -
لب ع خلاصہ عقل - مغز بادام
لباب ع مغز - خالص - ہر چیز کا
لبادہ ف جامہ بارانی -
لباس ع پوشاک -
لبالب ف کنارے تک بھرا ہوا
لبریز ف اتنا بھرا ہوا کہ کنارے سے گرنا شروع کرے -
لبس ع لباس پہننا -
لبلاب ع عشق پیچان کا درخت ایک قسم گھاس کی مشہور ہے -
لبن ع دودھ [illegible]

لبنان ع نام ایک پہاڑ کا ہے
ملک شام میں
لبوس ع جامہ - پوشش زرہ
لبیب ع عقلمند
لبیک ع حاضر ہوں آپکی خدمت میں
لثق ع تری اور تر ہونا - بہت
نمناک ہونا ہوا کا ٹھہر جانا -
لثم ع دہان بند رکھنا - منہ پر دہان
کا باندھنا - توڑنا - خون آلودہ کرنا
لثہ ع مسوڑہ دانت کا -
لجام ف ب معرب ہے لگام کا -
لجاج ع جھگڑا - لڑائی -
لجہ ع دریا بہت پانی دریا کا
آئینہ - چاندی -
لحاظ ع کسی چیز کا آنکھ میں خیال
رکھنا - اور دیکھنا -
لحاف ع روئی دار کپڑا رات کے
اوڑھنے کا -
لحام ع ٹانکا چاندی یا سونے کا
وہ چیز جسکا ٹانکا چاندی یا سونے
میں لگا دیں -
لحظہ ع تھوڑی دیر نظر کرنا ایک دفعہ
کن انکھیوں سے دیکھنا -
لحم ع گوشت ماس -
لحن ع آواز - اور خوش آواز
اور موزون آواز -
لحوق ع لگنا - ملنا - شامل ہونا
لحیہ ع داڑھی -
لخت ف ٹکڑا - پارہ -
لختی ف تھوڑا - کچھ اک -
لذع ع سوزش - جلن - جلانا -
لدغ ع کاٹنا سانپ یا بچھو کا ڈنک مارنا
لذت ع مزہ - ذائقہ -
لذیذ ع مزہ دار - خوش ذائقہ
لرزہ ف کپکپی - کانپنا -
لرزیدن ف کانپنا -
لزج ع چپ دار شے جیسے سریش
وغیرہ ہوتا ہے -
لزوجت ع چپیدگی چپ
لزوم ع لازم ہونا -
لسانیت ع زبان درازی -
لسان ع زبان -
لسع ع ڈنک مارنا -
لشکر ف فوج -
لصوق ع چسپاں ہونا -
لطافت ع پاکیزگی - باریکی -
لطائف ع جمع ہے لطیفہ کی -
لطخ ع لتھڑنا -
لطف ع خوبی - نرمی - نازکی
لطیف ع باریک - پتلا -
لطیفہ ع نکوئی خوبی - چیز باریک
اور نازک چٹکلا -
لعاب ع آب دہن تھوک اور وہ
ایک شے کا رس یا پانی جسمیں چپچپا پن
اور غلظت ہو -
لعب ع بازی - کھیل
لعبت ع کھلونا - کھیلنے کی چیز
لعل ع حرف امید کا ہے یعنی امید کرنا
ایسی شے کا جو ممکن ہو - شاید
لعنت ع پھٹکار
لعین ع ملعون - مردود -
لغات ع جمع ہے لغت کی -
لغت ع زبان کسی قوم کی - لفظ
لغز ع سوراخ - موش دشتی کا اور
چیستان - پہیلی -
لغزش ف پھسلنا پیر کا غلطی
لغزان ف پھسلتا ہوا -
لغزیدن ف پھسلنا -
لغو ع بیہودہ -
لغوی ع منسوب لغت سے یعنی لغت کا
لف ع لپیٹنا -
لفافہ ع اوپر کا خول - جامہ بیرونی
جو مردہ وغیرہ پر لپیٹتے ہیں - لفائف
اوسکی جمع آتی ہے
لفظ ع جو منہ سے نکلے -

لفق ع دو کپڑون کو اکٹھا کرکے سینا دوخت درزون کو ملا کر سینا -
لفیف ع ہر چیز پیچیدہ اور درہم اور وہ کلمہ کہ جسمین دو حرف علت کے ہون
لقا ع دیدار ملاقات
لقب ع وہ نام جسمین کچھہ مدح یا ذم نکلے
لقلق ع ایک جانور آبی ہے اوسکو لگلگ ہندی مین کہتے ہین سانپ اور مچھلی کا وہ شکار کرتا ہے -
لقمان بن باعور حکیم ایوب کی بہن کا بیٹا ہے یا اونکا خالہ زاد بھائی ہے اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت داؤد کا شاگرد تھا بعضے کہتے ہین کہ بنی اسرائیل کا قاضی تھا اور دونون باتین جمع ہو سکتی ہین بعضے کہتے ہین کہ وہ غلام تھا - ملک نوبہ کا رہنے والا مگر آزاد تھا اور اوسکی نبوت مین اختلاف ہے
لقمہ ع نوالہ
لقوہ ع بیماری ہے جسمین منہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے
لک ع واسطے تیرے -
لک ف بیوقوف - نادان - اور لاکھہ یعنے سو ہزار -
لگام ف گھوڑے کے منہ مین جو دیتے ہین
لگد ف لات -
لگدکوب ف لات مارنا -

لکنت ع تتلاپن -
للہ الحمد ع شکر خدا سپاس خدا کو
لم ع علت سبب -
لم ع کس واسطے -
لمحہ ع چشم زدن - آنکھ جھپکنے کی دیر نیم
لمس ع چھونا - حاجت - جماع -
لمع ع روشنی -
لمعان ع چمکنا بجلی کا - روشن ہونا
لنج ف مٹک چال ناز و نخرہ سے چلنا
لنج ف ہونٹ لب اندر کی جانب رخسارہ کی قفل آدمی یعنے جسکے ہاتھ پاؤن حرکت نکر سکین -
لنگ ف لنگڑا -
لنگر ف وہ لوہا ہوتا ہے بہت وزنی جسکے سبب سے کشتی کو چلنے سے روک دیتے ہین اور وہ جگہ جہانپر غریبون مسافرون کو کھانا ملتا ہے اوسکو بھی لنگر بولتے ہین
لنگیدن ف لنگ کرنا -
لوا ع نیزہ - جھنڈا -
لواحق ع جمع ہے لاحق کی -
لوامع ع جمع ہے لامع کی -
لوائم ع جمع ہے لائمہ کی
لوبیا ع ایک قسم کی پھلی ہوتی ہے اوسکی ترکاری پکاتے ہین -
لوازم - لوازمہ ع جمع ہے لازم کی -

لوث ع آمیزش - آلودگی - لتھڑنا
لوچ ف ننگا - بھینگا -
لوح ع تختی - تختہ -
لوز ع بادام -
لوزینہ ع بادام کا بنا ہوا خواہ کھانا وغیرہ -
لوس ع تملق - چاپلوسی -
لوطی ع مغلم اغلام کرنے والا -
لولو ع موتی -
لون ع رنگ
لوند ع بچا کڑیا - رند
لباب
لہب ع لپٹ آگ شعلہ
لہجہ ع اچارن - آواز الفاظ کی - زبان - محاورہ - آواز خوش -
لہذا ع اسیواسطے -
لہو ولعب ع کھیل کود
لیاقت ع استعداد - حوصلہ
لیقہ ع صوف جو دوات مین ڈال کر سیاہی مین اوسکو تر کرتے ہین
لیالی ع جمع ہے لیل کی راتین -
لیام ع جمع ہے لئیم کی نالائق آدمی
لیت ولعل ع ڈھیل کرنا کسی کام مین
لیت ع کاشکے - امید ہے -
لیزم ف کباوہ - کمان نرم اور سست

جسپر مشق کمان کھینچنے کی کرتے ہین

لپیدن ف جاٹنا۔

لیک ف مخفف ہی لیکن کا یعنی مگر

لیکن ع مگر۔ پر۔

لیل ع رات۔

لیمون ع نیبو

لینت ع نرمی۔ نرمائی۔

لینہ

لئیم ع ناکس۔ بخیل۔ کنجوس۔

لئیمان ف جمع فارسی لئیم کی ہے
کنجوس لوگ۔

باب المیم

ما ع نہین۔ کیا چیز۔ جو کہ۔

ماء ع پانی۔

ما ف ہم۔

ماء معین ع آب روان جو پاک اور
صاف ہو معین اسم مفعول ہی عین سے
جیسا مبیع بیع سے۔

ماء الجبن ع پانی دودھ کا جو اوسکو
پھاڑ کر نکالتے ہین۔

ماء الحیات ع آب حیات۔

ماء الورد ع عرق گلاب کا۔

مآب ع جاے بازگشت وہ جگہ
جہان آدمی لوٹ کر جاوے۔

مابقی ع جو باقی رہا ہو۔ بچا ہوا جھوٹا
کھانا جو باقی رہ جاوے۔

مابون ع ابنیا۔ یعنی وہ شخص جسکو
اغلام کروانے کی بیماری ہو۔

مابین ع درمیان

مات ع مرگیا۔ ہارگیا۔ اصل مین یہ
صیغہ ماضی کا ہی اب بجاے اسم کے
مستعمل ہوگیا ہی۔

ماتح ع پانی کھینچنے والا کوے سے
آب کشیدہ از چاہ۔

ماتقدم ع اول کا جو پہلی گذری مذکورہ بالا

ماتم ع رونا۔ پیٹنا۔

ماثم ع گناہان جمع ہی اثم کی مصدر میمی ہی

ماثم ع بدلا گناہ کا

ماثر ع نشان۔ کھوج۔ نشان نیک
کار پسندیدہ۔

ماثل ع نشان مکان کا جسکے
آثار باقی نہون۔

ماثور ع منقول نقل شدہ اور فارسی
مین بمعنی اثر پذیر شدہ کے بھی آتا ہی۔

ماثورہ ع منقولہ۔

ماثوم ع گناہگار۔

ماح ف ماہ۔ چاند۔

ماجد ع مرد بزرگوار۔

ماجدہ ع زن بزرگوار۔

ماجرا ع واردات۔

ماجوف ف ایک دوا کا نام ہے

ماجوج ع یافث ابن نوح کی اولاد
تاتاری لوگ۔

ماچ ف بوسہ دینا۔ چوما لینا۔

ماجور ع اجر دیا گیا۔ نیک بدلا دیا گیا

ماچین ف ایک ملک ہی جنوب
مین چین کے اور مشرق مین ہندوستان کے

ماح ع سفیدی جو مرغی کے انڈے
مین ہوتی ہے۔

ماحصل ع محصول حاصل شدہ

ماحضر ع جو حاضر ہو جو شے ہو جو کھانے
وغیرہ کی۔ خاص کر کھانے پر مستعمل
اسکا فارسی مین آتا ہے۔

ماحی ع محو کرنیوالا نیست و نابود کرنیوالا

ماخذ ع مصدر جگہ اخذ کی لینے کی جگہ

ماخوذ ع گرفتار کیا گیا۔ پکڑا گیا۔ لیا گیا

مادام ع ہمیشہ۔

مادح ع تعریف کرنے والا۔

مادح ع بزرگ۔ ارجمند۔

مادر ف ماں۔ والدہ

مادرزاد ف وہ بچہ جو اپنی ماں کا جنا ہو

مادر مادر ف نانی۔

مادر بخطا ف یہ ایک گالی ہے [illegible]

تیری ماں حرام کار تھی۔
مادری ف ماں کا۔
مادندر ف سوتیلی ماں۔ باپ کی
جورو جسکے پیٹ کا وہ شخص نہو۔
مادہ ف استری۔ عورت۔ جو مقابل
نر کے ہے۔
مادّہ ع ہیولا۔ استعداد۔ وہ شے جس
سے کوئی چیز بنائی جاوے وہ شے
جو محسوس ہو سکے۔
مادی ع منسوب مادہ سے۔
مادون ع علاوہ۔
مادیان ف مادہ۔ استری۔ یہ لفظ منفرد ہے
ماذون ع اذن دیا گیا۔ حکم کردہ شدہ
اجازت دیا گیا۔
مار ف سانپ۔
مارا ف ہمارے تئیں
مارب ع مطلب۔ مقصد۔ اسکی جمع
مآرب آتی ہے۔
مارپیچ ف پرچم۔ پرچم جھنڈے کا جو
لشکر میں ہوتا ہے اور کئی سانپوں کے
مانند باہم پیچیدہ تصویر۔
ماروت ع نام ایک فرشتہ کا ہے
مارق ع خارج دین سے گمراہ۔
مارن ع ناک کی پھنگ سرینی
جو نرم ہوتا ہے۔

مازو ف نام ایک دوا کا ہے
مازندران ف ملک طبرستان
جو تابع فارس کے ہے۔
ماس ف مخفف ہے آماس کا ورم۔ سوجن
ماسخ ع بے مزہ۔ پھیکا
ماسبق ع گذشتہ۔ پہلے جو گذر چکا
ماست ف دہی۔ جغرات۔
ماست بند ف پنیر بنانے والا آدمی۔
ماسک ع مرکز۔ بیضوی شکل کا
ماسلف ع گذشتہ۔
ماسوا ع علاوہ۔ سوا۔ اصطلاح میں سوائے
ذات خدا تعالےٰ کی تمام موجودات اور مخلوقات
ماش ف مونگ۔ اُرد۔
ماشہ ف رتی کا وزن۔
ماشطہ ع وہ عورت جو کنگھی عورتوں کے
سر میں کرتی ہے اور دولہن کو آرائش
دیتی ہے اوسکو مشاطہ بھی بولتے ہیں
ماشی ع چلنے والا۔ پیدل چلنے والا
ماشور ف غربال۔ چھلنی۔
ماص ع چوسنے والا۔
ماصدق ع وہ چیز جو صادق ہو معنی مضمون
ماضی ع گذشتہ۔ گذرا ہوا زمانہ
ماضغہ ع احمق۔ قوت چبانے کی۔
ماطر ع برسنے والا۔
ماعز ع بکری۔

ماعون ع زکوٰۃ مال کی اور وہ چیز
جس سے مدد طلب کریں اسباب گھر
کا جیسے ہانڈی توا آگ کڑاہی غربیل وغیرہ
مافات ع جو گذر گیا۔ جو فوت ہوا
مافوق ع اوپر
ماقبل ع پہلے۔
ماق ع آنکھ کا کونہ جو ناک کیطرف
ہوتا ہے۔ گوشہ چشم بطرف بینی۔
ماکول ع کھایا گیا۔ خوردہ شدہ خوردنی
ماکل ع کھانا۔ خوردن۔ مجازاً اسی کی کھانا
ماکیان ف مرغی۔
مال ع دولت۔ روپیہ۔ دھن
مآل ع انجام کار جگہ لوٹنے کی
جا۔ رجوع۔
مالاکلام ع جسمیں کچھہ کلام باقی نہو
مالامال ع کثیر اور بہت مال بھرا ہوا
مالایخل ع جو کہ قابل حل ہونیکے نہو
کٹھن۔ بہت۔
مالایعنی ع بیہودہ وہ چیز جس سے
کسیکی کچھہ مراد نہو بے فائدہ۔
مالح ع شور۔ نمکین۔
مالخ ع خلل دماغ۔ سودا۔
مالیخولیا ع سودا۔ خیال خام
ایک قسم کا جنون ہے۔
مالدار ف دولتمند۔

مالش ف مالیدگی - ملنا -
جمعیت کا ترک کرنے پر مستعد ہونا
مالضامن ف وہ شخص جو اس طرح پر
ضامن ہو کہ اگر یہ شخص چلا جائیگا تو اوس
کا مال سرکار میں حاضر کرونگا —
مالضامنی ف ضمانت مال کی دینا
یعنی اتنا مال بھر دونگا
مالک ع صاحب - خداوند مالک والا
اور نام اوس سوداگر کا ہے جسنے حضرت
یوسف کو اوسکے بھائیوں سے خرید
کیا تھا اور نام اوس فرشتہ کا جو کل
دوزخ کا ہے — دربان دوزخ -
مالکانہ ف مالک ہونیکا حق
مالگذاری ف سرکار کا محصول
زمین کا دینا —
مالکیت ع مالک ہونا - مالکپن
مال ومتاع ع اسباب روپیہ
مالوف ع الفت کیا گیا - خوگرفتہ شدہ
دوستی کیا گیا -
مالی ع پر کرنے والا - اور پر ہونیوالا
مالیت ع مال پن - دھن -
مالیدن ف ملنا -
مالیدہ ف ملا ہوا -
ماما ف بڑھیا - بوڑھی عورت -
مامک ف ماں - والدہ - پیار کا لفظ ہے

مامن ع جائے امن جگہ آرام کی -
ماضی ع وہ جو گذر گیا - زمانہ گذشتہ
مامن ضامن ع یعنی جگہ امن ضامن کی یہ نام
مشہد مقدس کا ہے کیونکہ وہاں پر مزار
امام علی موسی رضا کا ہے یہ مزار بعضوں کے
نزدیک بجائے کعبہ کے ہے وہ کہتے
ہیں کہ جو گنہگار وہاں پر جاتا ہے
پھر اوس سے بازخواست گناہ کی
جاتی رہتی ہے گویا اوسنے امن پایا
عذاب وعقاب سے
مامور ع حکم کیا گیا - امر کیا گیا -
مامول ع امید کیا گیا
مامون ع امن کیا گیا - محفوظ
بیخوف اور نام خلیفہ بغداد کا جو ہارون
رشید کا بیٹا تھا
مانا ف مشابہ - مانند - شاید تحقیق
مان ف خانہ و اسباب متاع اور
ہم باور ہکو - کٹھر - وشبیہ - مانند
مانح ع سخی بخشنے والا - دانا -
ماندگی ف ایک قسم کا جنون ہے
ماندن ف رہنا -
مانند ف حرف تشبیہ کا ہے جیسا -
ماندہ ف رہا ہوا - تھکا ہوا -
مانستن ف مشابہ ہونا -
مانع ع منع کرنے والا - روکنے والا

مانوس ع جس چیز سے انس ہو گیا ہو عزیز
ماوائی ع جائے بازگشت - گھر جائے پناہ
ماورای ع سوا سکے - علاوہ
ماہچہ ف مانند چاند کے ایک شکل چاندی
یا سونے کی بناکر علم پر یا فوج کے جھنڈے
پر جو لگاتے ہیں اوسکو ماہچہ بولتے ہیں
ماہانہ ف ماہواری —
ماہ جلالی ف مراد ماہ شمسی جو منسوب ہے
جلال الدین ملک شاہ سلجوقی کی تاریخ
سے —
ماہتاب ف چاند اور چاندنی چاند کی
ماہ نخشب ف وہ چاند ہے جسکو حکیم بن
عطا مقنع نے جسکا نام ابن مقنع کے مشہور ہے چند
اجزا سیماب وغیرہ سے ملا کر بنایا تھا وہ
چاند دو مہینے تک ہر رات کو ایک کنوے
سے نکلتا تھا اور چار فرسنگ تک
اسکا نور پہونچا تھا —
ماہر ف استاد کار - کام میں پورا اوستاد
ماہرو ف معشوق چاند کے مانند چہرا
ماہوار ف ہر مہینے - مہینے مہینے
ماہی ف مچھلی —
ماہیانہ ف مہینے کا - ماہواری
ماہیت ع حقیقت اسکی ماہی ہے
لفظی معنے یہ ہیں (کیا ہے یہ) اوسپر تا
بڑھاکر مصدر بنالیا ہے —

ماؤف ع آفت رسیدہ۔ دکھ پہونچا ہوا
مائی ع آبی۔ پانی کا۔
مؤجل ع مہلت دیا گیا۔
ماؤل ع تاویل کیا گیا۔
مؤتمن ع معتمد۔ امین۔
مائت ع مرنے والا۔ میرندہ۔
مائدہ ع دسترخوان وخوان پراز طعام
مائع ع رقیق شی جیسے پانی شہد وغیرہ
مایحتاج ع وہ شی جسکی طرف انسان کو حاجت ہو یعنی ضروری چیز
مایقرا ع ایسا لکھا ہوا جسکو آدمی پڑھ سکے
مائل ع متوجہ۔ میل رکھنے والا۔ خمیدہ۔ شائق
مایوس ع ناامید۔ بے آس۔
مایہ ف پونجی اصل مادہ۔ مقدار
مائۃ ع ایک سو۔
مائتین ع دو سو
مئین ع جمع ہے مائۃ کی یعنی صدہا۔ سیکڑوں
ماین ع دروغگو۔ جھوٹا۔
مباح ع جائز رکھا گیا۔ جائز داشتہ شدہ
مباحثہ ع باہم بحث کرنا۔
مبادا ف مت ہو۔ یہ کلمہ دعا کا ہے
مبادا ف خدا نکرے کہ یوں ہو۔
مبادر ع جلدی کرنیوالا۔ پیشی کرنیوالا
مبادرت ع شتابی کرنا۔ پیشی لیجانا۔
مبادلہ ع بدلا کرنا۔ باہم بدل۔
مبادی ع جمع ہے مبدی کی ابتدائی باتین جو شرع مین سکھلائی جاوین۔
مبارز ع لڑائی کو نکلنے والا سپاہی جنگ کنندہ۔
مبارک ع برکت کردہ شدہ خجستہ بزرگ کردہ شدہ۔
مباشر ع آپ کرنیوالا کسی کام کا جماع کرنیوالا
مباشرت ع آپ کسی کام مین گھسنا جماع کرنا
مباعدت ع دوری۔ مفارقت۔ جدائی
مباقل ع ترکاری کے کھیت جہان ترہ لہسن پیاز ساگ پات ہوتے ہین مفرد اسکا مبقل ہے۔
مبال ع پیشاب گاہ۔ مراد فرج عورت کی۔ اور ذکر مرد کا۔
مبالات ع پرواہ رکھنا۔ خوف رکھنا
مبالغہ ع کسی کام مین سخت کوشش کرنا بہت تعریف یا ہجو کرنا جو محال معلوم ہو
مبانی ع جمع ہے مبنی کی بنیادین
مباہات ع فخر کرنا۔
مباہجہ ع باہم فخر کرنا۔ نکوئی اور حسن مین باہم خوش ہونا۔
مباہلہ ع ایک دوسرے کو نفرین کرنا یعنی دعاے بد ایک دوسرے کے حق مین کرنا۔
مباہی ع نازک کنندہ۔ فخر کنندہ۔
مبایعت ع بیعت کرنا۔ تابع ہونا۔
مباینت ع باہم جدا ہونا۔ ایک دوسرے سے علیحدہ ہو جانا۔
مبدا ع جاے شروع جگہ ظاہر ہونیکی
مبتدا ع شروع اول جزو جملہ اسمیہ کا
مبتدع ع بدعت کرنیوالا۔ بدعتی۔
مبتدی ع شروع کرنے والا۔
مبتلا ع گرفتار بلا مین پھنسا ہوا۔ بلا مین
مبتہج ع شادان۔ خوش
مبحث ع جاے بحث۔ مقام بحث
مبدا فیاض ع مراد خدا تعالے آغاز کرنے والا۔ بہت فیض رسان۔
مبدع ع آپ کسی چیز کا پیدا کرنیوالا بے مادہ بنانے والا۔
مبدل ع بدلا ہوا۔ بدلا گیا
مبذر ع اسراف کرنیوالا۔ بیہودہ خرچ کرنے والا۔ فضول خرچ
مبذول ع خرچ کیا گیا۔
مبرا ع بیزار شدہ۔ دور شدہ۔ پاک کردہ شدہ
مبرد ع سردی دینے والا۔ سرد کنندہ۔
مبرز ع مقعد۔ پاخانہ نکلنے کی راہ۔
مبرہن ع بدلیل ثابت کیا ہوا۔
مبرور ع نکوئی کردہ شدہ۔ نیکی کیا گیا۔ پاک
مبسوط ع پھیلا ہوا۔ فراخ
مبشر ع خوشخبری پہونچانے والا۔ بشارت دینے والا۔
مبصر ع بینائی والا۔

مترادف ع ہم معنی - دو لفظ ایسے
جنکے معنی ایک ہوں وہ ایک دوسرے
کا مترادف کہلاتا ہے -
مترجم ع ترجمہ کرنے والا اور مترجم
وہ کتاب جسکا ترجمہ کیا گیا ہو -
متردد ع متفکر اور آنے جانے والا
مترشح ع ٹپکنے والا - تراوندہ -
مترصد ع امیدوار - امید رکھنے والا
مترقب ع انتظار کیا گیا -
مترنم ع گایا گیا
متروک ع چھوڑا گیا -
متزاید ع بڑھنے والا - زائد ہونے والا
متزلزل ع ڈگمگانیوالا - لرزندہ -
متساوی ع باہم برابر - ایک دوسرے
کا مساوی -
متسلط ع غالب ہونے والا
غلبہ کرنے والا -
متشابہ ع مشکل اور جسکے معنی میں
کچھ شبہ ہو - مخفی المعنے -
متشاعر ع جو شخص شاعر نہو - اور اپنے
تئیں شاعر جتلاوے -
متشکل ع شکل اختیار کرنے والا
متشکی ع شک کرنے والا -
متصاعد ع چڑھنے والا اور بلند ہونے والا
متصدع ع درد سر کرنیوالا تصدیع دینیوالا

متصدی ع پیش آنیوالا -
متصرف ع قابض تصرف کرنیوالا
متصف ع موصوف جسکے ساتھ کوئی
وصف لگا ہو -
متصل ع پاس قریب لگا ہوا
اتصال رکھنے والا -
متصور ع تصور کیا گیا
متضمن ع در ضمن گیرندہ پیٹ میں
لینے والا - شامل -
متضاد ع باہم مخالفت کنندہ
متضرر ع ضرر اختیار کرنے والا -
متضرر ع ضرر یافتہ جسکو ضرر پہونچا ہو
متعارف ع معروف آپس میں
تعارف کیا گیا -
متعاقب ع پیچھے سے آنیوالا پس روندہ
متعال ع بلند - عالی -
متعبد ع عبادت کرنیوالا - پوجاری
بتکلیف عبادت کرنے والا -
متعدد ع چند شمار کردہ شدہ -
متعذب ع خوشگوار عذب سے مشتق ہے
متعدی ع تجاوز کرنیوالا - گریمر میں وہ
فعل جو مفعول کو بھی چاہے -
متعذر ع دشوار مشکل -
متعرض ع پیش آنے والا -
متعسر ع دشوار مشکل -

متعصب ع دین کی پچ کرنے والا
تعصب کرنے والا -
متعطش ع تشنہ - پیاسا -
متعلق ع لگاو رکھنے والا -
تعلق رکھنے والا -
متعلم ع سیکھنے والا - طالب علم
متعنت ع عیب گیرندہ - سہو خطا
پکڑنے والا -
متعندان ف جمع ہے متعند کی -
متعند ع عناد رکھنے والا - دشمنی
رکھنے والا بدخواہ -
متعوب ع رنجیدہ - رنج کشیدہ
متعود ع خوگر - عادت کرنے والا
متعہد ع ذمہ دار - کام میں مشغول -
متعین ع مقرر کیا ہوا - تعین کیا گیا
متغیر ع تغیر کیا گیا - بدلا کیا گیا
متفاوت ع فرق کیا گیا تفاوت کیا گیا
متفحص ع ڈھونڈھنے والا - تلاش
کرنے والا -
متفتش ع ڈھونڈھنے والا -
تفتیش کرنے والا -
متفرج ع جائے سیر و تماشا -
متفرع ع شاخ کیا گیا - مترتب -
متفرق ع فرق کیا گیا - علیحدہ -
متفق ع ملا ہوا - اتفاق کرنے والا

متفکر ع فکرمند - سب کو فکر ہو
متقاضی ع تقاضا کرنیوالا -
متقاعد ع پست شونده - تقاعد
قبول کرنیوالا سستی کرنے والا -
متقدم ع پیش پیش ہونیوالا - آگے بڑھنے والا
متکا ع تکیہ گاه - تکیہ لگانے کی جگہ
متکبر ع مغرور - تکبر والا -
متکسر ع شکستہ ہونیوالا - ٹوٹنے والا
متکفل ع ضامن - کفیل - ذمہ دار
متکلف ع تکلیف کرنے والا -
متکلم ع بولنے والا -
متلاطم ع امواج زن - موج زن
متلطخ ع لتھڑنے والا - آلوده -
متلبس ع پوشیده - جامہ پوشیدن
پنہاں ہونے والا - لباس پہننے والا
متلذذ ع لذت اٹھانے والا -
متلقی ع ملاقات کرنیوالا - متلقی ملاقات
کرده شده -
متلون ع رنگ اختیار کرنیوالا
متمادی ع دراز - لمبا -
متمتع ع برخوردار - فائده اٹھانیوالا
متمرد ع سرکش - نافرمان -
متمم ع تمام کرنے والا - کامل کرنیوالا
متمنی ع تمنا کرنیوالا - آرزو رکھنے والا
متمنی ع آرزو کیا گیا -

متموج ع تموج کرنے والا موجزن -
لہریں مارنے والا -
متن ع پشت پیٹھ - استوار جائے بلند و
سخت جہل کتاب جسکی شرح
کیجاوے -
متناہی ع انتہا کو پہونچنے والا -
متنبہ ع واقف مطلع - خبردار - آگاه
متنعم ع نازونعمت میں رہنے والا -
متنفر ع نفرت کرنے والا - وحشت
کرکے بھاگنے والا -
متنوع ع نوع بنوع شونده - گوناگون
شونده - اقسام اقسام کا ہونے والا
متواتر ع پے درپے آنے والا -
متواری ع پوشیده ہونیوالا - چھپنے والا
متواضع ع فروتن عاجزی کرنے والا
ذلت اختیار کرنے والا -
متوافر ع وافر ہونے والا - زیادتی
اختیار کرنے والا -
متوالی ع پے درپے آنے والا -
متوج ع تاج دیا گیا جسکے سر پر تاج
رکھا گیا ہو -
متوجہ ع توجہ کرنیوالا - دھیان دینے والا
متوحش ع وحشت اختیار کرنے والا -
متورع ع پارسا - پارسائی اختیار کرنیوالا
متوسل ع وسیلہ وسیلہ ڈھونڈھنے والا

متوصل ع وصل اختیار کرنیوالا
توصل کننده -
متوطن ع رہنے والا - باشنده
متوفی ع وفات یافتہ شده - موا ہوا
متوقع ع امید رکھنے والا توقع رکھنے والا
متوقف ع دیر کرنیوالا - توقف کرنیوالا
متوکل ع بھروسا کرنیوالا - توکل کرنیوالا
متولد ع پیدا ہونے والا
متولی ع کام پر بیٹھنے والا - دوستی
رکھنے والا -
متوہم ع وہم کرنیوالا - متوہم وہم کیا گیا
متہاون ع سستی کرنے والا -
متہم ع وه شخص جسپر تہمت لگائی جاوے
متین ع استوار - مضبوط -
مثابہ ع مانند - مشابہ -
مثال ع شبیہ - نظیر - تصویر حکمنامہ
قاضی مانند فرمان پادشاہی پروانہ حکم
مثانہ ع پھکنا وه کیسہ جسکے اندر
پیشاب ہوتا ہے -
مثانی ع سوره فاتحہ اور جمع ہے مثنی
کی بمعنے دو دو -
مثبت ع جو منفی نہو اثبات کرده شده
مثقال ع ۴½ ساڑھے چار ماشہ
کے وزن کو مثقال کہتے ہیں -
مثل ع مثال - کہاوت - مانند

موصوف حال - داستان -
مثل ع مانند - مساوی - صفت بمعنی
مثلث ع وہ سطح مین خطوط مستقیم سے
محاط ہو جیسے یہ △
مثمر ع پھل دینے والا - انجام دینے والا
نتیجہ دہندہ - میوہ آرندہ -
مثمن ع ہشت پہلو -
مثنی ع تثنیہ - دو پارہ کردہ شدہ
دوم کردہ شدہ -
مثنوی ع وہ اشعار ہوتے ہین جنمین
ہر ایک شعر کے دو مصرعون کے
قافیے ملتے جاوین -
مثوب ع ثواب دیا گیا - بدلا
نیکی کا کیا گیا -
مثوبات ع عوض نیکیون کے
بدلے بھلائیونکے جمع مثوبت کی ہے
مثنوی ع جاے آرام قرارگاہ -
مجادل ع لڑنے والا -
مجادلہ ع جنگ کردن -
مجاذیب ع جمع ہے مجذوب کی کشیدہ شدہ
لوگ خدا کی محبت مین کھینچے ہوے -
مجاری ع جمع ہے مجری کی -
مجاز ع جو حقیقت نہو -
مجازات ع بدلا دینا - اور جزا دینا
نیکی اور بدی مین -

مجال ع میدان - جولانگاہ - مجازاً
موقع - حوصلہ - طاقت -
مجالس ع مصاحب جلیس باہم
بیٹھنے والا -
مجالس ع جمع مجلس کی ہے
مجامع ع صحبت کرنیوالا اجماع کرنیوالا
مجامعت ع صحبت کرنا - جماع کرنا
مجانبت ع کسی کام سے یکسو ہونا دور ہونا
مجانست ع ہمجنسی ہم قومی -
مجاور ع ہمسایہ - پڑوسی -
مجاورت ع ہمسایہ پن - پڑوس
مجاوز ع تجاوز کرنیوالا - درگذر کرنیوالا
مجاہد ع کافرون سے لڑنے والا -
کوشش کرنے والا -
مجبور ع ناچار - جبر کیا گیا - نقصان کیا گیا
مجتبی ع برگزیدہ - پسندیدہ -
مجتث ع جڑ سے اوکھیڑا ہوا - اور
نام ایک بحر کا ہے -
مجتمع ع جمع کیا گیا اور جگہ جمع ہونیکی
مجتنب ع دوری کرنیوالا پرہیز کرنیوالا
مجتہد ع کوشش کرنے والا - راہ
صواب پیدا کرنے والا -
مجد ع بزرگی - بزرگوار ہونا -
مجد ع کوشش کرنیوالا کسی کام مین
مجدد ع از سرنو کنندہ کار - نیا کرنیوالا
کسی کام کا -

مجذوب ع کھینچا گیا - اور خدا کی
محبت مین کھینچا ہوا -
مجدود ع نیا کیا گیا -
مجرب ع تجربہ کیا گیا آزمایا ہوا -
مجرد ع تنہا اور تارک دنیا مرد وزن
اور وہ شے جو مادہ سے پاک ہو -
مجردات ع عقول عشرہ - ملائک ارواح
مجرم ع جرم کرنے والا - گناہگار -
مجروح ع زخمی گھائل جسکو زخم لگا ہو
مجری ع جاے جاری ہونے کی -
مجزی ع جزو جزو علیحدہ کیا ہوا -
مجسم ع جسم دار جسمین طول اور عرض
اور عمق ہو -
مجعد ع گھونگریالے بال پیچدار بال
مجلی ع صاف - روشن -
مجلد ع جلد بندی کیا ہوا -
مجلس ع جگہ بیٹھنے کی مجازاً وہ مقام
جہان گروہ آدمیون کا جمع ہو -
مچلکا ت یہ ترکی لفظ ہے معنی اسکے
ہین عہدنامہ -
مجمر ع عود دان وہ انگیٹھی جسمین
عود جلا دین -
مجمع ع محفل اور جگہ جمع ہونے کی -
مجمل ع جو محتاج تفصیل کا ہو -

محجلات ع وہ آیات قرآنی جو
محتاج تفصیل کی ہیں۔
مجموع ع تمام جمع کیا گیا۔سب
مجنون ع پاگل۔ دیوانہ۔
مجنح ع صاحب بازو۔صاحب جناح
مجوس ع قوم آتش پرست جو تابع
ہیں زردشت کے۔
مجوسی ق وہ شخص جو آتش پرست
ہو یا آفتاب اور ماہ کی پوجا کرے واحد
ہے جمع اسکی مجوس آتی ہے۔
مجوف ع جوف کیا گیا۔کھوکھلا
جو اندر سے خالی ہو۔
مجہول ع نامعلوم نادانستہ شدہ
اور وہ فعل جسکا فاعل معلوم نہو۔
مجیب ع جواب دینے والا۔قبول کرنیوالا
مجید ع بزرگوار گرامی۔بزرگ۔
مح ع زردی جو مرغ کے انڈے کے
اندر ہوتی ہے۔
محابا ع اصل میں محابات تھا فارسی
لوگ تا کو حذف کرکے استعمال اسکا
کرتے ہیں بمعنی فروگذاشتن۔مروت
اعانت۔صلح نگہداشت۔لحاظ
محاذی ع مقابل آمنے سامنے
والا روبرو ہونے والا۔
محاذات ع مقابلہ اور روبرو ہونا
برابر ہونا ایک جز کا دوسرے جز سے
محارب ع لڑنے والا۔جنگ کنندہ
محاربہ ع لڑائی۔جنگ۔
محاربات ع لڑائیاں۔جنگہا۔
محاریب ع جمع ہے محراب کی یعنی محرابین
محاسب ع حساب کرنیوالا حساب لینے
محاسبہ ع حساب
محاسن ع جمع ہے حسن کی۔خوبیاں
بھلائیاں۔
محاصر ع گھیرنے والا۔محاصرہ کرنیوالا
محاط ع احاطہ کیا گیا۔
محافظ ع نگاہبان۔
محافظت ع نگاہبانی۔
محافل ع جمع ہے محفل کی مجلسیں
محافہ ع ڈولی جو کہار اٹھاتے ہیں
اور عورتیں اوسمیں سوار ہوتی ہیں
محاکات ع باہم حکایت کرنا۔
کوئی کہانی آپس میں کہنی۔
محاکمہ ع حاکم کے پاس واسطے دفع
جھگڑے کے جانا۔اور منصف ہو کر
دفع خصومت کا کرنا۔
محال ع آن ہوت جسکا ہونا ممکن نہو
محال ع جمع ہے محل کی مقامات
جگہ ہا۔ضلعے۔
محالات ع ناممکنات۔غیر ممکن
باتیں یا خبریں۔
محامد ع جمع ہے محمدت کی تعریفیں
نیک خصلتیں۔
محاورہ ع گفتگو بات چیت۔جواب دینا
محب ع دوستی کرنے والا۔پیار
رکھنے والا۔
محبت ع دوستی
محبوب ع پیارا۔دوست
محبوس ع مقید قید کیا گیا۔
محتاج ع لاچار۔حاجتمند۔غریب مفلس
محتاط ع احتیاط کردہ شدہ۔وہ
شخص جو بہت احتیاط رکھے۔
محتجب ع پردہ نشین چھپا ہوا
پردے میں ہونے والا۔
محترفہ ع پیشہ ور لوگ۔صنعتگران
کاریگر لوگ یہ لفظ ہمیشہ صفت لفظ
فرقہ یا جماعت کی پڑتا ہے۔
محترم ع عزت کیا گیا۔حرمت کیا گیا
محتشم ع صاحب حشم اور حشم کا جسکے
پاس نوکر اور دولت ہو۔
محتسب ع مجسٹریٹ شمار کرنیوالا
وہ حاکم جو خلاف شرع باتوں کی
ممانعت کرے۔
محتمل ع احتمال کیا گیا۔گمان کیا گیا
محتوی ع شامل گھیرنے والا۔

محجوب ع پوشیدہ۔
محجور ع منع کیا گیا۔ حرام کیا گیا
محدب ع کب کیا گیا۔ جو موافق
قبہ کے ہو۔
محدث ع حدیث بیان کرنیوالا۔ راوی
محدث ع احداث کرنے والا۔
نئی بات نکالنے والا۔
محدود ع حد کیا گیا۔ انتہا کیا گیا
محذوف ع حذف کیا گیا۔ گرایا گیا
محراب ع لغوی معنی ہین اوزار لڑنے
کا اصطلاح مین اوس قوس یا کمان
کو کہتے ہین جو مسجد مین طرف کعبہ کے
بناتے ہین چونکہ وہ ایک آلہ ہے
شیطان کی لڑائی کا اس واسطے
اسکا نام محراب رکھا ہے۔
محرر ع لکھنے والا۔ تحریر کنندہ
محرق ع جلانے والا۔
محرک ع تحریک کرنیوالا۔ حرکت
دینے والا۔
محرم ع وہ شخص جو حرم کعبہ مین
آوے احرام باندھنے والا۔
محرم ع وہ شخص جسکے ہمراہ نکاح
کرنا درست نہو۔ رشتہ دار قریب
محرمات ع حرام چیزین۔ وہ باتین
جسکا توڑنا روا نہو۔

محرمان ف جمع فارسی ہے محرم کی
محرم راز ف واقف بھید کا بھید
جاننے والا۔
محرور ع گرم حرارت کیا گیا۔
محروس ع نگاہبانی کیا گیا
حراست کیا گیا
محروم ع روکا گیا۔ باز رکھا گیا
محزون ع غمگین۔
محسنات ع نیکیان جمع ہے محسنہ کی
محسن ع نیکی کرنے والا احسان کرنیوالا
محسنین ع جمع ہے محسن کی۔
محسوب ع حساب کیا گیا شمار کردہ
محسود ع حسد کیا گیا رشک کردہ شدہ
محسوس ع وہ شی جو حس مین آتی ہے
جو معلوم ہوسکے حس سے۔
محشر ع جگہ اکٹھا ہونے لوگون
کی روز قیامت کو
محصل ع حاصل کردہ شدہ
محصل ع حاصل کرنے والا۔
محصود ع کھیتی کٹی ہوئی
محصور ع حصر کیا گیا۔ گھیرا گیا۔
محصول ع حاصل کردہ شدہ
محض ع صرف خالص۔
محضر ع نامہ قاضی کا جابجا حاضر ہونیکی
وقت حاضر ہونیکا نیک محضر وہ شخص ہو

جو غائب کو نیکی سے یاد کرے۔
محظور ع منع کیا گیا۔ حرام کیا گیا
محفوظ ع حفاظت کیا گیا۔
محفل ع جگہ جمع ہونے آدمیون کی۔
محظوظ ع بہرہ مند بخت ور نصیب
محقر ع ذلیل۔ حقیر
محقق ع تحقیق کیا گیا۔
محقق ع تحقیق کرنے والا۔
محک ع کسوٹی نام ہے ایک سیاہ
پتھر کا جسپر سونے یا چاندی کی آزمائش
کیجاتی ہے۔
محکم ع مضبوط۔ مستحکم
محکمہ ع کچہری جگہ انصاف کرنے کی
محکوم ع حکم کیا گیا۔
محل ع جگہ مکان۔ منزل مکان
بادشاہ یا امیر کا
محلات ع جمع محلہ کی۔
محلہ ع جگہ اوترنے کی منزل مقام
آدمیون کا مجازاً کوچہ شہر کا۔
محلی ع آراستہ شدہ۔ زیور پہنایا گیا
محمد ع بسیار ستودہ۔ تعریف
کیا گیا۔ نام پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا
محمدت ع ستایش۔ تعریف۔
محمدی ع وہ شخص جو امت محمد سے ہے
محمل ع کجاوہ ہودہ اونٹ کا۔

مجمول ع لادا ہوا۔ گمان کیا گیا
متعلق مین خبر جو مقابل مبتدا کے
واقع ہوتی ہے —
محن ع جمع ہے محنت کی —
محنت ع تکلیف۔ دکھ۔ رنج
محو ع زائل کرنا پاک کرنا۔ حروف یا
نقوش کو کاغذ یا لوح سے چھیل ڈالنا
اصطلاح اور تصوف مین گم ہونا اور دہونا
محور ع دھُری جس پر پہیہ گردش کرتا ہے
محیا ع چہرہ۔ منہ —
محی ع زندہ کرنے والا —
محیط ع احاطہ کرنیوالا گھیرا۔ گول
خط دائرے کا —
مخادعت ع مکر۔ فریب —
مخادعات ع مکر یا فریب یا جمع
ہے مخادعت کی —
مخارج ع جمع مخرج کی جگہ خارج ہونے
کی —
مخازن ع جمع مخزن کی خزانے
مخاصمت ع باہم خصومت کرنا
جنگ کرنا —
مخاطع ع آب بینی۔ سینک
مخاطب ع سامنے سے بولنے
والا خطاب کرنے والا —
مخاطب ع خطاب کیا گیا اور جس سے
روبرو گفتگو کیجاوے —
مخاطرہ ع خطر اندیشہ۔ وہ بات جو
ذہن مین آجاوے —
مخافت ع خوف۔ ڈر۔ ڈرنا خوف کرنا
مخافات ع جمع ہی مخافت کی —
مخالطت ع ملنا۔ باہمی [illegible]
دوستی —
مخالف ع وہ شخص جو خلاف ہو۔ دشمن
مخالفت ع دشمنی خلاف کرنا —
مخاوف ع جا بیجا ہے خوف۔ خوف
کی جگہ جمع ہے مخوف کی —
مخبر ع خبر دینے والا مخبا ع چہرہ انسان کا
مخبط ع درہم آمیختہ۔ ملا جلا۔ فاسد۔ تباہ
مختار ع اختیار کیا گیا —
مخترع ع اختراع کیا گیا —
مخترع ع نئی بات نکالنے والا —
مختص ع خاص کیا گیا —
مختصر ع جو طویل نہو۔ جو دراز نہو —
مختلف ع جو یکسان نہو —
مختوم ع مہر لگا ہوا۔ مقفل اور بند کیا ہوا
مختون ع ختنہ کیا گیا —
مخدر ع سن کرنے والی چیز جیسے
کردینے والی چیز —
مخدرہ ع پردہ نشین عورت۔ پردہ نشین
مخدوم ع خدمت کیا گیا —
مخذول ع ذلیل و خوار۔ ذلیل کیا گیا
مخرج ع جگہ نکلنے کی —
مخروط ع خراط کیا گیا۔ چھراشا گیا۔ چھیلا گیا
مخزن ع خزانہ کی جگہ ہے جمع اسکی
مخصوص ع خاص کیا گیا
مخطط ع لکیروں والا۔ وہ شے جسپر
لکیرین پڑی ہوئی ہوں —
مخلجہ ع اندیشہ جو دل مین خیال
گذرے — [illegible] کے قریب —
مخفف ع ہلکا کیا گیا —
مخفی ع پوشیدہ —
مخل ع خلل ڈالنے والا۔ خلل انداز —
مخلص ع اخلاص کرنے والا —
مخلوط ع گڈمڈ۔ ملا جلا۔ آمیختہ شدہ
مخلوقات ع جمع ہے مخلوق کی دنیا
اور جو چیز دنیا مین ہے —
مخلوق ع پیدا کیا ہوا —
مخلی ع خالی کیا گیا۔ رہا کیا گیا
چھوڑا گیا —
مخمس ع پانچ گوشہ۔ پانچ کونا جسکے
پانچ مصرعہ ہوں یا پانچ ضلع ہوں
یا پانچ چیزیں جو کسی شے مین شامل ہوں
مخمل ع نام ایک قسم کے نرم کپڑے
کا مشہور ہے —
مخمور ع متوالا۔ شراب نوشیدہ

مخنث ع ہیجڑا جسکو نامرد بنادیا ہو یا مخنث بنایا ہو۔
مخوف ع ڈرا ہوا۔ خوفناک۔
مخوف ع خوف دینے والا۔ ڈرانیوالا
مخیر ع نیکی کرنے والا۔
مخیل ع خیال کیا گیا
مخیم ع جگہ خیمہ لگانے کی جگہ خیمہ کھڑے کرنے کی۔
مد ع کشش کھینچنا۔ جوار جو دریا میں آتا ہے خط دراز۔ افزونی روزازی نظر کرنا کسی چیز پر۔
مداح ع تعریف کرنیوالا۔ مدح کرنیوالا
مداخل ع دخل دینے والا کسی کام میں داخل ہونے والا۔
مداخلت ع دخل دینا۔
مداد ع سیاہی۔
مدار ع جای دورہ کرنے ستارہ کی جسپر کوئی بات ٹھہری ہوئی ہو مجازاً
مدارا ع صلح اور آشتی کرنا اصل اسکی مدارات ہے خاطر۔ تواضع کرنا۔
مدارات ع رعایت کرنا صلح اور آشتی کرنا۔
مدارات ع ستاروں کی حرکت کے دائرے جمع مدار کی۔
مدایح ع جمع ہے مدیح کی۔

مدارس ع جمع مدرسہ کی۔
مدارست ع باہم درس کرنا۔ باہم پڑھنا اور پڑھانا۔
مدار المہام ع وہ شخص جس سے سب کاروبار سلطنت کے متعلق ہوں وزیر یا فوج کا حاکم۔
مدافع ع دفع کرنے والا۔
مدافعت ع ایک دوسرے کو دفع کرنا۔ دفع کرنا۔
مدام ع ہمیشہ کہا گیا۔ شراب ہمیشہ
مداومت ع ہمیشگی کرنا ہمیشگی۔
مداوات ع دوا کرنا۔ علاج کرنا۔ درمان کرنا۔
مداوا ع مخفف ہے مداوات کا دارو درمان کرنا۔
مداہن ع سستی کرنے والا۔
مدایح ع جمع ہے مدیحہ کی تعریفیں
مداین ع جمع ہے مدینہ کی شہرہا۔
مدبر ع تدبیر کرنے والا۔ صاحب تدبیر
مدبر ع پشت دیا گیا یعنی وہ شخص جسکو اوسکے نصیب نے پشت دی ہو برگشتہ بخت۔
مدت ع عرصہ۔ دیر۔
مدح ع ستایش۔ تعریف۔
مدخل ع جائے داخل ہونیکی۔

مدخول ع داخل کیا گیا۔
مدخولہ ع وہ عورت جس سے صحبت کی گئی ہو۔ زن جماع کردہ شدہ
مدد ع کمک۔
مد وجزر ع جوار بھاٹا جو سمندر میں ہوتا ہے۔
مددگار ف مدد کرنے والا۔
مدر ع ڈھیلا۔ مٹی کا۔
مدرس ع پڑھانیوالا۔ درس دینے والا
مدرسہ ع جگہ درس دینے کی۔
مدرک ع سمجھا گیا۔ دریافت کیا گیا۔
مدرکہ ع وہ قوت جس سے انسان اشیا کی حقیقت دریافت کرسکے عقل ذہن
مدعا علیہ ع جسپر دعوے کیا گیا ہو
مدعی ع دعوے کرنے والا۔
مدغم ع وہ حرف ایک جنس سے ایک دوسرے میں ادغام کیا گیا ہو۔
مدفون ع دفن کیا ہوا۔ گاڑا ہوا۔
مدلل ع جسپر دلیل قائم کی گئی ہو بدلیل ثابت شدہ۔
مدلول ع معنی بتلایا ہوا۔
مدمن ع ہمیشہ کرنیوالا کسی کام کا
مدور ع گول۔
مدن ع جمع ہے مدینے کی شہرہا بہت سے شہر۔

مدہوش ع سحیر سرگشتہ حیران
مجازاً مست بیہوش
مدید ع دراز لمبا
مدیر ع گول حرکت دینے والا
مدینہ ع شہر
مدیون ع قرضدار
مذاب ع گداختہ شدہ - گلا ہوا - پگھلا ہوا
مذاق ع چکھنا چکھنے کی جگہ محل ذائقہ
مذاکرہ ع باہم ذکر کرنا
مذاہب ع جمع مذہب کی -
مذبح ع جگہ ذبح کرنے کی
مذبذب ع دھکر پکڑ کرنے والا جسکا ارادہ مصمم نہو
مذبوح ع ذبح کیا ہوا - جانور جسکو ذبح کردیا ہو -
مذکر ع مرد نر -
مذکور ع ذکر کیا گیا - ذکر کردہ شدہ
مذلت ع خوار ہونا رسوا ہونا رسوائی
مذمت ع ہجو - برائی - بدی -
مذموم ع بد - برا - زشت
مذنب ع گنہگار
مذہب ع راہ - رستہ - دین -
مر ع تلخ کڑوہ -
مرق خاص
مرابطات ع جمع ہے مرابطہ کی وہ چیزیں جو باہم رابطہ پیدا کریں -

مراة ع عورت - زن -
مراءاة ع آئینہ منہ دیکھنے کا شیشہ
مراتب ع جمع ہے مرتبے کی - درجے - رتبے -
مراجعت ع لوٹنا - رجوع کرنا - اولٹنا پھرنا -
مراحل ع منازل - منزلین جمع ہے مرحلہ کی -
مراحم ع جمع ہے مرحمت کی - مہربانیان
مراد ع ارادہ کیا گیا - مطلب مقصد
مرادفت ع باہم ردیف ہونا ایک کا دوسرے کے پیچھے سوار ہونا -
مرادف ع بنا ایک معنے ہونا -
مرارة ع تلخی - کڑواپن -
مراسل ع اوس عورت کو کہتے ہین جسکے دونون پنڈلیون پر بال بہت اور دراز ہون - اور وہ عورت جو بیاہ کی خواہش کرنے والون مردون سے خط وکتابت یا پیغام جاری رکھے یا وہ عورت جسکو اوسکے خاوند سے جدائی ہوگئی ہو - یا کلان سال عورت -
مراسلات ع جمع ہے مراسلہ کی
مراسلت ع باہم نامہ اور پیغام کرنا
مراسم ع رسمین - رسومات جمع ہے رسم کی نشانہا -

مراضعت ع دودھ پلانا بچہ کو دایہ کا -
مراعات ع رعایت کرنا باہم ملکر جانورون کا چرنا - نگاہ رکھنا کن انکھیون دیکھنا مجازاً سلوک اور رعایت
مرافعت ع حاکم کے سامنے اپنا دعوے پیش کرنا -
مراقبت ع امید رکھنا نگہبانی حفاظت -
مرام ع مطلب - مقصد -
مراہم ع جمع ہے مرہم کی -
مربی ع تربیت کیا گیا - پروردہ شدہ اور میوہ کی قسم قند یا شکر مین ملا ہوا -
مربع ع چوگوشہ - اور وہ سطح جسکے چارون ضلع برابر ہون اور چارون زاویہ قائمہ ہون -
مربوط ع بندھا ہوا - ربط کیا گیا لگایا گیا -
مربی ع پرورش کرنے والا - تربیت کرنے والا
مرة ع ایک دفعہ
مرتاض ع ریاضت کرنے والا اصطلاح تصوف مین تابعدار کرنیوالا نفس سرکش کا اور رنج اوٹھانیوالا علم اور سفر یا عبادت مین -

مرتب ع ترتیب کیا گیا۔ انتظام کیا گیا۔

مرتبط ع ارتباط کیا گیا۔ لگایا گیا۔

مرتبہ ع درجہ۔ رتبہ۔

مرتد ع کافر۔ وہ شخص جو مذہب اسلام سے پھر گیا ہو۔

مرتفع ع اونچا کیا گیا۔ رفع کیا گیا۔ دور کیا گیا

مرتقی ع بلند کیا گیا۔

مرتکب ع اختیار کرنے والا۔ ایک بات کا پسند کرنے والا

مرتہن ع رہن لینے والا۔ گرو رکھنے والا۔ ندیو یا کسی چیز کا

مرثیہ ع اوصاف مردہ کے اس طرح پر بیان کرنے کہ سننے والوں کو رحم آوے

مرجان ع مونگا۔ مشہور ہے جسکو دریا میں کیڑے بناتے ہیں

مرجع ع جاے رجوع۔

مرجح ع تغلب دینے والا۔ ترجیح دینے والا

مرجو ع امید کیا گیا۔

مرجوع ع رجوع کیا گیا۔ لوٹایا گیا

مرحبا ع شاباش یہ لفظ عرب میں بعد آنے کے تعظیم مہمان کے کہتے ہیں۔

مرحلہ ع منزل کی جگہ کوچ کی جگہ منزل جاے رخصت اور اسباب کی۔

مرحمت ع مہربانی۔ رحم۔

مرحوم ع رحمت کردہ شدہ۔ مجازاً جو مر گیا

مرخص ع رخصت کرنے والا۔

مرخص ع رخصت کردہ شدہ۔

مرد ف شخص۔ آدمی

مرد ع جمع ہے امرد کی یعنے وہ لڑکے جنکی ابھی ڈاڑھی نہ نکلی ہو۔

مرداد ف پانچواں مہینا شمسی یعنے جولائی کا مہینا۔

مردار ف مردہ کی لوتھ۔ ناپاکی۔

مردان ف جمع ہے مرد کی۔

مردانگی ف مردپن۔ مردانیت۔

مردک ف چھوٹا مرد۔ یہ حقارت کا لفظ بطور گالی کے بولتے ہیں۔

مردگان ف مردے۔ مرے ہوئے لوگ۔

مردم ف آدمی۔ پتلی آنکھ کی۔

مردم آزار ف تکلیف دینے والا آدمیوں کا۔

مردمان ف جمع ہے مردم کی۔

مردمک چشم ف آنکھ کی پتلی۔

مردمی ف مردانگی۔

مردن ف مرنا۔

مردود ع رد کیا گیا۔ نکالا گیا کسی جگہ سے۔ بے عزت۔

مردہ ف مرا ہوا۔ موا ہوا

مردی ف مردانیت۔

مرز ف زمین۔

مرزا ف اسکی اصل ہے میرزا یعنے سردارزادہ۔

مرزبان ف حاکم سرحد صاف طرف۔ مالک زمین۔ زمیندار۔ نگہبان سردار بزرگ۔ آتش پرستوں کا عالم آتش پرست جمع اسکی مرازبہ آتی ہے

مرزبوم ف جاے پیدایش۔ جنم بھوم

مرزغان ف دخمہ۔ گورستان قبرستان۔

مرسل ع نامہ بھیجنے والا۔ بھیجنے والا

مرسل ع رسول۔ نبی۔ پیغمبر

مرسلین ع بہت رسول۔ پیغمبر۔

مرشد ع ہدایت کرنے والا۔ راہ نیک بتلانے والا۔

مرصع ع جڑاؤ کیا گیا۔ جڑا گیا۔

مرصوص ع رانگ ڈھال کر جنکو بیچ میں ڈال کر سنگ کی ہوئی شے استوار کیا ہوا

مرض ع بیماری۔

مرضی ع جمع ہے مریض کی بیمار لوگ

مرضی ع پسندیدہ۔ پسند کیا ہوا

مرطوب ع تر و بھیگا ہوا۔ رطوبت والا

مرعی ع چراگاہ جاے چرنے جانوروں کی

مرعوب ع رعب کیا گیا۔ خوف کیا گیا

مرعی ع رعایت کیا گیا - لحاظ کیا گیا -
مرغ ف ایک قسم کی گھاس ہے جسکو
جانور بڑی خوشی سے چرتے ہین ہندی
مین اوسکو دوب کہتے ہین -
مرغ ف پرند اوڑنے والا جانور -
مرغاب ع نام ایک ندی خراسان کا ہے
جو شہر مرو شاہجہان کے نیچے بہتی ہے -
مرغابی ف مشہور پرند ہے جو دریا مین
تیرتا رہتا ہے -
مرغزار ف سبزہ زار اور وہ زمین جہان پر
مرغ بہت اوگا ہوا ہو یعنی دوب بہت ا[illegible]
مرغوب ع رغبت کیا گیا -
مرغول ف پیچ و تاب - زلفون کو جو پیچ ہوتے
ہین اونکی صفت مین یہ لفظ آتا ہے یعنے
پیچدار اور گھونگروالے بال والا اور عیش و
نشاط کے معنی مین آتا ہے -
مرفق ع کہنی - آرنج -
مرفوع ع اوٹھایا گیا - مرافعہ نالش حاکم
کے سامنے پیش کی ہوئی -
مرفہ ع آسودہ - خوش معاش -
مرقد ع خوابگاہ - قبر مجازاً -
مرقع ع کتاب بالتصویر کی - گدڑی
فقیرون کی جسمین رقعہ رقعہ یعنے
پیوند لگے ہوئے ہون -
مرقوم ع لکھا ہوا -

مرگ ف موت -
مرکب ع ترکیب دیا گیا جو کئی چیزون
سے ملکر بنا ہو -
مرکز ع وہ نقطہ بیچون بیچ دائرہ کا
جس سے جتنے خطوط مستقیم محیط تک
نکالین سب برابر ہون -
مرکوز ع گڑا ہوا - محکم کیا ہوا یہ لفظ
مشتق ہے رکز سے اوسکے معنی ہین پیا[illegible]
مین نیزہ گاڑنا - مجازاً منظور
مرمت ع کسی چیز کا خلل درست کرنا -
صلاح دینا ٹوٹے پھوٹے بگڑے کو
سنوارنا -
مرمر ع نام ایک قسم کے پتھر کا ہے جو سفید
ہوتا ہے اوسکو سنگ مرمر کہتے ہین -
مروارید ف موتی -
مروت ع مردانگی -
مروج ع رائج کیا گیا - ترویج دیا گیا
مروحہ ع بادکش - پنکھا ہوا کرنے کا
مرور ع گذرنا - چلا جانا -
مرہم ع وہ دوا جو زخم کے چنگا ہونے
کو لگاتے ہین -
مرہون ع رہن کیا گیا
مری ع چینی ہڈی استخوان نرم
مریخ ع منگل ستارہ -
مرید ع ارادہ کرنیوالا - شاگرد دینی -

مرید ع سرکش غیر مطیع - راندہ ملعون -
مریض ع بیمار - روگی -
مزاج ع خاصیت - خو - عادت
سبھاو - وہ کیفیت جو اربعہ عناصر
کے ملنے سے پیدا ہو -
مزاحم ع روکنے والا - صدمہ کا
روکنے والا -
مزاحمت ع صدمہ کے برعکس
تنگی کرنا کسی پر -
مزاح ع خوش طبعی کرنا - اور معنی
کرنا خوش طبعی
مزاد ع توشہ دان وہ چیز جسمین زاد
رکھین -
مزار ع جگہ زیارت کرنے کی -
مزارع ع کھیتی کرنے والا - کسان
مزامیر ع راگ - گیت - وہ جو راگ مین
کیجاتی ہے واحد اسکا مزمور ہے
مزامیر داؤد ع کتاب زبور حضرت
داؤد کی مجازاً سب ساز مطربون کے
مزاولت ع ہمیشگی کسی کام پر کرنا
کوشش کرنا کسی چیز پر -
مزبلہ ع کوڑے و غلاظت جمع
ہونے کی جگہ -
مزبور ع لکھا ہوا -
مزج ع ملانا - ملنا -

مزجات ع تھوڑا۔ اندک بے اعتبار
مزخرف ع جھوٹی بات جو مانند
سچی بات کے آراستہ کی ہوئی ہو
زر اندودہ۔
مزدوری ف مزدوری۔ اجرت خواہ دنیا
کی ہو خواہ دین کی۔
مزدور ف اجرت کرنے والا۔
مزدوری کرنے والا۔
مزدوری ف اجرت
مژدہ ف خوشخبری
مزرع ع کھیتی۔ کھیت۔
مزعفر ع زعفرانی۔ زرد رنگ اور
ایک قسم شیرین پلاؤ کی ہے جس میں
زعفران پڑی ہوئی ہو۔
مزکی ع پاک کرنے والا۔ زکوٰۃ دینے والا
مژگان ف پلکیں آنکھوں کی۔
مزلت ع لغزش کرنا۔ جگہ پھسلنے کی۔
مزلات ع جمع ہے مزلت کی جگہ
پھسلنے کی۔
مزلقہ ع لغزش دہندہ۔
مزمار ع نے باجا بجانے کا۔
مزور ع جھوٹا
مزہ ف چسکا۔ لذت۔
مزیت ع افزونی۔ زیادتی فضیلت
اسکی جمع مزایا آئی ہے۔

مزید ع زیادتی۔ افزون۔ افزونی
کردہ شدہ۔ زیادہ کیا گیا۔
مزین ع زینت دیا گیا
مس ع چھونا ہاتھ ملنا۔ جماع کرنا۔
مس ف تانبا۔
مسا ع شام۔ وقت شام کا۔
مسابقت ع باہم سبقت لیجانا۔
مساجد ع جمع ہے مسجد کی۔
مساح ع پیمایش کرنے والا۔
مساحت ع پیمایش اور پیمایش کرنا
مسارعت ع باہم سرعت کرنا
جلدی کرنا۔
مسارقت ع باہم سرقت کرنا
چوری کرنا۔
مساس ع ہاتھ ملنا۔ ہاتھ پھیرنا۔
جماع کرنا۔
مساعد ع مددگار۔ یاری دہندہ
مساعدت ع یاری کرنا۔ مدد کرنا۔
مسافات ع جمع مسافت کی درمیان
بیابانوں کی۔
مسافت ع دوری بیابان کی
فاصلہ منازل کا۔
مسافر ع سفر کرنے والا۔
مسافرت ع سفر کرنا۔
مساکن ع جمع ہے مسکن کی مکانات

مساکین ع جمع ہے مسکین کی غریب
محتاج مفلس۔
مسالک ع جمع ہے مسلک کی
راہہا۔ رستے۔
مسالہ ع درخواست۔ سوال پوچھنا
مسامات ع بدن کے سوراخ چھوٹے چھوٹے
جنمیں سے پسینہ نکلا کرتا ہے۔
مسامحت ع چشم پوشی کرنا۔ جوانمردی
کرنا کسیکا عیب ظاہر نکرنا۔
مسامع ع جمع ہے مسمع کی کان۔
مساوات ع برابری۔ یکسانی۔
مساوی ع برابر۔
مساہلت ع سہل انگاری کرنا۔
تساہل کرنا۔ سستی کرنا۔
مساہم ع شریک حصہ دار
مساہمت ع شرکت۔ ساجھا۔
مسائل ع جمع ہے مسئلہ کی پوچھی
ہوئی باتیں۔
مست ف متوالا۔
مست ف غم اندوہ۔ رنج۔
مستاجر ع ٹھیکہ دار۔ اجارہ لینے والا
مستاصل ع جڑ سے اوکھیڑنے والا
برباد کرنے والا۔
مستاصل ع برباد تباہ جڑ سے
اوکھڑا ہوا۔

مستمال ع مائل رجوع کیا گیا۔
مستمر ع استقرار۔ رواں۔ پیوستہ دائم
مستمسک ع چنگل مارنے والا۔
تمسک کرنے والا۔
مستملح ع نمکین۔
مستمند ف غمگین۔ مجازاً۔ حاجتمند
یہ لفظ مرکب ہے مست بمعنی غم اور
مند بمعنی صاحب سے۔
مستنبط ع بیرون آوردہ شدہ
باہر نکالا گیا۔
مستوجب ع واجب کرنے والا
مستوحش ع وحشت ڈھونڈھنے والا
مستور ع چھپا ہوا۔
مستوجم ع پوشیدہ شدہ۔
مستوفی ع پورا لینے والا۔
مستوفا ع تمام لیا ہوا۔ پورا کیا گیا
مستوقد ع بھڑکانے والا۔ آگ کا۔
مستولی ع غالب زور آور
مستوہب ع طلب ہبہ کی کرنیوالا
بخشش چاہنے والا۔
مستوی ع برابر ہموار۔
مستہام ع سرگشتہ۔ حیران۔
مستہان ع ذلیل خوار۔ لوگوں
کی نظر میں سبک۔
مستہزی ع مسخریہ کرنے والا

ہنسی ٹھٹھہ کرنے والا۔
مستہل ع نیا چاند دیکھنے والا۔
مینہ زور شور سے برسنے والا۔
مستہلک ع تباہ ہونے والا۔
ہلاک ہونے والا۔
مستی ف نشہ جوش شہوت کا۔
مستیقظ ع بیدار۔ نگاہبانی کرنیوالا
مسجد ع جائے سجدہ سر جھکانے
کی جگہ۔
مسجع ع مقفے قافیہ بندی کیا ہوا۔
مسجل ع نامہ مہر کیا ہوا قاضی کا۔
مسجون ع قیدی
مسح ع ہاتھ ملنا۔ ہاتھ پھیرنا۔ جماع کرنا۔
مسحوق ع گھسا ہوا۔ رگڑا ہوا پسا ہوا
مسخ ع ایک صورت سے دوسری صورت
بدلنا مگر دوسری بدتر صورت ہو
اول سے۔
مسخر ع تابع کیا گیا۔ تسخیر کیا گیا۔
مسخرگی ف ٹھٹھہ بازی۔ مسخرپن۔
مسخرہ ع وہ شخص جسپر ٹھٹھہ کیا جاوے
مسخنات ع گرم کرنیوالیاں۔ وے
اشیا جنسے گرمی حاصل ہو۔
مسخوط ع غصہ کیا گیا۔ خفا کیا گیا
مسدود ع بند کیا گیا۔
مسرات ع خوشیاں۔ سرور ہا

مسرت ع خوشی۔
مسرج ع وہ گھوڑا جسپر کاٹھی ڈالی
ہوئی ہو۔
مسرع ع شتابی کرنے والا۔
مسرف ع بیہودہ خرچ کرنے والا۔
مسرور ع خوش کیا گیا۔
مسروق ع چوری کیا گیا۔ چرایا گیا
مسطح ع پھیلا ہوا۔ بچھا ہوا۔ سطح
کیا گیا۔ چھت دار۔
مسطور ع لکھا گیا۔ سطر بندی کیا گیا
مسعود ع سعادت کیا گیا۔ نیکبخت
مسگر ف ٹھٹھیرا تانبے کے برتن
بنانے والا۔
مسکر ع نشہ پیدا کرنے والی چیز
مستی لانے والی چیز۔
مسکرات ع وے چیزیں جنسے نشہ
اور مستی پیدا ہو جیسے شراب
بھنگ وغیرہ۔
مسکن ع جگہ رہنے کی گھر۔
مسکہ ع جھاگ گھی کا مکھن۔
مسکین ع غریب فقیر۔ ناتوان
مسئلہ ع سوال کوئی بات پوچھی ہوئی
مسلح ع ہتھیار بند۔
مسلسل ع سلسلہ بندی کیا گیا۔
زنجیرہ شدہ۔

مسلط ع مقرر کرنے والا کسی آدمی کا دوسرے پر تسلط کرنے والا۔ غالب زور آور۔
مسالک ع راہ۔ رستہ
مسلم ع تسلیم کیا گیا۔ مانا گیا۔
مسلم ع ماننے والا۔ تسلیم کرنیوالا
مسلم ع مسلمان۔
مسلمان ف جو شخص مذہب اسلام مین ہو۔
مسلمین ع جمع ہے مسلم کی۔
مسلوک ع جاری کیا گیا۔ آمد و رفت کیا گیا۔ راہ سلوک کیا گیا۔
مسلول ع برہنہ۔ تلوار۔ برہنہ۔
مسمے ع نام کیا گیا۔
مسمار ع میخ۔ کھونٹی۔ کیلی۔
مسموع ع سنا گیا۔
مسموم ع زہر دیا گیا۔
مسند ع تکیہ گاہ۔ تکیہ۔
مسند آرا ف گدی نشین۔
مسواک ع دنتون۔ وہ لکڑی جس سے دانت صاف کرتے ہین۔ مسواک۔
مسودہ ع لکھا ہوا۔ نوشتہ۔
مسہل ع دست آور۔ جلاب
مسیح ع مسح کیا گیا۔ ملا یا گیا۔ چونکہ فرشتون نے اونکے سر پر تیل ملا تھا اسواسطے اونکو مسیح کہتے ہین۔
مسیر ع جانا۔ سیر کرنا۔ جگہ سیر کی جاے رفتار۔
مشابہ ع مانند۔ مثل۔ نظیر۔
مشاتمت ع باہم ایک دوسرے کو گالیان دینا۔
مشار ع اشارہ کیا گیا۔
مشار الیہ ع جسکی طرف اشارہ کیا گیا
مشارب ع جمع ہے مشرب کی۔ پانی پینے کی بہت سی جگہ۔
مشاربت ع باہم ملکر پینا۔
مشارع ع جمع ہے مشرع کی راہہا رستہ
مشارک ع شریک ہونے والا۔
مشاطہ ع کنگھی کرنے والی عورت جسکا پیشہ کنگھی کرنے کا ہوتا ہے۔
مشاع ع جسکی تقسیم نہوئی ہو مشترک فاش کیا گیا۔ اکثر استعمال اوسکا زمین پر آتا ہے۔
مشاعر ع جمع ہے مشعر کی۔
مشاعرہ ع باہم جمع ہوکر شعر خوانی کرنا
مشاغل ع جمع ہے شغل کی۔
مشاغل ع جمع ہے شغل کی کامہا شغلہا۔
مشافہ ع روبرو سخن کہنا۔ بات کہنی
مشاکل ع ہم شکل ہونیوالا اور نام ایک بحر کا ہے عروض سے
مشاکلت ع ہمشکل ہونا۔ مانند ہونا
مشام ع محل قوت شامہ کا دماغ
مشاورت ع مشورت کرنا آپس مین ملکر مشورت کرنا۔
مشاہد ع دیکھنے والا
مشاہدہ ع دیکھنا اور کسیکے ہمراہ کہین حاضر ہونا۔
مشاہرہ ع ماہیانہ۔ ماہ بماہ دینا تنخواہ
مشاہیر ع جمع ہے مشہور کی مجازاً بزرگان و ناموران۔
مشائین ع جمع ہے مشائی کی یعنے وہ گروہ حکماؤں کا جو حقائق اشیا کا ادراک بدون دلیل کے نہین کرسکتے مشی کے معنی چلنے کے ہین مراد اس جگہ دلیل چلانا۔ غیاث اللغات۔
مشائخ ع جمع شیخ کی۔ عالمان۔ صوفیان۔ عالم دین۔
مشایعت ع پیروی کرنا۔ تھوڑی دور کسیکو رخصت کرنے کے واسطے جانا
مشبک ع جالیدار۔ وہ شے جسمین سوراخ ہون۔
مشت ف مکا۔ مٹھی۔
مشتت ع پراگندہ۔ پریشان۔
مشتاق ع جسکو اشتیاق ہو۔

مشتبہ ع مشکوک جسمین شبہ ہو۔
مشترک ع شریک دو مین۔ اور وہ لفظ جو دو معنی کے واسطے بنایا گیا ہو یعنے ہر ایک کے واسطے علیحدہ علیحدہ موضوع ہو۔
مشتری ع خریدار مول لینے والا کسی چیز کا۔
مشتعل ع سوزان۔ شعلہ مارنیوالا بھڑکنے والا۔
مشتغل ع مشغول ہونے والا
مشتق ع ایک لفظ ہے جو کسی دوسرے لفظ سے بنایا گیا ہو۔
مشتمل ع شامل ہونے والا۔ محیط ہونے والا۔
مشتہر ع شہرت دیا گیا۔
مشتہی ع مرغوب خواہش کیا گیا
مشتہی ع خواہش کنندہ۔ رغبت کرنے والا
مشتہیات ع اشیاے مرغوب اور اشتہا داشتہ شدہ۔
مشجر ع وہ کپڑا جسپر صورت درختوں کی بنی ہوئی ہو۔
مشحون ع بھرا ہوا۔ پُر
مشخص ع تشخیص کیا گیا۔ جکوتا کیا گیا۔ تجویز کیا گیا۔

مشدود ع باندھا گیا۔ تشدید پڑھا گیا۔
مشرب ع جاے پانی پینے کی چشمہ۔ مجازاً مذہب۔ دین۔ پنتھ طور طریق
مشرط ع نشتر۔
مشرع ع راہ۔ رستہ۔
مشرف ف بلند۔ بلند ہونے والا خبردار۔ صدر محرر۔ میر محرر۔ قریب ہونا کسی امر کے ظاہر ہونے کا خواہ بد ہو خواہ نیک۔
مشرق ع جاے طلوع ہونے سورج کی۔ پورب
مشرک ع شریک کرنے والا وہ شخص جو ایک خدا کا قائل نہو بلکہ کسی اور کو بھی خدا کے ساتھ شریک کرے۔
مشروب ع پیا گیا۔
مشروح ع شرح کیا گیا۔ کھول کر بیان کیا گیا۔
مشروط ع شرط کیا گیا۔
مشروع ع جائز۔ جو موافق شرع کے ہو۔
مشط ع کنگھا۔ کنگھی۔ شانہ۔
مشعر ع خبر دہندہ
مشعر ع وہ جگہ جہان پر درمیان حج کے قربانی کرتے ہین مکہ مین اور سر کے بال منڈوانے کی جگہ حاجیون کی۔ جاے عبادت۔

مشعل ع شمع
مشعلچی ف مشعل والا شمع رکھنے والا
مشعوف ع شیفتہ۔ عاشق محب
مشغلہ ع کام۔ شغل۔
مشغول ع کام مین۔ لگا ہوا۔
مشغوف ع جسکے دل کے پردے مین کچھ پہنچ گیا ہو۔
مشفق ع ڈرنیوالا۔ مہربانی کرنیوالا
مشق ع روز روز کرنا۔ کسی کام کو ہنر کرنا۔
مشقت ع محنت۔ تکلیف۔
مشک ع کستوری مشہور خوشبو ہے
مشکبو ف مشک کی خوشبو۔
مشکل ع کٹھن۔ دشوار۔
مشکوات ع صحیح طور اسکے لکھنے کا یہ ہے۔
مشکواۃ ع چراغدان اور وہ طاق جسمین چراغ جلایا جاوے۔
مشکور ع پسندیدہ۔ ستودہ۔
مشکوک ع شک کیا گیا۔
مشکوی ف تجانہ مجازاً حرم سراے امراے یا ملوک کا۔

مشلول ع جسکے ہاتہ پیر بیکار ہوگئے ہون —
مشمش ع زرد آلو جسکو خوبانی بھی کہتے ہین ایک میوہ شیرین مشہور ہے —
مشمول ع سب طرف سے احاطہ کیا گیا گھیر لیا گیا۔ شامل کیا گیا —
مشموم ع سونگھی ہوئی شی معطر شی —
مشمومات ع عطریات۔ خوشبو کی چیزین جمع ہے مشمومہ کی
مشوش ع پریشان کرنے والا اور
مشوش پریشان کیا گیا —
مشوق ع عاشق۔ شوق کیا گیا
مشوب ع آمیختہ شدہ۔ ملا ہوا مخلوط
مشہد ع حاضر ہونا۔ شہادتگاہ قبرستان شہیدون کا۔ نام ایک شہر ایران کا ہے زمانہ قدیم مین اوسکو طوس کہتے تھے
مشہود ع حاضر کیا گیا۔ موجود —
مشہور ع شہرت کیا گیا —
مشی ع پیرون سے چلنا —
مشیت ع خواہش مرضی خدا تعالی کی
مشید ع گچ کردہ شدہ محکم استوار کیا گیا +
مشید ع محکم کرنے والا۔ استوار کرنے والا —
مشیر ع اشارہ کرنے والا مشورت دینے والا —
مشیمہ ع بچہ دان عورت کا —
مصلا ع جاے نماز۔ عیدگاہ چھوٹا عیدگاہ شیراز —
مصاب ع مصیبت زدہ۔ رنج رسیدہ
مصابرت ع باہم صبر کرنا —
مصاحبت ع باہم صحبت کرنا —
مصاحف ع جمع ہے مصحف کی
مصادر ع جمع ہے مصدر کی —
مصاف ع میدان صف باندھنے لشکر گاہ۔ جنگ گاہ۔ جنگ —
مصادقت ع دلی۔ دوستی محبت قلبی —
مصارعت ع کشتی کرنا ایک دوسرے کو پچھاڑنا —
مصارف ع جمع ہے مصرف کی خرچ ہا۔ وجاے خرچ ہا —
مصاعب ع دشواریان۔ جا بیجا دشوار
مصاعد ع جاہاے بلند جمع ہے مصعد کی —
مصافات ع دوستی۔ اخلاص
مصابیح ع جمع ہے مصباح کی چراغہا —
مصالح ع جمع ہے مصلحت کی بھلائیان
مصاہرت ع خسر کرنا۔ داماد کرنا۔ یہ لفظ دونون معنون مین مشترک ہے
مصائب ع جمع ہے مصیبت کی
مصباح ع چراغ —
مصبغ ع رنگا ہوا۔ رنگ کردہ شدہ
مصحح ع صحیح کرنے والا —
مصحف ع وہ کتاب جسمین رسالے صحیفے جمع ہون اسواسطے قرآن شریف کو کہتے ہین کہ اوسمین سورتین جمع ہین
مصحوب ع ساتہ کیا گیا —
مصدر ع جاے نکلنے کی جاے صدور اور وہ کلمہ جس سے افعال اور صفات بنائے جاوین —
مصدع ع درد سر پیدا کرنے والا
مصداق ع آواز صادق آنے معنی کا یعنے وہ شی جسپر کوئی معنی صادق آ جاسکین مثلاً انسان کے معنی زید عمرو وغیرہ پر بولے جاسکتے ہین تو انسان کے معنی کا زید مصداق ہے و عمرو مصداق ہے علی ہذا القیاس
مصدر ع صادر کیا گیا —
مصدوق ع صادق کیا گیا —
مصر ع شہر۔ اور نام شہر خاص کا ہے
مصر ع اصرار کرنے والا۔ ایک کام پر استادگی کرنے والا —
مصراع
مصرع ع کواڑ ایک حصہ شعر کا —

مصرع ع جگہ پچھڑنے کی
مصرف ع جگہ خرچ کرنے کی اور خرچ
مصروع ع پچھاڑا ہوا۔
مصروف ع صرف کیا گیا۔
بازگردانیدہ شدہ۔
مصعد ع جگہ اونچی چڑھنے کی
مصطفٰے ع برگزیدہ صاف کیا گیا
بدخصلتوں سے
مصقول ع زنگ دور کیا گیا۔ صاف کیا گیا
مصلح ع اصلاح کرنے والا۔ درست
کرنے والا۔
مصطبہ ع میخانہ۔ شراب خانہ۔
مصلحت ع نیک صلاح۔ نیک
تجویز۔ صلاح۔
مصلوب ع سولی دیا گیا۔ پھانسی
دیا گیا۔
مصلّٰے ع جگہ نماز کی۔ جاے نماز
عیدگاہ۔
مصنع ع بنایا ہوا کاریگری کیا گیا
مُصنِّف ع کتاب تصنیف کرنیوالا
بنانے والا کتاب کا۔
مصنَّف ع کتاب رسالہ وغیرہ۔
مصنفات ع کتابیں۔ تصنیفات
مصنوع ع وہ شے جو کاریگری سے
بنی ہو۔ بنائی ہوئی۔

مصوّر ع تصویر کھینچنے والا
مصیب ع درست کھینچنے والا۔
نیک رسندہ۔ صواب یابندہ۔
مصیبت ع دکھ۔ تکلیف حادثہ
مصیر ع جاے بازگشت۔ اور
مائل ہونا۔
مضاجع ع خوابگاہیں۔ جمع ہے
مضجع کی خوابگاہ۔
مضارب ع جمع ہے مضرب کی
جاے زدن۔
مضارع ع مشابہ اور وہ فعل جس میں
معنی حال اور استقبال دونوں مفہوم
ہوں۔
مضاعف ع دوچند افزودہ کلمہ
کہ جسکے آخر میں دو حرف ایک جنس
کے آویں۔
مضاف ع منسوب۔ متعلق۔
مضافات ع منسوب متعلقات
وہ دیہات جو ایک شہر کے
متعلق ہوں۔
مضاف الیہ ع وہ اسم ہے جسکی طرف
کسی شے کو لگاویں جیسے زید کا گھوڑا
گھوڑا مضاف زید مضاف الیہ
کا حرف اضافت۔
مضامین ع جمع ہے مضمون کی
معنی مطالب۔
مضائق ع جمع ہے مضیق کی یعنے
تنگ جگہ جاہاے تنگ۔
مضائقہ ع تنگی۔ ایک دوسرے کو
تنگ کرنا۔ پروا۔
مضبوط ع ضبط کیا گیا۔ مستحکم
مضجع ع خوابگاہ جگہ سونے کی
مضحک ع جگہ ہنسی کی۔
مضحک ع ہنسی دلانیوالا۔ ہنسانے والا
مضحکات ع وہ لطیفے کہ جنسے ہنسی
پیدا ہو۔ ہنسانے والی چیزیں۔
مضر ع ضرر پہونچانے والا۔
مضر ع نام ایک شخص کا ہے جو ایک
قبیلۂ عرب کا بزرگ تھا۔
مضراب ع وہ آلہ جس سے ماریں
ستار بجانے کا اوزار
مضرات ع ضرر دینے والی چیزیں
مضرب ع جاے ضرب جگہ مارنے
کی۔
مضرور ع وہ شخص جسکو ضرر پہونچا
ہو ضرر رسیدہ
مضطر ع ضرر رسیدہ۔ مجبور
بے اختیار بے چارہ
مضطرب ع بیقرار۔ اضطراب والا
مضغ ع چبانا۔ خائیدن

مضغہ ع گوشت پارہ لقمہ اتنی مقدار جو ایک دفعہ چبائی جاوے۔

مضل ع گمراہ کرنے والا۔

مضمار ع میدان۔ آلہ دبلا کرنے کا مراد میدان۔

مضمحل ع ضمن محو ہونیوالا ناچیز سست

مضموم ع پیش کیا گیا جیسے دال ضم کی۔

مضمون ع ضمن مین لیا ہوا معنی مطلب۔

مضیق ع جائے تنگ۔

مطا ع پشت۔ پیٹھ۔

مطابق ع موافق۔ برابر۔

مطابقت ع موافقت۔ برابری

مطارح ع جمع مطرح کی جا ہاے انداخت جگہ ڈالنے کی کیسہ ہا تھیلا شکاریون کا جس مین شکار ڈالے جاتے ہین۔

مطارحہ ع کسی سے بات کا کہنا مجازاً مشورہ کرنا۔ اور کبھی خوشامد کے معنی مین بھی آتا ہے۔

مطاع ع اطاعت کیا گیا۔ سردار مخدوم۔

مطاعم ع جمع ہے مطعم کی خوردنین غذائین کھانے۔

مطاعن ع جمع ہے طعن کی عیب اور طعنے۔

مطاف ع جگہ گرد اگرد پھرنیکی جگہ طواف کی

مطالب ع جمع مطلب کی مرادین

مطالبہ ع طلب کرنا۔ بازجستن۔

مطالعہ ع دیکھنا کسی چیز کو اوس سے واقفیت پیدا کرنے کے واسطے۔

مطاوی ع جمع ہے مطوی کی۔ پیچیدگیان شکن ہا۔ نوردہا۔

مطایبات ع جمع ہے مطایبہ کی خوش طبعیان ٹھٹھے ہنسیان۔

مطایا ع وے چارپائے جنکی پشت پر سوار ہوتے ہین جیسے گھوڑا اونٹ۔ گدھا۔ خچر وغیرہ۔

مطبخ ع باورچیخانہ۔ جگہ کھانا پکانیکی۔

مطبوخ ع پکی ہوئی چیز۔ پکائی گئی جوشاندہ۔

مطبوع ع طبع کی گئی۔ چھاپی گئی پسند کی گئی۔

مطر ع بارش۔ باران۔

مطر ع تازگی۔

مطرات ع جمع ہے مطر کی بارانہا مینہ

مطرب ع گویّا۔ گانیوالا۔ ڈوم

مطرح ع جائے انداخت۔

مطرد ع ایک دوسرے پے ہونے والا پے در پے ایک دوسرے کے ہونیوالا

مطرود ع نکالا گیا راندہ شدہ مردود

مطعون ع نیزہ مارا گیا۔ بھالا مارا گیا مجازاً عیب کیا گیا۔ معیوب۔

مطفی ع بجھانے والا۔

مطلا ع طلا کیا گیا۔ زر اندودہ۔

مطلب ع جگہ طلب کی مراد سے

مطلع ع خبر دہندہ۔ اطلاع کرنیوالا

مطلع ع خبر دیا گیا۔ اطلاع دیا گیا

مطلع ع جائے طلوع ہونے کی

مطلق ع آزاد بے قید۔ روان کیا گیا

مطلوب ع طلب کیا گیا۔

مطمح ع جگہ بلند نظر رکھنے کی جگہ نظر پڑنے کی۔

مطموع ع لالچ دیا گیا۔ طمع دیا گیا

مطمئن ع آرمیدہ۔ سکون گیرندہ اطمینان رکھنے والا۔

مطوی ع لپٹا ہوا۔ لپیٹا گیا پیچیدہ شدہ

مطہر ع پاک کرنے والا۔

مطیب ع خوشبو دینے والا پاک شوندہ

مُطیّب ع خوشبو کیا گیا۔ پاک کیا گیا

مطیع ع فرمانبردار۔ اطاعت کرنیوالا

مطیر ع برسنے والا۔ بارش کرنیوالا

مشتق مطر سے ہے

منظالم ع جمع ہے مظلمہ کی ۔ بے انصافیان ستمہا اور وسے جگہ جہاں پر ظالمون کو سزا ملتی ہے ۔ عدالتین ۔

مظاہر ع پشتی دینے والا ۔ مدد دینے والا ۔

مظفر ع فتحمند ۔ فتح پایا ہوا ۔

مظلم ع تاریک ۔ اندھیارا ۔

مظلمہ ع ظلم ۔ ستم ۔ بے انصافی داد خواہی کرنا ۔

مظلوم ع ظلم رسیدہ ۔ جسپر بے انصافی ہوئی ہو ۔

مظنون ع گمان کیا گیا ۔

مظنہ ع جگہ گمان لیجانے کی ۔ جاے گمان بردن ۔

مظہر ع جاے ظہور ۔

مع ع ساتھہ ۔ ہمراہ

معا ع انتڑی روده ۔

معًا ع فورًا ۔ اسی وقت ۔ ساتھہ ۔

معابد ع جمع ہے معبد کی ۔ پوجا کی جگہ پرستش گاہ ۔

معابر ع جمع ہے معبر کی جگہ عبور کرنے دریا کی ۔ رہگذر ۔

معاتب ع عتاب کرنے والا خفگی کرنے والا ۔

معاتب ع عتاب کیا گیا خفا کیا گیا ۔

معاد ع جاے بازگشت جگہ لوٹ کر جانے کی ۔ مجازًا آخرت ۔ قیامت ۔

مُعادل ع برابر ۔ مساوی ۔

معادلت ع برابری ۔ مساوات انصاف کرنا ۔

مُعادِن ع جمع ہے معدن کی کھانین

معاذ ع جاے پناہ اور پناہ دینا

معاذیر ع جمع ہے معذرت کی ۔ عذر ۔ بہانے ۔

معارج ع جمع ہے معراج کی سیڑھیان نردبان ۔

معارض ع جھگڑا کرنے والا معترض

معارضہ ع جھگڑا ۔ مناقشہ ۔

معارِف ع جمع ہے معرفہ کی شناسائی جاہاے شناختن و آشنا لوگ اہل علم اور فضل ۔ نامور لوگ ۔

معارک ع جمع ہے معرکہ کی لڑائیون کی جگہ ۔ لڑائی کے میدان ۔

معارکہ ع لڑائی ۔ جنگ ۔

معاش ع زندگانی کرنا ۔ اور وہ شی جس سے زندگانی کیجاوے ۔ جاے زندگانی دنیا ۔

معاشرت ع آپس مین مل جل کر زندگانی کرنا کسی کے ہمراہ عیش کرنا ۔

معاصر ع ہمعصر اپنے زمانہ کا ۔ ہم زمانہ

معاضد ع مددگار ۔ یاری دینے والا

معاضدت ع یاری دینا ۔ بازو ایک دوسرے کے ہونا ۔

معاطفت ع مہربانی کرنا

معاف ع بخشا گیا ۔ عفو کیا گیا ۔

معافی ع اسم مفعول عفو سے مشتق باب مفاعلہ کا ہے بخشا گیا ۔ عفو کیا گیا

معافی ع صیغہ اسم فاعل کا بمعنے معاف کرنے والا ۔

معاقب ع عذاب کرنے والا ۔ عقوبت کرنے والا ۔

معاقبت ع عذاب کرنا ۔ مارنا باندھنا

معاقد ع جمع ہے معقد کی جاہاے گرہ بستن اور جگہ عہد کرنے کی ۔

معاقد ع عقد کرنے والا ۔ عہد باندھنے والا نکاح کرنے والا ۔

معاقدت ع باہم ایک بات پر عہد کرنا ۔ نکاح کرنا ۔ ضمان کرنا ۔

معالج ع علاج کرنے والا حکیم

معالجہ ع علاج کرنا دارو درمن کرنا ۔

معالم ع جمع ہے معلم کی جو آلہ کا صیغہ ہے اوسکے معنی ہین علامتکے چونکہ یہ جہان دلالت اور علامت صانع حقیقی کا ہے اسلیے عالم کے معنی عالم

اور دنیا اور جہان کے ہین۔

معومله ع باہم ملکر کوئی کام کرنا۔

معالی ع جمع ہے معلے کی جو مصدر میمی بمعنی بلندی کے ہے معالی کے معنی بلندیان۔

معان ع جگه یاری دینے کی جگه مدد کی

معاند ع عناد کرنے والا۔ دشمن

معاندت ع دشمنی۔ عناد کرنا۔

معانق ع گلے سے لگنے والا۔ گلے ملنے والا۔

معانی ع جمع ہے معنی کی مطالب مرادین۔

معاود ع عود کرنے والا۔ بازگشت کرنے والا پھر آنے والا۔

معاودت ع لوٹ آنا۔ پھر آنا۔

معاوضت ع عوض کرنا۔ بدلا کرنا

معاون ع مددگار۔ مدد دینے والا

معاونت ع مدد کرنا۔ یاری کرنا

معاہد ع عہد کرنے والا۔

معاہدہ ع باہم عہد کرنے والا

معائب ع جمع ہے معیب مصدر میمی کی۔ عیبہا۔ عیب۔

معائش ع اسباب زندگانی کا جمع معیشت کی ہے

معائنہ ع سامنے دیکھنا۔ آنکھ سے باہم دیکھنا۔

معبد ع جاے پرستش۔ جگه عبادت کی۔

معبر ع جگه عبور دریا کی۔ رہگذر۔

معبر ع وہ شے کہ جسکے سبب دریا کے پار اوترین۔

معبود ع عبادت کیا گیا۔ پوجا گیا

معتاد ع عادت کیا گیا۔ مقدار [illegible] کی جتنی عادت ہو۔

معتبر ع اعتبار کیا گیا۔

معتدل ع ساوی مزاج ہین جسمین افراط اور تفریط نہو۔

معتذر ع عذر کرنے والا۔

معسر ع مفلس۔ غریب۔ محتاج

معترض ع اعتراض کرنے والا

معترف ع مقر اقرار کرنے والا

معتزل ع گوشه نشین۔ یکسو ہوکر بیٹھنے والا۔

معتصم ع چنگل مارنے والا کسی چیز مین واسطے طلب مدد کے پناہ لینے والا۔

معتقد ع اعتقاد رکھنے والا۔ دل کا بھروسا رکھنے والا

معتکف ع مسجد مین عبادت کے واسطے جو شخص بیٹھ رہے اور باہر نہ نکلے۔

معتمد ع اعتماد رکھنے والا۔

معجب ع تعجب مین ڈالنے والا

معجر ع اوڑھنی۔ عورت کے اوڑھنے کا دوپٹا۔

معجز ع عاجز کرنے والا

معجزات ع جمع ہے معجزہ کی وہ بات جسکے کرنے پر انسان قادر نہ ہو۔

معجل ع جلدی کرنے والا۔

معجمہ ع وہ حرف کہ جسپر نقطہ ہو

معجون ع گوندھا ہوا۔ کئی چیزین پیسکے اور ملا کر شل آٹے کے جو گوندھی ہوئی ہون اوسکو معجون کہتے ہین۔

معدلت ع عدل و انصاف

معدم ع نیست کرنے والا۔

معدن ع کھان۔ کان چاندی سونے وغیرہ کی۔

معدود ع شمار کیا گیا۔ گنا ہوا

معدوم ع عدم کیا گیا نیست کیا گیا

معدہ ع اوجھ جسمین کھانا ہضم ہوتا ہے۔

معذر ع عذر کرنے والا۔ حیله کرنیوالا

معذرت ع عذر۔ حیله۔ بہانہ

معذل ع وہ شخص جسکی سخاوت و داد دہش پر ملامت کی گئی ہو۔

معذور ع عذر کیا گیا۔ بہانہ کیا گیا

معراج ع ڈنڈا۔ سیڑھی کا سیڑھی۔

معرب ع وہ لفظ جسکو عربی بنالیا
اور اصل مین کسی اور زبان کا ہو-
معرض ع روگردانی کرنے والا
منہ پھیرنے والا-
معرف ع تعریف-حد بتانیوالا
معرفت ع شناخت-پہچان
لغوی معنی ایال گھوڑے کی-
معرق ع وہ چیز جس سے پسینہ آجاوے
پسینہ لانے والی شے-
معرکہ ع میدان جنگ-جنگ کی جگہ
معروض ع عرض کیا گیا-پیش کیا گیا
معروف ع مشہور جو معلوم ہو
معز ع بکری-بکرا-
معزز ع عزت کیا گیا
معزز ع عزت کردہ شدہ عزت دار
معذول ع ملامت کیا گیا
معسکر ع جگہ لشکر اوترنے کی
چھاؤنی-
معشر ع اقارب رشتہ دار لوگ
معشر ع جسکے دس گوشے
دس کونے کی شے-
معشوق ع عشق کیا گیا یعنی وہ شخص
جسپر کوئی دوسرا شخص عاشق ہو-
معشوقہ ع عورت جسپر کوئی مرد عاشق ہو
معصر ع اوزار نچوڑنے کا-

معصرہ ع جائے کشید شراب کی
اور جگہ نچوڑنے کی-
معصوم ع بیگناہ-بچایا گیا گناہ سے
معصیت ع گناہ-نافرمانی-
معطر ع خوشبودار
معطش ع پیاس لگانیوالی شے
معطل ع بیکار-خالی کام سے
معطوف ع لیٹا ہوا-لپیٹا ہوا
معظم ع بزرگ-بزرگی دیا گیا-
معقد ع جگہ باندھنے کی جائے گرہ
معقود ع گرہ لگایا گیا-باندھا گیا
معقول ع عقل مین لایا گیا-مناسب
اچھا-پسندیدہ-بندھا ہوا
پناہ بردہ شدہ-
معک ع ساتھ تیرے-
معکوس ع اولٹا-اوندھا-
معلےٰ ع بلند کیا گیا
معلف ع جگہ گھاس کھانے
جانورون کی-کھرلی
معلق ع لٹکا ہوا-
معلقات ع لٹکی ہوئی چیزین-
معلق زن ف کلا کرنے والا
بازی کرنے والا-ناچنے والا-
معلم ع سکھانے والا
معلم اول ع ارسطو

معلم ثانی ع ابونصر فاریابی-
معلم ثالث ع بوعلی سینا-
معلم الملکوت ع شیطان
معلول ع علت کیا گیا-وہ شے
کہ جسکا کوئی سبب اور باعث ہو-
معلوم ع علم کیا گیا-جانا گیا-
معما ع چیستان-پہیلی-
معمار ع راج-مستری-عمارت بنانیوالا
معمور ع آباد-بھرا ہوا-پُر
معمورہ ع بستی-شہر
معموری ع آبادی-
معمول ع عمل کیا گیا-روزمرہ
کی بات جو کیجاوے-
معنبر ع عنبر کیا گیا جسمین عنبر ملایا ہو
معنوی ع منسوب بہ معنی سے-باطنی
معنی ع مطلب-مراد-مضمون-
معوضت ع وہ شی جو بدلے کسی
شے کے دیجاوے-
معول ع اعتماد کیا گیا یہ صیغہ اسم
مفعول کا ہے تعویل سے-
معول ع صیغہ اسم مفعول کا ہے
عدل سے-
معہذا ع ساتھ اس بات کے
باوجود اسکے-
معہود ع عہد کیا گیا-

معیت ع ہمراہی ین - ساتھ پن

معیشت ع زندگی عیش کرنا -

معیل ع عیال دار آدمی -

معین ع مدد کرنے والا -

معین ع مقرر کیا گیا -

معیوب ع عیب دار - عیب کیا گیا

مغ ف گہراؤ - عمق -

مغ ف آتش پرست

مغارہ ع وہ غار جو پہاڑ مین ہو گڑھا اور جگہ غارت کرنے کی

مغاک ف گڑھا مغ کے معنی گہراؤ اک کلمہ نسبت کا ہے -

مغالطہ ع غلطی مین ڈالنا -

مغان ع جمع ہے مغ کی آتش پرست لوگ - اور نام ایک ملک کا ہے آذربایجان مین سے -

مغائرہ ع باہم غیر ہونا - مخالفت

مغبون ع جسکو زیان پہونچا ہو -

مغرب ع جگہ چھپنے سورج کی - پچھم

مغرفہ ع چمچا - کچکول -

مغرور ع گھمنڈی - وہ شخص جسکو غرور ہو -

مغروق ع ڈوبا ہوا - غرق کیا گیا

مغز ف گودا - دماغ -

مغسول ع دہویا ہوا - غسل دیا گیا نہلایا گیا -

مغشوش ع کھوٹے ملا ہوا - خیانت کیا گیا - غیر خالص

مغشی ع جسپر غشی آگئی ہو بیہوش

مغص ع مروڑا پیچش شکم کی انتڑی اور پیٹ کا درد -

مغضب ع غصہ والا غصہ دلانیوالا

مغضوب ع جو شخص غصہ مین ہو خفا

مغفر ع خود آہنی -

مغفرت ع بخشش - گناہ بخشنا

مغفور ع بخشا گیا - مغفرت کیا گیا -

مغل ت نام ایک فرقہ کا ہے جو اعلے قوم ترکستان کی ہے معنی اس لفظ کے سادہ دل اور عمدہ کے ہین -

مغلاق ع قفل - زنجیر -

مغلوب ع عاجز - غلبہ کیا گیا

مغلوق ع دروازہ بند کیا ہوا -

مغلول ع طوق گردن مین ڈالا ہوا عذاب کا طوق ڈالا گیا -

مغموم ع غمگین - رنجیدہ -

مغنی ع گانے والا - گویا ڈوم

مغنیہ ع گانے والی - ڈومنی کسبی جو گانے والی ہو

مغنی ع بے پرواہ کرنے والا -

مغیر ع غارت کرنے والا - لوٹنے والا شتابی کرنیوالا -

مغیلان ع ببول کا درخت کیکر یہ لفظ مفرد ہے اسکی اصل ام غیلان تھی یعنے مادر دیوان الف حذف کرکے مغیلان کہنے لگے

مفاتیح ع جمع ہے مفتاح کی کنجیان

مفاجات ع اچانک ہونا - اچانچک ہو جانا - ناگاہ ہونا -

مفاخرہ ع فخر کرنے والی -

مفارق ع فرق کرنے والا

مفارق ع جمع مفرق کی تارک سر پٹہری سر کی - مانگ بالون سر کی -

مفارہ ع چوہیا کے رہنے کی جگہ -

مفازہ ع جنگل - بیابان - جگہ رہائی پانے کی - جاے کامیابی -

مفاسد ع جمع فساد کی - برائیان خرابیان -

مفاصل ع جمع ہے مفصل کی جوڑبند ہاتہ پاؤن کے -

مفاصلہ ع فرق باہم -

مفتاح ع کنجی کلید -

مفتح ع جگہ کھولنے کی جگہ فتح کی -

مفتخر ع فخر کرنیوالا - شیخی کرنیوالا

مفرّ ع شتاب کیا گیا -

مفترق ع علیحدہ - فرق کرنیوالا -

مفتری ع بہتان لگانے والا۔ جھوٹی بات بنانے والا۔

مفتش ع ڈھونڈھنے والا۔ تفتیش کرنے والا۔

مفتقر ع محتاج۔ فقیر

مفتل ع بھانوان بٹا ہوا۔ ڈورا بٹا ہوا خواہ رسی ہو خواہ ڈورا۔

مفتوح ع فتح کیا گیا۔ کھولا گیا۔

مفتول ع بٹا ہوا پیچیدہ تار خواہ ریشم کا ہو۔ خواہ سوت کا۔

مفتون ع فتنہ مین ڈالا ہوا شیفتہ مبتلا۔ عاشق۔

مفتی ع فتوے دینے والا۔

مفخر ع فخر کیا گیا۔ بہت بزرگ۔

مفر ع جگہ بھاگ جانے کی۔

مفخم ع بہت عزت کیا گیا۔ بہت بزرگ۔

مفرح ع جائے خوشی۔

مفرد ع وہ جو مرکب نہو۔

مفرط ع حد سے زیادہ گذرنے والا زیادتی مین۔ مجازاً کثیر۔ بسیار زیادہ

مفروش ع بچھونا بچھایا گیا

مفروق ع فرق کیا گیا۔

مفسد ع فساد کرنے والا۔

مفسدہ ع فساد۔ دنگا۔ بگاڑ۔

مفسر ع معنی بیان کرنے والا۔ تفسیر کرنے والا۔

مفسوخ ع فسخ کیا گیا۔ اگلی صورت بگاڑی گئی۔ یا عہد توڑا گیا۔

مفشوش ع سست عقل بیہودہ۔ جھوٹا۔

مفصد ع جائے فصد کرنے کی خون نکالنے کی جگہ۔

مفصل ع جدا اعضا کا۔ بدن کا جوڑ

مفضول ع زیادتی کیا گیا۔ فضیلت دیا گیا۔

مفطر ع روزہ کھولنے والا اسکی جمع مفاطیر آئی ہے۔

مفطن ع سمجھانیوالا۔ فہمائش کنندہ

مفعول ع فعل کیا گیا۔ کردہ شدہ

مفقر ع محتاج کرنے والا فقیر کرنے والا۔

مفقود ع گم شدہ۔ کھویا گیا۔

مفکوک ع جدا کیا گیا۔ چھڑایا گیا۔

مفلاک ع خالی ہاتھ۔ پریشان فقیر مفلس۔

مفلس ع جسکے پاس پیسہ نہو محتاج۔

مفلوج ع فالج زدہ جسکو فالج کی بیماری ہو۔

مفلوک ع فلک زدہ۔ مفلس تباہ تباہ حال یہ صیغہ جعلی ہے۔

مفوض ع سپرد کیا ہوا سپردہ شدہ

مفہوم ع سمجھا گیا۔

مفید ع فائدہ دینے والا

مفیض ع فیض پہونچانیوالا۔

مفیق ع ہوشیار ہوش مین لانے والا۔

مقابر ع جمع ہے مقبرے کی جگہ قبر مردے کی۔

مقابل ع سامنے والا

مقابلہ ع آمنا۔ سامنا۔

مقابح ع برائیان۔ قباحتین۔

مقاتل ع باہم لڑکر قتل کرنے والا

مقاتلہ ع باہم قتل کرنا۔

مقادیر ع جمع ہے مقدار کی۔ اندازے

مقاربت ع نزدیکی قرب۔

مقارنت ع قرین ہونا۔ نزدیک ہونا

مقاسات ع رنج کھینچنا۔ دکھ اٹھانا

مقاسمہ ع باہم تقسیم کرنا۔ آپس مین بانٹ لینا۔

مقاصد ع جمع ہے مقصد کی۔ مطلب مقصد۔

مقاطر ع ٹپکانیوالا پانی وغیرہ کا

مقاطیع ع جمع ہے مقطع کی جگہ قطع

کرنے کی

مقاعد ع جمع ہے مقعد کی جاے بیٹھنے
کی اور پہچانے کی راہ۔

مقال ع گفتگو۔ بات چیت۔

مقالہ ع بات کہی ہوئی۔

مقالید ت ب جمع ہے مقلد کی یعنی کنجیاں
تالیان۔ کلید ہا یہ لفظ معرب ہے
کلید کا۔

مقام ع جگہ ٹھہرنے کی۔ ٹھہرنا۔

مقامر ع قمارباز۔ جوے باز۔

مقامرہ ع جوے بازی۔ قماربازی

مقاوم ع برابری کرنے والا۔

مقبرہ ع گور مردہ کی جاے قبر کی

مقبل ع منہ چڑھا۔ عزت دار جسکی
بات حاکم مانے۔

مقبل ع قبول کرنے والا فرمان حق کا
سامنے ہونے والا۔ روبرو ہونے والا

مقبوض ع قبض کیا گیا۔ پکڑا گیا۔

مقبول ع قبول کیا گیا۔ مانا گیا منظور

مقتبس ع روشنی لینے والا۔
آتش گیرندہ۔

مقتدا ع وہ شخص جسکی پیروی اور
لوگ کریں۔

مقتدر ع قدرت رکھنے والا۔
طاقت ور۔

مقتدی ع پیروی کرنے والا۔ پیرو

مقتصر ع تھوڑے پر صبر کرنے والا
مختصر کرنے والا۔

مقتضا ع چاہا گیا۔ خواہش کیا گیا
مجازاً مراد مطلب۔

مقتضی ع خواہش کرنے والا۔ چاہنے
والا۔ تقاضا کنندہ۔

مقتفی ع پیچھے آنے والا۔ پیرو

مقتل ع جگہ قتل کرنے کی۔

مقتول ع قتل کیا گیا۔

مقدار ع اندازہ۔

مقدام ع بہادر۔ شجاع۔ دلاور جو
میدان جنگ مین آگے بڑھکر لڑے

مقدس ع پاک مرد۔ یا پاک چیز۔

مقدسہ ع پاک عورت۔

مقدم ع سفر سے یا کسی جگہ سے پھر
آنا۔ اور جگہ قدم رکھنے کی۔

مقدم ع آگے جانیوالا۔ دلیر اور کونا
آنکھ کا جو طرف ناک کے ہے۔

مقدم ع پیش کرنے والا۔ اور مقدم
پیش کیا گیا۔ چودھری۔

مقدمۃ الجیش ع پیش خیمہ یعنے
وہ تھوڑا سا لشکر جو فوج کے آگے جاوے
تاکہ جگہ اترنے کی تلاش کرکے
تجویز کرے۔

مقدمہ ع کچھ عبارت جو مضمون کتاب
کے شروع کرنے سے پہلے لکھی جاے
مجازاً واردات کسی حال کی۔

مقدور ع طاقت۔ قوت۔ قدرت
کیا گیا۔

مقراض ع قینچی۔ کاٹنے کا اوزار

مقر ع جگہ قرار کی۔ جاے ٹھہرنے
کی۔

مقرب ع نزدیک کیا گیا۔ بزرگی
دیا گیا۔ مجازاً خاص دوست۔

مقرر ع قرار دیا گیا۔ ٹھہرایا گیا

مقرض ع کاٹا ہوا۔ کترا ہوا۔

مقروض ع قرضدار وہ شخص جسپر
قرض ہو۔ قرض دیا ہو۔

مقرون ع نزدیک کیا گیا۔

مقری ع پڑھانے والا۔ کو مقری
اوس اندھے کو کہتے ہین جو لڑکون
کو قرآن پڑھایا کرتا ہے حافظ نابینا

مقسوم ع بانٹا ہوا۔ تقسیم کیا گیا

مقشر ع چھلکا اوتارا ہوا۔ چھیلا ہوا

مقصد ع جگہ قصد کرنے کی۔
مطلب مراد۔

مقصر ع قصور کرنے والا۔ کم کرنے والا

مقصود ع قصد کیا گیا۔ ارادہ کیا گیا

مقصور ع کم کیا گیا۔ قصر کیا گیا۔

مکتوب ع لکھا ہوا- لکھا گیا-
مکتوم ع پوشیدہ کیا گیا- چھپایا گیا
مکث ع دیر کرنا- انتظار کرنا-
مکث ع بالضم و بالکسر دیر [illegible]
مکدر ع کدورت آمیز گدلا-
مکدر ع کدورت مین ڈالنے والا-
مکر ع فریب- دغا-
مگر ف پر- سوا اسکے-
مکرر ع دوبارہ-
مکرم ع عزت دیا گیا- بزرگی کیا گیا
مکرمت ع بزرگی- نوازش-
مکروہ ع کراہت کیا گیا- بھونڈا
مگس ف مکھی-
مکسور ع زیر کیا گیا حرف-
مکشوف ع کھولا گیا- ظاہر کیا گیا
مکلف ع تکلیف دیا گیا- ٹیپ ٹاپ کیا گیا-
مکلل ع تاج سر پہ رکھا گیا- درخشاں ملمع کیا گیا-
مکمل ع پورا کیا گیا- کامل کردہ شدہ
مکمن ع کمین گاہ- گھات کی جگہ پوشیدہ ہو کر داؤ لگانیکی جگہ
مکنون ع پوشیدہ چھپا ہوا
مکنت ع قدرت- توانگری

مکیال ع پیمانہ- اوڑہ- اناج ناپنے کا برتن-
مکیدن ف چوسنا-
مکین ع مکاندار مکان مین رہنے والا
مکبول ع بند کیا گیا- قیدی- محبوس
مل ف شراب انگوری- امرود مشہور پھل ہے-
ملا ع بہت پڑھا ہوا- عالم- بہت املا کرنے والا-
ملا ع مجلس- پری- دشت- بیابان
ملابس ع جمع ہے ملبس کی- معنی پوشش لباس-
ملاح ع کشتیبان کشتی چلانیوالا-
ملاحت ع نمکینی- خوبصورتی- نمک دار
ملاحدہ ع جمع ہے ملحد کی ملاحدہ بھی درست ہے
ملاحظ ع کن انکھیون دیکھنا گوشہ چشم سے دیکھنا مجازاً دیکھنا-
ملاذ ع جائے پناہ-
ملازمت ع ہمیشہ ہونا کسی جگہ- یا نزدیک کسیکے ہمیشہ رہنا-
ملازم ع پیوستہ رہنے والا مجازاً نوکر-
ملاصق ع لگا ہوا چسپیدہ-
ملاطف ع مہربانی کرنے والا-

خط- نامہ- مراسلہ-
ملاعب ع جمع ہے ملعب کی بازیان
ملاعبت ع بازی کرنا- لعب کرنا
ملاعنہ ع جمع ہے ملعون کی لعنت کیے گئے لوگ-
ملاعین ع جمع ہے ملعون کی- مردود-
ملاقات ع باہم ملنا- ایک دوسرے سے ملنا-
ملاقی ع ملنے والا-
ملال ع رنجیدگی- طبیعت کا اوکتا جانا
ملالت ع اوداسی اور اداس ہونا
ملام ع ملامت کرنا جگہ ملامت کی سرزنش کرنا-
ملامت ع برا بھلا کہنا- جھڑکنا برا کہنا ڈانٹنا-
ملاہی ع جمع ہے لہو کی کھیل کود لہو بازیان-
ملائک / ملائکہ ع جمع ہے ملک کی فرشتے
ملائم ع مناسب مجازاً- نرم- فراہم ہونے والا-
ملائمت ع سازداری- مناسبت دو چیز کو باہم جمع کرنا- مجازاً نرمی-

پہنے ہوئے —
ملبوسات ع جمع ہے ملبوسہ کی جامہا
پوشیدنی پہننے کے کپڑے —
ملت ع دین۔ مذہب۔ گروہ۔ شریعت
ملتجی ع پناہ ڈھونڈنے والا —
التجا کرنے والا —
ملتحم ع زخم انگور لایا ہوا۔ بھرا ہوا
زخم جو سخت ہو گیا ہو جو خشک ہونے
والا قریب ہو —
ملتحی ع ڈاڑھی جسکے نکل آئی ہو —
ملتزم ع التزام کرنے والا اپنے پر
لازم پکڑنے والا نام ایک مقام کا ہے
نزدیک رکن یمانی کے سامنے کعبے کے
جہاں دعا حاجتمندوں کی قبول ہوتی ہے
ملتصق ع ملا ہوا۔ لگا ہوا —
ملتفت ع التفات کرنے والا
توجہ کرنے والا —
ملتقط ع چگنے والا کسی شی کا چگنے والا
ملتقم ع لقمہ کھانے والا —
ملتقی ع جگہ ملاقات کی ملنے کی جگہ
ملتمس ع التماس کرنے والا۔ عرض کرنیوالا
ملتوی ع دیر کرنے والا لپیٹنے والا —
ملتہب ع آگ بھڑکی ہوئی۔ شعلہ
بھڑکا ہوا —

بجانی بجانیکو جاکر قرار پکڑے —
ملچ ق غلولہ جسکو گوپن میں رکھکر
کھیت میں پھینکا کرتے ہیں۔ اسکو
غلہ بھی کہتے ہیں —
ملح ع نمک —
ملح ع دونوں بازوؤں سے اڑنا
پرند کا اسی سے لفظ ملاح بنا ہے
جو کشتیبان کو کہتے ہیں —
ملحد ع راہ حق سے پھرنے والا
فاسق — بے دین —
ملحق ع لگا ہوا — ملا ہوا —
ملحوظ ع لحاظ کیا گیا — دیکھا گیا —
ملخ ق ٹڈی —
ملزم ع کسیکے ذمے کوئی کام کرنیوالا
لازم اور واجب کرنے والا
ملزوم ع لازم کیا گیا —
ملصق ع لگایا گیا — پیوستہ کیا گیا — قریب
ملعون ع لعنت کیا گیا — مردود —
ملفوف ع لپیٹا ہوا — لفافہ کیا گیا
ملقب ع لقب دیا گیا — نام یا نیکی
وصفی دیا گیا —
ملک ع بادشاہی ایک دیس جلکیا
بادشاہ کے ماتحت ہو —
ملک ع فرشتہ — جم دوت —

ملک ع جاگیر اسباب — مال —
ملک الموت ع وہ فرشتہ جو جان
نکالتا ہے —
ملکوت ع بادشاہی۔ پروردگاری
صوفی عالم فرشتوں کا صوفیوں
کے نزدیک عالم ارواح کو کہتے ہیں
ملکہ ع عادت اور قوت جو علم یا ہنر
کی انسان میں حاصل ہو جاتی ہے —
ملکی ع منسوب ملک سے فرشتہ
والی فرشتہ جیسی —
ملکی ع ملک کا — ملک والا —
ملل ع جمع ہے ملت کی مذاہب ادیان
ملمع ع روشن کیا گیا — درخشان
چمکول اور وہ قسم اشعار کی جنہیں
ایک مصرعہ یا ایک بیت عربی اور
ایک فارسی کی ہو —
ملوث ع لتھڑا ہوا — آلودہ —
ملوک ع جمع ہے ملک کی بادشاہ
لوگ —
ملول ع رنجیدہ — اداس —
ملوم ع ملامت کیا ہوا —
ملہم ع الہام کرنے والا — دل پر کوئی
بات ڈالنے والا — یعنے خدا —
ملہم ع الہام کیا گیا — اتفاق کیا گیا

پڑی ہوئی۔
ملہوب ع شعلہ زن کی ہوئی آگ
آگ بھڑکی ہوئی +
ملہوف ع غمگین مظلوم
ملی ع بھرا ہوا۔ پر۔
ملیح ع نمکین۔ نمک آلودہ۔
ملین ع نرمی کرنے والا۔ تلین کرنے
والا قبض دور کرنے والی دوا۔
ممّا ع اوس چیز سے۔
ممات ع موت۔ مرنا۔
مماثل ع ہم شکل۔ اوس جیسا۔
ممارست ع تجربہ کرنا۔ کوشش کرنا
کسی کام میں مشق کرنا۔
ممالک ع جمع ہے مملوک کی غلام
بندہ۔
ممتاز ع امتیاز دیا گیا۔ عزت دیا گیا
ممتثل ع ہم شکل کیا گیا۔
ممتد ع دراز کیا گیا۔ دراز۔
ممتلی ع بھرا ہوا۔ پُر
ممتنع ع روکا گیا۔ باز رکھا گیا۔
ممجد ع بزرگی دیا گیا۔ بزرگ۔
ممدود ع نام ایک درد کا ہے جس سے
پٹھے بدن کے کھنچ جاتے ہیں۔
ممدوح ع مدح کیا گیا۔ تعریف کیا گیا

ممدود ع دراز کیا گیا۔ پھیلایا گیا۔
ممر ع جگہ گذرنے کی۔ راہ گذرنے کا
راہ سبب ہونا کا۔
ممزوج ع ملایا ہوا۔ آمیختہ شدہ اوس شہد
جسمین پانی یا کچھ عرق ملا کر پیوین۔
ممسک ع بخیل۔ بار رکنے والا بخیل
خرچ کم کرنے والا۔
ممسوح ع مسح کیا گیا۔ سر پر کا مسح
پر ہاتھ ملا گیا
ممشوط ع کنگھی کیا گیا
ممکن ع جو بات ہو سکے ہو جانے ہو
مملکت ع بادشاہت سلطنت ملک
مملو ع بھرا ہوا پُر
مملوک ع ملک۔ غلام بندہ۔
ممنوع ع منع کیا گیا روکا گیا
ممنون ع احسان کیا گیا۔
ممہ ف عورت کی چھاتیاں۔ پستان
چوچی۔
ممہد ع تمہید کیا گیا۔ پہلے مطلب
وہ بات لکھی گئی جس پر مطلب کا سمجھنا
موقوف ہو سمجھایا گیا ہو
ممیز ع تمیز کرنے والا برے کو
بھلے سے اور نیک کو بد سے۔
من ع وہ شخص۔ کون شخص۔

من ف تنہ وزن ۴۰ سیر کا
من ع سے۔
من اجل ع واسطے۔ سبب
مناسب ع جگہ کھڑے ہونے کی
قائم مقام ہونا۔
منابر ع جمع منبر کی وہ لکڑی کی
سیڑھی لگی ہوئی ایک جگہ بیٹھنے کی
درمیان [illegible] کے ہوتی
ہے۔
منات ع نام ایک بت کا ہے جسکو
قبیلہ ہذیل اور خزاعہ عرب میں پوجا
کیا کرتے تھے۔
مناجات ع سرگوشی کرنا۔ کان
میں بات کہنا۔ خدا کو دعا کرنی خدا کی
جناب میں اسی طور پر کیا اوسکو حاضر
جانکر جسطرح باتیں کیا کرتے ہیں
مناخ ع جگہ بٹھلانے اونٹ کی
اور جگہ خواب کی جاے آسودگی۔
مناخر ع جمع ہے منخر کی نتھنے ناک کے
ناک کے سوراخ۔
منادی ع ندا کیا گیا پکارا گیا۔
منادمت ع باہم ندیم ہونا۔ ہم صحبت
ہونا۔ ہم نشینی
منادی ع ندا کرنے والا۔

پکارنے والا - ڈھنڈھورچیا -

مناديل ع جمع ہے منديل کی
رومال -

منارہ - منار ع چراغدان - جگہ
نور - اونچا ستون خواہ اینٹ کا
ہو یا لکڑی کا

منازع ع جھگڑالو - جھگڑنے والا
منازعت ع باہم جھگڑا کرنا -

منازل ع جمع ہے منزل کی جگہ
اوترنے کی مکان -

مناسب ع نسبت رکھنے والا
لگاؤ رکھنے والا -

مناسبت ع باہم لگاؤ رکھنا - آپس
نسبت رکھنا -

مناشیر ع جمع ہے منشور کی
فرمان بادشاہی -

مناص ع گریزگاہ - بھاگنا
بازپس ہونا -

مناصب ع جمع ہے منصب کی
جاے بپا ہونے کی - مجازاً رتبہ
عہدۂ جلیل -

مناصفہ ع باہم آدھوں آدھ کر لینا
مناظرہ ع باہم بحث کرنا - باہم نظر
کرنا تاکہ مطلب نکالنے کے واسطے

مناع ع روکنے امر کا صیغہ ہے
اور ایک پہاڑ قبیلہ طے کا ہموار استوار
او محکم اور بلند -

مناع ع بازدارندہ - بہت روکنے
والا اور نام ایک شخص کا ہے -

مناعت ع نام شہر کا جو قبیلہ ہذیل
کا عرب مین ہے اور نام ایک پہاڑ
کا ہموار استوار ہونا جگہ کا - محکمی استواری

مناعم ع جمع ہے نعمت کی -
مناعمت ع استعمال کرنا نازونعمت
مین پالنا -

منافٹ ع نفی کرنے والا - ضد
منافات ع ایک دوسرے کو نفی کرنا -
باہم ایک دوسرے کو نیست کرنا - ضد

منافذ ع جمع ہے منفذ کی جگہ نفوذ کی
جگہ جاری ہونے کی راہ

منافر ع نفرت کرنے والا -
منافرت ع باہم نفرت کرنا - اور حاکم
کے پاس ہمراہ کسی شخص کے واسطے
ثابت کرنے حسب اور نسب کے جانا -

منافع ع فائدہ دینے والا -
منافق ع نفاق رکھنے والا - وہ
شخص جسکے دل مین کچھ اور ہو اور
ظاہر اوسکے خلاف کرے -

مناقب ع اوصاف حمیدہ جمع
منقبت کی -

منافسہ ع جھگڑا - جھگڑا کرنا -
مناقض ع توڑنے والا - مخالف
مناقضہ ع نقض کرنا - اعتراض باہم
ایک دوسرے کے بات کو توڑنا جھگڑا

مناکحہ ع باہم نکاح ہونا - عورت ومرد
کا نکاح -

مناکیر ع ناشایستگیان بد اور قبیح
باتین جمع ہے منکر کی -

مناکب ع جمع ہے منکب کی
مونڈھے دوش -

منال ع جاے یافت - جگہ حاصل
ہونے کسی شے کی جیسا کہ اراضی ملک
جاگیر - باغ - کھیتی - دوکان یہ سب
جگہ پیدا کی ہین انکو منال کہتے ہین -

منام ع خوابگاہ - جاے خفتن
سونے کی جگہ خواب نیند -

منامات ع جمع منام کی خوابہا -
منان ع بہت احسان کرنے والا
نیکوئی کرنے والا - مراد خدا -

مناہج ع جمع ہے منہج کی راہ راست
راہ کشادہ -

مناہدت ع ایک دوسرے کی طرف
درمیان لڑائی کے قصد کرنا اور نگینوں
پر فال لینا - پانسہ کسی کے ہمراہ ڈالنا
فال کے واسطے -

مناہل ع جمع ہے منہل کی پینے
مناہی عم جمع ہے منہی کی منع کی ہوئی
چیز غیر شرع - ناجائز باتین -
منایا ع جمع ہے منیہ کی موتین مرگہا
منت ع احسان - نکوئی -
منبر ع ایک سیڑھی بنی ہوئی مسجد ون
مین ہوتی ہے جسپر عالم لوگ بیٹھکر نصیحت
کرتے ہین
منبت ع جاے روئید کی جگہ
اوگنے کی -
منبع ع چشمہ جگہ نکلنے پانی کی سوت
منبعث ع برانگیختہ کیا گیا -
من بعد ع اسکے بعد -
منبسط ع پھیلایا گیا - بچھایا گیا - مجازاً
مسرور - خوشحال -
منبہ ع خبردار کیا گیا - منبہ خبردار کرنیوالا
منتہج ع راہ اختیار کرنے والا -
منتج ع نتیجہ دینے والا -
منتجع ع جاے کاہ آب وگیاہ
منتخب ع انتخاب کیا گیا - خلاصہ
کیا گیا -
منتزع ع کسی چیز مین سے کھینچکر
نکالنے والا -
منتسب ع نسبت رکھنے والا
لگاؤ رکھنے والا -

منسوج ع بافتہ شدہ - بنا ہوا -
منتسخ ع نسخہ گیرندہ اور نسخہ خوانندہ
منتشر ع بکھرنے والا - پھیلنے والا
پراگندہ -
منتظم ع انتظام کرنے والا - راست
و درست ہونے والا
منتصب ع عہدہ پانے والا -
قائم ہونے والا کسی کام پر
منتضد ع اقامت کرنے والا کسی چیز
ایک دوسرے پر چنا ہوا -
منتظم ع پیوستہ ہونے والا آمیختہ
ہونے والا -
منتفع ع فائدہ مند
منتفی ع نیست ہونے والا
منتقع ع بھیگا ہوا - تر شدہ
منتقل ع انتقال کرنے والا - ایک
مکان سے دوسرے مکان مین
چلے جانے والا -
منتقم ع بدلا لینے والا - کینہ کشندہ
از کسے -
منتقی ع برگزیدہ -
منتن ع بدبودار شے - گندہ بدبو
منتہی ع انتہا کو پہونچنے والا -
منثور ع شگفتہ - پراگندہ - نثر
بخلاف نظم کے -

منجر ع کشیدہ شوندہ - کھینچا گیا -
منجس ع ناپاک کرنے والا -
منجلاب ع جاے انداخت پانی
خراب کی چہ بچہ
منجلی ع ظاہر - آشکارا - روشن
منجم ع نجومی - جوتشی -
منجل ع درانتی گھاس کاٹنے کی
منجمد ع ٹھہرا ہوا سردی سے جما
ہوا بسبب سردی کے -
منجنیق ع ڈھیکلی ایک آلہ ہے جس مین
بڑے بڑے پتھر رکھکر قلعہ کی دیوار پر
مارتے ہین تاکہ دیوار ٹوٹ جاوے
یہ لفظ معرب ہے -
من چہ نیک کا چونکہ قلعہ گیری مین
مفید ہے اسواسطے یہ نام اسکا ہوا
منحوت ع تراشیدہ شدہ تراشا گیا
چھیلا گیا -
منحدر ع اوپر سے نیچے اوترنے والا
منحات ع رندہ کرنے کا اوزار
بڑھئی کا رندہ -
منحرف ع پھرا ہوا - خم کھایا ہوا
برگشتہ -
منخر ع سوراخ ناک کا سوراخ بینی -
منخرین ع دو سوراخ بینی ناک کے
دونون سوراخ -

منخرق ع پھٹنے والا۔ دریدہ شوندہ
منخرم ع ناک کٹا ہوا۔ گوش سوراخ کردہ شدہ۔
منخل ع چھلنی آٹا چھاننے کی۔
مند ت صاحب والا۔
مندرج آ درج کیا گیا۔ داخل کیا گیا
مندرس ع کہنہ گھسا ہوا
مندفع ع دفع ہونے والا۔
مندمج ع گٹھا ہوا۔ داخل شوندہ۔
مندمل ع گھاؤ بھرنے والا۔ زخم جو انگور کر لاوے۔
مندوب ع رویا گیا۔ نوحہ کیا گیا ماتم کیا گیا
مندیل ع رومال و دستار پٹکا جو کمر میں باندھتے ہیں۔
منزل ع مکان۔ گھر۔ جگہ اوترنے کی
منزلت ع رتبہ۔ درجہ
منزوع ع کھینچا گیا
منزوی ع گوشہ اختیار کرنیوالا۔ گوشہ نشین
منزہ ع پاک صاف۔
منسج ع بننے والا۔ جولاہہ۔
منسد ع انسداد کیا گیا۔ روکا گیا۔ بند باندھا گیا۔

منسوب ع نسبت کیا گیا۔
منسک ع عبادت گاہ جاے قربانی حاجیان
منسلک ع لڑی میں پرویا ہوا۔
منسوج ع بنا ہوا۔ بافتہ شدہ
منسوخ ع رد کیا گیا۔ نیست کیا گیا
منسی ع بھولنے والا۔ منسی بھلوایا گیا۔ فراموش کردہ شدہ۔
منشا ع جگہ پیدا ہونے کی جاے ہونیکی مجازاً سبب۔
منش ت خرد۔ طبیعت مزاج۔
منشآت ع منفعلات کے وزن پر جمع ہے منشی کی صیغہ اسم مفعول کا ہے انشا سے مراد مسودات عبارات تصنیفات سے ہے۔
منشار ع ارہ جس سے تختے لکڑی کے چیرتے ہیں۔
منشرح ع کھلا ہوا۔ آشکارا شدہ
منشط ع خوشی میں لانے والا
منشعب ع شاخ در شاخ ہونے والا پراگندہ۔ پھیلا ہوا۔
منشق ع شگافتہ شوندہ۔ پارہ پارہ کیا گیا۔
منشور ع پراگندہ شدہ۔ فرمان شاہی
منشی ع آغاز کرنے والا۔ پیدا کرنے والا

ایک بات کا اپنے دل سے۔
منصب ع جگہ قائم ہونے کی مجازاً رتبہ عہدہ جلیل القدر جو امرا کو ہوتا ہے
منصرف ع ایک حال سے دوسرے حال پر لوٹ جانے والا۔
منصف ع انصاف کرنے والا۔
منصوبہ ع کوئی شے برپا کی ہوئی تدبیر کسی کام کی۔ بازی شطرنج نام ہوا آدمی بازی نرد کا۔
منصوب ع کھڑا کیا گیا۔ نصب کیا گیا
منصور ع یاری دیا گیا۔ مدد دیا گیا نام ایک فقیر کامل کا ہے۔
منصوص ع کمال تحقیق کو پہنچا تحقیق کیا گیا۔
منصہ ع جا سے ظاہر ہونے کسی چیز کی۔ تخت یا چوکی جسپر دلہن کو بٹھلا کر جلوہ کرواتے ہیں۔
منضج ع پکانے والا۔ پختہ کرنیوالا میوہ یا نان وغیرہ کا۔
منضد ع تو بر تو ایک دوسرے پہ چنا ہوا۔ تہ بہ تہ رکھا ہوا۔
منضم ع ملایا گیا۔
منطبع ع منقوش ہونیوالا۔ چھاپا کیا گیا۔
منطبق ع برابر۔ موافق۔

مطابقت کیا گیا۔
منطقی ع سمجھنے والا۔ سمجھا ہوا
منطق ع گفتگو۔ سخن کرنا۔ اور نام
ایک علم کا ہے۔
منطمس ع محو ہونے والا۔ نیست
ہونے والا۔
منطقہ ع پٹکا۔ کمربند۔
منطقۃ البروج ع وہ دائرہ کلان کہ
جسپر بارہ برج آسمانی واقع ہیں۔
منطوق ع سخن۔ کلام۔ مضمون
منطوی ع لپٹا ہوا۔
منطیق ع فصیح۔ خوش کلام۔ خوشگو
منظر ع جائے نظر۔ چشم۔ چہرہ
کھڑکی۔ دریچہ۔
منظوم ع پرویا گیا۔ نظم کیا گیا۔ نظم
منظومہ ع نظم کیا ہوا رسالہ۔
منع ع باز کرنا۔ روکنا۔
منعدم ع نیست ہونا۔ معدوم ہوجانا
منعام ع بہت بخشش کرنے والا
بہت نعمت دینے والا۔
منعدم ع نیست ہونے والا۔
نابود ہونے والا۔
منعطف ع مڑنے والا۔ لوٹنے والا
برگردندہ۔
منعقد ع بستہ شوندہ۔ انعقاد۔

پانے والا۔
منعکس ع عکس قبول کرنے والا
شعاع جو اولٹ کر آئی ہو۔
منعم ع مالدار۔ اور نعمت بخشنے والا
منعوت ع نعمت کیا گیا۔
منغمس ع ڈوبا ہوا۔ غریق۔
منغص ع مکدر۔ تیرہ۔
منغمص ع ڈوبا ہوا پانی میں نیچے
بیٹھا ہوا۔
منفق ع نفقہ دیا گیا۔ خرچ دیا گیا
منفق ع خرچ کرنے والا
منفاق ع بہت خرچ کرنے والا
منفتح ع کھلا ہوا۔ کشادہ۔ فتح کیا گیا
جیت لیا گیا۔
منفتق ع چرا ہوا۔ شگافت۔
منفجر ع پھٹا ہوا۔ شگافتہ چشمہ
چرا ہوا۔
منفخ ع دھونکنی لہاروں کی جس سے
آگ کو دھوکتے ہیں۔
منفذ ع راہ جگہ گذرنے کی۔ اور
جائے گھس جانے کی
منفرج ع کشادہ۔
منفرح ع خوش۔ شاد
منفرد ع تنہا۔ اکیلا
منفصل ع جدا۔ علیحدہ۔ انفصال یافتہ

منقسم ع تقسیم ہوا۔ تقسیم کیا گیا۔
منقطع ع شگافتہ شدہ۔ چرا ہوا
منفعت ع سود مندی۔ فائدہ
منفعل ع اثر قبول کرنے والا۔ شرمندہ
منفق ع خرچ کرنے والا۔
منفک ع جدا کیا گیا
منفی ع نیست کیا گیا۔ نفی کیا گیا
منقاد ع مطیع۔ فرمان بردار۔
عاجزی کرنے والا۔
منقی ع پاک کیا گیا۔ صاف کیا گیا
منقی ع پاک کرنے والا۔ صاف
کرنے والا۔
منقار ع چونچ پرندکی۔
منقاش ع موچنہ جس سے بال بال
سے اکھیڑتے ہیں۔
منقبت ع ہنر۔ ستودگی۔ اصطلاح
میں تعریف۔ ثنا۔
منقبض ع کھنچا ہوا۔ گرفتہ شدہ
تنگ کرکے باندھا ہوا۔ سمٹا ہوا۔
منقح ع پاک کیا گیا۔ جھوٹ سے وہ
شے جسمیں دروغ نہو۔
منقرض ع بریدہ شدہ۔ کترا ہوا
گذرا ہوا۔
منقسم ع تقسیم کیا گیا۔ بانٹا ہوا۔
منقش ع نقش و نگار کیا گیا۔

چتر کاری کیا گیا۔
منقشر ع چھیلا ہوا چھلکا اتارا ہوا
منقضی ع گذشتہ۔ گذرا ہوا۔
منقطع ع قطع کیا گیا۔ انقطاع یافتہ
منقلب ع گردش کیا ہوا۔ الٹا۔ اوندھا
والا برگردندہ۔ واژگون شوندہ
منقلع ع اوکھڑنے والا۔ برکندہ شوندہ
منقوب ع سوراخ کیا گیا۔ چھیدا گیا
منقوش ع نقش کیا گیا۔ کھدا ہوا
منقصت ع نقصان۔ عیب۔
منقوص ع ناقص۔ کم۔
منقول ع نقل کیا گیا۔ ذکر کیا گیا
بیان کیا گیا۔
منکبین ع تثنیہ ہے منکب کا
یعنے دونوں مونڈھے۔
منکب ع مونڈھا۔ دوش
منکدر ع تیرہ۔ دھوندلا۔ گدلا۔
منکر ع قبیح۔ ناشایستہ
منکسر ع ٹوٹا ہوا۔ شکستہ۔
منکشف ع کھلنے والا۔ کشادہ
برہنہ۔ کھلا ہوا۔
منکوب ع خراب۔ بدحال سختی رسیدہ
منکوحہ ع بیوی۔ جورو۔ نکاح
کی ہوئی عورت۔
منکوس ع اوندھا۔ سرنگون۔ نگونسا

منگیدن ف آہستہ زیر لب بات
کرنا۔ بڑبڑانا۔
منم ع سخن چینی کرنے والا
منن ع جمع ہے منت کی۔ احسانات۔
منوب ع نیابت کیا گیا۔ وہ شخص
جسکا کوئی نائب ہو۔
منوال ع وہ لکڑی جولاہے کی جسپر کپڑا
بنا ہوا لپیٹتا ہے۔ مجازاً طور۔ دستور
منور ع روشن۔ روشنی دیا گیا۔
منوچہر ف مخفف ہے مینوچہر کا یعنے
بہشت رو کہ ایرج کا نواسہ تھا اور
ایرج فریدون کا بیٹا ہے۔
منوط ع لٹکایا گیا۔ اور آویخت
شدہ۔ پیچیدہ۔
منون ع زمانہ۔ موت
منوی ع نیت کیا گیا۔ مراد جو ارادہ
میں ہو۔
منہج ع راہ راست۔ راہ کشادہ۔
منہاج ع ایضاً۔
منہدم ع ویران ہونے والا
عمارت افتادہ
منہزم ع لڑائی سے بھاگنے والا
لشکر شکست خوردہ۔
منہضم ع ہضم کیا ہوا۔ پچا ہوا۔
منہل ع وہ چشمہ جو چراگاہ میں ہو

جسمیں چوپائے آدمی وغیرہ پانی پیویں
منہمک ع ایک کام میں بہت
کوشش کرنے والا۔
منہی ع خبر دینے والا اسکی جمع فارسی
میں منہیان آتی ہے۔
منہی ع وہ فعل بد جسکا کرنا شرع
میں منع کیا گیا ہو
منیٰ ع نام ہے ایک پہاڑی کا
مکہ میں جو محل قربانی ہے۔
منیہ ع آرزو۔ مطلب۔ مقصد
منیر ع روشنی دینے والا۔ روشن
منیع ع بازدارندہ مجازاً محکم استوار
من یزید ع اوس بیع کو کہتے ہیں جو بڑھتے
مول لے۔ جیسے نیلام ہراج۔
منیف ع پاک۔ نیک۔ بلند۔
مو ف بال۔
موئینہ ف فارسی میں بالوں کا کپڑا یا
پوست حیوان کا لباس جسمیں بال ہو
موات ع بیجان۔ زمین خشک جسمیں
پیداوار نہو۔ بے مالک۔ موت۔
مواثیق ع وثیقے۔ عہد و پیمان جمع
ہے میثاق کی۔
مواجب ع جمع ہے موجب کی
یعنے لازم کیا گیا۔ مقرر کیا گیا مجازاً تنخواہ
یہ لفظ جمع ہے مگر مفرد کی جگہ اوسکا

موسراشش ف استرہ بال مونڈنے کا۔

موتلف ع خوگرفتہ الفت کیا گیا

موتمر ع فرمانبردار۔ مشورت کنندہ

موتمن ع امانت دار جو شخص کسیکے مال میں خیانت نکرے۔

موثر ع اثر کرنے والا۔ تاثیر کرنے والا

موثر ع اختیار کرنے والا۔

موثق ع استوار۔ مضبوط

موج ع لہر۔ پانی کی لہر

موجب ع واجب کرنے والا۔ لازم کرنے والا۔

موجد ع پیدا کرنے والا کچھ نئی چیز پیدا کرنے والا۔

موجز ع کوتاہ۔ مختصر

موج زن ف لہراتا ہوا۔ جوش مارنے والا

موجل ع مہلت دیا گیا۔ وقت مقرر کیا گیا۔

موجود ع وجود کیا گیا۔ پیدا ہوا حاضر

موجودات ع جمع ہے موجود کی

موجہ ع پسندیدہ۔ خوب۔ جسکی طرف منہ کیا جاوے۔

موچینہ ف بالوں کے اکھاڑنے کا آلہ

موحش ع وحشت میں ڈالنے والا اندوہگین کرنے والا۔

موخر ع آخر کیا گیا۔ پچھلا

موخر ع گوشہ چشم جانب کان کے

مودب ع ادب دینے والا۔ مودب ادب دیا گیا۔

مودت ع دوستی کرنا۔ دوستی

مودی ع ادا کیا گیا۔ پہونچایا گیا

مودی ع ادا کرنے والا۔ پہونچانیوالا

مودع ع رخصت کرنے والا

مودع ع رخصت کیا گیا

مودعہ ع سپرد کی ہوئی شے

موذی ع اذیت دیا گیا۔ اذیت پہونچایا گیا

موذن ع اذان دینے والا۔ آگاہ کرنے والا۔ بانگ دہندہ۔

موذی ع دکھ دینے والا

مور ف چینونٹی۔ کیڑی۔

مورث ع وارث کرنے والا وہ والا جسکا مال ہو اور وارث ہوں

مورچال و مورچل ف اوس گڑھے کو کہتے ہیں جو قلعہ کے لینے کے واسطے چاروں طرف کھودتے ہیں۔

مورچہ ف ایک قسم کی چینونٹی جو بہت چھوٹی ہو زنگ جو لوہے کو لگتا ہے

مورخ ع تاریخ لکھنے والا۔

مورد ع چشمہ پانی پینے آنیوالوں کا اور بہائم کا۔ جگہ وارد ہونے کی۔

مورد ع گلگون سرخ رنگ مانند گلاب کے کیا گیا۔

مورد ف گلاب کے درخت کو کہتے ہیں

موروث ع ارث دیا گیا۔ وراثت کیا گیا

موروثی ع باپ دادا کی وہ شے جو باقی ہو

موز ف کیلے کا درخت۔

موزع ع پراگندہ کرنے والا تقسیم کرنے والا۔

موزون ع تلا ہوا۔ وزن کیا ہوا

موسر ع توانگر۔ جو مفلس نہو۔

موسس ع استوار کنندہ بنیاد ڈالنے والا۔

موسم ع ہنگام۔ وقت۔ سما

موسوم ع نام کیا گیا۔ نام رکھا گیا نشان کیا گیا۔ داغدار۔

موسیقی ع نام ہے علم راگ کا۔

موش ف چوہا۔

موشح ع زیور سے آراستہ کیا گیا مزین بدھی پہنایا گیا۔

موش خور ف چیل گدھ

موش خرما ف گلہری مشہور جانور ہے

موش دشتی ف جنگلی چوہا۔

موش کور ف چھچھوندر

موصی بہ ع وہ شے جسکے دینے کی وصیت کی ہو

موصی ع وصیت کرنے والا

موصی ع وہ شخص جسکو وصیت کی ہو

موصی الیہ ع وہ شخص جسکو کہا ہو کہ بعد میرے مرنے کے یہ کام کرنا

موصل ع جگہ وصل کی ملنے کی جگہ نام شہر کا عرب میں۔

موصوف ع وصف کیا گیا تعریف کیا گیا۔

موصول ع ملا ہوا وصل کیا گیا

موضع ع جگہ۔ مکان۔ گانو۔ جا رکھنے کی۔

موضوع ع رکھا گیا کیا گیا وہ شے جسکا ذکر اوس علم مین ہو۔

موطن ع جای وطن۔ اپنا دیس

موطن ع وطن کیا گیا وہ شہر جسکے اندر کوئی جا بسے۔

موظف ع وظیفہ کیا گیا۔ وظیفہ دیا گیا۔

موظف ع وظیفہ دینے والا ہمیشہ ایک کام کرنے والا۔

موعد ع وقت وعدہ کرنیکا۔ جاے وعدہ کرنے کی۔

موعدت ع وعدہ۔ عہد پیمان

موعظت ع نصیحت کرنا نصیحت

موعود ع وعدہ کیا گیا۔ وعدہ کردہ شدہ۔

موفر ع زیادہ کرنے والا

موفق ع توفیق دیا گیا۔ نیک کام کرنے کا اسباب مہیا کیا گیا۔ کوئی شخص

موفور ع وافر کیا گیا۔ زیادتی کیا گیا

موفی ع تمام کردہ شدہ۔ وفا کیا گیا مجازاً کامل۔ تمام

موقت ع کسی وقت پر ٹھہرایا ہوا۔ وقت کیا گیا۔

موقع ع جاے واقع ہونے کی جگہ گرنے کی۔

موقف ع جگہ کھڑے ہونے کی نام ایک مقام کا ہے جو سات کوس مکہ سے دور ہے۔

موقوف ع ٹھہرایا گیا۔ مجازاً برخاست کیا گیا۔

موقن ع یقین کرنے والا۔

موق ع گوشہ چشم بطرف بینی۔ آنکھ کا کونا۔

موکب ع گروہ سواروں کا جو امیر کی سواری کے آگے چلے سپاہ ولشکر سواران۔

موکد ع تاکید کرنے والا۔

موکد ع تاکید کیا گیا۔

موکل ع وہ شخص جسکو کچھ کام سپرد ہو

مول ف معشوق عورت حرامزادہ تو بہ کشمر۔

مولا ع غلام آزاد۔ یاری دہندہ

مولی ع خداوند سردار ہمسایہ۔

مولد ع جاے ولادت۔ جنم بھون وطن جہاں پیدا ہوا ہو۔

مولع ع حریص۔ لالچی۔

مولف ع تالیف کرنے والا جمع کرنے والا۔

مولفات ع وے کتابین جو تالیف کی گئی ہون

مولم ع درد دینے والا۔ الم دینے والا۔

مولود ع بچہ پیدا ہوا ہو خواہ لڑکی ہو یا لڑکا۔ جنا ہوا۔ زمانہ جننے کا

مولوی ع اسم مفعول کا صیغہ ہے سرداری دادہ شدہ۔ سردار منسوب مولا سے یعنے خداوند۔

مولہ ع شیفتہ عاشق و دیوانہ ایک قسم کا بید جسکو بید مجنون کہتے ہین

مومر ع حکم کرنے والا۔

موئل ع امیدوار

مومن ع ایمان لانے والا-

مومی ع اشارہ کیا گیا - اشارہ کردہ شدہ

مومی الیہ ع وہ شخص جسکی طرف اشارہ کیا گیا ہو-

مومیا ع نام ایک چکنائی کا ہے جسے بطور دوا کے استعمال کرتے ہین

مؤنت ع محنت رنج کھینچنا اور بایحتاج معاش کا جیسے نفقہ لباس خرچ ضروری

مؤنث ع عورت - مادہ --

مونس ع ہمدم - آرام دہندہ -

موہبت ع بخشش - عطا -

موہب ع بخشنے والا - ہبہ کرنے والا

موہوب ع عطا کیا گیا - کوئی چیز ہبہ کیا گیا - بخشا گیا

موہم ع وہم ڈالنے والا-

موہوم ع وہم کیا گیا - وہمی -

موہون ع سست کیا گیا -

موے ف بال -

مؤید ع تائید کیا گیا - مدد دیا گیا -

مویز ع کلان انگور سوکھا ہوا جو دواؤں کے کام آتا ہے

مویہ ف نوحہ رونا مردہ پہ

مہ ف چاند مخفف ماہ کا -

مہ ف بڑا بزرگ - سردار

مہان ف بزرگ -

مہاب ع ڈراونی شکل ہیبتناک شخص

مہابت ع خوف ڈر حشم -

مہاجر ع ہجرت کرنے والا - ایک جگہ چھوڑکر چلا جانے والا-

مہاجرت ع جگہ رہنے کی چھوڑنا - چلا جانا وطن چھوڑکر -

مہاد ع جمع ہی مہد کی بسترے - فروش

مہار ف اونٹ کی نکیل وہ لکڑی جو اونٹ کی ناک مین ڈالتے ہین - اور اوسمین ایک رسی باندھتے ہین -

مہارت ع استادی - استعداد

مہالک ع جمع ہی مہلکہ کی جا ہلاک ہونے کی

مہام ع جمع ہی مہم کی مہمات -

مہان ف جمع ہی مہ کی بزرگان -

مہان ع اہانت کیا گیا - ذلیل

مہب ع جگہ چلنے ہوا کی -

مہبط ع جگہ اوترنے کی - جاے ہبوط

مہتاب ف چاندنی اصل مین ماہتاب تھا

مہتدی ع ہدایت پانیوالا - راہ راست پانیوالا

مہتر ف بزرگ

مہجور ع چھوڑا گیا جدائی کیا گیا - جدا

مہچہ ف جھنڈے کا سرا پر چم جو اوپر جھنڈے کے ہوتا ہے -

مہد ع جھنگولا - گہوارہ - بسترا -

مہذب ع آراستہ کیا گیا -

مہر ع وہ روپیہ جو عورت کو عوض نکاح کے خاوند دیتا ہے -

مہر ع سورج - محبت

مہربان ف

مہرجان ف معرب ہی مہرگان کا یعنے مدت رہنے آفتاب کی برج میزان مین -

مہرکن ف وہ شخص جو مہر کھودتا ہے

مہرو ف چاند کی شکل -

مہرہ ف کوڑی گھونگا سنکھ پتھر مشہور ہے

مہزول ع لاغر دبلا -

مہزوم ع شکست دیا گیا شکست پایا ہوا

مہضوم ع ہضم کیا گیا - پچایا گیا -

مہل ع آہستگی - دیر - زمانہ -

مہل ع تانبا گلایا ہوا -

مہل ف وہ مت چھوڑ صیغہ نہی کا ہلیدن سے بمعنے گذاشتن

مہلت ع درنگ - دیر

مہالک ع جاے ہلاک ہونے کی

مہلکہ ع جاے ہلاکت -

مہم ع غم مین ڈالنے والا -

مہم ع اندوہ - غم مجازاً امر عظیم کار دشوار ضروری کام

مہمات ع جمع ہے مہم کی یعنی بہت سی مہمین - امور عظیمہ کار ہای ضروری

مہمان ف وہ شخص غیر جو کسیکے گھر آکر

اور سے یہ لفظ مشتق ہے معنی بزرگ ور
ماں یعنی مانند سے یعنی مانند بزرگ کے
مہمان سرا ف مسافروں کے اترنے کی
جگہ۔ لنگر۔ سدابرت۔
مہمانی ف ضیافت کرنا۔ کھانا کھلانا کسی کو
مہمل ع چھوڑا ہوا۔ بیکار یعنی لفظ بیہودہ
مہملہ ع خالی اور وہ حرف جسپر نقطہ نہو
مہمیز ع ایک میخ لوہے کی جو سواروںکی
ایڑی پر لگی ہوئی ہوتی ہے۔
مہندس ع وہ شخص جو علم ہندسہ جانتا ہو
مہوش ف چاند کے مانند۔
مہی ف بزرگی۔ سرداری
مہیا ع طیار۔ موجود۔
مہیب ع خوفناک۔ ہیبت دینے والا
مہین ف بزرگتر
مہین ف سست۔ ضعیف۔ حقیر و خوار
مے ف شراب
میادین ع جمع میدان کی۔
میامن ع جمع یمن کی۔ بابرکت شخص
یا بابرکت اشیا
میان ف کمر۔ درمیان۔
میانجی ف ایلچی۔ قاصد۔
میانہ ف درمیان کا۔ نہ بڑا نہ چھوٹا۔ منجھلا
میانہ روی ف زیادتی اور کمی سے
بچنا اور [illegible]۔

میتہ ع مردہ مری ہوئی کو فقط
میثاق ع وعدہ۔ عہد۔
میخ ف کیل خواہ لکڑی کی ہو یا لوہے کی
میخچک ف چھوٹی کیل۔ کوکا۔
میخوش ف کھٹا مزہ جسمیں شیرینی بھی ہو
میدان ع صاف سطح زمین کی جہاں
پہاڑ نہو زمین فراخ۔
میدہ ع نفیس آٹا۔ باریک آرد۔ پارچہ بیز (مخفف)
مائدہ کا کہ یعنی خوان پر طعام۔ اور طعام کی
میر آخور ف داروغہ اصطبل کا۔
میر آتش ف داروغہ توپخانے کا
میر ع مخفف ہے امیر کا یعنی سردار
میراث ع مال مردہ کا جو وارثوں کے ہاتھ آوے
میراب ف باغبان جسکا ذمہ درختوں کے
پانی دینے کا ہو۔
میرشبگیر ف کوتوال شہر جو رات کو
کوچہ گردی کرتا ہے۔
میر بخشی ف جو سبکی تنخواہ تقسیم کرے
میر حاج ع سردار حاجیوں کا۔
میر بحر ع داروغہ گذر دریا کا۔
میرزا ف اصل میں امیرزادہ تھا یعنی
زادہ امیر۔ امیر کا بیٹا۔
میرشکار ف شکاریوں کا سردار
میز ف وہ تخت جسپر کھانا کھاتے ہیں
اور کتابیں وغیرہ اسباب رکھتے ہیں۔

میزاب ع پرنالہ
میزان ع ترازو۔ تلا۔ تکڑی۔
میزبان ف صاحب خانہ جو ضیافت کرے
میزر ع تہبند۔ تہمد۔ چادر۔ پائجامہ شلوار
میزہ ف کاٹھی کے درمیان کی جگہ جسپر
بیٹھتے ہیں
میسر ع آسان کیا گیا۔
میسرہ ع تونگری۔ بائیں طرف وہ فوج
جو وقت لڑائی کے دست چپ بادشاہ کے ہو
میش ف بھیڑی۔
میعاد ع وقت مقرر۔
میغ ع ابر سیاہ۔ اور سیاہ جگہ۔
مقابل باغ یعنی سفیدی کے بڑے
میقات ع وقت اور ہنگام کار وعدہ گاہ
اور وہ مقام جہاں پر احرام حج کا باندھیں
وے پانچ مقام ہیں۔ ذوالحلیفہ۔ ذات
عرق۔ جحفہ۔ قرن۔ یلملم۔
میق ع گریان۔ رونے والا۔
میکدہ ف شراب خانہ۔
میگون ف شراب کے رنگ
میل ع سلائی جس سے آنکھوں میں سرمہ
ڈالتے ہیں اور منار علامت فرسنگ کی
میل ع خم کرنا۔ خمیدگی۔ ہلنا۔ جنبش
کرنا۔ توجہ۔
میلک ف ایک قسم کا کپڑا ہے جو [illegible]

میلاد ع وقت ولادت - زمانہ پیدا
ہونے کا - نام ایک شہر کا اور نام
ایک پہلوان کا بھی ہے -
میلان ع خواہش - مائل ہونا رجوع
میمنت ع برکت سعادت
میمند ع نام ایک قصبہ کا ہے مضافات غزنی سے -
میمنہ ع دہنے ہاتھ کی جانب اور وہ
فوج جو وقت لڑائی کے دہنی طرف ہو
میمون ع خجستہ - مبارک - فارسی
مین بندر -
مینا ف شیشہ شراب کا - اور آبگینہ رنگین
میناکار ف مینا کا کام چاندی یا سونے
پر کرنے والا جڑاؤ کام کرنے والا -
مینو ف عالم علوی - بہشت فلک
رنگدار شیشہ جو زیور پر جڑا جاتا ہے

باب النون

نا ف حرف نفی ہے مشتقات اور صفات
پر آتا ہے جیسے نابالغ نامسموع
نا ع ہم - ہم لوگ - یا ہم عورتین -
ناب ع دانت اگلے کچلیان
ناب ف خالص صاف - پاک
ناپاک ف گندہ - پلید -

تر ہے -
ناباپسند ف نالائق - نازیبا -
ناپدید ف جو دکھلائی نہ دے ظاہر نہو
ناپسند ف جو پسند نہو -
نابکار ف جو کام کا نہو - نالائق
نابود ف جو نیست ہو جاوے -
نابہرہ ف کمینہ نیچ - بےعقل
بے نصیب -
ناپیدا ف جو ظاہر نہو -
نابینا ف اندھا -
ناتراشیدہ ف نہ چھلا ہوا بےادب
ناتراش ف سفلہ آدمی کمینہ -
ناتوان ف ناطاقت - کمزور
ناتوانی ف ناطاقتی - کمزوری -
ناچار ف لاعلاج - لابد - بالضرور عاجز
ناچاق ف دُبلا جو تندرست نہو
ناچیز ف بےحقیقت جو کچھ نہو
ناچخ ف چھوٹا نیزہ -
ناحق ف بےحق - بےسبب
ناحی ع کنارہ - کونا - اشارہ -
پکڑنے والا -
ناحیہ ع کونا - کنارہ -
ناخ ف ناف شکم پر جو سوراخ ہوتا ہے
ناخدا ف ملاح اصل مین ناوخدا تھا

ناخلف ف وہ بیٹا جو نالائق ہو جو
باپ کے موافق نہو -
ناخس ع مثل سوئی کے چبھنے والا
درد جسمین ٹیس پیدا ہو -
ناخنہ ف آنکھ کی بیماری ہو گوشت سفید
مثل ناخن کے آنکھ کے کونے مین پیدا
ہو جاتا ہے اگر علاج نکیا جاوے تو
سیاہی آنکھ کی ڈھانپ لیتا ہے اور
آدمی اندھا ہو جاتا ہے -
ناخواست ف بےاختیار - بےطلب
بےتلاش -
ناخوش ف جو راضی نہو -
نادار ف مفلس جسکے پاس کچھ نہو -
ناداری ف مفلسی - محتاجی
ناداشت ف مفلس محتاج -
نادان ف بےوقوف
نادانستہ ف نہ جان کرکے نہ
جانی ہوئی -
نادانی ف بےوقوفی -
نادر ع شئے قلیل - کمتر تحفہ -
نادرست ف جو ٹھیک نہو
نادرہ ع عجیب تحفہ
نادم ع شرمندہ -
نادی ع پکارنے والا - مجلس -

نا دیدہ ف نہ دیکھا ہوا
نار ع آگ اور انار میوہ مشہور ہے
نار است ف جو سیدھا نہو۔ کھوٹا آدمی
نارجیل ع ناریل۔ کھوپرہ
نارسائی ف پہونچ کا نہونا
نارسیدہ ف کچا خام
نارس ف میوہ جو ابھی خام ہو۔
نارنج مت معرب نارنگ کا ہے
نارنگ
نارنگی ف نارنگی مشہور پھل ہے
ناروا ف ناجائز۔ غیر مشروع۔
ناری ع آگ کا۔ آتشی۔
ناز ف لاڈ۔ پیار کا اندازہ۔
ناز بالش ف نرم تکیہ۔
نازک ف پتلا خوب صورت اور
پتلا جو بھدا نہو۔
نازک بدن ف پتلا بدن کا۔
نازل ع اترنے والا۔
نازلہ ع حادثہ۔ مصیبت۔
نازندہ ف ناز کرنے والا۔
نازیدن ف ناز کرنا
ناس ع آدمی انسان یہ صیغہ اسم
جنس کا ہے واحد اور جمع دونون
پر بولا جاتا ہے۔

ناسپاس ف بے شکر۔
ناستودہ ف جسکی تعریف نہوئی ہو۔
ناسج ع بننے والا کپڑے کا۔
ناسخ ع لکھنے والا نیست کرنے والا۔
ناسرہ ف کھوٹا۔ زرقلب ملمع کا زر
ناسزا ف نازیبا۔ نالائق۔
ناسفتہ ف جو پرویا نہ گیا ہو جسمین سوراخ
نہوا ہو۔
ناسک ع عابد
ناسوت ع عالم اجسام مراد دنیا
یہ جہان۔
ناسور۔ ناصور ف یہ لفظ صاد اور
سین دونون سے لکھا جاتا ہے معنے
اسکے وہ زخم جو برابر بہا کرے بند نہو۔
ناسی ع بھولنے والا۔
ناشاد ف جو خوش نہو۔
ناشایستہ ف نالائق۔ نامناسب
ناشتا ف بھوکھا رہنا صبح سے
کچھ نہ کھایا ہوا ہونا۔
ناشدنی ف نہونے کے لائق
ناشط ع خوشی کرنے والا۔
ناشطات ع خوشی پیدا کرنے والی
جماعتین۔
ناشکیبائی ف ناصبری بےصبر ہونا

ناشناخت ف ناشناختہ شدہ۔
ناشی ع اوٹھنے والا۔
ناصب ع برپا کرنے والا۔ قائم کرنیوالا
دشمن رکھنے والا۔ زیر کرنے والا لفظ
ناصبہ ع مؤنث ہے ناصب کی۔
ناصح ع نصیحت کرنے والا
ناصر ع مددگار۔
ناصع ع خالص
ناصف ع آدھون آدھ کرنیوالا
ناصواب ف جو درست نہو غلط
ناصیہ ع پیشانی۔ ماتھا۔
ناضر ع تروتازہ۔
ناطح ع سینگ مارنے والا چوپایہ
ناطق ع بولنے والا۔ صاحب عقل
سمجھنے والا۔ کلیات اور جزئیات کا
ناظر ع دیکھنے والا۔ سردار مجرون
کا خوجہ۔
ناظم ع پرونے والا۔ انتظام کرنے
والا۔
ناظور ع نگہبان۔ نظر کنندہ۔
ناعس ع اونگھنے والا۔ وہ شخص
جسکی آنکھون مین نیند بھری ہوئی ہو
ناعم ع نرم۔
ناعمہ ع نرم بدن عورت۔

ناف ف سونڈھی۔ ناف پیٹ کی
ناف پیچ ف پیچ۔ زرد پیچش۔
نافحہ ع خوشبودار شے۔
نافخ ع پھونکنے والا۔ ہوا بھر کر پھولانے والا۔
نافذ ع جاری ہونے والا۔ نفوذ کرنے والا۔
نافر ع نفرت کرنے والا۔ بھاگ جانیوالا
نافرجام ف بد اصل۔
نافرمان ف جو حکم نہ مانے۔
نافرمانی ف حکم نہ ماننا۔
نافع ع نفع دینے والا۔
نافلہ ع زائد۔
نافہ ف کستوری کی تھیلی جو ہرن سے نکلتی ہے۔
نافہم ف جو سمجھ نہ رکھتا ہو۔
نافی ع نفی کرنے والا نیست کرنیوالا
ناقابل ف جو قابل نہو۔
ناقد ع پرکھیا۔ پرکھنے والا روپیہ اشرفی کا۔
ناقر ع چونچ مارنے والا کھٹکنے والا [illegible]
ناقص ع جسمیں کچھ کمی ہو۔ کم ادھورا
ناقل ع نقل کرنیوالا۔ بیان کرنے والا
ناقور ع تُرہی نے۔ صور۔ سنکھ

ناقوس ع سنکھ جو ہندو ہر وقت پوجا کے بجاتے ہیں۔
ناقہ ع اونٹنی۔
ناک ف بھرا ہوا۔ صاحب۔ خداوند۔ مالک
ناکارہ ف جو کام کا نہو۔
ناکاشتہ ف جو بویا گیا نہو۔
ناکام ف نامراد ناچار۔ بالضرور
ناگہ ف اچانک۔
ناگاہ ف اچانک۔ اچانچک۔ ناگاہ
ناکب ع اونڈھا ڈالنے والا۔ رنج دہندہ۔
ناکح ع جھید کرنے والا۔ بیاہ کرنیوالا نکاح کرنے والا۔
ناکدخدا ف جسکی شادی ابھی نہوئی ہو بے بیاہا ہو۔
ناکردنی ف جو بات کرنیکے لائق نہو
ناگزیر ف ناچار۔ لاعلاج یعنے بالضرور
ناکس ف کمین۔ نالائق۔ فرومایہ
ناکس ف اونڈھا۔ سرنگون۔
ناکسی ف نالائقی نالیاقتی ہیچ پن
ناگوار ف بدمزہ۔ بدذائقہ۔ ناپسند
ناگوش جو ہضم نہو۔
ناگہان ف یکایک
نال ف سوت جو تیر وغیرہ میں سے بروقت تراشنے قلم کے نکلتا ہے نیشکر [illegible] کو جنکے جو اندر سے خالی ہو۔

نالان ف روتا ہوا۔ نالہ کرتا ہوا۔
نالائق ف جو لائق نہو۔
نالش ف نالان ہونا۔ فریاد کرنا۔
نالہ ف فریاد واویلا۔
نالیدن ف شور کرنا۔
نامور ف وہ شخص جسکا نام مشہور ہو
نامجوئی ف ناموری چاہنے والا
نامبردہ ف مذکور۔ جسکا نام اوپر ذکر ہوا ہو۔
نامبارک ف منحوس۔ جو مبارک نہو
نامتناہی ف جسکی انتہا نہو۔
نامحدود ف بے حد بے انتہا۔
نامحرم ف ناواقف۔
نامدار ف عزت والا۔ معزز۔ نامور۔
نامراد ف بے مراد۔
نامرد ف جو مرد نہو۔ ہیجڑا۔
نامردی ف نامرد ہونا۔
نامزد ف مشہور۔
نامعقول ف نامناسب۔ جو عقل میں نہ آوے۔ بیوقوفی کی بات۔
ناموری ف شہرت۔ مشہور۔
ناموس ع عصمت۔ حرمت۔ توقع خلق سے عزت کی رکھنا۔ نیکنامی۔ شریعت۔ تدبیر سیاست۔ احکام خدا

نامہ ف خط لکھا ہوا کاغذ چٹھی
نامیدن ف نام رکھنا۔
نامیہ ع بڑھنے والی۔ طاقت۔ نمو کرنے والی طاقت۔
نان ف روٹی۔
نان با ف مخفف نان بائی کا روٹی پکانے والا۔
نان رباط ف وہ روٹی جو خانقاہوں میں ملتی ہے۔
نان زرین ف سورج
نان سیمین ف چاند۔
نان گور ف کیسہ۔
نان وقف ف خدا کے نام کی روٹی للہ کا کھانا۔
ناو ف کشتی۔ پرنالہ
ناودان ف نالی۔ پرنالہ نلی جو اندر سے خالی ہو۔
ناورد ف جنگ وجدل تاختن۔
ناوک ف تیر
ناہمتا ف بے نظیر جس کے مانند کوئی اور نہو۔
ناہد ع نارپستان۔ وہ لڑکی جس کی چھاتیاں تھوڑی مدت سے اٹھی ہوں۔
ناہموار ف جو برابر نہو جگہ ناہموار بے ادب
ناہج ع راہ کا چلنے والا۔ راہ فراخ

پیدا کرنے والا۔
ناہنجار ف بد ذات۔ بد اصل
ناہار ف اصل میں ناآہار تھا آہار کہتے ہیں خورش کو یعنے وہ شخص جسنے صبح کچھہ نہ کھایا ہو۔
ناہص ع پرند جو پر کھول کر اڑنے کی تیاری کرے۔
ناہق ع ہینگنے والا۔ گدہے کی آواز
ناہل ع پہلے سے پانی پینے والا
ناہی ع منع کرنے والا۔ روکنے والا
ناہید ف ستارہ۔ زہرہ۔
نای ف نے۔ بانسلی گلا حلق۔
نایاب ف جو چیز نہ پائی جاوے۔ ناموجود
نائب ع قائم مقام
نائچہ ف نیچہ حقے کا۔
نائرہ ع شعلہ لپک آگ کی۔
نائک ف جمع کرنے والا۔
نائل ع پہونچنے والا۔ پانے والا
نائم ع خفتہ۔ سوتا ہوا۔ سونے والا۔
نائیدن ف فخر کرنا۔ ڈینگ کرنا۔
نبات ع روئیدگی۔ گھاس پات۔
نباتی شکر کا ہی۔ مصری۔
نباتی ع روئیدگی کا۔ جو گھاس پات کی ہو۔
نباح ع بھونکنا کتے کا۔

نباش ع کفن چور۔ قبر اوکھیڑنیوالا
نباہت ع چمک شان عزت۔
نباہ ع مشہور۔ امیر۔ عزت والا
نبت ع اوگنا۔ روئیدگی۔
نبر ع بلندی۔ بلند کرنا۔ اٹھانا
نبذ ع تھوڑا۔ ٹکڑا۔
نبراس ع چراغ۔ لالٹین۔ شمع
نبرد ف لڑائی۔ جنگ۔
نبردگاہ ف میدان جنگ کا۔
نبیس ف نواسی یعنے دختر کی لڑکی یا نواسا۔
نبسہ ف پوتے۔ نواسے۔
نبشتن ف لکھنا۔
نبض ع ناری۔ حرکت ہاتھ کے رگ کی۔
نبضان ع مثل نبض کے حرکت کرنے والا۔
نبل ع تیر پھینکنا۔ تیر
نبوت ع پیغمبری۔
نبوع ع چشمہ زمین سے نکلنا پانی کا زمین سے پھوٹ کر اوپر آنا۔
نبہ ع خبردار کرنا۔ تنبیہ کرنا۔ یاد دلانا
نبی ع پیغمبر فرستادہ خدا جو کتاب اور دین لایا ہوا۔
نبیرہ ف پوتا۔ یعنے بیٹے کا بیٹا

نبیرہ ف پوتا- پوتی- نواسہ نواسی
نبیلہ ع خوبصورت- بزرگ- دانا- فربہ
نبق ع بیر
نتاج ع بچہ جننا- پیدائش
نتائج ع جمع ہے نتیجہ کی مراد ہیں مطالب
انجام کار- بچے اولاد-
نتش ع بال اوکھیڑنا- یا پیر اوکھیڑنا
اوکھیڑنا کانٹے کا موچنے سے-
نتف ع بال اوکھیڑنا-
نتن ع بدبو-
نتو ع ابھار- اونچا ہونا کسی چیز کا
ارتفاع-
نتیجہ ع بچہ- حاصل- مطلب- غرض-
نث ع پھیلانا- فاش کرنا- ظاہر کرنا
نثار ع کسی کے سر پر وہ پیسہ یا نقدی بطور
صدقہ بکھیرنا- بکھرا ہوا مال-
نثر ع برخلاف نظم کے جو نظم نہو-
نثرہ ع نام دو ستارہ کا ہے برج اسد
میں منزل آٹھویں منازل قمر سے
نجابت ع شرافت- اصالت
بزرگواری-
نجات ع خلصی ہونا-
نجاح ع حاجت روائی- رستگاری
رستگاری-
نجادہ ع پرتلہ تلوار کا جو کندھے پر

نواسے لیتے ہیں-
نجار ع بڑھئی-
نجار ع اصل جڑ-
نجبا ع جمع ہے نجیب کی-
نجد ع بلند زمین بلند نام ایک ملک
کا ہے درمیان عرب کے جسکی زمین
بلند ہے-
نجدت ع شجاعت- دلیری
نجس ع ناپاک ہونا ناپاک- پلید
نجف ع نام شہر کا ہے جہاں پر قبر
حضرت علی کی ہے-
نجل ع نسل- اولاد- فرزند-
نجوی ع سرگوشی- کانا پھوسی- کان
میں چپکے سے بات کہنا-
نجوم ع جمع ہے نجم کی ستارے-
نجیب ع شریف- بزرگ-
نجیف ع چوڑے سر کا تیر
نحاس ع تانبا-
نحافت ع دبلاپن لاغری-
ناتوانی-
نحت ع چھیلنا- تراشیدن-
صاف کرنا-
نحریر ع دانشمند- زیرک- عالم
نحس ع نامبارک- کھوٹا-
نحل ع شہد کی مکھی-

نحلہ ع بخشش- عطا- صدقہ
نحن ع ہم ہمایان-
نحو ع طریق راہ- مانند- جہاں- علم
نحوست ع نامبارکی- بدشگنی-
نحیب ع آواز رونے کی- آہ
وزاری-
نحیف ع دوبلا- لاغر
نخ ف بٹی ہوئی دھاگا- کچھ ریشم
تار سوت کا-
نخاس ع وہ بازار جس میں حیوانات
یا غلام فروخت کئے جاتے ہیں-
نخالہ ع بھوسی جو آٹے کے چھاننے
سے نکلتی ہے-
نخبت ع انتخاب کی ہوئی چیزیں-
نخچیر ف جانور جنگلی شکار- شکار کرنا
شکار گاہ-
نخست ف اول- پہلے-
نخستین ف پہلا- اول-
نخشع ع سنگ آب بینی-
نخل ع درخت خرما- چھاننا آٹے کا
نخلبند ف باغبان- مالی-
نخوت ع بزرگی- تکبر- غرور-
نخود ف چنا ایک قسم غلے کی ہے
نمو ع ترقی- بڑھاؤ- افراط-
ندی ع تری- آزادی-

نسب ع نسل - نژاد - خاندان
نسبت ع لگاؤ - مناسب - علاقہ
نسیب ع عالی نسب - ہمزاد -
نسترن
نستر ف سیوتی کا پھول سیوتی
نستوہ ف نافرمان غیر مطیع -
نستعلیق ع اسکی اصل مین نسخ تعلیق تھا
چونکہ یہ خط نسخ اور خط تعلیق سے
نکلا ہے اسواسطے یہ نام ہوا بسبب کثرت
استعمال کے خا معجمہ کو حذف کردیا -
نسج ع بنا - بافتن - کپڑا بننا
نسخ ع دور کرنا - رد کرنا - لکھنا - اور نام
خط عربی کا ہے -
نسخہ ع کتاب حکیم جو بیمار کو دوا لکھکر
دے - لکھا ہوا -
نسر ع کرگس - جانور - اور نام ایک
بت کا ہے -
نسر الطائر ع نام اوس شکل کا ہے
کہ بصورت کرگس جانور کے گویا اوڑنے
کو طیار ہے جانب شمال واقع ہے
اسکو عقاب بھی کہتے ہین -
نسرین ع سیوتی کا پھول - سیوتی
کا درخت -
نسق ع روش - دستور ترتیب دینا
نسقچی ف چوبدار منتظم شہر کے اور لشکر
کے لوگون کا -
نسک ف دال مسور کی -
نسک ع قربانی عبادت
نسک ع قربانی اجمع ہے نسیکہ کی -
نسل ع اولاد - کنبہ -
نسم ع آدمی -
نسمت ع آدمی - روح - جان -
نسناس ع بن مانس ایک جانور ہوتا
ہے مشابہ انسان کے -
نسوان
نسوہ ع جمع نسا کی ہے عورتین یہ
جمع الجمع ہے
نسی ع بہت بھولنے والا - اور وہ
شخص جسکو قوم مین شمار نکرین -
نسیان ع فراموشی - بھولنا -
نسیہ ع قرض اودھار -
نسیج ع بنا ہوا - جامہ حریر زرباف -
نسیف ع بنیاد کا اوکھیڑنا -
نسیق ع منتظم - آراستہ کیا ہوا -
نسیم ع نرم ہوا - ٹھنڈی ہوا
خوشبودار سے -
نش ف سایہ کی جگہ -
نشاع پیدا کرنا - نو پیدا ہونا - مجازاً
جہان وعالم -
نشاب ع تیرگر - تیر بنانے والا -
نشات ع پیدائش زمین سے سبزہ کا
اوگنا درخت کا جوابھی اوپر سے ہو -
نشاتین ع دنیا اور آخرت -
نشاط ع خوشی - شادمانی -
نشان ف علم فوج جھنڈا لشکر کا
فرمان بادشاہ کا -
نشاندن ف بٹھلانا -
نشانہ ف جگہ تیر مارنے کی یا گولی
مارنے کی -
نشانیدن ف بٹھلانا -
نشب ع مال خواہ ناطق ہو یا صامت
یا فی زمین -
نشتر ف مخفف ہے نیشتر کا اوزار فصد
کھولنے کا -
نشخوار ف نشوار ع جگالی کرنا - جیسے
بکری یا اونٹ یا گاے جگالی کرتے
ہین -
نشدت ع جستجو کرنا گم ہوئی چیز کا
ڈھونڈھنا -
نشید ع شعر خوانی کرنا آواز بلند کرنا -
نشید ف فارسی مین بمعنی سرود اور گیت
نشر ع بوے خوش - یا بوے دہن
زن یا بغل کی بو -
نشر ع دوبارہ گھاس کا سبز ہونا
آرہ سے لکڑی کاٹنا پھیلانا - فاش

کرنا- مجازاً زندگی نشر پراگندہ اور
پراگندہ ہونا-
نشستن ف بیٹھنا
نشط ع باہر آنا کسی جگہ سے ڈول سے
پانی کھینچنا- سانپ کا کاٹنا-
نشف ع جذب کرنا- جذب کرنا
کپڑے کا پینے یا عرق کو-
نشق ع سونگھنا-
نشکردہ ف پانی- چارون کا اونار
جس سے چمڑا کاٹتے ہین-
نشو ع اوگنا- بڑھنا- پیدا ہونا-
نشوان ع مست متوالا
نشور ع زندہ ہونا جمع نشور قیامت
نشوز ع عورت کا موافقت نکرنا ہمراہ
خاوند کے- خاوند کو چھوڑ کر بیٹھنا-
ناسازگاری عورت کی اوسکی
خاوند سے-
نشو و نما ف پیدا ہونا اور بڑھنا-
اوگنا اور بڑھنا-
نشہ ف بیہوشی کند ہونا حواس کا
بسبب شراب یا بھنگ وغیرہ
کے ہوجاتا ہے-
نشیب ف زمین پست نچان
پستی-
نشیمن ف خلوت کی جگہ آرام کی
جگہ آشیانہ- گھوسلا پرندون کا
نشین ف بیٹھنے والا-
نص ع باریکی کرنا- بلند کرنا- نہایت
تک پہونچنا تاکہ اصل حال کھلجاوے
ظاہر آشکارا حکم قطعی
نصاب ع زر- سرمایہ- پونجی اتنا
مال جس پر زکوۃ واجب ہو مقدار اوسکی
چاندی مین اقل درہم دوسو درہم ہے
نصاح ع جمع ہے ناصح کی نصیحت
کرنے والا-
نصاری ع عیسوی- عیسائی-
نصال ع جمع ہے نصل کی بھالین
تیرون کی-
نصائح ع جمع ہے نصیحت کی-
نصب ع بپا کرنا- دشمن رکھنا
نصب ع بت اور جو چیز واسطے پوجا
کے قائم کرین-
نصح ع نصیحت- …
نصر ع مدد کرنا یاری کرنا-
نصرانی ع جو شخص نصارا ہو یا
مذہب عیسوی رکھتا ہو-
نصرت ع مدد کرنا- کمک دینا
یاری دینا-
نصع ع چمڑا
نصف ع آدھا-
نصفت ع انصاف نیاؤ
نصل ع پیکان تیر- ونیزہ بھال
تیر کی- یا نیزہ کی-
نصوح ع صاف- خالص توبہ
استوار کہ پھر گناہ کرنے کا ارادہ
نہو نام ایک حجام کا ہے جسکا قصہ
مثنوی معنوی مین ہے-
نصیب ع قسمت- حصہ- تقدیر
نصیبہ ع قسمت- حصہ-
نصیح ع نصیحت کرنے والا-
نصیحت ع پند- بھلے کی بات-
نصیر ع مددگار- یاری دہندہ
نصیری ع نام ایک فرقہ کا ہے
جو منسوب نصیر سے ہین نصیر ایک
شخص فدای حضرت علیؑ کا تھا اب
نصیری بمعنی فدوی جان نثار کے
ہین-
نضار ع زر- سونا خالص- طلا
سرشتہ خالص-
نضارت ع تازگی آبداری-
نضج ع پختہ ہونا میوہ کا یا پکنا ہر شے کا
نضیج ع پختہ پکا ہوا-
نضر ع تر و تازہ ہونا- تر و تازگی
نضرت ع تازگی-
نضو ع دور کرنا- اوٹھانا- رفع کرنا

نضوب ع روان ہونا۔ مرنا۔ کم ہونا
نبات کا سخت ہونا پشت گھاؤ کا۔
نضیر ع تازہ۔ آبدار۔ نام ایک قبیلہ
یہود کا بھی ہے۔
نطاق ع کمر بند۔ پٹکہ مرد کا۔
نطح ع سینگ مارنا بھیڑ وغیرہ کا۔
نطف ع عیب۔ بدی۔ تباہی۔
زخم پشت۔ عیب آلودہ ہونا۔
نطفہ ع آب صاف۔ روشن
مرد کا پانی۔
نطف ع جمع ہے نطفے کی
نطق ع بات کرنا۔ بولنا۔
نطوع ع تنا۔ دوری۔ خاموشی۔
نطول ع تریرہ پانی کا دینا دوا ڈالکر
یا پانی گرم کر بدن پر ڈالنا۔
نظارت ع نظر کرنا۔ کسی چیز کو دیکھنا
نگہبانی۔
نظارگی ف دیکھنا۔ دیدبازی کرنا
مجازاً دیکھنے والا۔
نظارہ ع دیکھنا کسی چیز کا۔
نظافت ع پاکیزگی
نظام ع انتظام۔ سلسلہ کسی انتظام کا
نظائر ع جمع ہے نظیر کی امثال۔
نظر ع نگاہ۔ فکر۔
نظربند ف وہ قیدی جو نظر سے
غائب نہونے پاوے
نظرتنگ ف کنجوس
نظرباز ف وہ شخص جو صرف دیکھنے
کا مزہ اوٹھاوے۔
نظم ع پرونا موتیون کا دھاگے میں
پرونا۔ مجازاً کلام موزون شعر
نظم ونسق ع انتظام کرنا۔ آراستگی۔
نظیر ع مانند۔ مثل۔
نظیف ع حلال و پاک۔ طاہر
نعاب ع کوے کا بچہ۔ زاغ۔
نعاس ع غنودگی۔ نیند کرنا۔ اونگھنا
نعال ع جمع ہے نعل کی جوتیان
نعام ع شترمرغ۔
نعامی ع جنوب کی ہوا۔
نعائم ع نام بیسوین منزل کا منازل
قمر سے اور جمع ہے نعامہ کی بمعنی
شترمرغ ہیں۔
نعت ع تعریف۔ صفت۔
نعج ع سپیدی۔ خالص۔ گرانی دل
نعجہ ع مادہ۔ میش۔ بھیڑی۔
نعرہ ع آواز جو زور سے کیجاوے
نعش ع نرمی اور سستی راستے کی
سستی جسم کی۔
نعش ع جنازہ مردہ کا۔
نعل ع جوتی۔ پاپوش کفش۔
نعلبند ف وہ شخص جو چارپایون کی
نعل باندھتا ہے۔
نعل بہا ف جو راجہ یا بادشاہ اپنے
ملک کی آمدنی دوسرے قوی بادشاہ
کو دے۔
نعلین ع دو جوتیان
نعم ع جمع ہے نعمت کی نعم ہان
چارپایہ
نعم ع نازکی۔ نرمی۔ خوبی۔
نعما ع کلمہ صیغہ اسم جنس کا ہے
جمع نہیں ہے بعضے اسکو اسم جمع
کہتے ہیں۔
نعمان ع ایک بادشاہ عرب کا نام
جسکو نعمان بن منذر کہتے ہین اور
امام ابو حنیفہ کو بھی کہتے ہین۔
نعمت ع مال۔ روزی۔ ناز۔
آسایش نکوئی بخشش عطا۔
نعناع ع پودینہ۔
نعوت ع جمع ہے نعت کی۔
نعوذ ع پناہ مانگتے ہین ہم۔
نعوذباللہ ع پناہ مانگتے ہین ہم خدا سے
نعوس ع شیردار۔ دودھ والی اونٹنی
نعومت ع نازکی۔ نرمی۔ نازک ہونا
نرم ہونا۔

نعی ع خبر مرگ - موت کی خبر
نعیت
نعیق ع آواز کوے کی - بانگ زاغ -
نعیم ع بہشت - نعمت - نیکی - دستر[illegible]
نغم ع جمع ہے نغمہ کی - گیت - اور راگ بہت سے -
نغمات ع خوش آوازین - سہاونی آوازین -
نفاخ ع پھلانے والا -
نفاذ ع جاری ہونا حکم کا گھسنا تیر کا کسی جا سے -
نفار ع بہت نفرت کرنے والا
نفاس ع عورت جب زچہ ہوتی ہے اور خون اوسکا جاری ہوتا ہے اوس خون کے اجرا کو نفاس کہتے ہین -
نفاست ع خوبی - پسندیدگی لطافت
نفاق ع دل مین کچھ اور ظاہر کچھ کرنا دوغلاپن - دشمنی رکھنا - دو دلی
نفائس ع جمع ہے نفیسہ کی
نفح ع خوشبو دہکن -
نفحات ع خوشبو
نفحت ع خوشبو - لپیٹ
نفخ ع پھونکنا - ہوا سے بھرنا
نفذ ع روانی کسی شے کی - جاری ہونا کسی چیز کا -

نفر ع گروہ آدمیون کا تین سے دس تک جاکر -
نفرت ع کسی چیز سے بھاگنا - گھن کرنا -
نفرة ع ایکبار گھن کرنا - رسیدگی
نفس نباتی ع وہ روح جو روئیدگی اور درختون مین ہوتی ہے -
نفرین ف دعاے بد - ملامت - پھٹکار
نفس ع سانس - دم اسکی جمع انفاس آتی ہے
نفس ع جان - روح حقیقت شی کی ہستی - عین ہر شے کا -
نفس الامر ع حقیقت کسی کام کی اصل - مدعا - ثابت - محقق - واقعی
نفس امارہ ع خواہش طبیعت انسان کیطرف لذت دنیا کی امارہ بمعنی حکم کرنے والا
نفس بہیمی ع جان حیوان کی مراد نفس امارہ -
نفسانی ع منسوب بہ نفس نفس کا
نفوس ثلاثہ ع نفس امارہ - نفس لوامہ - نفس مطمئنہ
نفسانیت ع خودغرضی - ہنگامی [illegible]
نفس زدن ف سانس لینا -
نفس ناطقہ ع روح - بولنا -
انسان کا -
نفس واپسین ف مرتے وقت کی سانس
نفسی ع اپنا منسوب بہ نفس ہے
نفسی ع سانس کا منسوب نفس سے
نفش ع پشم ارزانی -
نفط ع بالکسر آبلہ -
نفطت ع چیچک آبلہ
نفق ع راہ باریک زمین کے اندر جو کسی اور جا سے نکلتا ہو - سوراخ -
نفقہ ع خرچ جو اولاد اور عیال کو یا بیوی کو دیا جاوے - خرچ خانہ -
نفل ع وہ عبادت جو بندہ پر واجب نہو - زائد -
نفوذ ع گذرنا - جاری ہونا فرمان یا نامہ کا اثر کرنا -
نفور ع بھاگنے والا - نفرت کرنیوالا
نفوس ع جمع ہے نفس کی جانین - ارواح
نفوس قدسیہ ع پاک نفوس پاک روحین یعنے پیغمبر لوگ - فرشتے - نیک لوگ -
نفی ع دور کرنا - نہین - شہر سے بدر کرنا -
نفیس ع چیز قیمتی - گرانمایہ - لطیف پسندیدہ
نقاب ع پردہ جو منہ پر ڈالتے ہین

یا کسی نفیس چیز پر ڈالیں۔

نقابت ع سفیدی کی نقابت تعریف کرنا سراہنا۔

نقاد ع پرکھنے والا زرکا۔ کھوٹے کو کھرے سے پرکھنے والا۔

نقار ع کینہ۔ عناد۔

نقارچی ع نقارہ بجانے والا

نقاش عر دھیلکہ راگ۔ وہ بازی نرد کا جو موافق مطلب کے آوے لیا جائے سنہ ادا ری۔

نقاش عر چیرکار نقش کرنے والا

نقاشی ع پیشہ نقش کرنے کا

نقاط ع جمع ہے نقطہ کی۔

نقال عر نقل کرنے والا۔

نقاوت ع پاکیزگی

نقاوہ ع برگزیدہ۔ پسندیدہ۔

نقاہت ع ضعف ناتوانی ناطاقتی جو بیماری میں ہوتی ہے۔

نقائص عر جمع ہے نقیصہ کی سخن عیب ہا۔ بد خوئیں۔

نقب ع سوراخ کرنا دیوار میں سینڈھ لگانا۔

نقباء ع جمع نقیب کی ہے۔

نقد ع آمادہ کرنا۔ دینا۔ پرکھنا۔ روپے پیسے کا۔

نقرس عر وہ درد جو پیروں کی انگلیوں میں ہوتا ہے۔

نقرہ عر چاندی گلی ہوئی اور گردن پر انسان کے جو گڑھا ہوتا ہے

نقری عر منسوب بہ نقرہ چاندی کا

نقشہ ق تصویر نمونہ کسی چیز کا

نقص عر کمی۔ کم ہونا۔ کم کرنا۔

نقصان ع کمی

نقض ع توڑنا شکستن۔

نقط ع جمع ہے نقطہ کی۔

نقطہ ع خط کی انتہا۔ وہ مقدار تقسیم نہ قبول کرسکے اور اوسکی طرف اشارہ کرسکیں۔

نقع ع غبار۔ گرد۔

نقل عر حاضر جوابی۔ حکایا لکھنا۔ کسی چیز کا نمونہ بنانا۔

نقل عر مشہور شیرینی ہے۔

نقمت ع عذاب کینہ بغض عداوت۔

نقود ع جمع نقد کی ہے۔

نقوش ع جمع نقش کی۔

نقوع عر ترکیا ہوا میوہ یا دوا بھیگی ہوئی

نقول عر جمع ہے نقل کی۔

نقی عر پاک خالص۔

نقیب ع گواہ۔ قوم سردار وہ شخص جسکو نسب معلوم ہوں۔

نقیر ع اصل حب کھجور کی گٹھلی کی پشت پر جو ایک گڑھا ہوتا ہے حقیر۔

نقیصت ع نقصان عیب۔ بدی

نقیض عر توڑنے والا۔ رفع کرنیوالا ایک شئے کا ضد۔

نقیع ع آب ایستادہ۔ خوشگوار آب شیریں خشک بھیگا ہوا۔

نقیمہ ع کلمہ سخن

نکات ع جمع نکتہ کی نکتے

نکاح ع شادی کرنا۔ جمیعہ کرنا۔

نکاحی ع شادی کی ہوئی عورت

نکال عر عذاب۔ رنج۔ دکھ۔

نکث عر عہد شکنی۔ عہد توڑنا۔

نگ ف تالو منہ کا نگینہ

نگار ف نقش۔ معشوق۔ اور وہ نقش مہندی کا جو معشوق کے ہاتھ پر ہوتا ہے۔

نگارینہ ف معشوق۔

نگارخانہ ف تصویرات کا مکان۔

نگارستی ف مراد شیریں سے جو معشوقہ فرہاد کی تھی۔

نگارعالم ف بہت خوبصورت۔

نگارش ف لکھنا۔

نگاشتن ف لکھنا۔
نگاه ف نگہ۔ نظر
نگاہبان ف چوکیدار
نگاہداشت ف حفاظت۔ ہوشیاری
نگاہداشتن ف نگاہ رکھنا۔
نگاہ کردن ف دیکھنا۔
نکب ع کج و سختی نکوب جمع۔
نکبا ع جھکا ہوا کا وہ ہوا جو درمیان صبا اور شمال کے چلے۔
نکبت ع خواری۔ ذلت۔ رنج۔ خشکی
نکوب جمع۔
نکات ع جمع ہے نکتہ کی۔
نکتہ ع بات پاکیزہ جو پوشیدہ ہو ہر ایک نہ سمجھ سکے
نکتہ دان ف باریک بات جاننے والا
نکح ع فرج
نکہ ع بمعنی فال۔ دشوار خو۔ کمی روٹھنا عیش
نکر ع زیرکی نکر۔ زیرک۔
نکرہ ع ناشناسی ناآشنائی۔ ضد معرفہ کی۔
نگر ف دیکھ۔ دیکھو
نگران ف دیکھنے والا۔ منتظر
نگریدن ف دیکھنا۔
نگریستن ف دیکھنا۔ نگاہ کرنا۔

نکس ع بیماری کا پھر عود کرنا۔ سرنگون کرنا۔ اوندھا پڑنا۔
نکص ع بدحال ہونا۔ برگشتہ ہونا۔ کسی کام سے جسکے پہلے درپے ہو
نکو ف خوب اچھا۔
نکول ع قسم کھانے سے انکار کرنا انکار کرنا۔
نکوہش ف دھمکانا۔ سرزنش۔ ملامت
نکوہیدن ف ملامت کرنا سرزنش کرنا
نگون ف خم شدہ کبڑا۔ اوندھا۔
نکوئی ف بھلائی۔
نگہبان ف چوکیدار۔ نگہ رکھنے والا
نگہبانی ف حفاظت۔
نکہت ع خوشبو منہ کی۔ منہ کی بو۔
نگہت ف
نگین ف نگینہ۔
نم ف تری
نما ع بڑھنا۔ بلند ہونا۔ و بت کا۔ اوگنا
نمارق ع جمع ہے نمرقہ کی تکیے۔ بالشا
نمازی ف نماز پڑھنے والا۔
نمام ع چغل خور۔ غماز
نمامی ع چغل خوری۔ غمازی۔
نمایاں ف نمودار ہونے والا۔ مجازاً کلان۔ بہت۔
نمایش ف دکھلاوٹ۔ نموداری

نمد ع نمدہ۔
نمدپوش ف نمدہ پہننے والا۔
نمدزین ف وہ نمدہ جو زین کے نیچے گھوڑے کی پیٹھ پر ڈالتے ہیں جسکو خوگیر کہتے ہیں۔
نمر ع چیتا پلنگ۔ مشہور درندہ ہے
نمط ع بچھونا۔ فرش رنگین۔ روش دستور۔
نمرود ع نام ایک بادشاہ کافر کا ہے جو زمانہ قدیم میں گذرا ہے
نمش ع ایک مرض ہے جسکے سبب بدن کی کھال پر چھیپ اور نکتے پڑجاتے ہیں۔
نمک حرام ف وہ شخص جو طرفدار اپنے آقا کا نہو۔
نمک حلال ف طرفدار مالک کا
نمکدان ف نمک رکھنے کا برتن۔
نمکین ف نمک دیا ہوا۔ نمک آلودہ منسوب بہ نمک۔
نمل ع چیونٹی۔ کیڑی۔
نمگیرہ ف وہ کپڑا جو پلنگ پر اوپر چھت کے لگاتے ہیں تاکہ تری شبنم کی نہ پہونچے
نملہ ع پھنسیاں صفراوی ہوتی ہیں جو بتدریج پھیل جاتی ہیں۔
نمناک ف تری سے بھرا ہوا۔ تر۔

نموع ع بالیدگی - اوگنا - افزایش
نمود ف ظاہر ہونا - شان شوکت
نمودار ف ایضاً
نمودن ف دیکھنا - دکھانا - کرنا
نمونج ع نمونہ -
نمی ف تری -
نمیر ع آب خوشگوار شیرین میٹھا پانی
نمیقہ ع لکھا ہوا - مکتوب - نامہ -
نملہ جمع ع اسکی نمائش آتی ہے -
نہنگ ف سہم
نمیم ع چغل خور
نمیمہ ع چغل خوری -
نو ف نیا -
نوا ف آواز - نام ایک مقام راگ کا ہے
بار و مقام سے سامان اسباب وغیرہ
نواب ع بہت نیابت کرنے والا
نوابت ع گھاس اور سبزہ گیاہ
جمع نابت کی -
نوات ع گٹھلی خرما کی -
نواح ع اطراف -
نواحی ع جمع ناحیہ کی کونے - اطراف
نواختن ف نوازنا - بجانا -
نوادر ع جمع ہے نادرہ کی عجیب اشیا
نوادہ ف پوتا بیٹے کا بیٹا -
نوار ف جسکو ہندی میں نواڑ کہتے ہیں -
جس سے پلنگ بنتے ہیں -
نوازش ف نوازنا - مہربانی - عنایت
نوازشات ف جمع ہے نوازش کی -
نوازل ع جمع ہے نازلہ کی مصیبتیں -
نوازندگی ف باجا بجانا -
نواسا ف فرزندزادہ - خصوصاً -
دخترزادہ -
نواسی ف دخترزادی -
نواصب ع ایک گروہ ہے مسلمانون کا
ہیں جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے
دشمنی رکھتے ہیں اونکو ناصبی بھی
کہتے ہیں -
نوافل ع زائد مطلب سے زائد اشیا
نوال ع بخشش - عطا - دہش -
نوآموز ف نوسکھ - مبتدی - نیا سیکھنے والا
نوآورد ف اختراع نئی بات نکالی ہوئی
نواہی ع جمع ہے نہی کی ممنوعات -
نوآئین ع زیبا - آراستہ نئی بات پیدا
نیا - آراستگی اور زیبائش گھر کی اور وہ
شخص جو نئی بات نکالے -
نوائب ع جمع نائبہ کی مصیبتیں حوادث
نوبات ع جمع ہے نوبت کی باریاں -
نوباوہ ف نئی چیز نیا میوہ - نیا درخت
اوگا ہوا - خوش آئندہ شے -
نوبت ع وقت کسی چیز کا مصیبت -
باری مرتبہ - نقارہ خیمہ پہر محافظت -
نوبتی ف وہ جو ہر نوبت بجاتے ہیں
نوبہار ف وہ شئی جسپر نئی بہار ہو - موسم
بسنت آتشک وبچی کا -
نوپیدا ف جو چیز ابھی پیدا ہوئی ہو -
نوجوان ف وہ جسکی ابھی ڈاڑھی
نہ نکلی ہو -
نوح ع آواز قمری - کبوتر -
نوحہ ع مردے پر رونا -
نوحہ گر ف نوحہ کرنیوالی عورت یا مرد
نوخواستہ ف جوان - نیا اوٹھا ہوا گبرو
نود ف نوے (۹۰) اور معدود -
نور ع روشنی -
نور ع کلی غنچہ پھول کا -
نور الٰہی ع خدا کا نور -
نورانی ع منور - روشن جسمین نور ہو -
نوربخش ف روشنی دینے والا -
نور بخشنے والا -
نورچشم ف آنکھ کا نور - مجازاً -
فرزند - بیٹا -
نورد ف پیچ وتاب -
نوردیدن
نوردن ف لپیٹنا -
نورس ف میوہ تازہ نیا پکا ہوا -
نوروز ف اول روز ماہ فروردین کا

گئے جس روز کہ آفتاب نقطۂ حمل پر آتا
ہے ۲۲ مارچ کی ۔
نوزدہ ف انیس ۱۹
نوش ف امرت ۔ شہد ۔ امر ہے نوشیدن
سے شیریں ۔ گوارا ۔ آبحیات ۔ تریاق
زندگی ۔
نوشادر ف مشہور کھار ہے نوش کے
معنے تریاق اور در کے معنے آتش یعنے
وہ تریاق جو آگ سے ہوتا ہے ۔
نوشت ف تحریر ۔ لکھت ۔
نوشتن ف لپیٹنا ۔
نوشتن ف لکھنا
نوشتہ ف لکھا ہوا ۔ سند ۔
نوشندہ ف پینے والا ۔
نوشیدن ف پینا ۔
نوشین ف گوارا شیریں مخفف ۔
نوشین کا بھی ہے اور سکے معنے سننے
اور کان کے ہیں ۔
نوشیروان ف نام بادشاہ فارس کا
نوط ع لٹکانا ۔
نوع ع قسم اور وہ کلی ہے جس میں حقیقت
اپنے افراد کی ہو جیسے انسان ۔
نوق ع جمع ہے ناقہ کی اونٹنیاں ۔
نوکر ف خدمتگار ۔ ٹہلیا
نوال ع عطا ۔ بخشش اگر فارسی کہیں تو

پرندوں کی چونچ کوزہ ۔
نوم ع نیند
نومید ف نا امید
نومیدی ف نا امید ۔ نا امید ہونا
نون ع مچھلی ۔ ماہی ۔ تلوار ۔ نام شہر
دوات و سیاہی شب چاہ زنخدان
نونہال ف نیا پودہ درخت کا ۔
نوئین ف بادشاہزادہ ۔ سلاطین
نوید ف خوشخبری
نویدن ف رونا ۔ زاری کرنا ۔ حرکت
کرنا ۔ ہلنا ۔ لرزنا ۔
نویسانیدن ف لکھوانا ۔
نہ ف نہیں ۔ شہر جیسے نیشاپور اسکی
اصل نہ شاپور تھا یعنے شہر شاپور کا
نہ ف (۹)
نہاد ف بنیاد ۔ اصل ۔ پیدائش ۔
طبیعت ۔ باطن اور نہاد بالفتح طرز و
روش ۔ رسم ۔ عادت ۔
نہادن ف رکھنا ۔
نہار ع دن ۔ روز
نہار ف صبح سے نہ کھانا مخفف ہے
ناہار کا ۔
نہال ف درخت ۔ بستر توشک ۔
نہالی ف توشک ۔ بستر ۔
نہان ف پوشیدہ چھپا ہوا ۔

نہان شدن ف پوشیدہ ہونا
چھپ جانا ۔
نہانی ف پوشیدگی ۔
نہایت ع انتہا ۔ انجام ۔ حد
نہب ع لوٹ ۔ غارت ۔ غنیمت ۔
نہج ع راہ راست ۔ راہ کشادہ ۔
نہر ع ایک شاخ دریا کی دھارا ۔
نہشتن ف رکھنا ۔ چھوڑنا
نہش ع ڈنک سانپ بچھو وغیرہ کا
کاٹنا سانپ کتے وغیرہ کا ۔
نہضت ع اٹھنا ۔ قصد کرنا ۔ کوچ کرنا
نہنگ ف ناکو جو دریا میں ہوتا ہے
نہفت ف ماضی ہے نہفتن کا یعنے
چھپایا اور پوشیدہ کیا ۔ اور پوشیدگی
معنی میں بھی آیا ہے ۔
نہفتن ف چھپنا ۔ چھپانا ۔
نہم ف نواں حصہ (۹/۱)
نہمت ع ہمت باندھنا ۔ ارادہ کرنا
کسی چیز پر حرص کرنا ۔ مراد ۔
نہود ع ابھرنا ۔ اٹھنا چھاتیوں کا
نار پستان ہونا عورت کا ۔
نہوکت ع لاغری ۔ گھسنا ۔ فرسودگی
نہی ع ممانعت ۔ منع کرنا ۔
نہیب ع خوف ۔ ڈر آواز مہیب ناک
نہیق ع گدھے کی آواز ۔

نی ف بالفرض - بالفعل -
نیا ف دادا - نانا - قدر - عظمت
نیابت ع نائب ہونا - قائم مقام ہونا کسیکی جگہ -
نیاح ع نوحہ کرنا - رونا - پیٹنا
نیاز ف حاجت - احتیاج - حاجتمند - محتاج - آرزومند - میل - خواہش اظہار محبت - تحفہ درویشون کا -
نیازمند ف حاجتمند - محتاج -
نیاق ع جمع ناقہ کی اونٹنیان
نیام ف میان تلوار وغیرہ کا
نیام ع جمع ہے نوم کی نیندین خوابہا اور نائم کی جمع بھی ہے یعنی سوتے ہوے لوگ - مردان خوابیدہ -
نیایش ف تحسین - دعا - آفرینش
نیت ع ارادہ
نیر ع روشن ستارہ -
نیر اعظم ع آفتاب
نیران ع آگ -
نیرنگ ف جادو - جادوگری - طلسم - مکر - حیلہ - مادہ ہر شے کا خاکہ کسی تصویر کا
نیرو ف زور - طاقت - قوت - قدرت - تقدیر -
نیز ف بھی -

نیزہ ف بھالا
نیسان ف نام ساتوین ماہ رومیون کا ہے اوس مہینے مین جو بارش ہوتی ہے اوس مہینے کو بھی کہتے ہین -
نیستان ف وہ جنگل جہان پر نے کے درخت بہت ہون -
نیست ف نہین - عدم
نیست شدن ف نہونا - معدوم ہونا
نیستی ف نیست ہونا -
نیش ف تیزی نوک کی جیسے چھری کی نوک ہوتی ہے ڈنک بچھو یا سانپ کا -
نیشتر ف اوزار فصد کھولنے کا -
نیش زدن ف ڈنک مارنا -
نیشکر ف گنا -
نیک ف بھلا - بھلا آدمی - خوب
نیکو ف اچھا - خوب -
نیکوئی ف بھلائی -
نیکی ف بھلائی - خوبی -
نیل ع پانا - پہونچنا -
نیل گاو ف ایک قسم کا چارپایہ جنگلی ہوتا ہے -
نیلگون ف نیلا رنگ
نیم ف آدھا - نصف
نیم بسمل ف آدھا گھائل -
نیچہ ف چھوٹی نے - حقے کی نے -

نیمہ ف ادھورا - آدھا -
نے ف نہین نہین -
نیو ف پہلوان - شجاع - دلیر - مردانہ
نیوشیدن ف سننا - ڈھونڈنا طلب کرنا -

باب الواو

وا ع کشادہ - کھلا ہوا - جدا -
وابستگان ف رشتہ دار ایک گھر کے - متعلق لوگ -
وابستن ف باندھنا -
وابستہ ف بندھا ہوا - متعلق - رشتہ دار -
واپس ف ہٹا ہوا - لوٹا ہوا -
واپسین ف پچھلا - آخرین -
واثق ع مضبوط
واجب ع دائم - ہمیشہ - لازم - سزاوار ہونے والا - اور وہ جو اپنے وجود مین محتاج دوسرے کا نہو یعنے خداے تعالے -
واجبات ع جمع ہے واجب کی فرائض -
واجب الوجود ع جسکی ذات مقتضی اوسکے وجود کی ہو خداے تعالے
واجبی ع وہ بات جو درست ہو یا واجب ہو وظیفہ روزینہ -

وا... کے ... کی بات ...
والا - وجود و سینے والا -
واجستن ف ڈھونڈنا - تلاش کرنا
واجیب ع جسکا دل دھڑکتا ہو -
واچیدن ف چننا - چگنا -
واحد ع ایک - یکتا -
واچیدن ف جدائی کرنا - ایک دوسرے سے جدا کرنا -
واخریدن ف ظاہر خریدنا - سب کے سامنے خریدنا - خریدنا -
واخواست ف مطالبہ - بازخواست حساب لینا -
واخوردن ف ملاقات کرنا -
وادادن ف سب کے ظاہر میں دینا
واداشتن ف رکھنا
وادع ع رخصت کرنے والا -
وادی ع جنگل - نالی پانی کی زمین نشیب ہموار کم درخت جہاں پر سیلاب کے جانے کی راہ ہو مجازاً مقدمہ معاملہ -
وادیدن ف دیکھنا -
وار ف مانند - لائق - طرز - روش دستور - یہ کلمہ نسبت کا ہے جیسے سوگوار - تقصیروار -
وارث ع میراث لینے والا -

وا... ع رہ حال ... برگشتہ سے
وارد ع آنے والا - قاصد -
وارسیدن ف پہونچنا - خبر پانا -
وارستگی ف آزادگی - فارغ دل ہونا -
وارفتن ف جانا
وارفتگی ف مضمحل ہونا - گداز پن
وارز ف کھلا ہوا - ظاہر -
وارگون ف برگشتہ - بدنصیب نامبارک - منحوس -
واژون ف اوندھا - اولٹا - برگشتہ
واسط ع بیچ والی -
واسطی ع واسط شہر کا جیسے واسطی قلم یعنے شہر واسط کا قلم -
واسع ع پھیلنے والا - وسیع -
واثق ع مضبوط -
والسلام ع اور سلام پہونچے -
واسوختن ف بیزار ہونا - روگردانی کرنا معشوق سے اسی لفظ سے واسوخت بنا ہے -
واسوختگی ف سوختگی - جلن
واشدن ف شگفتہ ہونا - جدا ہونا تکلیف سے نکلنا -
واشی ع جھوٹا - دروغ گو -

واصل ع ... والا - ملاقات کرنے والا -
واضح ع روشن کھلا ہوا -
واضع ع رکھنے والا کسی چیز کا اور کسی جگہ پر پیدا کرنیوالا - بنانے والا -
واعد ع وعدہ کرنے والا
واغتنام ع غنیمت کرنے والا -
واعی ع نگہبان - یاد کرنے والا - نگہ رکھنے والا -
واعجبا ع مقام افسوس پر کہتے ہیں یعنے اے تعجب -
وافد ع قاصد - سامنے کسی کے جانے والا - شترسوار -
وافر ع بہت کثیر -
وافی ع پورا - تمام کمال -
واقع ع ہونے والا -
واقعات ع جمع ہے واقعہ کی -
واقعہ ع جنگ - حادثہ - سختی - بیتا مرنا - حال -
واقع شدن ع ہونا - مجازاً دوچار ہونا -
واقعی ع درست - منسوب بواقع -
واقف ع کھڑا ہونے والا - جاننے والا -
واقفیت ع جان پہچان - علم -

واقی
واقی ع نگہ رکھنے والا یعنی بچانے والا
واکردن ف کھول دینا - فارغ کر دینا -
واگرنہ ف اور نہیں تو
والا ف بلند مرتبہ - ایک قسم کا کپڑا ریشمی
والا ع اور نہیں تو
والاجاہ ف بلند مرتبہ -
والد ع باپ جننے والا -
والدہ ع ماں جننے والی
والدین ع ماں - باپ
واللہ ع قسم خدا کی -
واللہ اعلم ع اور خدا خوب جانتا ہے
والہ ع شیفتہ - سرگشتہ - عاشق مفتون
والی ع دوست - حاکم - مالک - قریب - خویش -
وام ف قرض
وامخواہ ف قرضخواہ
واماندگان ف پیچھے رہے ہوئے جمع واماندہ کی
واماندن ف پیچھے رہنا - پس ماندن باقی رہنا -
واماندہ ف پس ماندہ باقی رہا ہوا پس خوردہ - جھوٹا کھانا -
وامق ع عاشق

وانگرستن ف دیکھنا -
وانمودن ف ظاہر کرنا -
واویلا ع افسوس - مجازاً - فریاد -
واہ ع خوب
واہب ع بخشنے والا -
واہم ع وہم کرنے والا
واہمہ ع قوت وہم کی - وہ قوت جو جزئیات کو معلوم کرے -
واہی ع سست
وبا ع موت - عام موت جو بسبب ہوا خراب ہونے کے ہوتی ہے
وبال ع سختی - گرانی - عذاب - بوجھ
وتد ع میخ لکڑی کی کیلی - کیلا -
وتر ع تنہا - طاق -
وتر ع زہ کمان کی - چلا -
وتیرہ ع راہ - روش - اصل دستور
وتین ع وہ رگ ہے جس سے دل معلق ہے -
وثاق ع بند - قید
وثن ع بت پتھر کا یا کسی اور چیز کا
وثوق ع استواری - اعتماد -
وثق ع اعتبار -
وثیق ع استوار - مضبوط -
وثیقہ ع استواری - عہد و پیمان - عہدنامہ -

وجاہت ع خوبروئی - عزت - چہرہ کا روشن ہونا -
وجب ع بالشت -
وجد ع غمگین ہونا - شیفتہ ہونا - مجازاً حالت ذوق و شوق کی -
وجدان ع گم شدہ کو پانا - جاننا - دریافت کرنا -
وجع ع درد - دکھ -
وجل ع ڈرپوک - وہ شخص جو بسبب وہم کے خائف ہو -
وجل ع ڈرنا - خوف کرنا -
وجنہ ع گال - رخسارہ
وجوب ع واجب ہونا - لازم ہونا -
وجود ع پانا مطلوب کا - اور معنی مجازاً جسم بدن
وجوہ ع جمع ہے وجہ کی -
وجہ ع رو - چہرہ - طریقہ - طور - ذات حقیقت کسی چیز کی اور وہ چیز جسکے سبب معاش کریں جیسے زمین مشاہرہ وغیرہ -
وجیع ع درد دہندہ -
وجیز ع کوتاہ - مختصر
وجیہ ع مرد صاحب جاہ - مرد - خوب صورت - خوشنما شے -
وحدان ع جمع ہے وحد کی -

وحدانیت ع واحد ہونا۔ ایک ہونا
وحدت ع یگانہ ہونا۔ تنہائی۔ ایک ہونا۔
وحدت ارادی ع ر ایک دل ہونا آدمیوں کا اپنے ارادے سے بدون جبر کے جیسے ایک نبی کی امت کے لوگ ہوتے ہیں۔
وحدت قہری ع ر وہ وحدت جو بسبب قہر اور غلبہ بادشاہ کے لوگوں میں حاصل ہو جاوے جیسے نوکروں نائبوں میں ہوتی ہے۔
وحدت نوعی ع ر بسبب ایک نوع ہونے کے جو وحدت حاصل ہو جیسے انسان کے افراد میں ہے۔
وحش ع ر جمع ہے وحشی کی۔ جنگلی جانور
وحشت ع نفرت آدمیوں سے جیسے جانوروں میں ہوتی ہے۔
وحشی ع ر جنگلی جانور جو آدمیوں سے بھاگ جاوے۔
وحل ع ر کیچڑ۔ وہ زمین جو پانی کے سبب نرم ہو گئی ہو۔
وحوش ع جمع وحش کی۔ جانوران صحرائی۔
وحی ع پیغام خدا [illegible]
وحید ع یگانہ۔ تنہا۔ یکتا۔

وخامت ع ناموافقت۔ دشواری۔ گرانی۔
وخیم ع دشوار۔ گران۔ ناگوار۔ بدزشت۔
وداد ع دوستی۔ محبت
وداع ع رخصت کرنا۔
ودائع ع ر جمع ہے ودیعت کی۔ امانتیں۔
ودیعت ع امانت۔ [illegible]
وراثت ع وارث ہونا۔ مُردے کے مال کا۔
وراق ع کاغذ کاٹنے والا۔ ود لکھنے آدمی۔ لکھنے والا۔
وراق ع سبزی زمین کی بسبب گھاس اور نباتات کے۔
ورای ع سوا۔ پیچھے۔ جانب۔ بیرون۔ وغیرہ۔
وری ع دنیا۔ مخلوقات۔
ورثہ ع میراث پانے والے لوگ یہ جمع وارث کی ہے۔
ورخرج ف فضول خرچ۔ زیادہ خرچ کرنے والا۔
ورد ع گل سرخ۔ گلاب کا پھول۔
وِرد ع ہر روز کا کام۔ جا سے پانی پینے کی۔
وردی ع گلاب کی رنگت۔

ورزش ف ورز چلانا۔ کثرت کرنا۔
ورزیدن ف زحمت یا کرنا مشق کرنا۔
ورطہ ع بھنور پانی کا۔
ورع ع ر پرہیزگار۔ پارسا۔ نیک آدمی
ورع ع پرہیزگاری
ورغلانیدن ف بہکانا۔
ورق ع ر پتا درخت کا۔ ورق کاغذ
ورقا ع فاختہ۔ کبوتر۔
ورک ع چوتڑ۔ کولا۔ سرین۔
ورم ف سوج۔ پھول جانا جسم کا بسبب بیماری کے۔
ورنہ ف اور نہیں تو۔
ورود ع کسی جگہ کے اندر جانا۔ نازل ہونا۔
ورہ ف بے وقوف۔ احمق۔
ورید ع ر رگ گردن کی۔
وزارت ع وزیر ہونا۔
وزر ع گرانی۔ بوجھ۔ گناہ۔ ہتھیار۔ اسکی جمع اوزار آتی ہے۔
وزرا ع جمع ہے وزیر کی۔
وزن ع تولنا۔ بوجھ۔ اندازہ۔
وزیدن ف ہوا چلنا۔
وزیر ع ر شریک بار برداری کا چونکہ سلطنت کے کام کا بوجھ اٹھانے میں وزیر

شریک بادشاہ کا ہونا ۔ اسواسطے
اس عہدے کا نام وزیر رکھا گیا۔
وسادہ عم تکیہ اسکی جمع وسائد آتی ہے
وساطت ع درمیان ہونا ۔ وسیلہ
ہونا ۔ واسطہ ہونا۔
وسالت ع وسیلہ ہونا ۔ ذریعہ پن
وسیلہ پن۔
وسامت ع خوبی ۔ زیبائی۔
وساوس عم وسوسے ۔ وسواس
وسائط ع جمع واسطہ کی ۔ وسیلے
واسطے۔
وسائل عم جمع ہے وسیلہ کی ۔ وسیلے
ذریعے۔
وسخ ع چرک ۔ میل۔
وسط ع درمیان بیچ ہر چیز کا۔
وسط ع میانہ بیچ۔
وسطیٰ عم بیچ کی انگلی ۔ انگشت میانی
کی یہ مؤنث اوسط کی ہے۔
وسع عم فراخی ۔ دسترس ۔ توانائی۔
وسعت ع فراخی ۔ چوڑاپن۔
وسم ع نشان کرنا ۔ عیب اور نشان
اور داغ۔
وسمت ع داغ کرنا ۔ معاذ اللہ
تہمت کرنا۔
وسن عم نیند ۔ غنودگی ۔ اونگھنا۔

وسنی عم سوت ۔ جورو ۔ جوروان ایک
خاوند کی ہوں تو وے دونوں آپس میں
وسنی سوت کہلاتی ہیں۔
وسواس عم وسوسہ ۔ وہم
وسیع ع فراخ ۔ چوڑا۔
وسیلہ عم ذریعہ ۔ واسطہ۔
وسیم عم خوبصورت ۔ نشان کردہ
شدہ۔
وش ف خوب ۔ خوش ۔ مانند۔
وشاح ع ہار ۔ بدھی ۔ گلوبند۔
وشی عم ایک قسم کا کپڑا ہے جو منسوب
ہے شہر وش سے چھینٹ۔
وصاف ع بہت تعریف کرنے والا
وصال عم ملنا ۔ ملاقات ہونا۔
وصایا ع جمع وصیت کی۔
وصف ع گن ۔ تعریف ۔ خوبی
وصلہ عم ایک ٹکڑا کاغذ کا ۔ یا کپڑے
وغیرہ کا۔
وصل عم ملاقات معشوق سے ملنا۔
وصمت ع عیب۔
وصول عم پہونچنا کسی چیز کا کسی دوسری
چیز کے پاس۔
وصی عم وہ شخص جسکو وصیت کی گئی ہو
کنایہ مراد حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے

وصیت عم مرتے وقت یا سفر کے
وقت جو کچھ کوئی شخص کہے کہ میرے
پیچھے اس اس طرح پر کرنا وہ وصیت
ہے۔
وصیف عم خدمتگار خواہ غلام ہو
یا کنیز۔
وصیفہ ع باندی ۔ کنیزک۔
وضیلہ عم عمارت ۔ فراخی ۔ ارذالی
گروہ ہمسفر ۔ تیغ۔
وضاءت ع پاکیزگی ۔ خوبی۔
وضاح ع بہت روشن ۔ آشکارا
ہر سپید ۔ نیکو رنگ رو۔
وضع عم رکھنا ۔ ترتیب کرنا۔
وضع کردن تنخواہ کاٹنا ۔ کم کرنا حساب
سے خارج کرنا۔
وضوء ع منہ ۔ ہاتھ ۔ پاؤں دھونا
واسطے نماز کے۔
وضوح ع ظہور ۔ واضح ہونا۔
وضیع عم نالائق ۔ نیچ ۔ ناکس۔
وطر ع حاجت۔
وطن عم جگہ رہنے آدمی کی۔
وطواط ع ابابیل ۔ پرستوک جانور۔
وطی ع جماع کرنا ۔ عورت سے صحبت
کرنا۔
وظائف عم جمع ہے وظیفہ کی

وظیفہ ع وہ چیز جو ہر روز کے واسطے مقرر ہو۔

وعاء ع برتن۔ظرف۔

وعاظ ع جمع ہے واعظ کی نصیحت کرنے والے لوگ۔

وعدہ ع اقرار کرنا۔نیکی کرنے کا اقرار کرنا مجازاً اقرار خواہ نیک ہو یا بد

وعظ ع نصیحت وپند۔

وعود ع جمع وعدہ کی۔

وعور ع مشکل جگہ اترنے یا گذرنے کی

وعید ع بد وعدہ سزا دینے کا وعدہ۔

وغا ع لڑائی جنگ۔شور۔غوغا۔

وغد ع ناکس کمینہ۔نالائق۔

وغیرہ ع اور سوا اسکے۔

وفا ع بجالانا۔پورا کرنا۔دوستی وعہد کا پورا کرنا۔

وفات ع موت۔

وفادار ع نمک حلال۔جو وفا کرنے والا ہو۔

وفادت ع ایلچی ہونا۔ایلچی گری۔قاصدی۔

وفاق ع موافقت کرنا۔سازگاری

وفاقت ع موافقت۔سازداری

وفر ع بہتایت۔زیادتی۔

وفضہ ع ترکش۔ہر دن کا گذر اونکی جھولی

جسمیں کھانا وغیرہ رکھ لیتے ہیں۔

وفق ع موافق سازدار۔مطابق۔

وفود ع جمع وافد کی قاصد لوگ۔

وفور ع تمام ہونا بہت ہونا۔زیادتی بسیاری۔

وفی ع تمام۔کامل۔

وقاح ع بے شرم۔بے حیا۔بے ادب

وقاحت ع بیحیائی۔بے شرمی۔بے ادبی۔

وقاد ع بھڑکنے والا۔بہت افروختہ ہونے والا۔

وقار ع آرام پن۔آہستگی۔حلم گران باری

وقاع ع جماع۔جنگ

وقایہ ع حفاظت۔نگہبانی اور وہ چیز جس سے کسی اور چیز کو محفوظ رکھ سکیں۔

وقائع ع حوادث مصیبتیں۔لڑائیاں جمع ہے وقیعہ کی۔

وقت ع زمانہ۔عرصہ ہنگام۔

وقح ع مرد کم شرم

وقر ع عزت۔بھاری بوجھ کم ہونا۔

وقرت ع پتھر میں گڑھا ایسا ہو جسمیں پانی جمع ہو گیا ہو۔

وقع ع آسیب اور چوٹ ایک چیز کی کسی دوسری چیز پر

وقعت ع سختی۔آسیب۔لڑائی

وقف ع ٹھہرنا۔توقف کرنا۔

وقفہ ع تھوڑا سا ٹھہرنا۔ٹھہراؤ۔تھوڑی دیر۔

وقود ع ایندھن۔بالن۔ہیزم

وقود ع آگ جلانا۔بھڑکانا آگ کا۔

وقور ع صاحب وقر۔مجازاً ذی عزت آدمی۔

وقوف ع جاننا۔آگاہی۔کھڑا ہونا

وقوع ع واقع ہونا مجازاً۔ظاہر ہونا۔

وقی ع نگاہ رکھنا۔حفاظت کرنا

وقیح ع بے حیا۔بے شرم

وقیع ع بلند۔اونچا۔

وقیعت ع ملامت کرنا اور عیب گوئی کسی کے پیچھے کرنا۔غمازی۔

وکالت ع کام اپنا دوسرے پر چھوڑنا

وکر ع گھونسلا جانور کا۔آشیانہ۔

وگرنہ ف اور اگر۔

ورنہ ف اور اگر نہیں۔

وکف ع عیب وگناہ۔

وکل ع مرد عاجز جو اپنا کام دوسرے کے بھروسے پر چھوڑ دے۔

وکلا ع جمع ہے وکیل کی۔

وکیل ع وہ شخص جسپر اپنا کام کوئی دوسرا

شخص چھوڑے —
ولاع دوستی محبت - پی در پے
کسی کام کا کرنا —
ولایت ع جمع ہے والی کی - حاکمان
دوستان —
ولادت ع جننا - بچہ جننا —
ولایت ع ایک بادشاہ کا ملک زمین
آباد — کسیکے کام کا کفیل ہونا -
دوستی - تصرف - حکومت - امارت
ولد ع بیٹا - بچہ —
ولدالزنا ع حرام کا بچہ —
ولدان ع بچے - لڑکے —
ولکن ع اور لیکن اور مگر - اور سوا
ولوج ع داخل ہونا - کسی چیز کا کسی چیز
کے اندر گھسنا —
ولود ع وہ عورت جو بچے بہت جنتی
ہو بکری بہت بچے دینے والی —
ولوع ع لالچی ہونا - اور لالچی —
ولولہ ف غل شور - واویلا —
ولہ ف عشق - غصہ - شیفتگی - ناز
- عاشق زار —
ولہ ع بیخودی اور حیرانی جو عشق کے
سبب ہو —
ولہان ع غمگین - بیخود - بسبب غم
کے سرگشتہ - ترسناک —

ولی ع دوست - یار متصرف -
خداوند - صاحب - مقرب خدا کا -
ولید ع کودک - بچہ - بندہ جنا ہوا -
ولیدات ع ہمزاد لڑکیاں تصغیر ہے
ولدات کی —
ولیع ع کلی نکھلی ہوئی - شگوفہ
ناشگفتہ - خرما - حریص —
ولیعہد ع حاکم وقت اور وہ شخص
جسکو بادشاہ اپنی زندگی میں اپنی
جگہ بیٹھنے کا حکم اس طور پر دے کہ
بعد میرے یہ بادشاہ ہوگا —
ولیمہ ع شادی کا کھانا - کد خدائی
کی ضیافت —
ولی النعمت ع وہ شخص جو کسیکو کھانا
دے پرورش کرنے والا —
وہ ف کلمہ تحسین اور تعجب کا ہے افسوس
وہاب ع بہت بخشنے والا —
وہاج ع درخشان - روشن - چمکتا ہوا
وہاد ع زمین نشیب کی - کھادر
وہب ع بخشش
وہبی ع بخشا ہوا - عطا کیا گیا -
وہد
وہدت ع زمین پست نشیب کھادر
وہق ع کمند
وہلہ ع ڈرنا - خوف - نوبت

وہم ع وسواس - اور ایک قوت
ہے باطنی دماغ میں جو فاسد خیالات
پیدا کرتی ہے —
وہمی ع وہ شخص جسکو وہم ہو یا کوئی
بات منسوب بوہم
وہن ع سستی —
وہی ع سست ہونا - نرم ہونا —
وہی ق وہ جیسا کہ ویرا اوسکے تئین
ویح ع کلمہ رحم کا ہے
ویرا ف اوسکے تئین —
ویران ف اوجڑا ہوا غیر آباد
ویرانی ف غیر آبادی —
ویل ع کلمہ افسوس کا ہے عداوت
سختی - شور و فغان - مصیبت —
ہلاکت اور نام ایک وادی کا ہے
درمیان دوزخ کے —
ویہ ع کلمہ برانگیختہ کرنے اور ڈرانے کا ہے —

باب الہاء

ہابط ع اترنے والا - نیچے آنیوالا
ہات ع ملا بخشش کر —
ہاتف ع آواز دینے والا - فرشتہ
جو آواز غیب سے دے —
ہاجر ع پریشان بات کہنے والا —

ہجو ع ۔ برائی کرنا کسیکو برا کہنا ۔ مذمت

ہجوع ع ۔ نیند آرام ۔

ہجوم ع ۔ انبوہ کرنا ۔

ہجیر ع ۔ آدھا دن نزدیک زوال کے دوپہر سے عصر تک ۔ دوپہر سخت گرم

ہُداۃ ع جمع ہے ہادی کی راہ دکھلانے والا ۔

ہُدٰی ع ۔ راستی ۔ راہ درست ۔

ہدایا ع جمع ہدیہ کی بمعنی تحفہ جات ۔

ہدایت ع ۔ رہنمونی کرنا ۔ راہ دکھلانا ۔

ہدر ع ۔ کسیکے خون گرا دانے کو مباح کرنا ۔

ہدم ع ۔ ویران کرنا ۔ گر پڑنا دیوار یا بنیاد کا خراب ہونا ۔

ہدہد ع ۔ پرند مشہور ہے [illegible]

ہدی ع ۔ قربانی کا جانور ۔ جو کعبہ میں لے جاویں

ہدیر ع ۔ بانگ کبوتر ۔ آواز اونٹ کی بھی

ہذیان ع ۔ بیہودہ باتیں کہنا ۔ بڑبڑانا بیہوشی میں

ہذر ع ۔ بہت بکبکانا ۔ سخن بیہودہ روسے ۔

ہراس ف ۔ خوف ڈر ۔ امر ہراسیدن سے بمعنی ڈر ۔

ہراسان ف ۔ خوفناک ۔ ڈرپوک ۔

ہراسیدن ف ۔ ڈرنا ۔ وہم کرنا ۔

ہراش ف ۔ قی استفراغ ۔ شگوفہ

ہراش ع ۔ کتوں کو لڑنے کے واسطے برانگیختہ کرنا ۔

ہرانچہ ف ۔ جو کچھ

ہرآنکہ ف ۔ جو شخص

ہراول ف ۔ پیش خیمہ لشکر کا مقدمۃ الجیش ۔

ہرآئینہ ف ۔ ناچار البتہ ۔ [illegible]

ہرب ع ۔ بھاگنا ۔

ہرج ع ۔ فتنہ ۔ آشوب ۔ سرگشتگی ۔ سختی گرما کی گناہ

ہرجائی ف ۔ [illegible]

ہرچند ف ۔ جتنا کچھ ۔ جس قدر

ہرج و مرج ع ۔ آشوب و فتنہ

ہرچہ ف ۔ جو کچھ ۔

ہرزہ ف ۔ بیہودہ ۔

ہرزہ درائی ف ۔ بیہودہ کہنا ۔

ہرزہ گردی ف ۔ بیہودہ پھرنا ۔

ہرزہ گو ف ۔ بیہودہ کہنے والا ۔

ہرسو ف ۔ ہر طرف ۔

ہرکارہ ف ۔ ہر کام کا آدمی ۔ [illegible]

ہرگز ف ۔ کسیوقت ۔ کبھی ۔ ہمیشہ

ہرم ع ۔ پیری ۔ بہت بڈھا ہونا ۔

ہرمان ع ۔ مصر میں دو گنبد ہیں سنگین نہایت قدیم کہتے ہیں کہ حکما نے قبل طوفان کے اونکو تعمیر کیا تھا بعضے کہتے ہیں کہ حضرت ادریس کے بنائے ہوئے ہیں یہ طوفان نوح سے خراب نہیں ہوئے

ہرمز ف ۔ نام نوشیروان کے بیٹے کا جو باپ خسرو پرویز کا تھا ۔

ہرمزد ف ۔ نام ایک بادشاہ کا ہے

ہرہفت ف ۔ مراد ہے سات طرح کی آرایش عورتوں کی وہ یہ ہیں پوشاک ۔ زیور ۔ مہندی ۔ سرمہ ۔ پان ۔ مسی ۔ آراستگی سر کے بالوں کی ۔

ہریر ع ۔ کتے کی آواز ۔ بانگ سگ

ہریرہ ع ۔ بلی ۔ گربہ

ہزار آواز ف ۔ بلبل ۔

ہزار پا ف ۔ کنسلائی مشہور کیڑا ہے ۔

ہزار چشمہ ف ۔ سرطان کی بیماری ۔ ایک زخم انسان کی پشت پر ہوتا ہے

ہزار داستان ف ۔ بلبل ۔

ہزار ف ۔ بلبل اور نام چھٹی بازی نرد کا اور دس سو کا عدد ۔

ہزال ع ۔ لاغری ۔ دبلاپن ۔

ہزل ع ۔ بیہودہ بات ۔ مسخرگی لاغر کرنا

ہزیمت ع ۔ شکست ۔

ہژبر ع شیر درندہ۔
ہشتن ف چھوڑنا۔
ہشت بہشت ف آٹھ بہشت
اونکے یہ نام ہین۔ خلد۔ دار السلام
دار القرار۔ جنت عدن۔
جنت الماوے۔ جنت نعیم
جنت علیین۔ فردوس۔
ہضم ع توڑنا۔ اور پچانا کھانے کا
معدہ مین۔
ہضیم ع ستم رسیدہ۔ مظلوم زن۔
باریک شکم غنچہ ناشگفتہ۔
ہضیمت ع ستم خستگی۔
ہطل ع مینہ جو آہستہ آہستہ برابر برسا
جاوے۔ پیاپے برسنا۔ باران بزرگ
قطرہ کا۔ آنسو کا۔ روان ہونا
ہفت ف سات (۷) (سمہ)
ہفت کشور ف چین۔ ترکستان
ہند۔ توران۔ ایران۔ روم۔ شام
ہفت جوش ف سات فلزات
ہین اونکو ملا کر جوش دیتے ہین اور سکو
ازدھات کہتے ہین وسے یہ ہین۔
زر۔ نقرہ۔ مس۔ جست۔ آہن۔ سیسہ
یعنی اسرب اور ارزیز
ہفتاد ف ستر (۷۰) سمہ
ہفت ہشت ف کنایہ ہے گفتار

خصومت انگیز ہے۔
ہفدہ ف سترہ (۱۷) سمہ
ہفدہم ف ستروان ۱/۱۷
ہفتادم ف ۱/۷۰ ستروان حصہ
ہفتصد ف سات سو (۷۰۰)
ہفتم ف ساتوان ۱/۷
ہفت اختر ف سات ستارے
قمر۔ عطارد۔ زہرہ۔ شمس۔ مریخ۔
مشتری۔ زحل۔
ہفتہ ف سات دن۔
ہفت دوزخ ف سات دوزخ
اونکے یہ نام ہین۔ سقر۔ سعیر۔ لظے۔
حطمہ۔ جحیم۔ جہنم۔ ہاویہ۔
ہفوت ع لغزش۔ اور خطا کرنا۔
مجازاً۔ بیہودہ گوئی۔
ہفتاد و دو شاخ ف مراد بہتر
مذہب سے۔
ہکذا ع اسیطرح۔
ہکہ ف ہچکی۔
ہکہک ف ہچکی۔
ہلیدن ف چھوڑنا۔
ہلاہل ع زہر قاتل جسکا کچھ علاج ہی
نہو سکے۔
ہلال ع ماہ نو پہلی رات کا چاند۔
ہلی ف امر کا صیغہ چھوڑ تو نگذاری

مشتق ہے ہلیدن سے۔
ہمانا ف گویا۔ شاید۔ بیشک۔
ہما ف نام ایک جانور کا ہے جسکے
سایہ کے نیچے جو آجاوے بادشاہ
ہوجاوے اور نام لڑکی بہمن کا جس
سے داراب پیدا ہوا تھا۔
ہمام ع بزرگ سردار ایک قوم
کا مہتر۔
ہمایون ع مبارک۔ خجستہ۔ بابرکت
ہمان ف اسکی اصل ہم آن یعنی وہ
چیز جو شخص ہمان بفتح پڑھتے ہین۔
غلطی کرتے ہین۔
ہمت ع ارادہ۔ حزن۔ فکر
مجازاً قصد دل۔ ارادہ بلند۔
ہمت خواستن ف یہ چاہنا کہ دعا کرو۔
ہمتا ف برابر۔ مثل۔ مانند۔
ہمتک ف برابر قدم رکھنے والا۔
ہم پشت ف مددگار۔ مؤید۔
ہم جوار ف پڑوسی۔ ہمسایہ۔
ہمچنین ف اسیطرح۔
ہمچو ف حرف تشبیہ کا ہے۔ مانند۔
ہمخوابہ ف ساتھ سونے والی یا والا
کیونکہ آخر کی ہا زائد ہے۔
ہمخو ف وہ شخص جسکی خواہش برابر ہو
ہمدامان ف وہ شخص جو باہم ایک بستر

کے ساتھ متحد ہوں اور ہم الفت ۔
ہمدان ف سب کچھ جاننے والا ۔
ہمداستان ف ہم کلام اور ہم صحبت
ہمدست ف شریک متفق
برابر ہمقدرت ۔
ہمدل ف وہ شخص جو اپنے موافق
دل رکھتا ہو ۔
ہمدم ف جو ہر وقت ساتھ رہے رفیق
ہمدگر ف ایک دوسرے کے باہم
ہمدیوار ف جو پڑوسی ہو ۔
ہمذات ع جو اپنی ذات کا ہو ۔
ہمراز ف جو اپنا بھید جانتا ہو ۔
ہمراہ ف ساتھی ۔ ساتھ
چلنے والا شریک ۔
ہمراہی ف برابری ۔ مدد
ہمرشتہ ف جو رشتہ میں برابر ہو ۔
ہمرنگ ف جو ایک رنگ کا ہو ۔
ہمرو ف وہ مسافر جو ساتھ چلنے والا ہو
ہمرہ ف وہ مسافر جو ساتھ چلنے والا ہو
ہمز ع آنکھ سے اشارہ کرنا عیب کرنا
ہاتھ سے نچوڑنا ۔
ہمزلف ف خاوند سالی کا ۔ جورو
کی بہن کا خاوند ۔
ہمزاد ف وہ جو ساتھ پیدا ہوا ہو ۔
ہمس ع آواز نرم ۔ نرمی آواز کی ۔

ہمساز ف موافق ۔ دوست ۔ یار ۔
ہمسائگی ف پڑوس ۔ پڑوسی پن ۔
ہمسایہ ف پڑوسی ۔
ہمسبق ف ساتھ پڑھنے والا ۔
ہمسر ف برابر ۔ جوڑ ۔ ہمشکوہ
ہمسفرہ ف جو ہمراہ ایک دسترخوان پر
کھاوے ۔
ہمسلک ف سدھی ۔
ہمسنگ ف برابر ۔ ہموزن ۔
ہمآہنگ ف برابر ۔ موافق ۔
ہمشوی ف وہ عورت جو دوسری عورت
کے خاوند میں شریک ہو ۔
ہمشیر ف
ہمشیرہ ف بہن
ہمپا ف ہمراہ ۔ ساتھ
ہمعنان ف ہمراہ ۔ برابر ۔
ہمگی ف تمامی ۔ اور تمام
ہمگنان ف تمام آدمی جمع ہے
ہمگین کی ۔
ہمنفس ف رفیق و ہم کلام
ہمبغل ف ساتھ سونے والی ہمخوابہ
ہموم ع جمع ہم کی غمہا و اندیشہ ہا ۔
ہمیان ع تھیلی روپیوں کی ۔
ہندی ف ہندوستان کی چیز
ہندوستان کا رہنے والا ۔

ہنجار ف راہ ۔ رستہ ۔ معنا ۔ طرز
روش ۔ قاعدہ ۔
ہندوزن ف جادوگرنی عورت
ہندو ف منسوب بہند ۔ واو واسطے
نسبت کے ہے ۔
ہندوانہ ف تربوز
ہندسہ ع اندازہ معرب اندازہ
کا ہے ۔
ہنر ف کاریگری کام
ہنگار ف جلدی ۔ شتابی ۔
ہنگام ف وقت اور معنی ہنگامہ
ہنگامہ ف ازدحام ۔ انبوہ ۔ لوگوں کا ہجوم
ہنود ع جمع ہندو لوگ
ہنوز ف ابھی
ہنہ ف کیا یہ نہیں ۔ نہیں تو ۔
ہنی ع خوشگوار ۔ بامزہ ۔
ہو ف غل آواز ہنگامہ مچانے
کے واسطے
ہو ع نام خدا تعالیٰ ۔ اور خوف
ہوا ع وہ فضا جو درمیان آسمان
اور زمین کے ہے ۔ اور آرزو و اشتیاق
خواہش ۔
ہواپرست ف عیاش آدمی بیہودہ
ہواجس ع خطرات شیطانی جو دل
میں انسان کے گذرا کرتے ہیں

یہ جمع ہاسہ کی ہے -
ہواخواہ ف خیر خواہ - دوست -
ہوادار ف عاشق ہوائی -
ہوالک ع جمع ہے ہالک اور ہالکہ
اور ہلکی - اور ہلک - کی مراد نیست
ہونے والی -
ہوام ع جمع ہامہ کی - حشرات الارض
کیڑے مکوڑے سانپ بچھو - براسو چونٹی
ہر ایک کاٹنے والا کیڑا وغیرہ -
ہوان ع خواری بیعزتی - ذلت -
ہواے ع محب - عاشق - دوست
آرزو مند بوالہوس - پریشان -
ہوج ع نادانی - شتابی -
ہوختن ف کھینچنا - باہر نکالنا
آنا ظاہر ہونا -
ہود ع نام ایک پیغمبر کا ہے -
ہودج ع کجاوہ اونٹ کا یا عماری
جسمین عورتین سوار ہوتی ہین -
ہودہ ف کہنہ - حق - درست چنانچہ
بیہودہ یعنے ناحق -
ہور ف آفتاب - بخت - نصیب اور
نام ایک ستارہ کا ہے جسکا دورہ ایک
ہزار برس کا ہوتا ہے -
ہورخش ف سورج
ہوس ع ایک قسم کا جنون دیوانہ ہونا
فارسی مین آرزو - شوق - عشق
خام -
ہوش ف دانائی - زیرکی -
جان - موت -
ہوشہ ف سست - احدی - کم ہمت
ہوشمند ف عقلمند - ہوش والا -
ہوشمندی ف عقلمندی -
ہوشیار ف جو صاحب ہوش
ہو - چوکنا -
ہوشیاری ف خبرداری - ہوش رکھنا
ہوشنگ ف نام دوسرے بادشاہ
فارس کا -
ہوشیدن ف عقل کرنا - سمجھنا -
ہوف ع ہوا گرم - ہوا سرد دونون
معنی مین آتا ہے -
ہول ع خوف - ڈر - اور ڈرانا -
ہولاء ع یہ لوگ -
ہولناک ف خوف کا بھرا ہوا -
ہون ع آرام اور آہستگی - وقار - تری
سبکی -
ہوہو ع جن کا نون -
ہیاکل ع جمع ہیکل کی -
ہیبت ع خوف - ڈر -
ہیئت ع صورت - شکل -
ہیج ع غبار برانگیختہ ہونا -
ہیجاء ع لڑائی - جنگ -
ہیجان ع برانگیختگی - جوش مین آنا
ہیچکارہ ف نالائق - بے فائدہ
کسی کام کا نہین -
ہیچکس ف ناکس - نالائق -
ہیچگونہ ف کسی طرح
ہیچمدان ف نادان - بے علم
ہیز ف مخنث - ہیجڑا -
ہیزم ف سوکھی لکڑی جلانے کی
ہیزم کش ف لکڑہارا - لکڑی لاکر
بیچنے والا -
ہیص ع سختی - درشتی - تیزی مین
ہیط ع مرغ کی - سرگین انداختن مرغ
ہیضہ ع قے کرنا - ناگوار ہونا طعام کا -
ہیف ع تشنگی - تشنگی کی - گرم ہوا -
ستم - ظلم -
ہیل ف الائچی - سپید -
ہیکل ع جثہ بزرگ - گھوڑا دراز جسم کا
شکوہ - عظمت - مکان بلند - بتخانہ
صورت - شکل - تعویذ -
ہیولا ع مادہ ہر شے کا - ماہیت
ہر چیز کی - اصل ہر شے کی -
ہیولانی ع منسوب بہ ہیولا
مادی - اصلی -
ہیہات ع افسوس -

باب الیا

یا ع اے یہ حرف ندا کا ہے
یا اللہ ع اے خدا –
یاب ف امر ہے یافتن سے یعنے پاؤ
یابس ع سوکھا ہوا – خشک
یابوت ت ترکی لفظ ہے – گھوڑا – یارگش – ٹٹو –
یاجوج ماجوج ع دو دیو وں کا نام ہے جنکو سکندر نے بند کر دیا ہے ایک پہاڑ ہیں –
یافتن ف کسی کام کا قصد کر کے ہاتھ دراز کرنا – ظاہر کرنا – باہر کھینچنا –
یاد ف دل – خاطر – حفظ –
یاد آمدن ف یاد آنا –
یاد آوردن ف یاد دلانا –
یاد آوری ف یاد دلانا
یاد بودن ف یاد ہونا –
یاد دادن ف یاد دینی –
یاد داشتن ف یاد رکھنا –
یادداشت ف نشان یاد رکھنے کا یایاد –
یاد کردن ف یاد کرنا –
یاد گرفتن ف یاد کر لینا –
یادگار ف نشان مجازاً – فرزند –
یادگاری ف اور یاد –
یار ف دوست – مددگار –
یار غار ف مراد حضرت ابابکر صدیق رض خلیفہ اول رضی اللہ عنہ –
یارا ف قوت و توانائی – طاقت
یاران ف جمع ہے یار کی –
یارانہ ف دوستی کے طریق پر دوستی کے طور پر – دوستانہ –
یاری ف چارہ – علاج – مدد
یار باز ف چھنال عورت –
یارستن ف سکنا – دست دراز کرنا
یار فروشی ف مراد تعریف کرنا سراہنا –
یارک ف بچہ دان عورت کا رحم عورت کا –
یارہ ف زیور کی قسم ہے جسکو کنگن کہتے ہیں –
یاری ف یادگاری – مدد کرنا –
مجازاً دوستی
یازدہم ف گیارھویں تاریخ حصہ گیارھواں (۱/۱۱)
یازش ف قصد – ارادہ – بالیدگی درازی –
یازندہ ف کسی کام کے کرنے پر دست دراز کرنے والا
یازہ ف انگڑائی
یاس ع بے امیدی – نراسی –
یاسہ ع آرزو قانون سیاست
یاسمین ع چنبیلی دو قسم کی ہوتی ہے سفید اور زرد
یاغ ت روغن
یافتن ف پانا
یافع ع جوان –
یافوخ ف تالو بچہ کا جو حالت شیر خواری میں سر پر ہلا کرتا ہے فارسی میں نرم سر کہتے ہیں –
یاقوت ع نام ایک غلام کا ہے بڑا خوشنویس تھا مستعصم باللہ جو ایک خلفا عباسیہ گذرا ہے اوسکا غلام یہ شخص تھا –
یاقوت احمر ع سرخ یاقوت –
یاقوت خام ف معشوق کے ہونٹ
یاقوت رواں ف سرخ شراب اشک خونی
یال ت گردن – بال گھوڑے کی گردن کے یہ لفظ ترکی ہے –
یالمند ف عیالدار آدمی کیونکہ یال کے معنی عیال کے ہیں –
یالہ ف گائے کا سینگ –
یالیت ع اے کاش کے –

یام ف وہ گھوڑا جو منزل پر واسطے
یامہ
ڈاک کے رکھتے ہیں۔
یاور ف مددگار دستہ ہاوند کا - اور
دسوان روز ہر مہینے کا۔
یاوری ف مددگاری - مدد فتحمندی
یاوہ ف گم - ناپید - بیہودہ - ہرزہ -
یاہو ف ایک قسم کے کبوتر کا نام ہے
جو آواز یاہو کی کرتا ہے -
یبس ع خشکی - خشک ہونا -
یبوست ع خشکی -
یتامی ع جمع ہے یتیم کی وے بچے جنکے
مان باپ نہون -
یتیم ع بچہ بدون باپ کا -
یحیی ع نام ایک پیغمبر کا ہے اور نام
ایک سخی کا -
یخ ف برف
یخ لبستن ف برف کا بندھنا -
یخچہ ف ژالہ - اولہ - تگرگ -
یخنی ف پختہ سلوخ - ذخیرہ جو کام آئے
یرقان ع زردی آنکھونکی اور بدن کی

یراغہ ع علم نیزہ کی پٹ بچھا کپڑا جو رستے کو چلتا ہے
یزدان ف خدا تعالے -
یسار ع توانگری - دولت - بایان ہاتھ
یساول ت نقیب - چوب دار
یساق ت مہم طیاری جنگ کی -
یسر ع آسان ہونا - آسانی - توانگری -
یسیر ع تھوڑا - آسان -
یشب ف نام ایک پتھر قیمتی کا ہے
جو مائل بسبزی ہوتا ہے -
یشم ت معرب یشب کا ہے یعنے قیمتی
پتھر مائل بسبزی -
یصول ع حملہ کرتا ہے - ہلہ کرتا ہے
یعنے ع مراد - مطلب -
یغما ت لوٹ - غارت اور نام ایک شہر ترکستان
کا ہے جہاں معشوق بہت خوبصورت ہوتے ہیں
یقین ع بےشبہ اور موت کے معنی مین بھی آیا ہے
یقظ ع بیداری - جاگتا ہوا -
یگانہ ف یکتا - متفرد -
یکران ف وہ گھوڑا جسکے بال اور دم سپید ہو
یلدا ع اندھیری رات جو دراز ہو -
یلغار ت ترکی لفظ ہے دوڑنا دشمن کی

فوج پر - اصل مین الیغار تھا
یلاق ف نام بادشاہ ترکستان کا
یل ت پہلوان - شجاع اور آزاد
یلمہ ت ایک قسم کی زرہ ہے جو کسی حیوان کے
چمڑے سے بناتے ہیں -
یمام ع کبوتر - جنگلی
یمکن ع ہو سکتا ہے - ممکن ہے
ینبوع ع چشمہ بزرگ -
ینابیع ع جمع ہے ینبوع کی چشمہا -
یلمق ت قبا - انگرکھہ -
یم ع دریا
یمن ع مبارک ہونا - خجستہ شاہان
یمین ع دہنا ہاتھ - دست راست
یوز ت چیتا -
یورش ت حملہ دشمن پر کرنا - ہلہ کرنا
یوح ع آفتاب اور کو بھی آفتاب کہتے ہیں
یومیہ ع روزینہ - ہر روز کا معمولی
یوم الحساب ع
یوم النشور ع روز قیامت کا
یوم التناد ع
یواقیت ع جمع ہے یاقوت کی

قطعۂ تاریخ اختتام تصنیف کتاب ہذا از نتائج طبع پنڈت امرناتھ صاحب خلف الصدق
راجہ دینا ناتھ صاحب مرحوم

عربی تاریخ ہجری

ہذہ النسخة فی علم لغات | وصلت فیض کریم المعبود
اذ تجسست من التاریخ | ہتف الہاتف روض المقصود
۱۲۷۷ھ

ایضاً فارسی

چونکہ کریم و دین نیک نہاد | تالیف لغات کرد و کرد شاد
فرمود سروش سال تاریخ چنین | الفاظ صحیفہ جامع دلہا باد
۱۲۷۷ھ

اردو

جب ہوئی تالیف لغات کریم | پھول گئی سکو وہ شاخ نبات
لکھی یہ جمشید نے تاریخ سال | جام جہاں ہو یہ کریم اللغات
۱۸۶۱ء

از طبع پنڈت جگت نراین صاحب مہتمم مطبع ہوپ پریس

جبکہ دوڑے سخن کے میدان میں | ہے تاریخ خوب عقل کے اسپ
کہا کشتہ نے اہی کریم الدین | ہے کریم اللغات یہ دلچسپ
۱۸۶۱ء

از طبع مولوی فرید الدین صاحب

صورت خورشید بفضل کریم | یافت چو ضو گنج کریم اللغات
سال ضیا خازن طبع فرید | گفت کہ نور گنج کریم اللغات
۱۸۶۱ء

از طبع مولوی علمدار حسین مدرس اول تعلیم المعلمین لاہور

طریف لتالیف ہذا الکتاب | لطیف لتلطیف کما الجواب
اتی من لہ الاسم مثل المسمی | لطلاب علم بشئ عجاب
اجاد المولف فلله درہ | لقد احسن القول خیر الخطاب
فانشدت تاریخہ غیر کذب | کریم اللغات عدیم الجواب
۱۲۷۷ھ

تاریخ اردو از مصنف

تلاش اسکی تھی ملک پنجاب میں | کہ ہو مختصر اک کتاب لغات
بہت کر چکے جب کہ تفتیش خوب | ہمارے یہ حاکم کریم الصفات
معانی ہوں اردو میں ایسے بیان | کہ اونکا سمجھنا ذرا سی ہو بات
ہوئے شاد دیکھا جو لڑکے سب | نئی جب یہ جلدی کریم اللغات
۱۸۶۱ء

تاریخ اختتام از طبع مصنف

دعا المبیض المقدیم محمد | وبعض العلوم احسب یحمد
[illegible] فی لسانی | لکی یسہل الاخذ مما اجتہد
[illegible] الی المشتغل | قد الہمہ الله رب صمد
فالفت الفاظہا الکتب | ولم آل جہدا الما قد ورد
فشمرت ذیلے لتاریخہ | متی ما نظام اللغت قد نفد
فہتف ابتہاجا وقل بالخفی | سجدی کریم اللغات وجد
۱۲۷۷

خاتمة الطبع [illegible] کتاب مسمی کریم اللغات تصنیف عالم بے بدل فاضل اکمل مولوی محمد کریم الدین صاحب جو کہ سنہ ۱۸۶۲ء اگرچہ [illegible] پنجاب میں [illegible] سررشتۂ تعلیم پنجاب میں ممتاز رہے ہر چند جناب [illegible] مطبع منشی نولکشور لکھنؤ و کانپور میں بارہا بخواہش خریداران کثرت سے طبع ہوکر فروخت ہوئی لہذا پھر مطبع مذکور واقع کانپور میں باہتمام لالہ [illegible] صاحب